UNIVERSAL
LIBRARY

OU_222221

UNIVERSAL
LIBRARY


OSMANIA UNIVERSITY LIBRARY

Call No. ۸۹۱۵۴۳۳۸ Accession No. ۱۶۰۹

Author ر . ف رنجیت سنگھ

Title فسانۂ سفرِ چمن

This book should be returned on or before the date last marked below.



مطبع چمن پریس واقع کوچہ کھانسی رام شہر دہلی ۱۹۰۳ء

فسانہ ہفت چمن کا ریویو از قلم جواہر رقم مولوی سید حسن صاحب دہلوی مولف فرہنگ آصفیہ وغیرہ کتب متعددہ پنشنر سررشتہ تعلیم پنجاب و وظیفہ خوار سرکار نظام حیدرآباد دام اقبالہ مورخہ ۲۹ جون سنہ ۱۹۰۲ء

آج ایک دوست کی عنایت سے فسانہ ہفت چمن کے دو حصے ہماری نظر سے گذرے اس فسانہ کے مصنف بابو رنجیت سنگھ صاحب یادگار دہلی کے بخشی بھوانی شنکر میکنٹھ باشی قدیمی باشندہ رئیس و جاگیردار کے نواسوں میں سے ہیں جنکے خاندان کی مفصل کیفیت دیباچہ کے ملاحظہ سے معلوم ہو سکتی ہے فسانہ تو ہے ہی اخلاق کی پڑیہ مگر انام غدر کا حال بس عبرت کا پورا پورا نظارہ ہے اس ناول میں جو بات ہے نصیحت خیز اور جو واقعہ ہے عبرت انگیز یہ ان حشرات الارض ناولوں میں سے ناول نہیں ہے جنہوں نے تہذیب پسندوں کے دلونکو دکھ بار کھا ہے اور ملک کو عیش پرستی کا سامان بہم پہونچا کر کیا ہے اگر قسمت نامہ دیکھو تو نظم ہے نثر سے عقیدت سے اور ارادت سے دیباچہ ہے جیسا ہونا چاہیے اور جو تقدیر و تدبیر کا مکالمہ سنو تو ویسا ہی پر اثر اور دل نشین ہے جیسا مناسب ہے سیدھی سادی عبارت ہے بھینی بھینی فصاحت بلاغت سے بھی خالی نہیں ہے کیونکہ بعض موقع پر کلام کی بیکیفی نے چٹ پٹا بنا دیا ہے کوئی چمن صداقت نامہ کے پھولوں سے مہک رہا ہے اور باتیچہ پھلوں سے لدا ہوا ہے تو کوئی چمن حکومت نامہ سے امور سلطنت کی رموز سکھا رہا ہے اور انصاف کا رستہ بتا رہا ہے غرض کسی چمن میں رشوت کی خرابیاں اور خانہ بربادیاں ہیں تو کسی میں عبرت کی جہانگیریاں صحت و دولت کی بربادیاں کسی میں زمانہ کی نیرنگیاں ہیں تو کسی میں خانہ جنگیاں ان دونوں حصوں میں اشعار اس کثرت سے ہیں کہ اگر ذرا اور توجہ کیجاتی تو تمام ناول نظم میں ہو جاتا اس قصہ کے دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ مصنف نے ہر ایک بات اپنے چشم یا چشم دید دیکھی ہے اسلئے ناموں کو بدلا دیا ہے گویا واقعہ نہایت سچا اور صداقت سے بھرا ہوا معلوم ہوتا ہے جہاں تک میں ایسے

قصوں کا لکھا جانا اُنکے اخلاق اور علمی ترقی کیلئے ضروریات سے ہے اگر ہم یہ ریویو جُدا لکھتے تو ہم کو بہت سا قصہ لکھکر دکھانا پڑتا چونکہ اب یہ کتاب کے خاتمہ پر چھاپا جاتا ہے اِسوجہ سے صرف اتنا لکھدینا کافی ہے کہ ہات لنگن کو آرسی کیا ہے جسکا جی چاہے ہماری تقریظ کو آگے دہرے اور ہر ایک بات کو ملاتا چلا جائے ہم بابو صاحب کو مبارکباد دیتے ہیں کہ جس طرح اُنہوں نے ایام ملازمت میں سرکاری خدمت جس کارگزاری سے انجام دی اُسی طرح ایام پنشن میں قومی و مُلکی خدمت میں اخلاق سے بھری ہوئی یادگار چھوڑی یعنے یہ کتاب پُر ثواب تیار کی خدا تعالیٰ آپکو اسکی جزائے خیر دے اور اِس زمانے کے لڑکوں کو ایسے قصوں کا شوق عطا فرمائے۔

تقریظ جناب منشی دُرگا پرشاد صاحب نادر مولف تذکرۃ النساء وغیرہ کتب متعددہ قوم کھتری ساکن لاہور گورنمنٹ پنشنر سررشتہ تعلیم پنجاب مورخہ ۳ جولائی سنہ ۱۹۰۲ء

پردہ برداشتم ز کار سخن	تا دہد جلوہ گلعذار سخن

اللہ اللہ آج کیا نسیم سحری لطف انگیز و فرحت خیز چل رہی ہے جسکے اثر فیض ماثر سے غم زدوں کے دل کے کنول کی کلی بھی خود بخود کھلی جاتی ہے جن لوگوں کے قلوب مُصفا پر زمانۂ غدار نے طرح بطرح کی مصیبتوں سے زنگ کدورت چڑھا رکھا تھا وہ بھی اِسوقت باغ باغ ہوئے جاتے ہیں مجھہ غم زدہ درد ناقابل برداشت کشیدہ نے جو اِسکا سبب دریافت کرنا چاہا تو یہ ہی سمجھہ میں آیا کہ یہ فسانہ ہفت چمن کا سرسبز ہو کر گلشن کائنات کو پُر فضا بناتا ہے کیا معنی کہ اِسکے مضامین پند و نصایح آگیں سے درستی اخلاق اہل آفاق اور سیاست منزل مع سیاست مُدن تینوں شقیں حکمت عملی کی بخوبی تمام لوگوں کے دلوں پر روز روشن کی طرح جلوہ ظہور دکھا رہی ہیں پس اگر اِسکے مختلف حصے مدرسوں کی جماعتوں میں پڑھائے جائیں اور ورثائے طلبا اُنکی عملدرآمد کا خیال رکھیں تو پھر دیکھئے بہار کہ کیسی بہار ہو کیونکہ جب ابتدا سے متعلمونکو درستی اخلاق کی طرف توجہ دلائی جائے تو آئندہ

کو مہذب کیوں نہ ہونگے لیکن یہ امر افسروں اور مہتموں سررشتہ تعلیم کی رائے فیض پیرائے پر منحصر ہیں پس یہاں "رموز سلطنت خویش خسرواں دانند" کا معاملہ ہے۔

یہ فسانہ ہدایت کاشانہ مصنفہ ومولفہ جناب بابو رنجیت سنگھہ صاحب نیک آہنگ گورنمنٹ پنشنر کا ہے جنہوں نے پہلے بزبان فارسی مکتبی تعلیم پاکر پرانی دہلی کالج کے ذریعے علوم مختلفہ بوسیلہ زبان انگریزی مطالعہ کئے اور محکمہ کمسریٹ کی ملازمت کی بدولت ممالک دور دراز آسام وغیرہ کی سیاحی سے عجیب وغریب معلومات کا ذخیرہ جمع فرمایا پس جو جو باتیں مفید خاص وعام تھیں وہ آپنے اس پیرایہ میں بعبارت سلیس وعام فہم نصیحت خیز عبرت انگیز اس کتاب میں تحریر فرمائیں ہیں بے تمیز ناچیز زیادہ گوئی نہیں کرتا کیونکہ "مشک آنست کہ خود ببوید" یہ کتاب فیض انتساب چھپکر ہدیہ احباب صداقت آب ہے خود ملاحظہ فرمائیے اور اس جانفشانی کی داد دیجئے

قطعہ تاریخی منظومہ منشی دُرگا پرشاد صاحب نادر تخلص

جسکے مصرعۂ اول سے بہ تعمیہ لفظ دل ۱۹۰۲ عیسوی نکلتے ہیں اور بہ تخرجہ لفظ دل ۱۳۲۰ھ اخیر شعر کے مصرعۂ اوّل سے برآمد ہوتے ہیں۔

غیرت گلزار دل نے کی رقم تاریخ طبع	لطف یزداں سے مرتب جب یہ ناول ہوگیا
ہیں مصنف اسکے وہ بابو لئیق ونامور	جن کے قول وفعل کا ہر شخص قائل ہوگیا
کہتے ہیں رنجیت سنگھہ انکو وہ ہیں عالم عقیل	اس چمن کی طبع پر دل اُن کا مائل ہوگیا
نادر دلخستہ بے دل نے لکھا ہجری یہ سال ۱۳۲۰ھ	تخرجہ سے تعمیہ نکل کر مقابل ہوگیا

یہ یو فسانہ ہفت چمن ڈاکٹر کاشی ناتھ شنگال میڈیکل پریکٹیشنر بازار چاندنی چوک دہلی مورخہ ۲۳ جولائی سنہ ۱۹۰۲ء

بابو رنجیت سنگھ صاحب گورنمنٹ پنشنر کی تصنیف سے ایک کتاب سوسومہ بہ فسانہ ہفت چمن میرے مطالعہ سے گذری یہ عجیب و غریب کتاب تا نوں اخلاق سے بھری ہوئی نہایت نصیحت انگیز ہے مصنف صاحب نے ناول کے پیرایہ میں ایسی دلچسپ لکھی ہے کہ فی الواقع قابل تحسین و آفرین ہے اس قسم کی کتاب کا تحریر ہونا نہایت ضروری تھا اور اس سے ملک کو بڑا بھاری فائدہ پہونچیگا اور یہ یادگار مصنف کی اس جہان میں دوام قائم رہیگی عبارت بہت سلیس ہے خوبی یہ ہے کہ جہاں جہاں فارسی الفاظ استعمال کئے گئے ہیں وہاں اُنکے اُردو معنی بھی واضع طور پر لکھدیئے گئے ہیں میرے نزدیک یہ ناول ہندوستان کیلئے از بس مفید اور طلبا کیلئے ایک عمدہ اتالیق ہے۔ لہذا ناظرین جو کچھ قدر افزائی فرمائیں تھوڑا ہے۔

تقریظ انگریزی ریویو فسانہ ہفت چمن از رائے بہادر لالہ پیارے لال صاحب گورنمنٹ پنشنر سابق انسپکٹر مدارس پنجاب مورخہ ۱۶ اگست سنہ ۱۹۰۲ ع

میں نے بابو رنجیت سنگھ کی کتاب ہفت چمن نام کے تینوں حصوں کو پڑھا ہے۔ حصہ اوّل میں چھوٹے چھوٹے عمدہ قصے ہیں جنکو اُردو شاعروں کے کلام سے مزین کیا گیا ہے حصہ دوم و حصہ سوم دونوں میں ایک ایک قصہ ہے جو حصہ اوّل کے قصوں سے بڑا ہے اور ہر ایک حصہ کے ساتھ نظمیں لگائی گئی ہیں جن میں مضامین زیادہ تر اخلاقی ہیں۔

ساتوں قصوں میں اُن مجلسی عیوب کا ذکر ہے جو ہند کے اہل ہنود و اہل اسلام میں پائے جاتے ہیں بعض بعض مقاموں پر اُن عیوب کے رفع کرنیکی تدابیر بتانیکی بھی کوشش کیگئی ہے بعض قصوں میں فرضی اشخاص کا حال بیان کیا گیا ہے یہ ظاہر کرنے کیلئے کہ ہندوستانیوں کا طریق معیشت کیا ہونا چاہیئے لیکن یہ بیان خلاف قیاس اور رصلیت سے دور ہے مصنف کا بڑا مقصد نوجوان اہل ہند کو تعلیم دینا ہے اور یہ مقصد میرے خیال میں خاصی اچھی طرح پورا ہو گیا ہے اس کتاب کا

نوٹ از جانب مصنف۔ سنگھ کے معنی شیروں کی بانو لفظ پند نکالا ہے میں نے اس اصول پر تیسرا حصہ ہوں کر کتاب کا مناسب نام رکھا

طرز آسان اور صاف ہے اور تحریر میں روانی پائی جاتی ہے نظم نے کتاب کا لطف دوچند کر دیا ہے شروع کے ۳۹ صفحوں میں مصنف کے خاندان کا حال ہے جو کسی زمانہ میں بہادری اور سلطنت برطانیہ کیلئے وفاداری میں بہت مشہور تھا کتاب کے اس حصہ سے صاف ظاہر ہے کہ ہندوستان کے کھتریوں کی جماعت ایسے لوگوں سے خالی نہیں ہے جو معاملات جنگی و ملکی میں ایسا ہی نام پیدا کر سکتے ہیں جیسا کہ اکبر اعظم تیسرے مغل بادشاہ کے عہد میں راجہ ٹوڈرمل ٹنڈن نے کیا تھا۔

تقریظ منشی گلبہار سنگھ صاحب بی اے خلف جناب منشی سردار سنگھ صاحب سابق نائب فوجدار ریاست سوائی جے پور فرزند جناب منشی گوری شنکر صاحب مرحوم کھتری بدھاون و نواسہ جناب منشی سلطان سنگھ صاحب مرحوم میر منشی ریزیڈنسی و ریس اعظم دہلی بمورخہ ۱۸ اگست ۱۹۰۲ء عیسوی

مشامِ جاں ہے فدائے نسیمِ ہفت چمن	دماغ و روح کی جاں ہے نسیمِ ہفت چمن
ہے حورِ بند کا مسکن نعیمِ ہفت چمن	ہے بادشاہِ رضا میں مقیمِ ہفت چمن
نہ کیوں ہو گنج بدامن ندیمِ ہفت چمن	

جب سے تعلیم انگریزی کا چرچا ہوا ہے اکثر نوجوان اہل ہند اپنا وقت عزیز انگریزی ناولوں کے پڑھنے میں ضایع کرتے ہیں اور اسی کو بہترین ذریعہ اپنی لیاقت اور معلومات بڑھانے کا خیال کرتے ہیں نیز وہ معدودی چند اصحاب جنکو ملکہ تصنیف حاصل ہے انگریزی طرز پر اردو ناول لکھنے کو اپنا فخر سمجھتے ہیں اسمیں کلام نہیں کہ بعض مشہور اور مستند انگریزی مصنفوں کے ناول نہایت موثر مفید اور نتیجہ خیز ہوتے ہیں مگر صرف اس صورت میں کہ پڑھنے والا بیشتر ہی سے تجربہ کار اور عاقبت اندیش ہو اور مگس کی مانند ہر پھول اور پتے سے شہد چوس لینے کا عادی۔ لیکن نوجوان کا تجربہ جسقدر اور جیسا [illegible]

انگریزی قصوں کا پڑھنا اُنکے لئے نہایت مضر ثابت ہوتا ہے نیز بڑے افسوس کا مقام ہے کہ عموماً ہمارے اہل ملک اخلاقی مضامین کیطرف بہت کم اپنی توجہ مبذول کرتے ہیں اور قصہ کہانیوں کو اُنسے بدرجہا بہتر خیال کرتے ہیں انہی امور پر غور فرماکر درینولا جناب ذی علم بابو رنجیت سنگھ صاحب نواسہ جناب منشی بھوانی شنکر صاحب مرحوم رئیس اعظم دہلی نے ایک کتاب لاجواب ہفت چمن نام کو شرف تصنیف بخشا ہے جسکا حرف حرف لایق مضامین کا خزینہ ہے اور جواہر معانی کا گنجینہ جسکا لفظ لفظ فصاحت کی جان ہے اور بلاغت کی کان جس کا ہر صفحہ بالائے بلند سرو قامت سے بالاتر ہے اور مصحف رخسار جاناں سے زیبا تر کہیں مضامین اخلاقی نے دل لبھایا ہے کہیں نظم عالی پایہ نے سکہ بٹھایا ہے کہیں قناعت کی گرم بازاری ہے اور طمع کو جان سے بیزاری ہے کہیں اتفاق و محبت کی خوبیاں دکھائی ہیں نفاق و نفرت کی برائیاں جتائی ہیں کہیں ایمانداری کا گھر بسایا ہے بے ایمانی کو روز بد دکھایا ہے اور کہیں شراب خانہ خراب کے قبیح نتایج بتاکر مردہ کو زندۂ جاوید بنایا ہے نشے کی نقل میں مصنف نے کمال کیا ہے۔ بھانڈوں کی پُر مذاق و نصیحت انگیز گفتگو۔ طائفوں کا آنا اور حلالخوریوں کا گانا عجب لطف دیتا ہے ساتھ ہی ابنائے زمانہ کی غلط کاری اور اور دنیا کی ناپائداری کا فوٹو نظروں کے سامنے کھنچ جاتا ہے مناسب موقع پر جو نظم کے موتی پروئے گئے ہیں اُنہوں نے مضمون کا اثر اور لطف دوبالا کر دیا ہے غرضکہ یہ کتاب ہزار ہا نمبر انتخاب ہے اور صاحبان انصاف و طالبان کمال کیلئے ایک نعمت غیر مترقبہ۔

رب قدیر جناب بابو صاحب کی تصنیف کو یہ اثر عطا فرمائے کہ اُسکو پڑھکر دیگر لایق اصحاب کے دلوں میں اسی قسم کے اخلاقی مضامین کی تحریر کا شوق پیدا ہو جسے اسکو پڑھ کر

اچھی اچھی عادتیں سیکھیں اور نوجوان جنکے بتقاضائے عمر براہ ہو جانے کا اندیشہ بیشتر ہوتا ہے گمراہی سے اعراض کرکے راہ راست اختیار کریں نظم

مرحبا اے ناظرِ نازک خیال — واہ واہ اے شاعرِ شعر بے مثال
نام ظاہر میں ہے گو مسکیں ترا — ہے مگر باطن میں اعلےٰ مرتبا
باکمال و بے مثال و خوش سیر — نیک خصلت نخلِ اُلفت کے ثمر
کیا ہی لکھی ہے کتاب لاجواب — زہرۂ بد بیں ہو جسکو پڑھکے آب
جھوٹ ہے دعویٰ کہیں تقدیر کا — ڈنکا بجتا ہے کہیں تدبیر کا
ہے کہیں کذّاب ہوتا روسیہ — ہے کہیں طمّاع کی حالت تبہ
ہے کہیں زیور بچھانے کا خطر — حفظ طفلاں ہے زبس مدِ نظر
مہر و اُلفت کا کسی جا زور ہے — غلغلہ ہے جوش ہے اور شور ہے
نشۂ مے سے ہے واجب اجتناب — سینکڑوں کا ہی ہوا خانہ خراب
غدر کی تصویر کھینچی ہے کہیں — ظلم ظالم کا بیاں ہوتا نہیں
بعبتانِ خوش کمر شیریں ادا — دیکھکر جنکو ستم بھولے جفا
بیکسی مجبوری و آفت میں تھیں — بس قلم آگے مری چلتی نہیں
کیا مصیبت تھی غریبوں پر پڑی — بے بسی حسرت سے روتی تھی کھڑی
لُوٹتے پھرتے تھے باغی ہر طرف — بے سبب کرتے تھے سختی ہر طرف
رحم کرتے تھے کسی پر نے کرم — روز و شب ڈھاتے ستم پر تھے ستم
اِسقدر تھا گرم بازارِ زیاں — ڈھونڈے ملتے تھے نہ یاں امن و اماں
ہو گیا آخر کو جب فتنہ فرو — لوگ بولے دوستوں سے خوش رہو

ذکرِ رشوت ہے کسی حصہ میں ہاں	طرزِ احسن سے کیا اُسکو بیاں
ہر زماں راشی کو رہتا ہے خوفِ جاں	زر نہ کچھ اُسکو مزہ دیوے نہ ناں
جو مواجب پر کرے اپنے گزر	آدمی کا نے خدا کا اُس کو ڈر
الغرض ہے یہ کتابِ لاجواب	نوعِ انساں کے لئے راہِ صواب
باغ دنیا میں رہے جب تک بہار	یاں رہے نام مصنف برقرار
زود تر دستش دہد لطفِ قدر	تا زنخلِ عیش بر چیند ثمر

تقریظ مولوی محمد مرزا جان صاحب پروفیسر زبان شرقی مشن کالج کانپور رئیس دہلی خلف حکیم فیض علی بیگ صاحب مرحوم مورخہ ۱۰ دسمبر ۱۹۰۲ء

سچ ہے مصرع ہر کسے را بہر کارے ساختند۔ یہ حصہ اِس کتاب کے مصنف صاحب ہی کا تھا جو اِسوقت باطن سے ظاہر میں آیا جسقدر اِس کتاب کی تعریف کیجائے اور مصنف صاحب کو سراہا جائے غیر مناسب یا مبالغہ نہو گا کیونکہ مثل مشہور ہے ہاتھ کنگن کو آرسی کیا جن صاحب کو شک ہو پڑھکر وہ بھی ثنا خواں میری طرح بنجاویں کتاب کیا ہے ایک سچا نقشہ اور فوٹو ہے جو بیکمانہ کلمات سچے تاریخی واقعات اور پند و نصیحت و علم و اخلاق کا کھینچا گیا ہے اور ایسے پیرایہ میں ادا کیا گیا ہے کہ خواہ مخواہ اہل زمانہ اُسکے پڑھنے پر راغب ہوں اور بڑے اشتیاق و شوق سے پڑھیں اور جب ذرا سی غور کریں تو جانیں کہ ایسے خزانوں کے مالک بنے ہیں کہ انمول جواہر حکمت سے بھرے ہیں میرے خیال میں اِس سے اچھا ڈھنگ اور کوئی نہیں آتا کہ جسمیں ایسے مضامین اِس خوبی کیساتھ لکھے جاتے واہ مصنف صاحب صدہا آفرین ہے آپکے اِس خیال پر کہ آپنے کس عمدگی کے ساتھ اِن باتونکو نبھایا ہے اللہ تعالیٰ آپکو دونوں جہاں میں کامیاب اور ابنائے زماں کو اِس سے فیضیاب فرماوے اور خدا تعالیٰ اِس کتاب میں ایسی

برکت دے کہ بفحوائے ع ہیچ خواندہ نشد از در فیضش محروم۔ ہر ایک اپنی مراد پر بہرہ ور ہو۔

تقریظ کتاب فسانہ ہفت چمن و تاریخ دربار دہلی تا جپوشی شاہ لندن و شاہنشاہ قیصر ہند اڈورڈ ہفتم دام اقبالہ رشحہ کلک بلاغت سلک شاعر یکتا و دبیر بے ہمتا ناظم نازکخیال نازک شیریں مقال جناب مولانا مولوی محمد امو جان صاحب متخلص ولی۔ کہ در حقیقت ولی اللہ ہیں پنشنر سابق مدرس اوّل فارسی دہلی ہائی سکول و مترجم نظم مشہورہ مسمی بہ زمزمہ قیصری (لے آف دی امپرس) مطبوعہ مطبع علمی لندن ۱۸۷۸ء و مصنف باعیات اردو ردیف وار و شاگرد رشید جناب نجم الدولہ دبیر الملک مرزا اسد اللہ خاں صاحب غالب دہلوی۔

میرے محب بابو رنجیت سنگھ پنشنر انگریزی ولد راؤ جہانگیر چند صاحب مرحوم مسکین تخلص مصنف و مولف فسانہ ہفت چمن بخشی بھوانی شنکر صاحب مرحوم جاگیر دار پرگنہ نجف گڈھ ضلع دہلی کے نواسہ نے اُس کتاب کو دوبارہ چھپوانے کا ارادہ کیا۔ تو مجھ سے استدعا کی۔ کہ فسانہ ہفت چمن کو اول سے آخر تک بغور دیکھیے۔ میں نے کئی مہینے گھنٹہ دو گھنٹے روز بالاستیعاب کتاب کے جملہ مضامین نثر اور نظم پر دل سے توجہ کی۔ غالباً اب کوئی نقص اس کتاب میں معلوم نہیں ہوتا۔ اور خوبیاں جو اسمیں بھری ہیں اُن میں سے بعض ہندوستان کے امیر غریب ادنیٰ اعلیٰ ملازم حاکم راجہ نواب ہندو مسلمان مرد عورت لڑکے لڑکیوں کو جو اسے پڑھیں انسانی نیک خصائل جن کو فضائل کہتے ہیں سکھاتی ہیں اور برائیوں کو جو رذائل ہیں بُرا جاننا اور ماننا بتاتی ہیں۔ ریل کی جو تکلیفات حسن بیان سے قصہ میں ادا کی ہیں حکام بالا کو اُنکے دفعیہ پر متوجہ

کر دیں تو عجب نہیں۔

۲ بچوں کے زیور پہنانے سے خرابیاں جو ہندوستان میں پیدا ہوتی ہیں۔ بچوں کے ماں باپ اور نوکروں کو اس محض نمایشی فعل سے اجتناب کا عمدہ سبق ہے۔

۳ بیوہ عورتوں کے عمر بھر کے دکھ جتا کر دوسرا بیاہ جائز سمجھنے کی تعلیم واقعی ہے۔

۴ فرض کی نقل میں جو بڑے امور درج ہیں اُن پر با اختیار والیان ملک کی ادنیٰ توجہ اُن کی رعایا کو اعلیٰ فائدہ پہنچا سکتی ہیں۔

۵ دھرما بائی کا وصیت نامہ مالدار صاحب جایداد لوگوں کیلئے دستور العمل ہے۔

۶ محتاج اور یتیم خانہ قائم ہونے کی ترکیبیں اگر عمل میں لائی جائیں تو ہندوستان میں قحط کے ایام میں مصیبتیں کم ہوں اور گداؤ نکو بھیک کے بہانہ ارتکاب جرم کا موقع نہ ملے

۷ پتلی گھروں کی چالاک لوگوں کی چالاکیاں بہت دلچسپی سے اظہار ہوئی ہیں اور لوگوں کو ہشیار کیا ہے۔

۸ انگریزی راج کی برکتیں اور امن و امان اور حکام انگریزی کے اخلاق جو بطور قصص کتاب میں درج ہیں رعایائے ہند کو گورنمنٹ کی ممنون و شکر گزار اور تہذیب مغربی پر دل سے طلبگار بناتی ہیں۔

۹ مجملاً اخلاقی تہذیب اور خانہ داری کے سلیقے وغیرہ نظم ذیل مندرجہ تاریخ دربار قیصری میں درج ہیں۔

نظم

فسانہ ہفت چمن ہے وہ بیخزاں اک باغ	کہ اسکے دیکھنے سے جان لگہتا آگیں ہے
یہ باغ عام نہیں۔ باغ خاصہ اخلاق	جو نکتہ اس میں ہے گلدستہ ریاحیں ہے
کتاب ساری نصیحت کا ایک مجموعہ	کہانی نام کو ہے پر نصیحت دیں ہے

چلے جو اسکی ہدایت پہ دیکھہ لے ظاہر — کہ گھر میں چین ہے اور جان و دل کو تسکین ہے
پڑھاؤ بچوں کو گھر میں سناؤ ایک اک کو — تمام خلق کی تہذیب میں یہ ترقیں ہے
خیال جسکو ہو اسلوب خانہ کا دل میں — یہ اسکے حق میں سراسر کتاب آئیں ہے
پڑھیں جو عورتیں اس کو سلیقہ مند بنیں — بڑھیں جو بچے تو انکو یہ باغ رنگیں ہے
نہیں کسی کو جو حکام وقت کی کچھہ قدر — وہ سمجھے خلق سے کیسی کچھہ انمیں تزئیں ہے
یہ نسخہ درس مدارس کے واسطے لازم — ہر ایک شے سے ہر اک کام ہی کی تعئیں ہے
کتاب دیکھہ سراسر ولی یہ کہہ اٹھا — نوا سے بخشی بھوانی کے تمکو تحسیں ہے
تمہارے پہلے بزرگوں نے پائی تھی جاگیر — تمہارے حق میں خزانہ بڑا یہ تدویں ہے
اب اسکی نثر میں یا نظم میں نہیں کچھہ عیب — دلہن کی طرح یہ ہر رنگ سے پرآذیں ہے
کتاب اب ہوئی تیار لایق دربار — یہ نسخہ دست شہنشہ پہ ایک شاہیں ہے
نہیں ہے یار فروشی نہ کچھہ غوشامد ہے — کلام راست میں ہر امر حق کی تبئیں ہے
یہی ولی کی ہے تقریظ اور یہی تاریخ — فسانہ ہفت چمن فیض جام مسکیں ہے

۱۹ ۰ ۴

فہرست مضامین فسانۂ ہفت چمن

صفحہ	مضمون	صفحہ	مضمون
الغایت ۴	دیباچہ	۵	اُن طریقوں کا ذکر جن سے زر کھویا جاتا ہے یا حاصل ہوتا ہے۔
۴	مدح شاہ عالم پناہ اڈور ڈ ہفتم		
۵	مدح مہاراج ہادہو سنگھ والی سوائی جے پور	۱۱	نصایح لارڈ ہرلی صاحب بہادر وزیر ملکہ ایلزبتھ انگلینڈ۔
۷	سوانح عمری مصنف		
۱۱	نوحہ وفات بخشی بھوانی شنکر صاحب مرحوم	۳۷	نصایح مسٹر سٹیفن الین می ارصاحب
۱۴	غزل بزبان جے پوری	۵۹	محبتِ زر
۲۱ ۳۰	ماتا دین صوبہ بہار کے لڑکے کا حال	۱۲۰	دولت علم
۲۲	اُلوؤں کی کہانی	۱۶۱	دوسرا چمن صداقت نامہ
۳۱	شاہی بارود خانہ کا اُڑنا		قتل دہلی از حکم نادر شاہ
۳۲	نوکر کے فرایض	″	پیشی حقہ کا ذکر
″	دولتمند کے فرایض	۱۴۲	تغلق آباد کا ذکر
۴۰	شکر ایزد متعال	۱۴۳	سنہری مسجد دہلی کا حال
۴۱	کبت روٹھے کیوں نہ راجا	۱۴۴	اللہ وردی خاں صوبہ ارنگاباد کا ذکر
۴۲ ۴۳	شجرہ خاندان آباواجداد مصنف	۱۵۵	پلاسی کی لڑائی
۴۶ الغایت ۱۶۱	پہلا چمن قسمت نامہ	″	سکھوں کا آغاز
۴۷	مقبرہ منصور	۱۶۶	جسونت راؤ ہلکر کی شکست انگریزوں سے
۴۸	تقدیر اور تدبیر کا مکالمہ	″	لوٹ نیدا مل کہتری کا ذکر

صفحہ	مضمون	صفحہ	مضمون
۷/۷	نواچار کی راست گوئی	۹/۱۰۱	قرض کی نقل
۸/۹	کبیر جی کے ہرگن دوہرے	۱۰/۱۰۲	مذمت قرض
۱۰/۱۰	مہاراج رنجیت سنگھہ کا ذکر	۱۱/۱۰۳	قرض کی نقل
۱۲/۱۲	مثنوی در باب راستی	۱۲/۱۰۴	مذمت شراب
۱۴/۱۴	مسدس در باب راستی	۱۳/۱۰۵	لال ڈگی کا ذکر
۱۶/۱۶	خوئے بد جھوٹ کے باب میں رباعی	۱۴/۱۰۶	فرائض سلطانی
۱/۱۷	تیسرا چمن صداقت نامہ	//	بہبود بد کر رعیت کا حال دریافت کرنا حکام کا
۴/۸	اقرار	۱۵/۱۰۷	مشاعرہ کی نقل
۱۱/۸۷	مخمس راج نیت	//	صلح ہر خاص و عام
۱۳/۸۹	خصلت شاہی	//	اچھوں کو برا کہے وہ بیشک برا ہے
۱/۹۲	چوتھا چمن خطر السکر	//	بد جو کرتا ہے بدہی پاتا ہے
//	پالی ٹانا	۱۶/۱۰۸	جسقدر دوستوں کی کثرت آفتوں کی قلت
۲/۹۴	بھجنا بھر بونچھ	//	یاد ہو کہ نہ یاد ہو
۵/۹۷	نشہ کی سواری	۱۷/۱۰۹	تو بھلا ہے تو برا ہو نہیں سکتا
۷/۹۹	غزل در باب نقص زیور پوشی بچوں کی	//	مضطر کا مسدس در باب حسد
۸/۱۰۰	//	۱۹/۱۱۱	دنیا فانی
۸/۱۰۰	شرک بدعت کذب غیبت حسد ظلم اور فعل ریا	۲۰/۱۱۲	نظیر اکبر آبادی کا مسدس تندرستی کی توصیف میں
۹/۱۰۱	تلقین در مذمت شراب نوشی	۲۲/۱۱۴	سیر حسن - دشمن پر احسان کرنا

صفحہ	مضمون	صفحہ	مضمون
۲۳ / ۱۱۲	برابر دوستی نہیں دیکھی نہ دنیا میں	۲ / ۱۳۴	شہر دہلی کی بد معاشان و رباب پیچ و
//	قسم کھانے اور ہنسی کرنیکی ممانعت		رہن مکان اور عذر لمہر
//	سارا زمانہ بے وفا	۴ / ۱۳۶	شروع میں تربیت
۲۴ / ۱۱۴	چار چیزوں کا خوف۔ آگ مرض قرض اور عدو	۵ / ۱۳۷	آتش بازی کا بگاڑ
//	دو رباب دوست	۶ / ۱۳۸	چوسنھ میلے
۲۵ / ۱۱۷	فرید الدین عطار کی نصیحت	۱۱ / ۱۴۳	پسر جب دس برس سے بڑا ہو
۲۶ / ۱۱۸	مغرور	۱۲ / ۱۴۴	اشراف
//	دنیا چند روزہ	۱ / ۱۴۵	دوسرا چمن دہر بابائی کی فلاسفی
۲۸ / ۱۲۰	زمانہ کا سچا فوٹو	//	نا اتفاقی کی مذمت
۲۹ / ۱۲۱	//	۲ / ۱۴۶	بھولوں کا ہونا نوکر میں عیب
۳۱ / ۱۲۳	شہر آشوب داغ	۳ / ۱۴۷	نوکر کو خفیف علت پر دور کرنے اور
۳۴ / ۱۲۶	غزل مذمت شراب		نوکر جو بے سبب نوکری چھوڑے انکا ذکر
۳۵ / ۱۲۷	انتہا عیش کا نتیجہ	//	مالکوں کی بدگوئی کرنا عذاب ہے
۳۶ / ۱۲۸	شریفوں کی اولاد	۴ / ۱۴۸	آقا قدر دان کا ذکر
۳۷ / ۱۲۹	غزل مذمت شراب نوشی	//	خوشامد
۳۹ / ۱۳۱	ہفت دشمن	۶ / ۱۵۰	رام نام کی چڑ
//	عبرت بروں کو دیکھ کر سیکھو	۸ / ۱۵۲	ثابت چیزیں تیل کی جھوٹن کا ذکر
۱ / ۱۳۲	پانچواں چمن لاڈ	//	حلوائیوں کی چالاکیاں

صفحہ	مضمون	صفحہ	مضمون
۸/۱۵۲	بدوزد و طمع	۲۱/۱۶۵	ضعیف الاعتقادی کے باب میں مسدس
۹/۱۵۳	دولت رام کا ناچ ایٹر	۲۲/۱۶۷	نجومی سیانے
۱۰/۱۵۴	نئے کاموں کا ذکر	۲۴/۱۶۸	چڑیل کے ذکر میں
//	چلا چلا کر بات کرنا اور بلا سبب قہقہے	۲۶/۱۷۰	جوتش
	اڑانا ممنوع	۲۸/۱۷۲	آنکس کہ بداند و بداند کہ نداند
//	چار قسم کے دوست	۲۹/۱۷۳	بورڈنگ اسکول کا ذکر
۱۱/۱۵۵	ولایت جانے والوں کا حال	۳۰/۱۷۴	نوکر سے بری مدارات کی مذمت
۱۲/۱۵۶	دانا آدمی کا ذکر	//	اچھا نوکر نہ ملنے کی تکلیفیں
۱۳/۱۵۷	شاہ اٹلی کا قتل	۳۱/۱۷۵	گیت گیان سے بھرا ہوا
۱۴/۱۵۸	خضاب	۳۲/۱۷۶	بدون سود لے پیسے دینا ممنوع
۱۵/۱۵۹	سونچھوں کا ذکر	۳۴/۱۷۸	عیش میں یار خدا طلبی میں [illegible]
۱۷/۱۶۱	برہمنوں کا پیتل سے کھانا اٹھانیکا ذکر	//	[illegible]
۱۹/۱۶۳	سعادت مند لڑکے کا ذکر	//	[illegible]
۲۰/۱۶۴	بھوت پریت	//	وصف بشر
//	وساسوں	۳۵/۱۷۹	نسلہ ہوا بیل
//	بھوت وسیانہ	//	کتے کی دانائی
۲۱/۱۶۵	جادو	۳۶/۱۸۰	میر شہامت علی و ماسٹر رامچند کی نیک خصلتیں
//	فال تعویذ		

صفحہ	مضمون	صفحہ	مضمون
۴۸ / ۱۸۰	تمنوی درجاہ وحکومت طریق اخلاق	۵۶ / ۲۰۰	راج مزدوروں کی کم چوریاں
۴۹ / ۱۸۳	ریواڑی کے بنئے کی حکایت	۵۸ / ۲۰۲	سدھی ہوئی مینا اور فریبی فقیر کی حکایت
۵۱ / ۱۸۵	رستہ چلتے وقت کھانا کھانا ممنوع	//	بدی کی عوض احسان
۵۲ / ۱۸۶	بچوں کو شادی کی خوشی	۶۰	بد یاد ہر نیک اور شام لال بد کا ذکر
۵۳ / ۱۸۷	فضول پتیر کی تکبیر	۶۶ / ۲۱۰	
//	پتنگ بازی کی خرابیاں	۶۰ / ۲۰۴	بھگوان کی خبر گیری درحالت محتاجگی
//	غالبؔ کا ذکر	۶۱ / ۲۰۵	جیسا کریگا ویسا پاویگا
۵۴ / ۱۸۸	بیک کمائی سادہ کی	۶۳ / ۲۰۷	
۵۵ / ۱۸۹	کون کون سبق حفظ کرنے واجب ہیں	۸۸ / ۳۲۸	اپنا کام مہا کام
//	تین چیزیں ہر شخص اپنے پاس رکھے۔ زر نکوی	۶۴ / ۲۰۸	کہت جو ثابت کرتا ہے کہ کوئی لالچ سے خالی نہیں
۵۶ / ۱۹۱	ایک فریبی پیر جی کا حال	//	پنڈت سدا سکھ جی کی نیک نیتی
۵۸ / ۱۹۳	بلبل و مرغ و کبوتر کا ذکر	۶۸ / ۲۱۴	ذکر بے الفت والا
۵۹ / ۱۹۴	ریل کے سفر کی تکالیف	۷۲ / ۲۱۶	دیانند سرستی کا قتل
۶۰ / ۱۹۶	تہواری	//	اصول آریہ پتہ
۶۲ / ۱۹۸	اچھا نوکر کمیاب	۷۶ / ۲۲۰	قابل افسوس حادثہ
//	آقا قدردان	۷۷ / ۲۲۱	ولایت جانے سے بعضونکو بدتہذیب عادتیں ہو جاتی ہیں انکا ذکر
۶۶ / ۲۰۰	نجاروں کا اچھی لکڑی کا پہچنی بنانا		

صفحہ	مضمون	صفحہ	مضمون
۷۸/۲۳۲	دہریا بائی کا خط صاحب ضلع کو دربارۂ آئیں	۹۱/۲۳۵	اٹھاؤنی لب تمرک نہیں بلکہ دہرم شالہ میں کرنا واجب۔
	شادی وغمی میں اسراف اوسط کی بحث		
	خرچوں میں تخفیف	۹۳/۲۳۷	ٹھاٹ بنوں کی نیک نیتی
	تعلیم طفلاں قانوناً ماں باپ پر لازمی	۱/۲۴۱	ساتواں چمن منعم خاں کی فلاسی
	دریا کے کنارہ پردہ پوشی زنانہ گھاٹ واجب	″	شاہ عالم وغلام قادر
	عورتوں کا بازار میں فحش بکنا ممنوع	۴/۲۴۴	مرہٹے
۸۴/۲۴۸	″	″	شہر آشوب سودا
۸۰/۲۴۴	بیوہ عورت کی دوسری شادی پر بحث	۱۰/۲۵۰	علاجی کارڈ
۸۱/۲۴۴	جیتی جاگتی پر شادی ممنوع	۱۱/۲۵۱	تعلیم معصومان کی ترکیب
″	محکمۂ جاسوسی کی بحث	۱۲/۲۵۲	بالانشینی کی مذمت
۸۱/۲۴۵	توہین مذہب	″	نیک نیتی
″	درباب فنڈات واسطے قایم کرنے محتاج وتیم خانوں کے	۱۵/۲۵۵	سفر ۱۰۳/۳۴۳
		۱۶/۲۵۶	فاطمہ کی نصیحت بھائی کو
۸۶/۲۳۰	ولایت جاکر سبھو نکی عادت نہیں بگڑتی	۱۷/۲۵۷	فاطمہ کی خوبی انتظام خانہ داری
۸۷/۲۳۱	دوا کے استعمال کی ہدایتیں	″	زیب النسا کی بدانتظامی خانہ داری
۸۹/۲۳۳	راہ چینی کا ذکر	۱۸/۲۵۸	محکمۂ فوجداری کے حالات
۹۰/۲۳۴	انگریزی باجہ ارتھی کے ساتھ مارچ بھجنوں کے سننے میں سمجھا گیا ہے	۱۹/۲۵۹	رباعیات درباب صداقت
		۲۰/۲۶۰	منعم خاں کی دیانت داری

صفحہ	مضمون	صفحہ	مضمون
۲۶۱/۲۱	منعم خاں کے بچوں کی ناگہانی اموات	۲۸۲/۴۲	۴ فکر
۲۶۲/۲۲	کولاپور کی لڑائی میں عجیب و غریب واقع	۲۸۵/۴۵	۵ مذہب
۲۶۵/۲۵	نظم در باب فریاد بیوہ	۲۸۸/۴۸	۶ دنیا میں مبارک لوگ
۲۶۶/۲۶	شہزاتن کا حسن بندوبست خانہ داری	۲۸۹/۴۹	۷ معیار العادات
۲۶۸/۲۸	زچہ خانہ کا اسباب	۲۹۰/۵۰	۸ کون کون حالات کون اسباب سے چھپ نہیں سکتے۔
۲۷۰/۳۰	شہزاتن کی وفات		
۲۷۱/۳۱	غدر کا حال دہلی میں اور سیگزین کا اڑنا	۲۹۱/۵۱	۹ تین شے کو تین شے بغیر قیام نہیں
۲۷۲/۳۲	منعم خاں، صفدر خاں اور فاطمہ اور زینب کی موتیں	〃	۱۰ چھ حالتوں کی چھ حالتیں
		۲۹۲/۵۲	۱۱ گناہ
〃	حضرت نظام الدین اولیا کے مزار کا حال	〃	۱۲ و ۱۳ سوال و جواب کبیر جی
〃	فتح خاں کا غرور	〃	۱۴ پاک و صاف
۲۷۳/۳۳	اشعار در باب نصایح	۲۹۳/۵۳	۱۵ توبہ
۲۷۷/۳۷	پتلی گھروں کا حال	〃	۱۶ آداب و تعظیم
۲۷۸/۳۸	مسدس در باب چالاکیاں پیشہ ورنگی	۲۹۴/۵۴	۱۷ آداب محفل
۲۸۲/۴۲	نصیحت انگیز مسائل	۲۹۶/۵۶	۱۸ تہذیب اخلاق
〃	۱ انسانی فرایض	۲۹۷/۵۷	۱۹ بزرگی
〃	۲ بے ثباتی دنیا	〃	۲۰ افزایش آبرو
۲۸۳/۴۳	۳ عدم قیام رنج و خوشی	۲۹۸/۵۸	۲۱ کاہش آبرو

صفحہ	مضمون	صفحہ	مضمون
۵۹ / ۲۹۹	۲۲ نیکبخت و کمبخت	۷۰ / ۳۱۰	۴۰ ساس بہو
//	۲۳ چراغ	۷۱ / ۳۱۱	۴۱ نصیحت مادر بہ دختر
۶۰ / ۳۰۰	۲۴ شرافت	۷۲ / ۳۱۲	۴۲ اوصاف زیور
//	۲۵ سیرت و صورت	۷۳ / ۳۱۳	۴۳ حقوق والدین
۶۱ / ۳۰۱	۲۶ از دیاد علم	۷۴ / ۳۱۴	۴۴ شادی در ایام پیری
//	۲۷ اوسر چڑھنا	۷۵ / ۳۱۵	۴۵ الفت
//	۲۸ عقل	//	۴۶ شمولیت در شادی و غمی
۶۲ / ۳۰۲	۲۹ خوشخوئی	۷۶ / ۳۱۶	۴۷ محافظت و تربیت طفلاں
۶۳ / ۳۰۳	۳۰ وقعت	۷۷ / ۳۱۷	۴۸ دوست
۶۴ / ۳۰۴	۳۱ ہمت	۷۸ / ۳۱۸	۴۹ ملاقات باہمی
//	۳۲ محنت	۷۹ / ۳۱۹	۵۰ شرکت کلانی
۶۵ / ۳۰۵	۳۳ آغاز میں تھوڑا انجام میں چوڑا	//	۵۱ شکایت
//	۳۴ انتظام خانہ داری	//	۵۲ مہمان نوازی
۶۶ / ۳۰۶	۳۵ سلوک	//	۵۳ طعنہ خلق
۶۷ / ۳۰۷	۳۶ امانت	۸۰ / ۳۲۰	۵۴ بدگمانی
//	۳۷ سبب شکست انساں	//	۵۵ ظاہر میں دوست اصل میں دشمن
//	۳۸ زوجہ	۸۱ / ۳۲۱	۵۶ خوشامد
۶۸ / ۳۰۸	۳۹ نیک عورت	//	۵۷ ناحق دشمن بنانا

صفحہ	مضمون	صفحہ	مضمون
۸۲/۳۲۲	۵۸ خاموشی	۹۴/۳۳۴	۷۶ دغابازی
۸۳/۳۲۳	۵۹ گفتگو و خورونوش	〃	۷۷ جنگ
۸۴/۳۲۴	۶۰ سقیم الحالی	〃	۷۸ داد
۸۵/۳۲۵	۶۱ رنج اندک	۹۵/۳۳۵	۷۹ حفظ صحت
〃	۶۲ عاریت	۹۷/۳۳۷	اچھا نسخہ چھپانا
۸۶/۳۲۶	۶۳ راز	〃	سعادت خاں رنگین اکسیر
〃	۶۴ فضول خرچی	۹۸/۳۳۸	۸۰ ایمنی
۸۷/۳۲۷	۶۵ کفایت شعاری	۹۹/۳۳۹	۸۱ شب گردی
〃	۶۶ خریداری اسباب	〃	۸۲ سحر خیزی
۸۸/۳۲۸	۶۷ اپنا کام مہا کام	۱۰۰/۳۴۰	۸۳ ریاضت
۸۹/۳۲۹	۶۸ شرکت	〃	۸۴ زائد لوازم
〃	۶۹ زمینداری	۱۰۱/۳۴۱	۸۵ پرہیز
۹۰/۳۳۰	۷۰ حصول مال	〃	۸۶ تہمت اور خطرہ کی جگہ سے اجتناب
۹۱/۳۳۱	۷۱ بے غرضی	۱۰۲/۳۴۲	۸۷ خط کا جواب
〃	۷۲ خود محرضی	۱۰۳/۳۴۳	۸۸ سفر
۹۲/۳۳۲	۷۳ رشک	۱۰۴/۳۴۴	۸۹ فرائض ملازمان راجگان
〃	۷۴ تعجب انگیز واقعات	۱۰۸/۳۴۸	۹۰ ملاقات حکام
۹۳/۳۳۳	۷۵ عجائب قدرت	۱۰۹/۳۴۹	۹۱ وفاداری

صفحہ	مضمون	صفحہ	مضمون
۱۰۹/۳۴۹	۱۹۲ اعتبار		
۱۱۱/۳۵۱	خاتمہ		
〃	رائے بہادر رام کشن داس		
〃	لالہ مہیش داس سابق ٹھیکہ دار کمسریٹ		
〃	لالہ رامجیداس گوڑوالہ		
۱۱۲/۳۵۲	اظہار ملال وفات رائے بہادر رام کشن داس صاحب		
۱۱۳/۳۵۳	باپ دادا کی فضیلت		
〃	مہاراج بردوان و مہاراج چندولال		
۱۱۴/۳۵۴	تاریخ تاجپوشی مہاراج بردوان		
〃	تاریخ خلعت مہاراج کشن پرشاد صاحب بہادر		

جملہ حقوق بذریعہ رجسٹری محفوظ ہیں

یا مالک

پہلا حصہ

دیباچہ

مثنوی

الٰہی تری ذات غفار[1] ہے	خطاوار بندہ گنہگار ہے
جو مرضی ہے تیری خدائے کریم	بنا اُس کا تابع[2] مجھے یا رحیم
تو حاکم ہے اور بندہ محکوم ہے	تری رحمتوں کی بڑی دھوم[3] ہے
نہو حکم تیرا تو کیا ہے مجال	کسی کو خوشی ہو کسی کو ملال
ترا رحم[4] ترا مجھ کو درکار ہے	تو مالک ہے خالق ہے غفار ہے

ا اُس بانشان و بے نشان کے شایان شان تعریفی کلمات چھوٹا مُنہ بڑی بات۔ یہ وہی قادر[5] و قیوم[6] ہے جسکی جُدا جُدا نامونمیں ہر طرف دھوم[7] ہے غرض وہ ایک اور نام انیک۔ محمد[8] صاحب پیغمبر عربی نے شب معراج[9] قرب و دولت ربّانی پایا مگر ادراک[10] کنہ حقیقت کے لحاظ سے ماعرفناک[11] حق معرفتک فرمایا پھر کسی اور انسان کا کیا مقدور ہے کہ اُسکی ثنا کما حقہٗ کر سکے اور اس دریائے ناپیدا کنار میں قدم دھر سکے نظم

اگر دل میں گزر ہو اُسکے جود[9] و لطف و احسان کا	تو سینہ آدمی کا ہو نمونہ باغ رضوان[10] کا
تو ہی خالق جزو کل کا تو ہی مالک دل و جاں کا	تری قدرت عیاں[11] کرتا ہے ہر پتا گلستاں کا[12]
خداوندا ازل[13] سے تا ابد[14] ہے سلطنت تیری	تو ہی مالک ہے ظاہر کا تو ہی حاکم ہے پنہاں[15] کا

[1] بخشنے والا۔
[2] فرمانبردار۔
[3] طاقتور۔
[4] مہربان۔
[5] ہمیشہ رہنے والا۔
[6] عالم مالک۔
[7] معبود۔
[8] سب سے بڑی۔
[9] سخاوت۔
[10] بہشت کا باغ۔
[11] ظاہر۔
[12] ہر پتا ہر گلستاں کا۔
[13] شروع۔
[14] ہمیشہ۔
[15] چھپا ہوا۔

مہ[۵۰] و خورشید[۵۱] و انجم سے نمایاں[۵۲] نور ہے تیرا — تو ہی ہے روشنی دل کی تو ہی ہے نور سر جاں کا
بشر[۵۳] کی کب یہ مجال ہے کہ سمجھے[۵۴] سر وحدت[۵۵] کو — ملک[۵۶] پر بھی نہیں ہوتا ہے ظاہر راز یزداں[۵۷] کا
تو ہی حاضر ہے اور ناظر[۵۸] تو ہی عادل[۵۹] ہی اور صادق[۶۰] — تو ہی حامی[۶۱] ہے عالم کا تو ہی ہادی[۶۲] ہی انساں کا

۲ کسی خاص قوم کا یہ قول کہ خدا صرف ہمارا خدا ہے کسیطرح معقول[۶۳] نہیں ہرگز قابل قبول[۶۴] نہیں

قطعہ

ہر رنگ میں عیاں ہی وہ ہر شے[۶۵] میں جلوہ گر — ظاہر میں گو نہاں ہے بباطن نہاں نہیں
ہندو میں بھی وہی ہی مسلماں میں بھی وہی — وحدت میں دیکھ فرق خدا و بتاں[۶۶] نہیں

۳ میں خالص نیت سے اُسی کارساز کو سجدہ کرتا ہوں جو باوصف معاصی[۶۷] اپنے بندوں کا روزی رساں ہے اور باوجود عدم اطاعت مخلوق پر مہربان۔ **مناجات**

وحدت سے روز عید[۶۸] ہو شب شب برات ہو — دنیا و دیں کے جھگڑوں سے یارب نجات[۶۹] ہو
فتنہ[۷۰] نہ ہو فساد نہ ہو سب سے ہو ملاپ — یہ بات ہو نصیب تو پھر کیا ہی بات ہو
اپنوں سے میل جول ہو غیروں سے آشتی[۷۱] — اس طور سے الٰہی بسر اب حیات[۷۲] ہو
عزت کے ساتھ دور سے رہے بات بھی رہے — ہر حال میں معین[۷۳] فقط تیری ذات ہو
الفت سے اپنی زندہ جاوید[۷۴] کر مجھے — پانی پیوں تو غیرت آب حیات ہو

۴ ہر فرقہ و ملت[۷۵] کے اُن پیغمبروں اور اوتاروں پر درود[۷۶] بھیجتا ہوں جو مخلوق کے رہبر اور دنیا میں بہترین بشر تھے تاکہ اُن مبارک حضرات کے نامونکی برکت سے کتاب ہذا مقبول خاص و عام اور حسن[۷۷] آغاز کیطرح نیک انجام ہو اس کتاب کا نام سُورل فلاسفی یعنے قانون اخلاق عرف **فسانہ ہفت چمن** ہے جسمیں دیباچہ کے علاوہ سات مضمون ہیں اور ہر مضمون کے بعد نہایت موثر اور قابل دید نظمیں بطور ضمیمہ درج کیگئی ہیں چونکہ نصیحت[۷۸] انگیز اور عبرت[۷۹] خیز پیرایہ میں عادات قبیح[۸۰] پر متنبہ کرنا اس

ناولوں کی عادت غالبی ہے اسلئے کسی خاص شخص کے ذاتیات و حرکات سے بحث نہیں کیگئی ۵

روئے سخن کسی کیطرف ہو تو روسیاہ	ہرگز کبھی کسی سے عداوت نہیں مجھے

اہل نظر سے توقع ہے کہ اگر بعد ملاحظہ ہفت چمن کسی عادت قبیح کی اصلاح میں مشغول ہوں تو خاکسار مصنف کو دعائے خیر سے یاد کریں اور کہیں کسی غلطی پر مطلع ہوجائیں تو پردہ پوشی فرمائیں اور اطلاع دیں تاکہ حاصلی انکی درستی کو اپنی سعادت سمجھے اور ادائے شکر کو اپنا فرض خیال کرے۔ مثنوی

یہ وہ چمن ہے کہ کہئے جسے ہمیشہ بہار	شگفتہ جسکے گل و نسترن ہیں لیل و نہار
نظارہ چار طرف اسمیں ہے گل تر کا	گزر ہے دیو خزاں کا نہ بادِ صرصر کا
یہ دل کشی ہے کہ آوارگی نہیں اس میں	ذرا تناؤ فرنظارگی نہیں اس میں
بعینہ نور نظر ہے سرور خاطر ہے	مفید اہل معانی و اہل ظاہر ہے
غنی کیواسطے گر ہے یہ رہبر کامل	تو مفلسوں کو طریق معاش میں واصل
نہیں ہے یہ کوئی جھوٹا فسانہ یا ناول	کہ جسکی سیر گر اکبار ہو تو سیر ہو دل
جو غور کیجے تو قانون ہے ہدایت کا	نہیں ہے قصہ یہ دفتر ہے گنج حکمت کا
یہ وہ چمن ہے کہ جسکی فضا سے تر ہے دماغ	یہ پھول وہ ہے کہ لالے کے دل میں ہیں سو داغ
پڑے گر اسپہ کسی نیک قدرداں کی نظر	تو حرف حرف کے دامن میں ہیں ہزار گہر
خموش ہو کہیں مسکیں کہ ہے ستایش طول	امید حضرت باری سے ہے کہ ہو مقبول

قطعہ

قدر مفلس کی کیا کرتا ہے ہر مفلس نواز	جوہری کرتا ہے قدر گوہر و لعل یمن
قدردان پیدا ہیں اہل مصیبت اسطرح	قدر کرتے ہیں سخن کی جسطرح اہل سخن

مدح شاہ زمان فرمانروائے دوران قیصر ہندوستان و شاہ انگلستان اڈورڈ ہفتم دام اقبالہٗ

شاہ زمان اُس بادشاہ کو کہنا واجب ہے کہ مُلک کے لحاظ سے وسیع عملداری میں ایک ایک جگہ سورج ہردم تابان رہے اور اخلاق کے اعتبار سے صلح پسندی اور رعایا کی آسایش و بہبودی متمکن ہو فوج ظفر موج ہو اور اہلکارانِ مملکت راستباز اور جان نثار رہوں بشکر مبدء فیاض کا کہ ہمارے اڈورد ہفتم کو یہ خوبیاں عنایت ہوئی ہیں آپکی صلح پسندی نے بوئروں سے مصالحت فرماکر بیشمار مخلوق کی جانیں بچالیں اور ایسے سرکش مخالفوں کی نسبت بجائے خطاب فرزندوں کیطرح تربیت و پرداخت کا حکم صادر کیا اس ابد قرار حکومت کے نہایت معزز ارکان سلطنت مثل لارڈ سالسبری ارابرٹ کچنر و کرزن و سٹر بالفور صاحب کی مفصل فہرست لکھی جاتی تو ایک دفتر چاہیے اسلئے بندہ مسکین اعتراف عجز مدح کے بعد بات پھیلا پھیلا کر دعا کرتا ہے کہ حضور فیض گنجور بعافیت تمام عمر طبعی کے ثمرات و برکات حاصل فرمائیں اور رعایا کے سروں پر سایہ افگن رہیں فظم

کہتے ہیں اُس شاہ کو شاہ زماں	ذات میں اُسکی بھری ہیں خوبیاں
ملک میں اُسکے نہو سورج غروب	ہے رعایا پر توجہ اُس کی خوب
صلح جو ہے عدل پرور نیک نام	اُنکی ہر کشور میں اعلےٰ انتظام
ہیں شجاع و منتظم افسر تمام	جاں نثاری اور وفاداری سے کام
فوج شاہی جنگ میں جب جا ڈٹے	دُشمنوں کو مار کر پیچھے ہٹے
شمس دولت کس جگہ چمکا نہیں	کس جگہ انگلینڈ کا جھنڈا نہیں
خوبیِ اقبال شامل ہوگئی	بوئروں سے صلح کامل ہوگئی
جُرم دُشمن پر کرم کیا کیا کیا	داد سے امداد سے گھر بھر دیا
رُکنِ اعظم مُلک کے سالسبری	اور روبٹ بالفر کرزن سبھی

اور رستم وش وہ کیخسر نامور — دور تک ہے تیغ کا جن کی اثر
ملکی اور جنگی کے سب لکھوں جو نام — غیر ممکن ہے کہ ہو دفتر تمام
دیکھ لو زورِ شجاعت فوج کا — کابل و قندہار میں کیا کچھ کیا
خوب واٹرلو شہ پلاسی پر لڑی — جیت کر پیچھے ہٹی بڑھ کر لڑی
فوج لندن ہاں ظفر کی موج ہے — فوج اوروں کی براتی فوج ہے
ہفتمیں اڈورڈ کی کیا ہوں صفات — ہیں سراپا نیک سیرت نیک ذات
ہے بڑی بات اور چھوٹا منہ ترا — روک بس خامہ کو اے مسکیں ذرا
لکھ چکے ہیں سینکڑوں اس حال کو — چھوڑ دے تو اپنی قیل و قال کو
اب دعا کر یہ رہیں قایم مدام — اور ہم دیکھیں ترقی صبح و شام

مثنوی در مدح ہز ہائنس سر آمد راجۂ ہندوستان راج راجندر سر مہاراج دھراج سر سوائی مادھو سنگھ جی صاحب بہادر جی سی اس آئی و جی سی آئی ای والی راج سوائی جے پور دام اقبالہ

اسکو کہہ سکتے ہیں یکتائے زماں — ہوں اکٹھی جسمیں یہ دس نوبیاں
صحت و دولت حکومت عدل و داد — حسن اخلاق اور علم بامراد
قدر دانی و رعایا پروری — اور شجاعت میں ہو حاصل برتری
یہ فضائل جنکو لکھ آیا ہوں میں — سب کے سب مہاراج مادھو سنگھ میں ہیں
انکی صحت سے ہے عالم تندرست — کیل کانٹے سے ملازم سب درست
ہے یہ کافی وجہ دولت کے لئے — قحط میں اپنے خزانے دیدیئے
بخت یہ ہے یہ حکومت کا ہے ڈول — خود حکومت انکو دے میٹھی ہے قول

عدل کا یہ حال ہے یہ ڈھنگ ہے ۔ ہمتِ نوشیروانی دنگ ہے

اِسقدر ہے عادتِ بذل[1] و کرم مُنہ سے بول اُٹھا ہے خود نقشِ درم

حُسنِ سیرت آپ پر مفتوں[2] ہے مرد و زن چھوٹا بڑا ممنوں[3] ہے

جمع ہیں اِک ذات میں نیکو صفات ماہر[4] صد علم و فن ہے ایک ذات

قدر دانی کی ہے یہ کافی دلیل اہلکارانِ ریاست ہیں عقیل

ہے رعایا پروری مدِ نظر بیشمار احسان ہیں ایک ایک پر

اُنکو حاصل ہے شجاعت[5] میں کمال جانتے ہیں لوگ اسکو[6] وہ کا حال

یہ وہ گدی ہے کہ پہلے راجہ مان ازپئے امدادِ شاہی خاندان

اہل کابل سے لڑے دل کھولکر اور شجاعت سے کیا زیر و زبر

پھر کیا آباد جے سنگھہ نے یہ شہر شہر کی کیا پوچھتے ہو لہر بہر

ہند میں جے پور کا ثانی نہیں آگیا فردوس بر روئے زمیں

غدر میں یہ رام سنگھہ جی نے کیا کام اپنی دُور بینی سے لیا ؛

جان و دل سے کی مدد سرکار کی قبر کھودی باغیانِ خوار کی

ہات آیا خیر خواہی کا صلا پرگنہ سب کوٹ قاسم کا ملا

واہ واہ مہاراج مادھو سنگھہ واہ طبعِ[7] عالی نے بتائی خوب راہ

طرزِ[8] نو سے کی مدد سرکار کی ٹرنسپورٹ آپنے تیار کی

جا بجا دیکر مہموں میں مدد نام پایا لیکے اعزازی سند

یا الٰہی راج یہ دایم رہے ؛ یہ حکومت تا ابد[9] قایم رہے

طُرّۂ دولت رہے بخشش کا پھول ہو دعائے بندہ مسکیں قبول

[1] بخشش [2] مفتون [3] ممنون [4] ماہر [5] شجاعت [6] اسکو [7] طبعِ [8] طرزِ [9] ابد

قطعہ

تعریف وہی ہے جو ہو سچی تعریف ۔ جھوٹی ہو جو مدح ۔ ہے خیالِ باطل
ہیں جھوٹ سے پُر تمام دفتر مسکین ۔ ہے صدق کا مرتبہ ۔ تجھی کو حاصل

۵ عرض مدعا سے پہلے اپنی مختصر سی سوانح عمری اسلئے درج کتاب ہذا کئے دیتا ہوں کہ اسمیں چند مفید و عجیب واقعات قابل دید ہیں میرے آباو اجداد ساکن قندہار تھے نادر شاہ جب دہلی آیا تو اُسکے ہمراہ قندہاری کھتریوں کا ایک رسالہ تھا میرے اجداد میں سے لالہ گوبخش رائے ولد نگل جی بن بچند جی صاحب اُسکے رسالہ دار تھے نادر شاہ نے دہلی سے واپسی کیوقت جب بیش بہا جواہرات کے علاوہ چند ہندسہ اور عالم اپنے ساتھ لیجانے کیلئے منتخب کئے تو محمد شاہ نے بصلاح وزیر قمرالدینخاں نادرشاہ سے قندہاری رسالہ مانگ لیا اُسوقت سے ہمارے بزرگ مع رسالہ شاہ ہند کی ملازمت اختیار کرکے دہلی میں رہنے لگے۔

۶ چونکہ ہم لوگ ٹھنڈی ولایت کے باشندے تھے دہلی کی آب و ہوا موافق نہ آئی گوبخش رائے ولد نگل جی بیمار رہنے لگے اور آخر کار بقضائے الٰہی جاں بحق تسلیم ہوئے اُنکی وفات کے بعد محمد شاہ نے اُنکے فرزند سست گورمل جی کو جو اُنکے نائب تھے رسالہ داری کا خلعت مرحمت فرمایا۔

۷ اس عرصہ میں نادرشاہ قتل ہوا اور اُسکا خزانچی احمد شاہ دُرانی جانشین ہو کو ہندوستان پر چڑھائی کا ارادہ کرکے کابل سے چلا محمد شاہ نے بہمراہی ولیعہد شاہزادہ احمد و قمرالدینخاں وزیر مع رسالہ قندہاری مقابلہ کیلئے فوج روانہ کی۔ لڑائی کیوقت احمد شاہ دُرانی نے یہ سمجھکر کہ قندہاری رسالہ ہمارا ہے ہمارا ہی ساتھ دیگا سست گورمل جی کے نام ہمضمون کا ایک خفیہ حکمنامہ روانہ کیا کہ جب ہماری فوج شاہ ہند کی فوج کے مقابل ہو تو تم اپنے رسالہ سمیت ہماری صف میں آملنا۔ سست گورمل جی نے یہ حکمنامہ شاہزادہ احمد اور وزیر قمرالدین کو دکھا کر عرض کیا کہ گو طرف ثانی ہماری پُرانی سرکار ہے مگر جب سے ہمکو نادرشاہ نے محمد شاہ کے سپرد کر دیا ہے ہمارا یہ دھرم نہیں کہ اس سرکار

۷

کا ساتھ چھوڑ کر اُسطرف جا ملیں۔ لہذا ہم لوگ جاں نثاری کو حاضر ہیں گو قمرالدینخاں وزیر قبل
از جنگ اپنے خیمہ میں بحالتِ نماز توپ کا گولہ لگ کر مرگیا تھا مگر پھر بھی قندہاری رسالہ بے دل نہیں
ہوا اور خوب لڑا تاریخ سے ظاہر ہے کہ اِس رسالہ کی بہادری سے شاہزادہ نے احمدشاہ دُرّانی کو شکست
دی اور وہ اُلٹا افغانستان کو چلتا بنا ست گورمل رسالہ دار اِس لڑائی میں زخمی ہوئے اور احمدشاہ دُرّانی
ست گورمل جی کا خصوصاً اور قندہاری رسالہ کا عموماً جانی دشمن ہوگیا اور کابل پہونچکر ہمارے
بزرگوں کی تمام جایداد جو قندہار اور اُسکے گرد نواح میں تھی ضبط کرلی اُسوقت بہت سے کھتری اور خاصکر
ہمارے رشتہ دار وطن سے بھاگ کر پشاور میں مقیم ہوئے (چنانچہ ہمارے ہمگوت کھتریوں شلاً دوفی چند
سہگل کا خاندان ابتک پشاور میں موجود ہے) اور ست گورمل جی کے قریبی رشتہ دار اور قبائل پنجاب
میں بمقام چنیوٹ ایک دُور کے رشتہ دار لالہ آتارام پیشکار رئیس چنیوٹ کے یہاں آرہے ایک
مہینے کے بعد محمدشاہ فوت ہوا اور اُسکا بیٹا احمد جو احمدشاہ دُرّانی کو شکست دیکر آیا تھا بلقبِ احمدشاہ
مُلقب ہوکر تخت پر بیٹھا اور اُسنے یہ سُنکر کہ ست گورمل جی کی جایداد قندہار میں ضبط اور لواحق شہر بدر
کئے گئے ہیں بہت سا انعام اکرام دیکر چند موضع جاگیر میں عطا فرمائے اور حکم ہوا کہ اپنے متعلقین کو
فوراً دہلی بلالو چنانچہ ہمارے بزرگوں کے قبائل چنیوٹ سے دہلی آگئے۔

۸ احمدشاہ دُرّانی نے ۱۷۵۶ء میں پھر ہندوستان کا رُخ کیا اُسوقت احمدشاہ دہلی کا بادشاہ
اور نواب صفدر جنگ جسکا مقبرہ دہلی اور قطب کے مابین واقع ہے اُسکا وزیر تھا اراکین سلطنت کی نااتفاقی
کے باعث حکومت روز بروز کمزور ہوتی جاتی تھی آخر احمدشاہ بادشاہِ دہلی نے احمدشاہ دُرّانی سے شکست
کھائی اِس لڑائی میں ست گورمل جی کام آئے مہتاب رائے جی اُنکے فرزند زخمی ہوئے اور قندہاری رسالہ
منتشر ہوگیا لالہ مہتاب رائے جی دہلی پہونچکر مینگھٹ باشی ہوئے احمدشاہ دُرّانی نے دہلی کو خوب تاخت تاراج
کیا ہمارے بزرگ بخوفِ جان دہلی سے بھاگے مہتاب رائے جی کے بیٹے لالہ آتارام جی اور اُنکے نوجوان فرزند

لالہ رامچند جی اور دوسرے صغیر سن لڑکے لالہ دہنپت رائے جی ادہر اُدہر نوکریاں کرتے کراتے قرولی پہونچے مہاراج قرولی ہرجشن پال جی نے از راہ قدردانی نوکر رکھ لیا اور تھوڑے عرصہ کے بعد تارام جی قلعدار منڈرال اور لالہ رامچند جی کو خاص پیشی کا منشی مقرر کیا قرولی میں رامچند جی کے ہاں لڑکا پیدا ہوا لکھپت رائے نام رکھا گیا اور لالہ دہنپت رائے کے ہاں دو لڑکے ہوئے ایک لالہ منسکھ رائے جو لاولد مرے دوسرے جہانگیر چند جو خاکسار مصنف کے والد تھے۔

۹ جب ہلکر انگریزوں سے لڑ رہا تھا تو اسکا ایک کھتری سردار منشی بھوانی شنکر بخشی فوج ساکن بھوپال مع قبائل ساتھ تھا منشی صاحب کو خیال ہوا کہ لڑائی کے موقع پر بال بچے زاید وبال ہو جاتے ہیں لہذا ہلکر سے عرض کیا کہ میرے قبائل کو کسی محفوظ جگہ بھیجدیا جائے چنانچہ راجہ قرولی کو تحریر کیا گیا کہ ہمارے بخشی فوج کے بال بچے ہمارے چند روز قرولی میں قیام پذیر ہونگے راجہ قرولی نے اُسے بخوشی منظور کیا غرض جب منشی بھوانی شنکر کے قبائل جنکے ساتھ منشی جی کی ایک صغیر سن لڑکی بھی تھی قرولی پہونچے مہاراج قرولی نے لالہ لکھپت رائے کے مکان میں رہنے کی اجازت دی اور انکو ایک برس سے زیادہ قرولی میں رہنا پڑا اس عرصہ میں رابطۂ اتحاد قایم ہوگیا لکھپت رائے نہایت خلیق تھے بہت خاطر داری اور دلجوئی سے پیش آئے پھر جب ہلکر کی انگریزوں سے صلح ہوئی تو سرکار کمپنی سے ہلکر کو راج اندور اور سرداران ہلکر کو جاگیریں عطا ہوئیں بخشی بھوانی شنکر کو تاحین حیات نجف گڈھ کا پرگنہ جس میں ایک لاکھ روپیہ سالانہ کی آمدنی تھی جاگیر میں مرحمت ہوا اور دہلی میں رہنے کی اجازت ملی۔ اب

+ نوٹ۔ منشی بھوانی شنکر (چچا والد لالہ برجناتھی لال جی بڈھیرہ کھتری نوابصاحب بھوپال کے توشہ خانہ کے منشی تھے) سولہ برس کی عمر میں تحصیل علم فارسی سے فارغ ہوئے پھر فن سپہ گری سیکھکر نوکری کرنیکو گھر سے نکل کر پہلے کریم خاں پنڈارہ سردار کے ہاں بعد میں مہاراج جھرتپور مہاراجہ کوٹہ اور راجہ ناگپور کی نوکریاں کرتے کراتے مہاراج ہلکر کے ہاں ملازم ہوئے۔ مہاراج ہلکر نے اُنکی قدردانی کی اور بہادری کے صلہ میں رفتہ رفتہ ترقیاں دیکر بخشی فوج مقرر کیا۔

منشی بھوانی شنکر اپنے قبائل کو پلٹنے کی غرض سے قرولی گئے اور اپنی لڑکی کی نسبت جہانگیر چند (والد رنپت رائے جو اپنی زوجہ سمیت انتقال کر چکے تھے) کیساتھ ٹھیرا کر یہ بات قرار دی کہ جہانگیر چند شادی کے بعد دہلی میں رہکر علم حاصل کریں لغرض معین وقت پر شادی ہوگئی اور میرے والد اپنے خسر یعنے منشی بھوانی شنکر کے ہاں دہلی میں رہنے لگے منشی صاحب نے حسب منظوری مسٹر سیٹن صاحب رزیڈنٹ دہلی اپنے فرزند کلاں جیسنگھ رائے کو راجہ اور اپنے خویش جہانگیر چند کو راؤ کا خطاب دیا۔ قرولی میں ہمارے خاندان کے ایک شخص لالہ بالا پرشاد وظیفہ خوار ریاست ابتک موجود ہیں۔

۱۰ جب لارڈ لیک نے بھرتپور پر چڑھائی کی تو بخشی بھوانی شنکر صاحب کو حکم ملا کہ تم جسقدر سوار اپنی جاگیر سے بہم پہونچا سکو اپنے ہمراہ لیکر مرہٹی لڑائی کے قاعدے سے دشمن پر چھاپہ مارو۔ بخشی جی پانسو سوار و نکا ایک رسالہ بہم پہونچا کر اور اسکی کمان خود لیکر جنرل لیک کی فوج کیساتھ راہی بھرتپور ہوئے اہل برادری کی رائے تھی کہ بخشی صاحب کسی زمانہ میں راج بھرتپور کے ملازم رہ چکے ہیں اسلئے اس راج کا مقابلہ نازیبا معلوم ہوتا ہے مگر آپ چونکہ سرکار کمپنی کے نمک خوار ہو گئے تھے انکار کو بزدلی اور کم ہمتی سمجھکر اہل برادری کی ایکنہ سنی اور کہا کہ سپاہی کا دھرم ہے کہ جسکا نمک کھائے اسی کیساتھ جائے چنانچہ بخشی صاحب بھرتپور جاکر خوب لڑے آدھے سے زیادہ رسالہ کام آیا اور بخشی صاحب خود زخمی ہوئے پھر جب سرکاری فوج بھرتپور سے ناکامیاب لٹی پھری بخشی جی بھی واپس دہلی آگئے بخشی صاحب کے بڑے بیٹے راجہ جیسنگھ رائے کو دس ہزار روپے سالانہ کی آمدنی کے چار گانوں تاحین حیات اس شرط پر کہ پرگنہ نجف گڈھ بعد وفات بخشی صاحب ضبط ہو جائیگا چنانچہ جب بخشی صاحب ۱۸۱۵ء میں ماہ جون ایک حجام کے ہاتھ سے جو موضع بھوپنیہ کے ان زمیندار و نکا بھکایا ہوا تھا جسکے کچھ حصے بعلت عدم ادائے زر بقایا نیلام کرا دیے گئے تھے کٹاری کھاکر ہلاک ہوئے تو جیسنگھ رائے جی کے نام پرگنہ نجف گڈھ کے چار گانوں بحال رہے اور باقی علاقہ خالصہ سرکار ہو گیا۔

نوحہ وفات بخشی بھوانی شنکر صاحب نتیجہ نازکخیالی حضرت والد بزرگوار المتخلص بہ غریب

تھے بھوانی شنکر اک مرد دلیر — جنکی ہمت کر گئی شیروں کو زیر
اصل میں باشندۂ بھوپال تھے — باپ اُنکے برجباشی لال تھے
تھا کوئی سولہ برس کا سن و سال — فارسی میں کر لیا حاصل کمال
دستگیری بخشش ایزد نے کی — فوج ہلکر کی ملی بخشی گری
تھے وہ مرد ہوشیار و مرد کار — کارنامے اُنکے اب تک یادگار
صلح جب ہلکر سے کی سرکار نے — رہبری کی طالع بیدار نے
مل گیا ہلکر کو راج اندور کا — وہ زمانہ تھا نرالے طور کا
بخشی صاحب کو صلہ اچھا ملا — کُل نجف گڈہ کا علاقہ ملگیا
تھا یہ سارا پرگنہ اک لاکھ کا — واہ کیا کہنا ہے ایسی ساکھ کا
جب بھرتپور آئے لڑنے لارڈ لیک — بخشی صاحب تھے لڑائی میں شریک
جانب سرکار سے لڑتے رہے — دشمنوں کی فوج کو گھڑتے رہے
آخرش تمغے شجاعت کے ملے — یعنے لڑتے لڑتے زخمی ہو گئے
تھے بڑے فیاض وہ عالی ہمم — مفلسوں پر کرتے رہتے تھے کرم
تھا چھپی خیرات کا یہ انتظام — کاغذ زر اُنکی پوڑیاں تھیں تمام
قصر بارفعت بنایا لاجواب — بے نظیر و بے عدیل و انتخاب
آنے والوں کو محل میں سیر کی — ہر دوپہر کو اجازت عام تھی

+ نوٹ بخشی صاحب کی عادت تھی کہ پوڑیوں میں دوانی چونی رکھکر شرفا محتاجیوں کی بہانہ پھورن امداد فرمایا کرتے تھے۔

اِسقدر ہوتا تھا خلقت کا ہجوم — ہے کہیں گویا کسی میلہ کی دھوم
پاکر اِک اِک آرزو پر دسترس — عیش و عشرت میں گزارے دس برس
قتل پھر اِک سنگدل نے کردیا — خونِ ناحق اپنی گردن پر لیا
اے فلک صد حیف کیا تو نے کیا — اے جہاں بے کیف کیا تو نے کیا
فیض کی آنکھوں کا تارا اُٹھ گیا — بے سہاروں کا سہارا اُٹھ گیا
کس کو مارا دا دریغا حسرتا — پارا اُتارا وا دریغا حسرتا
لاش سے مظلوم کی ہے خوں رواں — اور خلقت ہر طرف سے ہے دواں
ہے کوئی غمناک کوئی سینہ چاک — کوئی تیرِ غم سے ہوتا ہے ہلاک
آنسوؤں سے مُنہ کو دھوتا ہے کوئی — اور اشکِ خوں سے روتا ہے کوئی
اہلِ حاجت پر مصیبت آگئی — اُنکا اُٹھنا تھا قیامت آگئی
یہ مثل مشہور ہے نزدیک و دور — ہر کسی پر اُنکا احساں تھا ضرور
جب ہوئے سورج کے درشن بعدِ مرگ + مُنہ تروتازہ تھا تن باساز و برگ
چہرہ پر کچھ مردنی چھائی نہ تھی — تھا نشانِ خندہ پیشانی وہی
عالمِ دنیا ہو - یا ہو آخرت — دو جہاں میں رہتی ہے اچھوں کی بہت
عیسوی سن تھے برائے واقعہ — ایک ہزار اور آٹھ سو اور پندرہ سنہ ۱۸۱۵ء
کام قاتل نے کٹاری سے لیا — قصد تیغے کا - اٹاری سے کیا
دونوں ٹخنے پانوں سے باہر ہوئے — تھے زمیں پر جو قدم سر پر ہوئے
سنگدل مجرم کچہری میں گیا — جُرم ثابت ہوگیا پھانسی چڑھا

+ نوٹ اہل ہنود میں دستور ہے کہ لاش کو آگ دینے سے پہلے کفن مُنہ سے علیحدہ کردیتے ہیں جسکو سوچ درشن نام زد کرتے ہیں -

سچ ہے یہ دُنیا ہے اِک فانی سرا	ہے۔
دل بھر آتا ہے ماتم ہے عجیب	ختم کر اِس مر

مالکم صاحب گورنر بمبئی نے جو جنرل لیک کے سکرٹری تھے اور بخشی صہ
تھے راجہ جیسنگھہ راے جی کو حکم بھیجا کہ ایک سالہ بھرتی کرو اور اپنے چھوٹے بھائی کشنچند کو اُسکا
بناکر پونا روانہ کردو اُسکو پانسو روپے ماہوار ملینگے بموجب حکم ہذا تین سو سوار و نکا رسالہ بمبئی بھیجا گیا
اِس سالہ کا نام پوناہارس مشہور ہوا اور گھوڑبندی کی چھاونی رہنے کو ملی کشنچند بارہ برس وہاں رہکر
ہمیشہ لڑائیونمیں شامل ہوتے رہے آخر حسن خدمات کے صلہ میں پورے پانسو روپے بطور پنشن مقرر ہوئے اور دہلی آگئے
۱۱ ۱۸۴۳ء کے شروع میں میرے والد راؤ جہانگیر چند نے بہ تلاش روزگار سوائی جے پور جانیکا ارادہ
کیا وہاں تھرسبی صاحب ایجنٹ گورنر جنرل تھے اُنکو والد نے کسی زمانہ میں فارسی پڑھائی تھی اسلیے قوی
امید تھی کہ راج میں روزگار کی کوئی صورت ہوجائیگی۔ چونکہ والد کو مجھسے زیادہ محبت تھی اور ساتھ ہی یہ
بھی خیال تھا کہ لڑکا اپنی والدہ کے لاڈ میں علم سے بے بہرہ رہجائیگا اسلیے مجھکو ساتھ لیکر راہی جے پور
ہوئے اُس زمانہ میں مہاراج سوائی رام سنگھہ جی مسند نشین راول شو سنگھہ جی ٹھاکر سامود وزیر
ٹھاکر لچھمن سنگھہ جی صاحب فوج اور کنور جتن سنگھہ جی فوجدار تھے والد صاحب جے پور پہونچکر الہ وتم چند
کایستھہ کے مکان پر (جو ساریاست حسد رآباد کیطرف سے بطور وکیل جے پور میں متعین تھے) اُترے
تھرسبی صاحب سے ملازمت حاصل کی اور بوساطت اُوتم چند جی سرداران ریاست سے ملاقاتیں
ہوئیں تھرسبی صاحب بہت خاطر سے پیش آئے اور جب راؤں جی ماجی کے باغ میں آئے
تو اُنکے ہات میں میرے والد کا ہات دیکر کہا ٹھاکر صاحب یہ میرے اُستاد ہیں خاندانی اور
ذی علم انسان ہیں آپ اُنکی لیاقت کے مطابق راج سے پرورش کرائیے۔ چونکہ راج میں امیدواری
کی میعاد بہت لمبی ہوتی ہے اسلیے اِنکے روزمرہ کے خرچ کیلئے کوئی رقم مقرر ہوجانی چاہیئے۔

ں صاحب نے فرمایا کہ راؤ جہانگیر چند آپکا نام ہے عربی فارسی
رکھتے ہیں۔ اسپر راول جی نے فرمایا کہ آپ جب پورا کرینگے ملاقات
م ہو جائیگا۔ پھر یہ پوچھا کہ آپ کہاں فروکش ہیں میرے والد نے کہا حیدرآباد
یں صاحب کے ہاں بطور مہمان اُترا ہوا ہوں۔

راول جی "مہمان ایک دن کا دو دن کا آپکے واسطے راج سے مکان تجویز ہو گا کل دوپہر کو میرے مکان پر آئیے چنانچہ اگلے روز میرے والد راول جی کے ہاں اکیلے گئے راول جی بہت خاطر سے پیش آئے اور بہ شراکت پنڈت ٹھنڈی رام نارنولی (جو راول جی کے صلاح کار و نمیں نوکر تھے اور شاید پنڈت جی کے بیٹے مگنی رام ابتک زندہ اور راج میں کہیں ملازم ہیں) سنگی جھوتا رام کی حویلی میں رہنے کی اجازت ملی اور دو روپیہ روز خوراک کیلئے مقرر ہوئے پھر پوچھا تمہارے پاس سواری کیا ہے والد نے جواب دیا دو گھوڑے اور ایک یابو"

راول جی "ان سب کو فروخت کر ڈالئے اچھی قیمت اُٹھا آئیگی اور اگر حسب مراد دام نہ ملیں تو مجکو دکھانا راج میں خرید لئے جائینگے اور یہ تو کہو کہ دو گھوڑوں کی کیا ضرورت ہے"

والد "ایک میرا ایک میرے ہمراہی صغیر سن لڑکے کا اور ٹٹو بار برداری کا"

راول جی "سرکاری اصطبل سے ایک گھوڑا تعینات ہو جائیگا پھر راول جی نے کنور جتن سنگھ جی راجاوت فوجدار سے مخاطب ہو کر کہا کہ یہ ایجنٹ صاحب کے اُستاد ہیں کل سے فوجداری میں آیا کرینگے اور یہ دیکھینگے کہ کام حسب قاعدہ ہو رہا ہے یا نہیں چنانچہ ہم دو تین روز کے بعد اُس مکان میں جا رہے گھوڑا مع ایک ہرکارہ کے سواری کو آنے لگا اور والد صاحب نے عدالت فوجداری میں جو اندنوں ناں مانی کی حویلی میں تھی جانا شروع کر دیا۔ کنور صاحب نہایت خلیق تھے وہاں جا کر معلوم ہوا کہ پنڈت بہاری لال مالن ہلی کوچہ مہاجنی سررشتہ دار فوجداری اور پنڈت گوری شنکر کاشمیری

سچ ہے یہ دُنیا ہے اِک فانی سرا
صاحب اوّل تو دوست پرست دوسرے ہوتوں را بطہ اتحاد ہے

دل بھر آتا ہے ماتم ہے عجیب
ختم کر اِس تحریر نکلی جہاں گئے راؤجی ابا رہو جاشی

مالکم صاحب گورنر بمبئی نے جو جنرل لیک کے سکرٹری تھے اور بخشی صاحب فتر و نمیں تعطیل رہتی تھی دو پہر تھے راجہ جیسنگھ راؤجی کو حکم بھیجا کہ ایک سالہ بھرتی کرو اور اپنے چھوٹے بھائی کشنچند کو اُسکا لحاظ سے بنا کر پونا روانہ کردو اُسکو پانسو روپے ماہوار ملینگے بموجب حکم ہذا تین سو سوار و نکا رسالہ بھی بھیجا گیا اِس سالہ کا نام پونا ہارس مشہور ہوا اور گھوڑبندی کی چھاونی رہنے کو ملی کشنچند بارہ برس وہاں رہکر ہمیشہ لڑائیوں میں شامل ہوتے رہے آخر حسن خدمات کے صلہ میں پورے پانسو روپے بطور پنشن مقرر ہوئے اور دہلی آگئے۔

۱۱ ۱۸۲۳ء کے شروع میں میرے والد راؤ جہانگیر چند نے بہ تلاش روزگار سوائی جے پور جانیکا ارادہ کیا وہاں تھرسبی صاحب ایجنٹ گورنر جنرل تھے اُنکو والد نے کسی زمانہ میں فارسی پڑھائی تھی اسلئے قوی امید تھی کہ راج میں روزگار کی کوئی صورت ہو جائیگی۔ چونکہ والد کو مجھسے زیادہ محبت تھی اور ساتھ ہی یہ بھی خیال تھا کہ لڑکا اپنی والدہ کے لاڈ میں علم سے بے بہرہ رہجائیگا اسلئے مجھکو ساتھ لیکر راہی جے پور ہوئے اُس زمانہ میں مہاراج سوائی رام سنگھ جی مسند نشین راول شو سنگھ جی ٹھاکر سامود وزیر ٹھاکر لچھمن سنگھ جی صاحب فوج اور کنور جیتن سنگھ جی فوجدار تھے والد صاحب جے پور پہونچکر اوّل اُنھیں کا یستھہ کے مکان پر (جو ساریاست حیدرآباد کیطرف سے بطور وکیل جے پور میں متعین تھے) اُترے تھرسبی صاحب سے ملازمت حاصل کی اور بوساطت اُونھیں چند جی سرداران ریاست سے ملاقاتیں ہوئیں تھرسبی صاحب بہت خاطر سے پیش آئے اور جب راؤں جی ماجی کے باغ میں آئے تو اُنکے ہات میں میرے والد کا ہات دیکر کہا ٹھاکر صاحب یہ میرے اُستاد ہیں خاندانی اور ذی علم انسان ہیں آپ اُنکی لیاقت کے مطابق راج سے پرورش کرائیے۔ چونکہ راج میں امیدواری کی میعاد بہت لمبی ہوتی ہے اسلئے اُنکے روزمرّہ کے خرچ کیلئے کوئی رقم مقرر ہو جانی چاہیئے۔

راول جی نے میرے والد سے نام پوچھا تھا سبھی صاحب نے فرمایا کہ رائے جہانگیر چند آپکا نام ہے عربی فارسی اور ناگری میں بہت اچھی لیاقت رکھتے ہیں۔ اسپر راول جی نے فرمایا کہ آپ جب پورا کرسے ملاقات کریں خاطر خواہ انتظام ہو جائیگا۔ پھر یہ پوچھا کہ آپ کہاں فروکش ہیں میرے والد نے کہا حیدرآباد کے وکلا میں صاحب کے ہاں بطور مہمان اُترا ہوا ہوں۔

راول جی "مہمان ایک دن کا دو دن کا آپکے واسطے راج سے مکان تجویز ہوگا کل دوپہر کو میرے مکان پر آئیے چنانچہ اگلے روز میرے والد راول جی کے ہاں اکیلے گئے راول جی بہت خاطر سے پیش آئے اور بہ شرکت پنڈت ٹھنڈی رام نارنولی (جو راول جی کے صلاح کار رہے نوکر تھے اور شاید پنڈت جی کے بیٹے مگنی رام ابتک زندہ اور راج میں کہیں ملازم ہیں) سنگی جہوتا رام کی حویلی میں رہنے کی اجازت ملی اور دو روپیہ روز خوراک کیلئے مقرر ہوئے پھر پوچھا تمہارے پاس سواری کیا ہے والد نے جواب دیا دو گھوڑے اور ایک یابو"

راول جی "ان سب کو فروخت کر ڈالئے اچھی قیمت اُٹھا آئیگی اور اگر حسب مراد دام نہ ملیں تو مجکو دکھانا راج میں خرید لئے جائینگے اور یہ تو کہو کہ دو گھوڑوں کی کیا ضرورت ہے"

والد "ایک میرا ایک میرے ہمراہی صغیر سن لڑکے کا اور ٹٹو بار برداری کا"

راول جی "سرکاری اصطبل سے ایک گھوڑا تعینات ہو جائیگا پھر راول جی نے کنور جتن سنگھ جی راجاوت فوجدار سے مخاطب ہو کر کہا کہ یہ ایجنٹ صاحب کے اُستاد ہیں کل سے فوجداری میں آیا کرینگے اور یہ دیکھینگے کہ کام حسب قاعدہ ہو رہا ہے یا نہیں چنانچہ ہم دو تین روز کے بعد اُس مکان میں جا رہے گھوڑا مع ایک ہرکارہ کے سواری کو آنے لگا اور والد صاحب نے عدالت فوجداری میں جو اندنوں ناں مانی کی حویلی میں تھی جانا شروع کر دیا۔ کنور صاحب نہایت خلیق تھے وہاں جا کر معلوم ہوا کہ پنڈت بہاری لال سالن ہلی کونچہ مہاجنی سررشتہ دار فوجداری اور پنڈت گوری شنکر کاشمیری

ساکن دہلی محلہ بلیماران خانہ اُنکے نائب ہیں یہ دونوں صاحب اوّل تو دوست پرست دوسرے ہموطن را بطۂ اتحاد پیدا ہوگیا لیکن چھ مہینے تک والد کے روزگار کی کوئی صورت نہ نکلی جہاں گئے راؤجی ابا رہو جاتی سُنتے رہے فارسی خوان اہلکاروں نے ایک مشاعرہ مقرر کر رکھا تھا جمعہ کو دفتر و مدرسہ میں تعطیل رہتی تھی دوپہر کے بعد میر امداد علی کے مکان پر سب شاعر جمع ہوا کرتے تھے چونکہ میرے والد شاعر تھے دلچسپی کے لحاظ سے مشاعرہ میں جانا شروع کر دیا۔ ایکدن جبکہ میں گلستان پڑھا کرتا تھا والد صاحب نے کہا کہ تو بھی مشاعرہ میں چلا کر میں نے عرض کیا حضور میں شعر نہیں کہہ سکتا پھر مشاعرہ میں جا کر کیا کرونگا آپ سکھا دیں تو چلوں ہوا بد یا بیٹا شاعری کا فن کوئی منتر نہیں کہ تیرے کان میں پھونکدوں خیر چند روز کے بعد والد صاحب نے جے پوری زبان میں ایک غزل لکھی اور مجھے حکم دیا کہ اسکو اچھی طرح یاد کر لو ایکے مشاعرہ میں جاؤنگا تو تجکو ضرور لیچلونگا میں نے غزل حفظ کر لی اور مشاعرہ والے دن بڑی بیباکی سے حاضرین کو سنائی۔ رفتہ رفتہ راول جی کو اور پھر مہاراج صاحب کو خبر ملی کہ راؤ جہانگیر چند دہلی والے کے صغیر سن لڑکے نے جے پوری زبان میں غزل لکھی ہے راول جی نے والد سے کہا کہ کیا تمہارے کنور جی نے کوئی غزل مشاعرہ میں سُنائی تھی؟

والد شرکت مشاعرہ کا شوق دلانے کو میں نے ایک غزل اُس سے سُنوا دی تھی۔

راول جی مہاراج صاحب اُس غزل کو سُننا چاہتے ہیں۔

والد جو حکم۔ دو روز کے بعد حکم آیا کہ فلاں روز ایجنٹ صاحب دربار میں ہونگے تم اپنے لڑکے کو غزل سمیت لیکر حاضر ہو جانا چنانچہ اُس روز اُسی ہرکارہ کیساتھ ایک درزی آیا ہرکارہ نے کہا چونکہ محلوں میں کھونٹے دار پگڑی اور جامے بغیر انگریزوں کے سوا اور کوئی جانتے نہیں پاتا لہذا آپ اِس درزی کو ناپ دیدیں یہ کل آپکی اور آپکے کنور جی کی پوشاک تیار کر کے دیجائیگا چنانچہ پوشاک آگئی میں اور والد صاحب دربار میں پہونچے والد صاحب نے رستہ میں مقطع کا ایک اور شعر کہکر یاد کرا دیا تھا میں نے دربار میں لالہ جی سے

کہا کہ اگر مجھسے ایسے مجمع کے سامنے غزل نہ پڑہی گئی تو نہایت شرمندگی ہوگی۔ لالہ جی نے تسلی دی۔ اتنے میں مہاراج صاحب مع تھرسبی صاحب اور راول جی رونق افروز دربار ہوئے پہلے کچھہ اور گفتگو ہوتی رہی بعد میں حکم ہوا کہ غزل سنائی جاوے۔ میں نے مہاراج کے روبرو ایستادہ ہوکر باواز بلند یہ غزل سنائی۔

جھوٹی باتاں کا بنایا ایں میں کائیں سار چھے — کال تھیں آیا نہیں اب تھاں کی تھانکی راہ چھے
لوگڑا جالی کا ناچھے کامنی کے سونڈ پر — کھینچو چاہے جنتنی میں تھاکے جی کو تار چھے
چندرا چھپ جائے بادل ماہنہ مارے لاج کے — جب سے اُن ڈالا گلا میں موتیاں کا ہار چھے
ہاتھہ میں لیکر کچولا مھیں چلا باجار کوں — کائیں لیشی کائیں لیشی ہوگئی پُوکار چھے
آؤنا ایٹھے براجو ٹھاکراں کھاؤ اَمل — دال اُرداں زندہ رہی اور باٹیاں تیار چھے
آج چھے تیجوں کا میلہ جاؤں چھوں ہا پوکے سر — ہاتھہ میں مھندی لگی چھے پانو نیں جھنکار چھے
چھے لکھیا[۹۱] کی وہ بیٹی بیندنی[۹۲] کو توال کی — کیوں نہ گاوے ناتھو پنڈا ہولی کا تہوار چھے
تھیں اچینٹ اٹھاں کو بھایا آدمی ست جانجو — وہ تو بھایا ایں سماں میں دھرم کا اوتار چھے
راج اُوں کا چھے کہ جسکو کہتے ہینگے رام سنگھہ — راول اُنکے کاروباری اور کیا درکار چھے
بول ست اورے غریبا تُو تو دلّی وال چھے — تھاں کو بولی بولباسے یہاں کو کائیں کار چھے
مھیں پڈہاں جہاں ایں گجل کوں ہیچمیں دربار کے — اگیا مھارے باپ کی چھے روبرو سرکار چھے

۱۲ مہاراج صاحب بہت ہنسے اور اہل دربار میری تعریف کرنے لگے مہاراج صاحب نے فرمایا کہ ایں ٹابر کا نام کیا چھے۔ راول جی نے کہا رنجیت سنگھہ۔ مہاراج صاحب میرا نام لیکر بولے کہ تمنے خود غزل بنائی چھے۔ میں نے عرض کیا حضور مجکو اتنا سایقہ کہاں۔ یہ میرے والد کی تصنیفات سے ہے راول جی نے فرمایا کہ جب تم کسی کام کے لایق ہوگے تو راج کیطرف سے ضرور پرورش ہوگی میں نے عرض کیا کہ اب کیا تھوڑی پرورش ہے کہ میرے والد راج سے امیدوار روزگار ہیں اور حضور کی

بدولت خورونوش اور سواری ومکان کا پورا پورا انتظام موجود ہے میرے اِس التماس کو پسند فرماکر مہاراج صاحب کا حکم ہوا کہ دو ٹھال جسمیں پانسیر قلاقند ہو ایک بہنگی میں رکھوا کر راؤجی کے مکان پر پہونچا دیئے جائیں مینے عرض کیا سرکار اتنا قلاقند میں کیا کرونگا آپکا غلام اور میرے پتا آدھ سیر قلاقند سے زیادہ نہ کھا سکیں گے اُسپر مہاراج صاحب نے فرمایا کہ ہاں رام جی کی یہی خوشی ہے۔ جو چیز تمہارے کھانیسے زیادہ ہو اُسے پاس پڑوس میں تقسیم کر دینا تاکہ لوگ معلوم کرلیں کہ تمنے کسی کے سامنے عرض نہیں پڑھی تھی مہاراج صاحب بااختیار ہوتے تو غالباً کچھ اور انعام ملتا۔ دربار برخاست ہونیکے بعد تھرسبی صاحب میرے پاس آئے اور پیٹھ پر ہات رکھکر بولے "شاباش باباشاباش" اور میرے والد کیطرف دیکھکر کہا کہ راؤ صاحب اِسکو کسی مدرسہ میں تعلیم دلوایئے گا راج میں بھی ایک کالج قایم ہوگا مگر یہ بات ایک عرصہ کے بعد ظہور میں آئیگی۔

۱۳ قصبۂ لال سونٹھ کے قریب جو جے پور سے بیس کوس کے فاصلہ پر واقع ہے موضع بہاریوں کے پاس ایک شارع عام ہے سرکاری فوج اور عام مسافر اجمیر اور گوالیار جاتے ہوئے اِس رستہ پر اکثر جایا کرتے تھے چنانچہ ایکدفعہ ماری سین صاحب ایجنٹ بھرتپور کا کچھ اسباب لُٹ گیا اور اُنکا پیچھا بھی شدید زخمی ہوا تھرسبی صاحب نے راول جی سے کہا کہ اِس علاقہ کو ہنڈون کی نظامت سے نکالکر لال سونٹھ میں ایک ضلع قایم کیا جاوے تہانہ ملارنہ لیوالی بامن واس سوان اِس سے ملحق ہوں اور راؤ جہانگیر چندوہاں کے ضلعدار اور رستہ میں امن قایم رکھنے کے ذمہ دار مقرر ہوں چنانچہ راج نے اُسے منظور کرلیا میں اور والد صاحب لال سونٹھ پہونچے مکتفی عملہ اور ضروری سپاہ تعینات ہوئی اُس مانہ میں ناگوں کی ایک جماعت اور چاپاوت راٹھوڑوں کا رسالہ لال سونٹھ میں متعین تھا اُنکے

+ نوٹ یہ داد بنیھی تقریباً ناگوں کے ۱۲ سے نامزد ہیں راج جے پور میں اُنکی فوج ہے اِسکے عوں کو جماعت کہتے ہیں فی بہنگی ۱۰ جماعت
سپرد ہوچکا جوان سب کو برابر تھے اور جب کبھی جہاں سے ملتا ہے دیتے ہیں کرتے اور [illegible]

تمام حکم ہوگیا کہ ضلعدار کو حسب ضرورت مدد ملا کرے القصہ میں اپنے والد کیساتھ نودس برس کے قریب لال سونٹھ میں رہا آخر نیا بندوبست ہوا تھر سبی صاحب بدل گئے میجر جان اللہ لو صاحب انکی جگہ تشریف لائے جدید نظامتیں مقرر ہوئیں اور لال سونٹھ کا ضلع تخفیف میں آکر چاکسو کی نئی نظامت سے ملحق ہوگیا اور حکم ہوا کہ راو جہانگیر چند جے پور میں حاضر ہوں چنانچہ بموجب حکم جے پور آگئے اور بعد چندے میجر لڈلو صاحب بھی بدل گئے اور کپتان ریکارڈ صاحب انکی جگہ

۱۴ اس زمانہ میں سرکاری فوج پنجاب میں لڑ رہی تھی میرے بڑے بھائی بابو نانک چند کمسریٹ میں عہدہ دار مقرر ہوکر فوج کیساتھ جا رہے تھے اور دوسرے بڑے بھائی منشی کدارناتھ دہلی میں پوسٹ اوفس کے منشی تھے لیکن چونکہ نانکچند نے انکو اپنے پاس طلب کرلیا تھا اسلئے گھر کی نگرانی کیلئے والد صاحب کی ضرورت ہوئی انہوں نے راول جی سے رخصت مانگی اور یہ عرض کیا کہ علاقہ تخفیف میں آگیا ہے اور گھر سے بلاوا آیا ہے لہذا میں دہلی جانیکی رخصت چاہتا ہوں۔

راول جی "چندے قیام کرو تمہارے واسطے کوئی علاقہ تجویز ہوا جاتا ہے جلدی نہ کرو"

والد "حضور اب تو جانے دیجئے پھر جب آپ یاد فرمائینگے بندہ حاضر ہوجائیگا"

راول جی (میر بخشی کی طرف مخاطب ہوکر) "جب راو جی آئیں تو تم بھی ضرور آنا میں نے جھک کر سلام کے بعد عرض کیا حضور میں تو آپکے قدموں ہی میں رہنا چاہتا ہوں مگر یہ سنکر کہ میری والدہ میرے لئے روتی ہیں ناچار یہانسے جاتا ہوں"

۱۵ یہ وہ زمانہ ہے کہ کنور جیتن سنگھ راجاوت ناظم شیخاوٹی کو ٹھاکر وں نے دغا سے مار ڈالا اور راج کی فوج سرکشوں کی سرکوبی کو چلی افسوس ہم اسی دن جے پور سے روانہ ہوگئے آمیر کے قریب پہونچکر مجکو رونا آگیا کیونکہ جے پور جیسا شہر جسکی ہر خاص و عام خوبصورتی عمارت میں

بقیہ صفحہ ۱۷ بہادر جیسوا اور جھالا کشن پائے جاتے ہیں فن سپہگری میں ضرب المثل ہیں جورو بچہ نہونے کے سبب محبت دنیا نہیں رکھتے خوب لڑتے ہیں ایام غدر میں اس فرقہ نے راج کیجانب سے سرکار کو مدد دی تھی اسکے صلہ میں پرگنہ کوٹ قاسم جو بادشاہ کی جاگیر میں تھا راج جے پور کو عطا ہوا۔

تاج بی بی کے روضہ کا مقابلہ کرتی ہے ہمسے چھوٹ گیا گلستان کے پُر فضا استھان آمیر کے محل دیوی جی کے میلہ کا ہجوم موتی ڈونگری میں گنیش جی کی مورت گھاٹ دروازہ کا برساتی میلہ اور باغوں میں گوٹوں[۱] کی دعوت یاد آ آ کر میری آنکھوں میں آنسو بھر بھر آتے تھے والد نے کہا شاید تم کو جے پور کی جدائی کا بہت رنج ہے بیٹا اگر تمہاری والدہ کا وہ حال نہوتا جو خط میں لکھا ہے تو میں تمکو راول جی کے سپرد کرآتا لو میں تمکو ایک شعر سُناتا ہوں جو اسیوقت کہا ہے ؎

فلک نے بدلا لیا ہے مجھسے کیا ہے خُلد بریں سے باہر	امید اب ہے فقط خدا سے کہ آؤنگا پھر یہانسے جاکر

۱۶ اس شعر سے مجھے کچھہ تسلی ہوئی اور ذات ایزدی سے امید ہوئی کہ کبھی نہ کبھی پھر جے پور کی سیر ہوگی۔

۱۷ اب ہم دہلی پہونچے ایکدن میرے والد نے اثنا گفتگو میں کہا کہ بیٹا میرے پاس اتنی دولت نہیں کہ تیرے لئے نیا نواب بننے اور گلچھرے اُڑانے کو چھوڑ جاؤں لیکن میں تجکو ایسی دولت جاودانی[۲] دیجاؤنگا جو خرچ کرنیسے زیادہ ہوتی جائیگی۔ میں نے کہا بہت بہتر۔ ارشاد فرمایا اگر روپیہ ہو تو آدمی کو اس شعر پر کاربند ہونا چاہیئے ؎

نام منظور ہے تو فیض کے اسباب بنا	پُل بنا چاہ بنا مسجد و تالاب بنا

پھر فرمایا ان باتوں سے چند روز کیلئے نام قایم رہ سکتا ہے میں ابدی[۳] یادگار کے لحاظ سے یہ چاہتا ہوں کہ تو کوئی ایسی کتاب تصنیف کرے کہ جسکا فقرہ فقرہ نصیحت آمیز اور حرف حرف عبرت انگیز ہو۔ محض حُسن و عشق کی باتیں یا بھان متی کے سے شعبدے نہوں کیونکہ ؎

رہتا سخن سے نام قیامت تلک ہے ذوق	اولاد سے تو ہے یہی دو پشت چار پشت

اسلئے تجکو ہدایت کرتا ہوں کہ لکھنے پڑھنے وقت جس بات میں انسانی خصائل[۴] و عادات کی اصلاح متصور ہو اُسے لکھہ لیا کر۔ میں دیکھتا ہوں کہ تو اب بھی کچھہ کچھہ جمع کر رہا ہے مگر تیری بیاض

+ نوٹ مہاراج سوائی جیسنگھہ جی نے ۱۷۲۷ء میں اپنے دار الخلافہ آمیر کے جنوب میں بہشت نما شہر بنا کر آراستہ کیا اور اسکا نام جے پور رکھا اور یہیں

۱۹

میں ایسی نظم بھی ہے کہ جسمیں زلف کو سانپ اور ابرو کو بچھو بنایا گیا ہے اسکو یکلخت چھوڑ دے کیونکہ اسمیں تضیع اوقات متصور ہے میں اُس روز سے اپنے والد کے ارشاد پر کاربند رہا۔

۱۸ ایک مہینے کے بعد میرے والد نے فرمایا کہ کل سے آپ مکتب میں جایا کریں گھر میں تعلیم نہیں ہو سکتی پھر مندرجۂ ذیل اشعار سُنائے ؎

اے عزیزو ہنر کرو حاصل — سیکھتے ہیں ہنر جو ہیں عاقل
ملک اور مال کے نہو شایق — کہ نہیں اعتبار کے لایق
جاہ پر ہو کبھی نہ تُم کو غرور — اس تکبّر کو دل سے رکھو دُور
سیم و زر پر کبھی نہ جائے نظر — سیم و زر ہے محلِ خوف و خطر
ہے مگر علم و فن - کمال و ہنر — دولت و مال و جاہ سے بہتر
ذی ہنر کو ہو مال کا کیا غم — کہ ہنر خو نہیں ہے مال سے کم
ذی ہنر گھر سے گر کہیں جائے — قدر دانی ہو - مرتبہ پائے
بے ہنر کو جو پیش آئے سفر — ٹکڑے مانگے ذلیل ہو در در
حاکمی کی بنا ہے محکومی — خادمی کا سبب ہے مخدومی
چاہیئے ہے جو تُم کو ارثِ پدر — سیکھو دل دیکے علم و فضل و ہنر
ورنہ مالِ پدر ہوا اب گم — خرچ دس روز میں کروگے تُم

۱۹ الغرض دہلی پہونچکر معلوم ہوا کہ بابو نانک چند سرکاری فوج کیساتھ پشاور کے دفتر مسٹر میں ہیڈ کلارک مقرر ہو گئے ہیں اور منشی کدارناتھ پشاور جانے کی تیاریاں کر رہے ہیں۔

۲۰ اکیدن میں نے اپنے ماموں راجہ جیسنگھ رائے جی سے عرض کیا کہ لالہ جی نے آپنی گھوڑی بیچڈالی اور میری سواری کا یا بو بھائی صاحب پشاور لیگئے اب میں کیا کروں فرمایا اس سوچ

گھوڑے کے سوا جو خاص میری سواری کا ہے جسپر تمہارا جی چاہے چڑھ لیا کرو مگر شرط یہ ہے کہ شہر میں جہاں بھیڑ کے موقع پر گھوڑے کو بے تحاشا ہرگز نہ دوڑانا اس سے اپنے پرائے کے نقصان اور ضرب شدید کا احتمال ہے بازار میں ایسا نہو کہ گھوڑا سڑک پر ہو اور تمہاری نظر کوٹھو نپر جا رہے سائیس ہر وقت تمہارے ساتھ رہیگا اکیلے کہیں جا سکوگے یہ سب شرطیں تم قبول کرو تو گھوڑوں کی کمی نہیں اصطبل میں سات گھوڑے موجود ہیں میں نے تمام شرطیں قبول کرلیں اسوقت داروغہ اصطبل کو بلا کر حکم دیا کہ صبح و شام کی ہوا خوری کیلئے ننھے جی کیواسطے مع سائیس ایک گھوڑا بھیجدیا کرو۔

۲۱ ایکدن میں اپنے گھوڑے پر چلا جا رہا تھا کہ سولہ سترہ برس کی عمر کا ایک نوجوان لڑکا شہزادیوں کیطرح ٹہلک پرائے مائے کرتا نظر آیا اس سے میرا گھوڑا کسیقدر چمکا مگر میں فوراً اتر پڑا اور گھوڑے کی لگام پکڑ کر پوچھنے لگا کہ بھائی تم کون ہو کسکے صاحبزادہ ہو کیوں مٹے مٹے کر رہے ہو جواب دیا کہ میں تو اڑی برہمن ہوں مانا دین نام ہے مہاراج ہری ہر صوبہ دار کا بیٹا ہوں گھوڑا گرا کر چلدیا ہے پانو میں بہت چوٹ آئی ہے چلنے کی طاقت نہیں غرض میں نے اسکو بمشکل تمام اپنے گھوڑے پر لادا اور لگام پکڑ کر ساتھ ساتھ چلنے لگا اتنے میں میرا سائیس آگیا میں نے لگام اسکو دیدی اور رستہ میں اسکی مٹے مٹے سنکر یہ کہا کہ تم صوبہ دار کے بیٹے ہٹے کٹے جوان اور تندرست پھر ذرا سی چوٹ اور اسقدر مٹے مٹے کا غل تمہارے والد سپاہی آدمی ہیں اگر تم نے بھی وہی پیشہ اختیار کیا اور اتفاقاً کہیں زخمی ہو کر ایسی بزدلی دکھائی تو تمہارے ہمجولی کیا کہینگے اسنے کہا لالہ صاحب چکے ہو رہو میری جان پر بنی ہوئی ہے اور تم دلی والوں کیطرح چکنی چپڑی باتیں بنا رہے ہو خیر ہم چلتے چلتے لین میں اسکے مکان پر پہونچے صوبہ دار صاحب دروازے کے آگے کرسی بچھائے بیٹھے تھے مجھے دیکھکر کھڑے ہو گئے اور یہ کہا کہ ہمیں تنہا گھوڑے کی واپسی سے معلوم ہو گیا تھا کہ لڑکے کو گرا آیا ہے آپکی بڑی مہربانی ہوئی کہ اسے اٹھا لائے پھر ایک سپاہی سے کہا گنگا دین لالہ جی کیلئے بازار سے پان لے آؤ اور مجھسے پوچھا کہ آپ حقہ پیتے ہیں تو دھوڈی منگاؤں

مینے کہا آپ اسکا فکر نہ کریں پہلے لڑکے کو اُتاریے ڈاکٹر کو بلا کر چوٹ کا علاج کرائیے پان پیچھے آجائیگا چنانچہ ڈاکٹر فوراً آگیا اور یہ کہا کہ ضرب شدید نہیں آئی صرف ذرا سی رگ گرلگ کر ٹانگ چھل گئی ہے پھر کچھ دوا زخم پر لگائی اور کچھ لڑکے کو پلائی جس سے اُسکو فوراً نیند آگئی اس عرصہ میں صوبہ دار صاحب مجھسے باتیں کرتے رہے پان کھلوایا برف کا شربت پلوایا اور میرے مکان کا پتہ نشان پوچھکر رخصت کیوقت یہ کہا کہ میں آپکا بیحد شکر گزار ہوں جو کام میرے لایق ہو بلا تکلف ارشاد فرمائیے گا اور رام لیلا کے میلہ پر ضرور تشریف لائیے گا آپکے لئے احاطہ میں اچھی جگہ تجویز ہوگی میں جب چھاونی جاتا اُنسے ضرور ملتا میلہ کے موقع پر صوبہ دار نے بہت کچھ خاطر مدارات کی اس سے مجھے یقین ہوگیا کہ اُنکی آدمیت میں ذرا بھی شک نہیں مگر ماتا دین بڑا مغرور تھا اور باپ کی صوبہ داری کے گھمنڈ میں اپنے آپ کو ساری پلٹن بلکہ تمام چھاونی کا مالک سمجھتا تھا بے موقع ہنسی اور بات بات پر گالی اُسکا تکیہ کلام ہوگیا تھا مینے ایکدن اثنا گفتگو میں کہا بھائی ماتا دین بے موقع ہنسی اور گالی نہایت ناموزوں حرکت ہے دہلی والونکے سامنے اسطرح ہنسو بولو گے تو خود تمہاری ہنسی ہوگی اُسنے جواب دیا کہ ہمکو کیا کسی سسر کے گھر بیاہنے جانا ہے مجھے اُسکی صحبت اچھی نہ معلوم ہوئی اور آمد و رفت موقوف کردی ابتدائے ہوش سے ہر شخص کیساتھ میل جول کرنا میری عادت میں داخل تھا جسکو نیک دیکھا رابطۂ اتحاد بڑھا لیا ورنہ دُور کی صاحب سلامت قایم رکھی بقول شخصے ؎

بشر کو چاہیئے ملتا رہے سب سے زمانہ میں	کسی دن کام یہ صاحب سلامت آہی جاتی ہے

اسلئے ماتا دین جب کبھی میرے گھر آتا اُسکی خاطر داری میں کمی نہ ہوتی۔

۲۲ میری شادی ہوئی تو دونوں باپ بیٹے ضیافت اور جلسۂ رقص و سرود میں شریک ہوئے لڑکا باپ کے سامنے رنڈیوں بھانڈوں سے بے حجابانہ ہنسی مذاق کرتا رہا اِدھر دلّی والے مُنہ پر رومال رکھکر ہنستے رہے شادی کے بعد نہ میں چھاونی جاسکا اور نہ اُنکو اپنے گھر آتے دیکھا غدر سے چار پانچ روز پہلے اُسکی پلٹن کے ایک سپاہی سے معلوم ہوا کہ صوبہ دار فرلو رخصت لیکر سیتاپور گئے ہیں اور ماتا دین پلٹن میں لیس نایک ہوگیا ہے۔

۲۳ اب میں جولائی ۱۸۵۳ء تک گھر کے مکتب میں ابوالفضل وغیرہ پڑھکر دہلی کالج میں داخل ہوگیا مدرسہ جانے کیلئے تانگہ اور بیلوں کی جوڑی خریدی گئی میں اپنے دلی شوق اور کثرت محنت کے طفیل ایکسال میں چوتھی جماعت تک ترقی کرگیا اسمیں سید حسین علی عرف حسینی ماسٹر معلم تھے طالبعلموں کے انگریزی تلفظ کا بہت خیال رکھتے تھے اور آٹھویں روز طالبعلموں کو حکم دیتے تھے کہ اردو میں کوئی ایسی کہانی یا چٹکلہ لکھکر لاؤ جس سے کسی قسم کی نصیحت یا عبرت پیدا ہو چنانچہ ایکدن گیارہ بجے کے قریب مہاراج اندور کے اتالیق منشی امید سنگھ صاحب جو زمانہ سابق میں خود بھی دہلی کالج کے طالبعلم تھے چند مرہٹے سرداروں کے ساتھ فریڈرک ٹیلر صاحب پرنسپل مدرسہ سے ملاقات کرنے آئے اور بعد میں حسینی ماسٹر سے ملے اسوقت تیسرے نمبر کی ریڈر زیر تعلیم تھی ماسٹر جی نے سنوا کر میرے طرف اشارہ کیا کہ تم چٹکلے کا کوئی مضمون سناؤ میں نے مندرجۂ ذیل مضمون پڑھا۔

کسی درخت پر ایک اُلّو بیٹھا تھا اُسکے پاس ایک اور اُلّو آ بیٹھا پہلے نے دوسرے سے کہا دوست تم غمگین کیوں نظر آتے ہو اُسنے جواب دیا میرے لڑکے کی عمر بہت بڑی ہوگئی ہے مگر شادی ابتک نہیں ہوئی کیونکہ وہ یہ کہتا ہے کہ جو کم سے کم بیس کوس کا لمبا چوڑا ویران میدان جہیز میں دے اُسکی بیٹی سے شادی کرونگا۔ میںنے بہت تلاش کیا لیکن ایسا کوئی نہیں ملتا اسلئے غمگین رہتا ہوں۔

پہلا اُلّو۔ آپ غم نہ کھائیں میں اپنی لڑکی کی منگنی کردونگا مگر شرط یہ ہے کہ حسب منشا جہیز تیار کرنیکے بعد شادی کرونگا پادشاہ گڈھ کے پاس ایک راجہ دماغی خلل میں مبتلا ہے اُسکی عملداری میں جب کسی کے چیچک نکل آتی ہے تو سارے محلے کے باشندوں کے چھپر جلوا دیتا ہے اور جس گانوں میں اتفاقاً ہیضہ نمودار ہوجاتا ہے سارے گانوں کو اُجڑوا دیتا ہے الغرض ذراسی بیماری میں کوئی نہ کوئی ایسا حکم دیدیتا ہے جس سے رعیت کو بہت تکلیف ہوتی ہے اسلئے اُسکا بہت سا ملک اُجاڑ ہوگیا ہے تھانہ داروں کی تکلیف دہی لوٹ مار خانہ بربادی اور بے سامانی کا خوف اسقدر لاحق حال ہوتا ہے کہ خلق اللہ اپنی

بیماری کا دُکھ بھول جاتی ہے۔ لوگ وطن چھوڑ کر دوسری جگہ چلے جاتے ہیں تم چند روز صبر کرو طاعون پھیلنے والا ہے عنقریب تمام ریاست تاخت تاراج ہو جائیگی میں اُسکا تمام اُجڑا ہوا ملک جہیز میں دیدونگا۔"

دوسرا اُلو "ہم آپکو طاعون کی خبر کیونکر ملی"

پہلا "نہا نند عرف چُغد داس جوتشی نے پترہ دیکھکر کہا ہے کہ اُسکے راج میں عنقریب طاعون آنے والا ہے اس جوتشی نے نادرشاہ کے زمانہ میں بھی پیشین گوئی کی تھی کہ محمد شاہ بادشاہ ہند عیش و عشرت میں مبتلا ہے اور اُسکے امیر اُمرا نااتفاقی اور رشوت کی بلا میں گرفتار ہیں اس جہت سے کوئی نادر واقعہ ہونے والا ہے چنانچہ اُسکے چند سال بعد نادرشاہ آگیا"

دوسرا "یہ سب سچ ہی مگر راجہ ایسا کیوں کرنے لگا"

پہلا "واہ یہ خوب کہی اگر وہ ایسا نہ کریگا تو اُلوؤں کا گزر کیونکر ہوگا"

میں جب یہ پڑھ چکا تو مرہٹے سردار اور منشی امید سنگھ جی اپنی ہنسی کو روک نہ سکے اور ایک مرہٹے سردار نے پوچھا کہ اس کشمیری زادہ کا نام کیا ہے حسینی بٹھر بولے یہ کشمیری نہیں ہے بلکہ ایکدیشی علم کھتری کا لڑکا ہے رنجیت سنگھ نام ہے سردار نے کہا مضمون تو پرانا ہے مگر صاحبزادہ تمنے نئے پہلو سے بہت اچھی نوج ادا کیا شاباش شاباش اُسکے بعد منشی امید سنگھ اور سب سردار ملاقات ملاکر چلتے بنے پندرہ روز کے بعد اخباروں سے معلوم ہوا کہ مکوجی ہلکر خفیہ طور پر منشی جی کے ہمراہ ہندوستان کی سیر کو آئے تھے ماسٹر جی نے کہا کہ کیا تعجب جس سردار نے تم کو شاباش دی تھی وہ مہاراج ہلکر ہوں میں اس واقعہ سے چھ ماہ کے بعد ماسٹر پنڈت رام کشن صاحب کشمیری کی کلاس تک جا پہونچا یہ بڑے باخدا انسان تھے اور اُنکے اکثر مقولے اس ترکیب کے ہوا کرتے تھے نظم

جو دیانت کو کام میں لائے		جلد اپنی مراد کو پائے	

+ نوٹ اصل مسودہ میں کالا صفحہ ثبت تھا جو کہ اسود کا بیواسطے عموماً لفظ طاعون مستعمل ہے لہذا اس جگہ مجاز کا سیاہ صفحہ کے طاعون درج ہوا

دل سے محنت جو کوئی کرتا ہے	ا	زر و گوہر سے جیب بھرتا ہے	
یاد اپنا سبق جو رکھتے ہیں		ذایقے علم کے وہ چکھتے ہیں	
جھگڑا ٹنٹا جو مول لیتا ہے		آبرو اپنی مُفت دیتا ہے	

غرض میں حتی المقدور لکھنے پڑھنے میں بہت سا وقت صرف کرتا رہا مگر ہنوز میری تعلیم حسب منشا انتہا کو نہ پہنچی تھی کہ ۱۱ مئی ۱۸۵۷ء کو شہر دہلی میں غدر ہو گیا پورپیے میرٹھ سے شہر میں داخل ہوئے ہم باغ میں بیٹھے ہوا کھا رہے تھے اور تعلیم کا آب حیات پی پی کر مزے اُڑا رہے تھے کہ صبح کیوقت مدرسہ کے ایک چپراسی نے رپورٹ کی کہ حضور سرکاری فوج چھاونی میرٹھ میں سرکشی کرنیکے بعد دہلی کیطرف چلی آرہی ہے اور اُنہوں نے سلیم پور کے محصول گھر کو آگ لگا دی ہے ٹیچر صاحب نے مدرسہ کی چھت پر چڑھکر دوربین سے دیکھا تو حقیقت میں بنگلہ جل رہا تھا صاحب نے چھت سے اُتر کر حکم دیا کہ مدرسہ بند بطالبعلم بہت جلد اپنے اپنے گھر چلے جائیں اس حکم کی فوراً تعمیل ہوئی تھوڑی دیر کے بعد شہر کے بدمعاش جا بجا پھرنے اور لوٹ مار کرنے لگے انگریزوں کو اِدھر اُدھر چھپنا پڑا میں نے والد سے پوچھا کہ اسکا نتیجہ کیا ہوگا اُنہوں نے مندرجۂ ذیل نظم سُنائی۔

چلی ہے کیسی یہ بادِ صرصر کہ کانپتی ہے زمین تھر تھر		نہ راج ہے وہ نہ ہے وہ عملہ نہ اب وہ باتیں نہ اب وہ دفتر	
نہ مدرسہ ہے نہ محکمہ ہے نہ کوئی مسجد نہ کوئی مندر		غضب خدا کا ہوا ہے نازل نہ چین باہر نہ چین اندر	

پھر فرمایا مدرسہ کے اکثر طالب علم انتہائی تعلیم پاکر مدرسہ چھوڑا کرتے ہیں۔ مگر تمہاری حالت کچھ عجیب غریب ہے کہ مدرسہ نے اپنے ختم کے بعد تم کو چھوڑا اب بجائے روزگار کوئی ایسی جگہ تلاش کرو جہاں عزت اور جان کی خیر رہے میں یہ سُنکر رو پڑا اُنہوں نے فرمایا ؎

ابتدائے عشق ہے روتا ہے کیا		آگے آگے دیکھیو ہوتا ہے کیا	

بیٹا اگر سرکار نے غلطی نہیں کی اور ان باغیوں کے تعاقب میں گورونکی فوج آرہی ہے تو یہ بدعملی گھنٹے دو گھنٹے کی ہے پھر ویسا ہی امن ہو جائیگا اور اگر کسی غلطی کے باعث ان نمکحراموں کی سرکوبی کیلئے

کوئی فوج نہ آئی تو یہ آگ دُور تک پھیلیگی اور کچھ عرصہ لگجائیگا اور اُسکے فرو ہونے تک اکثر رعایا برباد ہوجائیگی گنہگاروں کیساتھ بیگناہ قتل کئے جائینگے دشمن شاد دوست پامال ہونگے غریب امیر ہونگے اور امیر فقیر بنجائینگے۔

۲۴ سرکاری میگزین مدرسہ کے بہت قریب تھا باغی سپاہ نے جمع ہوکر دروازہ کھلوانے کیلئے بہت کوشش کی مگر اندر والوں نے انکار کردیا تا چار قلعہ سے بڑے بڑے زینے منگاکر دیواروں سے لگائے گئے اب اندر والوں نے سمجھ لیا کہ ہم باغیوں کو کسیطرح روک نہ سکینگے مجبوراً دن کے ساڑھے تین بجے میگزین کو آگ لگادی اس سے میگزین کی دیواریں گر پڑیں سینکڑوں آدمی جاں بحق تسلیم ہوئے اور شہر کی تمام عمارتوں میں بھونچال سا آگیا۔ اسوقت شہر میں ڈھنڈورا پٹا "خلق خدا کی ملک بادشاہ کا حکم فوج کا" یہ سُنکر بدمعاش اِدھر اُدھر لُوٹ مار کرنے لگے خیر خواہ اپنے اپنے گھروں میں چُھپ چُھپکر دست بدعا ہوئے کہ آہی کب میرٹھ سے فوج آئے اور کب امن قایم ہو اتنے میں دہلی بنک اور مدرسہ کا کتب خانہ لُٹا اور جہاں تہاں انگریز مارے گئے شہر میں قیامت کا نمونہ برپا ہوگیا میرٹھ سے فوج شام تک آئی رات کے دس بجے پوربیوں کا ہندوستانی توپخانہ چھاؤنی دہلی سے باغی ہوکر قلعہ میں آداخل ہوا اور سلامی اُتاری سرکاری خیر خواہوں نے توپوں کی آوازیں سُنکر یہ خیال کیا کہ گورؤں کی فوج میرٹھ سے آگئی باغیوں پر توپیں چل رہی ہیں اور شہری بدمعاش جانوں کے خوف سے شہر کے باہر جانیکا قصد کررہے ہیں تھوڑی دیر کے بعد معلوم ہوا کہ وزیرآباد کی چھاؤنی کا توپخانہ شہر میں باغیوں سے آملا ہے ایام غدر میں میرے دونوں بھائی بابو نانکچند اور منشی کدارناتھ محکمہ کمسریٹ پشاور سے رخصتی آئے ہوئے تھے اور میرا چھوٹا بھائی بابو پربھودیال میرے ساتھ دہلی کالج میں زیر تعلیم تھا۔

۲۵ دو روز کے بعد راول شوسنگھہ جی ٹھاکر ساموت ہردوار سے واپس آکر میرون اجمیری دروازہ جیسنگھہ پورہ میں فروکش ہوئے میں اور والد مع دو تھال شیرینی کے راول جی کی خدمت میں حاضر ہوئے والد نے پانچ روپیہ کی اور میں نے ایک روپیہ کی نذر دکھائی صرف چھوکر معاف ہوگئی

اور حکم ہوا کہ تہالو نکو رسوڑہ میں لیجاؤ اور دونوں نوکروں نکو ایک ایک پیالہ انعام دیدو پھر فرمایا کہ راؤ جی کل دہلی پہنچتے ہی مینے تمکو یاد کیا تھا مگر کوئی ایسا آدمی ساتھ نہ تھا کہ تمہارا پتہ جانتا اسلئے آج ارادہ تھا کہ اُس اہلکار کی معرفت جو راج کیطرف سے جینگہ پور رہ میں تعینات ہے آپکو طلب کروں بارے آپ خود آگئے اور لڑکے کو بھی ساتھ لے آئے اچھا کیا اسکے دیکھنے کو دل بہت چاہتا تھا پھر میری طرف دیکھکر بولے کہ اب تو تم جوان ہو گئے ہو غالباً شادی بھی ہو گئی ہو گی والد نے کہا ٹھاکر صاحب برس دن ہوا اسکی شادی کر دی گئی ہے میں اُسوقت تیئیس سال سے کچھ اوپر تھا خیر اِدھر اُدھر کی باتوں کے بعد راؤ جی نے کہا کہ راؤ صاحب تو بڑا غضب ہو گیا۔ پوربیوں نے بڑی غلطی کی اپنی شکایتیں رفع کرنیکی اور بہتیری صورتیں نکل سکتی تھیں سرکشی کے باعث بجائے رفع ہونیکے اور زیادہ تکلیف ہو جائیگی اپنے کئے کا پھل پائینگے سُنا ہے کہ انگریزوں کے معصوم بچوں تک کو قتل کر ڈالا ہے بھلا اُنہوں نے کیا قصور کیا تھا افسوس ہندو ہو کر ایسی بے رحمی کی یہ خود تباہ ہونگے اور انکے ساتھ رعایا جُدا برباد ہو گی اس بڈھے بادشاہ کی کمبختی کہ نمکحرموں کا ساتھ دینے پر آمادہ ہو گیا۔ کل شام کو ایک شاہی اہلکار مکند لال مشرمع ایک چوبدار میرے پاس آیا اور یہ کہا کہ جہاں پناہ نے آپکو یاد فرمایا ہے مینے جواب دیا کہ میں آج ہی ہردوار سے آیا ہوں تھکا ہوا ہوں پرسوں فیضیاب خدمت ہونگا راؤ صاحب تمہاری کیا رائے ہے۔ جاؤں یا نہ جاؤں۔ میں دونوں باتوں میں خرابی سمجھتا ہوں اگر نہ گیا تو مبادا ہندوستان کی کمبختی کے باعث پھر بادشاہت قایم ہو جائے اسوقت بڈھا انتقام لئے بغیر نہیں رہیگا اور اگر گیا تو انگریزوں کی نظر میں قصوروار ٹھیرونگا۔

۲۶ میرے والد نے قدرے تامل کے بعد عرض کیا کہ ٹھاکر صاحب میں کس لائق ہوں کہ آپکو صلاح دیسکوں لیکن جہانتک میرا خیال ہے جناب کی تشریف لیجانے میں چند خرابیاں متصور ہیں اوّل انگریزوں کی دشمنی کا اظہار ہو گا دوسرے آپ بلا اجازت جائینگے تیسرے مبادا بڈھا آپکو

قید کر کے یہ حکم چڑھا دے کہ جبتک راج جے پور سے امدادی فوج نہ آجائے آپ یہیں قیام فرمائیں چوتھے راج کیطرف سے بازپرس ہوگی کہ آپ کس کے حکم اور کس کی طرف سے بادشاہ سے ملے۔ کیونکہ آپ خود مختار نہیں ہیں راول جی نے کہا یہ باتیں میرے خواب و خیال میں بھی نہیں تھیں میرے والد نے کہا کہ ایسے موقع پر آپکا جے پور میں رہنا مناسب ہے نہ معلوم اونٹ کس کروٹ بیٹھے اسکے علاوہ بادشاہ سے نہ ملنے کیلئے ہزار عذر ہیں غرض والد کی صلاح راول جی کو بہت پسند آئی اور حکم دیا کہ چراغ جلے یہانسے چلدینگے سب لوگ پیش از غروب آفتاب کھانے وغیرہ سے فارغ ہوجائیں پھر والد سے کہا کہ تم بھی جے پور چلے چلو والد نے جوابدیا ٹھاکر صاحب میں ایسے وقت میں بال بچوں کو چھوڑنا مناسب نہیں جانتا راول جی نے بہت کچھ اصرار کیا مگر والد صاحب عذر کرتے رہے اور انسے رخصت ہوکر گھر چلے آئے

۲۷ غدر ہوئے کوئی آٹھ روز ہوئے ہونگے کہ میرے بھائی نانکچند کے نام میرٹھ سے لالہ مہیش داس کا ایک خط بدیں مضمون آیا کہ سرکاری فوج نے باغی ہوکر بادشاہ معزول کی پناہ لی ہے اسوقت سرکار کو وہاں کی خبریں حاصل کرنیکی نہایت ضرورت ہے ہمپٹن صاحب افسر کمسریٹ نے لالہ نرائنداس سے کہا تھا کہ خبریں منگانے کا انتظام کرو لالہ نرائنداس نے آج مجکو صاحب سے ملوایا عند الملاقات صاحب نے کہا کہ اب تمہارے سوا کوئی شخص دہلی میں ایسا نہیں کہ جسپر خبرونکے متعلق بھروسا کیا جائے مینے عرض کیا کہ بابو نانکچند ہیڈ کلرک کمسریٹ پشاور اور انکے بھائی منشی کدارناتھ آجکل رخصت لیکر دہلی آئے ہوئے ہیں میں انکو لکھتا ہوں یقین ہے سرکار کی خیرخواہی سے منہ نہ موڑینگے یہانسے جواب لکھا گیا کہ ہم سرکار کیلئے جان تک دینے کو تیار ہیں۔

+ فوٹ مہیش داس کھتری سابق خفیہ نویس کمسریٹ کسی کام کیلئے میرٹھ جاکر لالہ نرائنداس کے مکان پر فروکش تھے کہ میرٹھ میں غدر ہوگیا حکام کو دہلی سے خبر منگانے کی ضرورت ہوئی انہوں نے خبر رسانی میں بہت کوشش کر کے چند دوستوں کی معرفت دہلی سے خبریں منگائیں غدر میں بہت سی نیکنامی پیدا کی بے قصوروں کو چھڑایا اور آپ رائے کا خطاب پایا اور نیکنام ہوکر مرے

۲۸ چونکہ میرے دونوں ماموں۔ اُنکے لڑکے۔ والد اور تیلیوں بھائی روپوشی اختیار کر چکے تھے اِسلئے مجکو ارشاد ہوا کہ تم اُس صوبہ دار سے ملاقات کرو جو تمہاری شادی میں آیا تھا اور مرزا عبداللہ اپنے قدیم ملاقاتی سے مل ملا کر قلعہ کی خبریں لاؤ میں کئی دفعہ مرزا عبداللہ کے گھر گیا لیکن ملاقات نہ ہوئی اور صوبہ دار کو تلاش کیا تو سُنا کہ قلعہ میں رہتا ہے خیر بازار و نمیں جو خبریں ملیں پہونچانی شروع کردیں آٹھ دس آدمی میرٹھ سے تابہ دہلی مقرر ہوگئے اور بانس کی لکڑیونمیں چٹھیونکو چھپا کر لیجانے لگے۔

۲۹ ایکدن صوبہ دار ہری ہر خود ہمارے مکان پر آکر کہنے لگے کہ میں اتنے دنوں کم فرصتی کی باعث نہ آسکا اور مینے بارہا چاہا کہ پوربیوں کا ایک پہرہ تمہارے گھر کی حفاظت کیواسطے معین[1] کردوں مگر اسمیں کئی خرابیاں دیکھیں ایک تو یہ ڈر کہ پوربیونکا اعتبار نہیں رہا ایسا نہ ہو تمہارا گھر لوٹ لیں اور میرے اطمینان کیلئے کوئی بہانہ بنادیں دوسرے اگر سرکار کو پوربیوں کیساتھ تمہاری سازش معلوم ہوگئی تو سزایاب ہونے کا خوف ہے پھر تخلیہ میں جاکر یہ کہا کہ ان نمکحراموں نے کیا اور کرنہ جانا اب میں اگر انکا ساتھ دیتا ہوں تو نمکحرام ہوتا ہوں اور جو انگریزونکی طرفداری کا کوئی کلمہ مُنہ سے نکالتا ہوں تو فوراً قتل کیا جاتا ہوں میں اپنے بیٹے کے سامنے جو فرعون[2] سامان ہے دم نہیں مار سکتا۔ مامو نصاحب نے مصلحتاً اِس خیال سے خبر رسانی کے معاملہ کو صوبہ دار پر ظاہر نہیں کیا کہ مبادا یہ ہمارا بھید لینے آیا ہو مگر یہ خیال بالکل خام تھا مینے کہا ہزاری جی اِس غدر کا انجام کیا ہوگا جو ابدیا انجام کیا ہوگا تمام باغی غارت ہونگے میں خدا سے چاہتا ہوں کہ جلد موت آجائے تو بہتر ورنہ پھانسی تیار ہے میری دلی تمنا ہے کہ سرکار سے جاملوں مگر لڑکے کی محبت اور اُسکی سرکشی کا خوف مانع[3] ہو رہا ہے گو میں اِن نمکحراموں کے ساتھ ہوں مگر مجھسے آجتک کوئی نمکحرامی سرزد نہیں ہوئی نہ میں لڑنے گیا اور نہ کسی انگریز کو مارا مینے کہا کہ اگر آپکا لڑکا ناخلف[4] ہے تو اپنے ساتھ کیوں رکھا ہے جو ابدیا لالہ میں کیا کہوں یہ بڑے حضرت ہیں دو برس ہوئے دو ماہ کی ضروری رخصت پر گھر گیا اِس نالایق بیٹے کے جھگڑوں نے مجکو اپنے کام کیلئے

[1] مقرر [2] روکے [3] حائل [4] نالائق

بہت کم فرصت دی۔

میں "صوبہ دار جی ایسے کہاں کے جھگڑے تھے کہ آپکا اتنا وقت صرف ہو گیا"

صوبہ دار "لیجئے انکی حرکات سُنئے۔ ایکبار اسکی والدہ نے گانوں کی پاٹ شالا میں اسے پڑھنے بٹھا دیا چونکہ لڑکو لڑکیوں میں لگاتا اور پنڈت جی سے گستاخی کرتا تھا اسلئے پنڈت جی نے ایکدن دو چار دھولیں لگا دیں دوسرے دن بروئی کے کنٹوپ میں ببول کے کانٹے رکھکر پاٹ شالا میں گیا اور دنگہ کرنے لگا پنڈت جی نے اپنے پاس بلا کر ایک دھول ماری تمام رات خون آلودہ ہو گیا یہ اسیوقت پاٹ شالا سے بھاگ کر گھر میں آگیا اور پھر نہ گیا اسکی ماں نے پنڈت جی کو کچھ دے دلا کر راضی کر لیا۔

ایکدن کسی لڑکے کے پیچھے جا کر اسکی آنکھیں اسقدر دبائیں کہ لڑکا اندھا ہو گیا بڑا غل مچا مینے دو پیسہ میں اُسکے ماں باپ کو دی۔ وہ تو نوابی تھی اگر انگریزی علاقہ ہوتا تو بچہ کو قید کی سزا ملتی۔

ایکدن لڑکے آنکھ مچولی کھیل رہے تھے ایک لڑکے نے چھو لیا یہ کمبخت لڑکے کو پاس کے تالاب میں ڈبونے لیچلا۔ خیر ہو گئی کہ اور لڑکے اُسے چھڑا لائے اور ہمارے ماتا دین کی خوب گت بنائی یہ پٹکر گھر کی طرف بھاگا رستہ میں لڑکے کے باپ کا کھیت تھا بیچارہ کی جھونپڑی کو آگ لگا دی مینے بہت سی منت وسماجت کے بعد دو روپے نذر کئے تب نجات پائی۔

ایکدن میں اپنی بھینس کی تلاش میں جنگل کی طرف نکل گیا دیکھتا کیا ہوں کہ ہمارے صاحبزادے سات آٹھ لڑکو لیئے ایک درخت کے نیچے بیٹھے ہیں درخت میں ایک رسّی لٹکی ہوئی ہے اور آپ پیپل کے پتوں کا ٹوپ سر پر رکھے اور ایک جلا ہوا سرکنڈہ چُرٹ کیطرح مُنہ میں لئے ہوئے ہیں مینے پوچھا یہ کیا کھیل ہے ایک لڑکے نے کہا عدالت ہو رہی ہے آپکا ستو مجسٹریٹ بنا ہوا ہے مسمی پرسو کے پھانسی دینے کو رسی لٹکائی ہے اب پیشی ہونیکو تھی کہ ہزاری جی آپ آگئے مجھے بڑا غصہ آیا اور ماتا دین کو خوب مارا۔ چلتے وقت اُسکی ماں نے کہا کہ اسکو اپنے ساتھ دہلی لیتے جاؤ نہ معلوم اور

کیا کر بیٹھے اسلئے میں اسکو یہاں لے آیا۔ اب لہو لعب میں وقت گزارتا رہا یہاں بیٹھا وہاں بیٹھا اس سے لڑا اس سے بھڑا ایک دن جیٹن صاحب سے کہکر پلٹن میں بھرتی کرا دیا ہے اب یہ جانے اور اسکا کام اسکے بعد صوبہ دار نے ہمسے پوچھا کہ اب تم کیا کروگے ہمنے ایک زبان ہوکر کہا کہ ہزاری جی ہم کیا کر سکتے ہیں بال بچے ساتھ ماموں اور والد ضعیف انکو چھوڑ کر کہاں جائیں سب روپوش ہوئے پڑے ہیں جب سرکار آئیگی تب نکلینگے۔

صوبہ دار یہ خیال نہایت درست ہے لو اب میں رخصت ہوتا ہوں زندہ رہا تو پھر ملونگا ورنہ یہ آخری ملاقات ہے۔

۳۰ اب چار و نطرف سے باغی فوجیں آنے لگیں شہر میں کسی طرح کا امن نہ رہا رات کو بیرون شہر گوجر غل مچاتے اور لوٹ مار کرنے لگے بارے ۸ جون ۱۸۵۷ء کو پنجاب سے فوج آئی گوروں سکھوں اور گورکھیوں کی فوج نے بمقام سرائے بادلی باغیوں کو شکست دی باغیوں کی شکست خوردہ فوج پریشان ہوکر شہر میں آگئی سرکاری فوج نے اسکا تعاقب کیا اور پہاڑی پر مورچے باندھے گئے اب روز سرکاری فوج اور باغیوں کے غولوں میں لڑائی ہوا کی مگر ایک دوسرے پر غالب نہ آسکا۔

۳۱ اتفاقاً شاہی بارود خانہ اڑ گیا اور بہت سی جانیں تلف ہوئیں باغیوں نے سمجھا کہ حکیم احسن اللہ کی سازش سے اڑا ہے ادھر بارود خانہ سے لاشیں آرہی ہیں ادھر لال کنویں پر احسن اللہ خاں کا مکان لوٹا جا رہا ہے۔

۳۲ شہر کے ہندو مسلمان گرفتار ہوکر قید ہو رہے ہیں اور کہا جا رہا ہے کہ بادشاہ کے خرچ کیواسطے روپے دو ورنہ قید رہو۔ چنانچہ میرے والد بھی پکڑے گئے اور قید میں بہت کچھ تکلیف اٹھائی مسلمانوں کو بادشاہ سے یہ کہکر رہا کرا دیا گیا کہ یہ لوگ کلمے کے شریک ہیں تشدد کرنا جائز نہیں اور پھر مسلمان چندا روپے والے بھی نہیں ہیں بلا سبب قید رکھنا کیا ضرور ہیں اسوقت ہری ہر صوبہ دار کے پاس گیا اسنے یہ بات ٹھیرائی کہ جب بادشاہ مسلمانوں کو چھوڑتا ہے تو ہمپر واجب ہے کہ ہندوؤں کو چھوڑ دیں ورنہ دونوں فریق قید رہیں یہ مشورہ ہو ہی رہا تھا کہ ایک پوربیہ ہات میں کاغذ لئے آموجود ہوا

اور یہ کہا کہ جہاں پناہ نے راجاؤنکے نام یہ اشتہار جاری کیا ہے لوگوں نے اُسے پڑھا مینے چاہا کہ نقل لیلیوں مگر ممکن نہو سکا بعض سامعین نے کہا کہ پہلے شاہ عالم بادشاہ نے اشتہار دینمیں بہت سے اقرار کئے تھے مگر ایک پر بھی قایم نرہے بہادر شاہ کیا خاک قایم رہینگے بعض نے کہا اس اشتہار کے باعث تمام راجا اپنی اپنی فوجیں لیکر رستہ میں انگریزونکو مارتے چلے آتے ہیں غرض جتنے سُنہ اُتنی باتیں۔ اسکے بعد جلسہ میں تمام مقیدہنود کی رہائی کا حکم لکھا گیا سب نے دستخط کئے اور یہ حکم ایک شخص کے سپرد ہوا صوبہ دار ہری ہر نے اپنی پلٹن کے ایک عہدہ دار گنگا دین سے کہا کہ تم چلے جاؤ اور سب ہندوؤنکو رہا کرادو اور ان لالہ کے والد کو اُنکے گھر تک پہونچا کر ہمسے رپورٹ کرو۔ چنانچہ اس حکم کی تعمیل ہوئی منجملہ دیگر قیدیونکے لالہ رام سہائے مل والد ماسٹر نند کشور نے میرا بڑا شکریہ ادا کیا۔ مینے کہا کہ آپ میرا شکریہ ادا نہ کریں مینے اپنے والد کیلئے کوشش کی تھی اُسکے متعلق ایک صوبہ دار کی ملاقات کام آئی اتفاق سے آپ بھی ازانجملہ ایک قیدی اور میرے محب کے والد تھے غرض مالیواڑہ تک پہونچکر رام سہائے مل نے دوستوں کے محلہ کی راہ لی اور ہم سیدھے گھاسی رام کے کوچہ میں اپنے گھر آگئے۔ اب یہ تجویز ٹھیری کہ تا رفع فساد سب کے سب تہ خانے میں روپوش رہیں۔

۴۳ اس عرصہ میں ایکدن ماتادین صوبہ دار کا بیٹا سہ پہر کے وقت خود ہمارے گھر آیا اور بڑی تمکنت سے ایک کرسی پر بیٹھ گیا گرمی کا موسم تھا اصطبل کے آگے گھوڑے بندھے ہوئے دیکھکر کہنے لگا کہ یہ گھوڑے کیوں کھڑے ہیں بادشاہ کی نذر کردو"

میں "سلطنت کو اچھی طرح قایم ہونے دیجئے"

ماتادین "ہم عنقریب سیتاپور کے چھاؤنی دار مقرر ہونگے تھوڑے سے انگریز میرٹھ میں ہیں اور تھوڑے سے پہاڑی پر۔ ان سکھوں نے ناحق پھٹنے میں ہاتھ دیکر ہماری فتح میں دیر کر رکھی ہے پھر یہ کہا کہ ہمارے لئے شربت منگاؤ کتنے ہم تمہارے گھوڑونکو ملاحظہ کرتے ہیں اور مجھسے کہا کہ تم ہمارے

ساتھ رہو۔ غرض میں ساتھ ہولیا۔ اُس نے تمام گھوڑونکو دیکھا اور اُن دو عربی گھوڑونکو جو میرے بھائی منشی کدار ناتھ پشاور سے لائے تھے بغور دیکھکر پوچھا کہ شاید یہ نوخرید ہیں مینے جوابدیا غدر سے چار روز پہلے پشاور سے آئے ہیں اتنے میں شربت آگیا اور وہ پی پلاکر یہ کہتا ہوا چلدیا کہ لالہ پھر کبھی ملینگے۔ مینے دل میں کہا کہ خدا غارت کرے اور تجھے پھر ملنے کا موقع نہ ملے یہ نالائق شخص کسی اُستاد کی اس نظم کا مصداق تھا۔ نظم

ظاہرا آدمی ہے سب سے عزیز	اور کتا ذلیل تر۔ ناچیز
پر یہ فرما گئے ہیں دانش ور	کہ سگِ حق شناس ہے بہتر
سگ نہیں بھولنے کا پارۂ ناں	چاہے جتنا تو مار۔ اُسکو یہاں
سفلہ کو عمر بھر نوازے جو	تھوڑی سی بات میں ہو لڑنے کو

۴۴ چار پانچ روز کے بعد سات آٹھ پوربیے (جنمیں ایک ماتا دین کا ہمراہی تھا) میرے گھر آئے اور سائیسوں سے کہا لگامیں لے آؤ یہ گھوڑے قلعہ میں جائینگے اُسوقت محلہ میں غل مچگیا کہ پوربیے گھوڑے لئے جاتے ہیں میں محلسرائے سے نکلا اور چھوٹے ماموں کشنچند (جو پنشن یافتہ رسالدار تھے) خلوت خانہ سے اصطبل میں آئے مینے پوچھا کہ یہ گھوڑے کس کے حکم سے لئے جاتے ہو اگر ایسا ظلم کروگے تو تمہاری فتح کیونکر ہوگی ایک نے جوابدیا چپ رہو پھر ایسا کہو گے تو سر کاٹ ڈالا جائیگا دوسرے نے کہا کہ یہ صوبہ دار کا ملاقاتی ہے دفعدار صاحب پروانہ کیوں نہیں دکھلاتے دفعدار نے کہا شب ہی پروانہ دکھادے چنانچہ پروانہ پیش کیا گیا اور ماموں صاحب نے پڑھا لکھا تھا کہ شہاب الدین دفعہ دار کو معلوم ہو چونکہ سردست گھوڑونکی کمی ہے لہذا تم کو حکم دیا جاتا ہے کہ دہلی اور اُسکے بیرونجات میں جس کسی کے ہاں کام دینے کے لایق گھوڑا ملے فوراً لے آؤ اور جو شخص مزاحم ہو اُسے گرفتار کرکے پیش حضور کردو تاکید جانے ماموں صاحب نے کہا کہ یہ کاغذ دستخطی نہیں ہے صرف پیشانی پر اتنا لکھا ہوا ہے کہ باجلاس کمانڈر انچیف فوجہائی

۸۶۰۹

اسپر دفعۃً دار نہایت لال پیلا ہو کر بول اُٹھا کہ ہم کیا جعلساز ہیں۔ ہو نصاحب نے نوکروں سے کہا گھوڑے پھیجانے دو چنانچہ پوربیوں نے تمام گھوڑے سنگوا لیئے۔ البتہ صرف ایک عربی بڈھے گھوڑے کو یہ کہکر چھوڑ دیا کہ یہ تمہاری سواری کیواسطے کافی ہوگا۔ اصطبل سے جب گھوڑے نکلے تو میں محلہ کے باہر آیا دیکھا ماتا دین محلہ کے سامنے نیم کے درخت کے نیچے ٹہل رہا ہے میں نے آگے بڑھکر کہا افسوس یہی شرط محبت ہے کہ ہمارے گھوڑے چھینے جاتے ہیں۔

ماتا دین ارے بھیئی ہم اشکرا نوکہ تمرا گھر نہیں لوٹا اسوقت میٹی کا گھوڑا بھی تو حضور طلب کے بغیر نہیں رہتے

۳۵ دوسرے روز ہری ہر صوبہ دار سے قلعہ میں ملاقات ہوئی مینے گھوڑوں کی گرفتاری اور ماتا دین کی نالائقی گوش گزار کی اُسنے کہا لالہ مجھے ہو سو میرا بیٹا بڑا نابکار ہے اگر میں تمہاری طرفداری کرتا ہوں تو خبر نہیں کیا کر بیٹھے دوسرے روز ہری ہر پیشاب کر رہا تھا یکایک توپ کے گولے کا ایک ٹکڑا لگا اور مر گیا

۳۶ اب باغیوں نے سمجھا کہ اگر نجف گڈھ کیطرف سے ہم کیا جائے اور قلعہ سے پہاڑی پر بھی دھاوا کریں تو پہاڑی جلد فتح ہو جائیگی مجھے دو روز پہلے اڑتی ہوئی خبر ملی کہ باغی پہاڑی کے عقب کیجانب سے سرکاری فوج پر حملہ کرنے والے ہیں فوراً لالہ مہیش داس کو لکھ بھیجا باغی فوج کیساتھ ماتا دین بھی ہمارے عربی گھوڑے پر سوار تھا سامنے سے گزرا اور مجھکو پہچان کر کہنے لگا لو لالہ پرسوں تک یہ چند نابکار جو پہاڑی کی اوٹ میں چھپے ہوئے ہیں قتل کر دیئے جائینگے اور میں کشمیر دروازہ کی راہ سے شہر میں داخل ہونگا اسکے بعد مینے سُنا کہ جب نجف گڈھ کی جھیل کا پل اڑایا گیا تو ماتا دین نے ڈوبکر جان دیدی۔

۳۷ مرزا شاہرخ کے بیٹے مرزا عبداللہ سے میری مشاعرہ کی ملاقات تھی خبر جمع کرنیکی غرض سے ایکدن اُنکے پاس گیا لیکن مرزا کے تیور بدلے ہوئے تھے متکبرانہ لہجہ سے کہا رنجیت سنگھ بہت روز بعد آئے شاید انگریزی تعلیم نے دماغ چلا دیا ہے مینے جواب دیا صاحب عالم آپ بھی انگریزی کے ماہر ہیں حضور انگریزی فارسی جاننے سے کوئی شخص عیسائی یا ایرانی نہیں ہو سکتا اسوقت ایک خوشامدی

کا بستہ بول اُٹھے کہ گستاخانہ کلمات نہ کہو اُسپر مرزا عبداللہ قدرے مسکرا کر کہنے لگے منشی جی چپکے ہو رہو اُنسے کچھ کام لینا ہے پھر میر طرف مخاطب ہو کر کہا رنجیت سنگھ کوئی ایسا آدمی بتاؤ جس سے ہزار دو ہزار روپے وصول ہو جائیں حضور کو اسوقت سخت ضرورت ہے تم اپنے ماموں جان سے کم از کم ایکہزار ضرور دلا سکتے ہو راجہ جیسنگھ کے چار گانو نکے جاگیردار دس ہزار روپیہ سالانہ کی آمدنی کشن چند رسالہ دار پانسو روپیہ ہوار کی پنشن۔ بھائی جان اسوقت میری مدد کرو گے تو تمہارے کام آئینگی مینے دل میں کہا کہ یہ تو سرود بمستاں یاد دہانیدن کا سا معاملہ ہو گیا اور پھر یہ عرض کیا کہ صاحب عالم ابتدائے نذر سے آمدنی موقوف اور اثاثہ زمین میں مدفون۔ میں پرسوں حاضر ہونگا اور جو کچھ لا سکا خدمت عالی میں پیشکش کر دونگا ع برگ سبز است تحفۂ درویش۔ بعدہٗ تسلیمات بجالا کر رخصت ہو گیا۔

۲۸ گھر آکر سنا کہ تھوڑی دیر ہوئی محبوب علی وزیر کے پیشکار منشی مکند لال کا ایک ہرکارہ آیا تھا دو کچھ روپیہ طلب کرتا تھا مینے جب ماموں صاحب کے پاس جا کر مرزا عبداللہ کا واقعہ سنایا تو والد صاحب بولے بلیے یک نہ شد دو شد۔

۲۹ اب یہ صلاح ٹھیری کہ روپیہ ہرگز نہ دو ورنہ بائی ٹھیر آجاؤ گے بلکہ میرے والد مع برادران بابو نانکچند منشی کیدارناتھ بابو پرمھ دیال اور ایک ملازم میرٹھ چلے جائیں اور ماموں صاحبان کسی اچھی جگہ روپوش ہوں بال بچے محلسرا میں رہیں اور شاگرد پیشہ دروازہ پر رہا کریں بعدہٗ تلاش کرنے والوں سے کہدیا جائے کہ گھر کے مرد جس دن سے قلعہ میں گئے ہیں آجتک واپس نہیں آئے القصہ ہم اگلے دن میرٹھ چلنے کیلئے تیار ہو گئے چلتے وقت والد نے پس ماندگان سے کہا کہ اب جان کے لالے پڑ گئی ہیں اسلئے ہم یہاں نہیں رہ سکتے زندہ رہے تو ملجائینگے ورنہ رخصت تم جبتک رہ سکو ٹھیر رہنا ٹھیر کر اور میں ٹھیر تمہارے ہمراہ رہینگے جو اور ونکا حال سو تمہارا۔ عورتیں یہ سنکر دھاڑیں مار کر رونے لگیں اسوقت والد نے یہ شعر پڑھا۔

اب تو جاتے ہیں میکدہ سے میر	پھر ملیں گے اگر خدا لایا

۴۰ ہم دن دن میں دہلی سے شاہدرہ تک پیدل اور وہانسے راتوں رات غازی آباد پہونچکر لالہ جمنا داس صاحب کھتری کے مکان پر ٹھیرے اُنہوں نے بڑی خاطر کی اور ہمیں اُنکی مدد سے ایک گاڑی ملگئی سب کے سب اُترتے چڑھتے بیگم آباد جا پہونچے یہاں ایک انگریزی گارد پڑا ہوا تھا ہمنے گارد والوں سے کہا ہم خیر خواہ سرکار اور رخصتی ملازم ہیں دہلی میں گھرے ہوئے تھے موقع پاکر نکل آئے ہیں اور میرٹھ جانا چاہتے ہیں سارجنٹ نے یہ سُنکر ہم سب کو قید کر لیا اور یہ کہا کہ اگر کسی معزز یورپین کو جانتے ہو تو اُسکو چٹھی لکھو وہ بلائیگا تو جانے پاؤگے ورنہ بندوقوں سے اُڑا دئے جاؤگے ایک دن ایک رات قید رہے پانی کے سوا اور کچھ نہیں ملا آخر اُس چٹھی کا جواب جو بھائیصاحب نے سمپسن صاحب افسر کمسریٹ کے نام سارجنٹ کو لکھکر دی تھی مع ہاتھی کے میرٹھ سے آیا سارجنٹ چٹھی پڑھکر بولا کہ تم فوراً اس ہاتھی پر سوار ہوکر چلے جاؤ۔ اب ہم میرٹھ پہونچکر برایند اس گماشتہ کے مکان پر اُترے اُنہوں نے کپتان سمپسن صاحب سے ملوایا صاحب موصوف نے اُسی وقت خزانہ سے پچاس روپیہ دلواکر حکم دیا کہ کپڑے وغیرہ بنوالو اب اگست کا آخر تھا دوسرے روز حکمنامہ آیا کہ بابو نانک چند اور منشی کدار ناتھ تا حکم ثانی دفتر کمسریٹ میرٹھ میں کام کرین اور اُنکو مقررہ تنخواہ کے علاوہ پچاس روپیہ فیصدی بھتہ ملتا رہے رخصت منسوخ کیجائے چنانچہ ہم یکم اکتوبر ۱۸۵۷ء تک میرٹھ میں رہے

۴۱ ۲۰ ستمبر ۱۸۵۷ء کو دہلی فتح ہوئی باغی بھاگ گئے بادشاہ گرفتار کیا گیا شاہزادے قتل ہوئے بابو نانک چند اور منشی کدار ناتھ میرے دونوں بڑے بھائیونکو حکم ملا کہ لفٹنٹ سیلی صاحب افسر کمسریٹ فیلڈ فورس دہلی نے لکھا ہے کہ یہاں کام بہت ہے لہذا تم فوراً دہلی جاکر سیلی صاحب کی خدمت میں حاضر ہو جاؤ چنانچہ ہم میرٹھ سے دہلی پہونچے گھر کا حال دیکھا تو مال اسباب مفقود اور پس ماندگان کا پتہ ندارد مکان سنسان جہاں سو آدمی رہتے تھے اب چڑیا تک کا نشان نہیں سیلی صاحب نے ایک چپراسی اور ایک سرکاری چپکڑا مرحمت فرماکر یہ کہا کہ تم اپنے آدمیونکو تلاش کرو میں بیرونجات

اور گرد و نواح شہر میں تلاش کرتا پھرا اور مختلف مقامات سے سب کو ڈھونڈ نکالا۔ تین دن میں کنبے کے تمام آدمیوں کو جمع کر کے مجنوں کے ٹیلہ ایک باواجی کے استھان میں جا رہے اب سبلی صاحب سے عرض کیا گیا کہ آپکی عنایت سے کنبے کے تمام آدمی زندہ مل گئے لیکن رنجیت سنگھہ اور پربھ دیال بیکار ہین اسپر حکم ہوا کہ ۱۶ اکتوبر ۱۸۵۷ء سے رنجیت سنگھہ نقل نویسی کا کام کیا کرے پربھ دیال کیواسطے پیچھے پرورش ہوگی والد نے مجھسے کہا کہ تمہاری پہلی نوکری ہے اسلئے چند نصیحتیں کرتا ہوں۔ یاد رکھنا آدمی جب کسی صورت سے روپیہ والا ہو جاتا ہے تو بیجا طمع۔ بری خواہش اور بیہودہ تمنت اُسکا دامن پکڑ لیتی ہے تم ماشاء اللہ جوان ہو کر نوکر ہو گئے ہو۔ انشاء اللہ روپیہ بھی حاصل ہو جائیگا سو بیٹا ہشیار رہنا تُمسے کوئی ایسا فعل سرزد نہو جس سے خاندان کو بٹہ لگے اور تُم خود کسی آفت میں پھنس جاؤ

۴۲ بیٹا نوکر کے نو فرض ہیں (۱) محنت (۲) رضا جوئی (۳) دیانت (۴) خیر خواہی (۵) راست بازی (۶) رازداری (۷) جان نثاری (۸) ادب (۹) شیریں کلامی۔ اگر ان پر کاربند ہو کر کام کرو گے تو آخر میں نیکنام ہو گے

۴۳ دولتمند صاحب اختیار کے سات فرض ہیں (۱) کفایت شعاری (۲) شریفوں اور محتاج رشتہ دارونکی پرورش اور ہنرورونکی قدردانی (۳) پرہیزگاری (۴) نیک اہل علم کی صحبت (۵) تعظیم (۶) حلم (۷) غریب پروری۔ جب تُم با اختیار اور روپیہ والے ہو جاؤ۔ تو ان اصولوں پر چلنا ترقی کر جاؤ گے۔ میں تُم کو اس شعر میں مجملاً ہدایت کرتا ہوں ؎

کھلی ہے قسمت ہوئے ہو نوکر پلٹ کے گھر کو یہ بھاگ جاگا	کرو گے محنت نہو گے سچے تو جانو ادبار تُمسے بھاگا

۴۴ دفتر کمسریٹ چھاؤنی سے دہلی آکر نواب جھجر کی کوٹھی اور وہانسے بلب گڈھ کی کوٹھی میں قایم ہوا گردونواح کے نواب اور راجا جنہوں نے بغاوت کا جھنڈا کھڑا کر لیا تھا گرفتار ہوئے پھانسی پائی اور بادشاہ کو رو بکاری کے بعد رنگون جانیکا حکم دیا گیا۔

۴۵ خبر رسانی کے صلہ میں لالہ مہیش داس کو رائے کا خطاب ملا اور ہمارے خاندان کو مالی نقصان کا معاوضہ دیا گیا بڑے ماموں راجہ جیسنگھ رائے کی جاگیر داگزاشت ہوئی ایک مخبر نے (جو پہلے اہلکار تھا اور اب ٹکلف صاحب کے منہ چڑھ گیا تھا اور لوگوں کو ڈرا دھمکا کر بہت سا روپیہ پیدا کر چکا تھا) ایکدن میرے چھوٹے ماموں کشن چند ملیٹری پنشن یافتہ سے کہا بھیجا کہ دس ہزار روپیہ دلواؤ ورنہ تمکو باغیوں کے زمرہ میں داخل کر کے پھانسی دلوادی جائیگی ماموں صاحب نے بہت کچھ منت سماجت کی کہ ہمارے پاس روپیہ نہیں ہے معاف کرو ہم باغی نہیں ہیں بھگوان شاہد ہے مگر اس نے ایک نہ سنی اور مخبری کر دی کہ کشن چند نے ایام غدر میں جہادیوں کو شربت پلایا اور شیرینی کھلائی ہے ماموں صاحب پکڑے گئے تین روز میں جھٹ پٹ روبکاری ہو کر کالے پانی کا حکم ہو گیا اور دہلی سے آگرہ بھیجدیئے گئے۔

۴۶ میرے نانا کے خاندان کو اسلامی طریقہ سے کسیقدر عقیدت تھی پیران پیر کی گیارہویں کو ہمیشہ خورمیاں تقسیم ہوا کرتی تھیں اور محرم میں دس روز تک شربت پلایا جاتا تھا ایام غدر میں بھی اس قاعدے پر عملدرآمد کیا گیا اور اسی اتہام کے باعث کشن چند کے لئے کالے پانی کی سزا تجویز ہوئی سر جان لارنس صاحب پہلے دہلی میں رہ چکے تھے اور اکثر ہمارے مکان پر ماموں صاحب سے ملنے آیا کرتے تھے انکو انکی عقیدت اور گیارہویں میں تقسیم شیرینی اور محرم میں شربت کی سبیل کا حال اچھی طرح معلوم تھا صاحب موصوف جب بعد غدر لاہور سے دہلی تشریف لائے کشن چند کا واقعہ گوش گزار کیا گیا صاحب نے مقدمہ کی مثل منگا کر حکم دیا کہ کشن چند بے قصور ہے لہذا رہا کیا جائے۔ چنانچہ فوراً تار گیا اور آزادی عطا ہوئی۔

۴۷ بھائی نانکچند اسباب لٹ جانے اور ایک بیاری صغیر سن لڑکی کے مرنیکا رنج اٹھا کر ۲۰ جنوری ۱۸۵۸ء کو بمقضائے الٰہی فوت ہوئے بابو پرمہ دیال میرے چھوٹا بھائی نقل نویس مقرر کیا گیا اور میں دوم کلارک ہو گیا پانچ برس کے بعد

اکتوبر ۱۸۶۲ء میں راجہ جینگہ رائے راہی عالم بقا ہوئے اور سرکار نے بخیال خیر خواہی انکے بیٹے کنور بالمکند جی کیلئے ۲۵۰ روپیہ ماہوار کی پنشن مقرر کردی جنہوں نے ۶ اکتوبر ۱۸۷۹ء میں انتقال کیا بعد وفات کنور صاحب کی زوجہ کو سرکار سے ۱۵۰ روپیہ ماہوار وظیفہ ملا کیا پھر وہ بھی اپریل ۱۸۹۹ء میں راہی ملک عدم ہوئیں لیکن کنور بالمکند جی کا لڑکا کسمی لالہ مولچند زندہ ہے اور قلیل تنخواہ پر راج دیوان میں گزر اوقات کر رہا ہے۔

۴۸ میں حسب الطلب کپتان لین صاحب چھاونی مرار سے تبدیل کیا گیا پھر جب آخر جی سوات والے سرکار سے لڑے تو مجکو پشاور کے لام پر روانہ کیا واپسی کیوقت دریا کا ایک نہایت طغیانی پر تھا کشتی میں سوار ہوا چلتے وقت ملاحوں نے کہا کہ یہاں اکثر کشتیاں ٹکر کھا کر تباہ ہو جاتی ہیں چنانچہ ایک جگہ میری کشتی بے قابو ہو گئی اور مجھے اپنی موت آنکھوں سے نظر آنے لگی لیکن خوبی تقدیر سے ملاحوں نے کشتی کو سنبھال لیا واپسی پر سنا کہ چھوٹے ماموں صاحب بعارضہ بواسیر مر گئے والد بزرگوار نے ۱۸۶۵ء میں وفات پائی اور میں ۱۸۶۶ء میں مرار سے تبدیل ہو کر سنٹرل پراونس ضلع متوسط میں ساگر بدل گیا وہاں سات برس رہا میرے دو لڑکے پیدا ہوئے وہاں سے بدلکر ملتان اور پھر الہ آباد پھینچا ایکسال کے بعد کلکتہ اور کلکتہ سے ملک شام کی تبدیلی ہوئی آب و ہوا ناموافق آئی بیمار پڑا مگر کپتان ونگیٹ صاحب کی اعانت سے علاج ہوا اور واپس کلکتہ روانہ کیا گیا وہانسے دانا پور اور پھر گوالیار تبدیل ہوا یہاں مجکو اپنے ایک چودہ سالہ لڑکے کی جوانمرگی نے بیدل کر دیا حافظہ قصور کرنے لگا طبیعت اسقدر اکھڑی کہ ۱۸۸۵ء اپریل کے مہینے میں پنشن لیکر دہلی آگیا۔

۴۹ منشی کدارناتھ ۱۸۹۱ء میں مر گئے انکے لڑکے لالہ بشیشر ناتھ سرکار سے پنشن حاصل کر کے سپرنٹنڈنٹ ریاست دیواس مقرر ہو گئے اور تقرئی تمہ سرکار سے عطا ہوا انکا بڑا لڑکا انکی نیابت میں ہے۔ دوسرے لڑکے نے پہلے جے پور میں تعلیم پائی بعد ازاں لاہور میں علم ڈاکٹری اور بی اے کی ڈگری حاصل کی اب شملہ میں اسسٹنٹ سرجن ہے بابو پربھ دیال نے بعد حصول پنشن جے پور میں بالوکا نتی چند صاحب کے روبرو اپنی قدامت ظاہر کی بابو صاحب نے از راہ قدردانی انہیں نائب راج وکیل مقیم آبو مقرر فرمایا مگر

شومیِ قسمت سے صحت قایم نرہ سکی استعفا دیا اور تھوڑے عرصہ کے بعد سنہ ۱۹ء میں بمقام جے پور بیکنٹھ باشی ہوئے انہوں نے اپنے دونوں لڑکوں کو جے پور میں تعلیم دلوائی بڑا لڑکا بابو دینیال ایم اے کی ڈگری حاصل کرکے راج اندور کی کونسل میں ماموز ہے اور دوسرا لڑکا ولایت میں ڈاکٹری سیکھ رہا ہے

۵۰ اب میری عمر سات اوپر ساٹھ برس کی ہے مگر لطفِ ایزدی سے صحت و عزت اچھی طرح قایم ہے جہاں گیا ہنسی خوشی سے گزاری اہلِ علم سے محبت پیدا کی ایک ہی محکمہ میں نقل نویس ہوکر بڑے بابو یعنے ہیڈ اسسٹنٹ کے درجہ تک پہونچکر پنشن یاب ہوا پھر دہلی آکر کتاب ہذا کی تکمیل میں مشغول ہوگیا اور بفضل مالک اُسے انجام تک پہنچا دیا اب اپنے خالق سے دعا مانگتا ہوں کہ جس ہنسی خوشی عزت حرمت اور قناعت کیساتھ ابتک میری زندگی گزر رہی ہے خدا کرے میرے تمام احباب کی اسیطرح گزرے آمین اشعار

اے خالق ہر بلند و پستی	شش چیز عطا کن از ہستی
علم و عمل و فراخ دستی	ایمان و امان و تندرستی

مناجات

فکر و غم کی قید سے آزاد رکھ	دین و دنیا میں الٰہی شاد رکھ
مشکلیں دارین کی آسان کر	فکرِ روزی میں نہ کچھ حیران کر
دے فراغت اتنی اس دنیا میں تو	ہو سکے عقبےٰ کی جس سے جستجو
دے بصارت حق شناسی کی مجھے	جس طرف دیکھوں فقط دیکھوں تجھے

شکر ایزد متعال

الٰہی کئے ہیں جو تو نے کرم	بیاں کر سکے کیا زبانِ قلم
محیطِ جہاں میں تری رحمتیں	ہمیں تو نے بخشیں عجب نعمتیں

زمیں اپنے بندوں کے رہنے کو دی | زباں دل کے اسرار کہنے کو دی
ہمیں سانس لینے کو بخشی ہوا | عنایت ہوئی ہر مرض کی دوا
دیا تشنہ کامی کو آبِ زلال[۱] | پکانیکو دی آگ لے ذوالجلال
ہمارے لئے ہر سماں ہے جُدا | نہ گرمی سدا اور نہ سردی سدا
کہاں تک کروں نعمتوں کا بیاں | کہ ہے عقل کوتاہ۔ قاصر زباں
میں پیدا ہوا سالم و تندرست | حواس و دماغ و طبیعت درست
زباں کو دیا نطق آنکھوں کو نور | یہ کیا تھوڑی نعمت ہے ربِ غفور
شریفوں کے گھر تو نے پیدا کیا | شریفوں عقیلوں پہ شیدا[۲] کیا
ہمیشہ رہی صحبتِ اہلِ علم | عنایت ہوئی دولتِ اہلِ علم
دیا علم۔ نوکر کرایا مجھے | حکومت کا عہدہ دلایا مجھے
کئے تیری امداد سے ایسے کام | رہے مجھسے حکّام خوشدل تمام
عنایت یہ ہے یہ عنایت دگر | کہ سولہ برس سے ہوں مین پنشنر
قناعت میسر ہے صحت کے ساتھ | یہ دولت ملی اور دولت کے ساتھ
طبیعت ہے لہو لعب سے نفور | فقط مشغلہ علم کا ہے ضرور
وہ کیا یعنے تالیف کی یہ کتاب | کہ ہے راستی میں خود اپنا جواب
عنایت سے تیری ہوئی ہے تمام | رکھ اِسکو عزیزِ دلِ خاص و عام
ملے اِسکو مقبولِ عالم خطاب | دعا ہو یہ مسکین کی مستجاب[۳]

کبت

روٹھے کیوں نہ راجا واتیں کچھہ ناہیں کا جا۔ ایک تو سے مہا راجا۔ اور کون کو سراہیئے

[۱] صاف پانی [۲] قربان [۳] قبول

روٹھے کیوں نہ بھائی واتیں کچھو نہ بس آئی۔ ایک توہی ہے سہائی اور کون پاس جائیے
روٹھے کیوں نہ منتر واتیں کچھہ بھی ناہیں ڈر پر روٹھے ناک ہر اُسی کے گُنوں کو گائیے
سنسار ہے روٹھا ایک تو ہے انوٹھا۔ سب چومینگے انگوٹھا ایک تو نہ روٹھا چاہیئے

قطعہ

عہد میں اِڈورڈ ہفتم کے ہوا نسخہ تمام
ہے دعا مسکیں وہ عالم میں رہیں قایم بکام
ہو درازی عمر کی اور نیک نامی ہو حصول
جیسے تھیں وکٹوریہ سارے جہانمیں نیکنام

قطعہ

لارڈ کرزن وایسرائے ذی شعور
دُھوم ہے دنیا میں جسکی دُور دُور
ہے دعا مسکیں کی یہ اِن کیلئے
سالہا زندہ رہیں یہ بارسور

قطعہ تاریخ بتاریخ طبع ابلغ البلغا و افصح الفصحا حضرت اُستادی شاعر شیریں بیان فاضل فقید المثال مصنف دیوان مراۃ الخیال و شارح مثنوی مولانا روم علیہ الرحمتہ والغفران جناب مولانا مولوی حافظ محمد عبد الرحمن صاحب راسخ دہلوی سلمہ المنان

جب یہ نادر کتاب طبع ہوئی
پند میں ہے جو اُستادِ زمن
نہرِ اخلاق ہے رواں ہر سو
ہیں نصیحت کے اِسمیں سرو و سمن
کہی راسخ نے عیسوی تاریخ
سیر کا باغ ہے یہ ہفت چمن
۱۹۰۲

شجرہ خاندان منشی دتارام ولد منشی مہتاب رائے بن منشی سیچند جی سکھگل کھتری قندھاری

اولاد	اولاد	اولاد	اولاد	اولاد	اولاد	
						پوسٹ ماسٹر سانبھر راجپوتانہ
						وظیفہ خوار راج قرولی
						زیر تعلیم بورڈنگ سکول اجمیر
						انکی املاک کے وارث اور جانشین بی بی پاربتی بنت نانکچند اور اسکے فرزند بابو جے نراین اہلکار کمیٹی دہلی ہیں۔

اولاد	اولاد	اولاد	اولاد	اولاد	اولاد	
دیکھو پہلا صفحہ	دیکھو پہلا صفحہ	دیکھو پہلا صفحہ				
						پنشن خوار سرکار اور سپرنٹنڈنٹ راج دیواس فیضیاب تعمہ نقرہ قیصر ہند۔
						نائب سپرنٹنڈنٹ راج دیواس مصنف کتاب کیمیائے انسان
					زیر تعلیم	
						بی اے ڈگری یافتہ اور اسسٹنٹ سرجن شملہ
					صغیر سن	
						پنشن خوار سرکار اور مصنف و مولف کتاب ہفت چمن
						اکوٹنٹ بمبئی کمپنی دہلی۔
						ام اے ڈگری یافتہ اور ریاست اندور میں دربار کونسل کے ممبر ہیں۔
						زیر تعلیم ولایت جاتے ہیں اور علم الگری حاصل کر رہے ہیں

جملہ حقوق بدریعہ رجسٹری محفوظ ہیں

یا مالک

پہلا چمن قسمت نامہ

سرنوشتِ ما بدستِ خود نوشت	خوش نویس است او نخواہد بد نوشت

ایک لڑکا اپنے باپ سے کہنے لگا کہ ابا جان میں تو سنتے سنتے پاگل ہوگیا"

اباپ "کیا (سیڈیشن ایکٹ) یعنے قانون بغاوت پاس ہوگیا ہے"

لڑکا "بچوں کو اور خاصکر ہندوستان کے لڑکو نکو قانون سے کیا سروکار"

باپ "بیٹا جاپان کی چھوٹی سی سلطنت نے اپنے انتظام و اتفاق اور حسن تربیت سے چین جیسی بڑی مگر کاہل و جو نا تربیت یافتہ اور افیونی سلطنت پر فتح پائی"

لڑکا "جی نہیں میرا یہ مطلب نہیں"

باپ "شاہنشاہ روس نے یہ مسئلہ پیش کیا ہے کہ سلطنتوں کا ضرورت سے زیادہ فوج رکھنا اور مجبور آرعایا سے زائد ٹکس لیکر خلق اللہ کو زیر بار کرنا خلاف مصلحت ہے حسب ضرورت امن قایم رکھنے کیلئے معمولی فوج رکھکر مدِ فاضل کو الفظ کیا جائے اور حتی الامکان باہمی جنگ سے بالکل پرہیز رہے درصورت نزاع ایک پنچایت مقرر ہو جسکی رائے عام طاقتوں کیلئے واجب التسلیم ہوگی اس سے ہزاروں بلکہ لاکھوں آدمیوں کی جانیں بچینگی بیشمار روپیہ برباد ہونے پائیگا جہان میں امن کے ڈنکے بج جائینگے پھر جہاں امان وہاں ایمان"

لڑکا "ابا جان مجھکو پولیٹیکل معاملوں سے کیا واسطہ"

باپ "شیخ زندا کوتوال جو بڑا منتظم اور پرہیزگار تھا شہر سے بدلگیا اسکی جگہ میر پوندا آیا خدا جانے کیسا آدمی ہے"

لڑکا "واہ ابا جان ایسے حاملے سیر تو خیال میں بھی نہیں آتے کوتوال کے اچھے برے ہونیکا خیال بدچلنوں کو

ہوا کرتا ہے کہ اچھا ہوگا تو قمار بازی شورہ پشتی اور چوری بدکاری کی عادت ہوگی کہ جس سے انکی حرام زدگی میں خلل پڑ جائیگا اور برا ہوگا تو بدمعاشوں کیلئے دن عید ہے اور [illegible] میں علاوہ مجھ [illegible] تو کا کیا غم"

۵ باپ "تو اسلئے پاگل ہوگیا ہے کہ اندنوں یادگار ملکہ معظمہ کیلئے چندہ جمع ہو رہا ہے تیری اتنی حیثیت کہاں کہ فنڈ میں کچھ جمع کر سکے"

لڑکا "نہیں ابا جان۔ وہاں تو آٹھ آنے تک لے لیتے ہیں ہاں آپس کی شرم یا ڈنگ کے مارے ایک دو سر سے بڑھ چڑھکر رہنا چاہے تو یہ دوسری بات ہے میں خیال کرتا ہوں کہ اماں جان نے مشن کی معرفت چندہ بھیجا ہے اور میں تو اپنے ہم مکتبوں کے ہمراہ پہلے ہی دے آیا تھا مجکو اسکا کیا غم۔ بلکہ ایک طرح کی خوشی ہے کہ اس یادگار کے متعلق شہر میں ایک زنانہ ہسپتال بنے گا جسکی یہاں ضرورت ہے فی الواقع یہاں کے حکام بڑے مدبر ہیں کہ ایسی یادگار تجویز کی جس سے مخلوق کو بہت بڑا فائدہ پہونچیگا ورنہ منصور کا سا مقبرہ بنا دیا جاتا تو بتلایئے کیا فائدہ متصور تھا"

۶ باپ "یہ شہر میں افواہ ہے کہ ایسگرنٹ ایجنٹ آئے ہوئے ہیں اور انکے ماتحت ملازم سمریزم کرکے بچوں کو ایک جزیرہ آباد کرنے کیلئے حکماً لیجا رہے ہیں سرکار مزاحم نہیں ہوتی"

نوٹ یہ مقبرہ جو تین لاکھ روپیہ خرچ ہوکر بنا تھا شاہجہان آباد اور قطب صاحب کے مابین قریب شاہ مرداں نواب منصور علیخاں مفدد جنگ وزیر احمد شاہ بادشاہ کا مدفن ہے اور مقبرہ پر تاریخ مندرجۂ ذیل کندہ ہے

چو آں صفدر عرصۂ مردی	زدار فنا گشت رحلت گزید
چنیں سال تاریخ او شد رقم	که باد او مقیم بہشت بریں

۱۱۸۴ھ ۱۷۷۰ء

نوٹ ایسگریشن ڈیپارٹمنٹ اس محکمہ کا نام ہے جس سے آوارہ اور آوارہ یا اُن لوگوں کو جو برضا و رغبت خود مزدوری پر جانا منظور کریں ہندوستان سے دوسری جگہ بھیجنیکا بندوبست متعلق ہے اس محکمہ کے انگریز افسروں کو ایمیگرنٹ ایجنٹ کہتے ہیں۔ نوٹ ایک جزیرہ موسوم بہ فجی سرکار کے قبضہ میں ہے اس جزیرہ کی زمین نیشکر کی کاشت کیلئے نہایت عمدہ ہے آبادی کی قلت ہے اسلئے ہندوستان سے بڑی عمر کے نوجوان آدمی بموجب معقول [illegible] برضا و رغبت خود بلا ہر طرح ہندوستان سے بھیجے جاتے ہیں بعد انقضائے میعاد معینہ انکو کرایہ خرچ کی انکی گھر بھیجدیا جاتا ہے دیکھئے افواہ تک غلط ہے

لڑکا "نہیں جناب جو ایسا خیال کرے یا اسکو سچ مانے وہ خود پاگل بلکہ پاگلوں کا افسر ہے کیونکہ سرکار اور ملکوں سے تو بردہ فروشی سوقوف کرائے اور اپنی عملداری میں اس حرکت کی مرتکب ہو ہرگز نہیں ہوسکتا شاید یہ ہو تو ہو کہ بعض شریر لوگ۔ بدوضع اہالیان امیگریشن دیپارٹمنٹ سے سازش کرکے بچوں کو خفیہ لیجا کر فائدہ اٹھانیکی کوشش کرتے ہوں مگر ہمیں یقین ہے کہ بیدار مغز حکام ایسی بدمعاشوں کو ضرور سزا دینگے"

۷ باپ "بیٹا تو اسلیئے پاگل ہے کہ باوجود اچھی فصل ہونیکے بھرتی والوں کی بدولت غلہ گراں ہوتا جاتا ہے اور گھی آدھ پاؤ کم سیر بک رہا ہے"

لڑکا "اجی نہیں ابا۔ اسکا خیال اگر ہو تو آپکو ہو میں تو آپکی بدولت چکنی چپڑی کھا رہا ہوں گرانی کا خوف کرنا عقلمندوں کے نزدیک لاحاصل ہے رزاق مطلق سب کو پہنچاتا ہے"

۸ باپ "پھر میں نہیں جانتا کہ تو پاگل کیوں ہوگیا یہی حال رہا تو بیٹا بریلی بھیجنا پڑیگا"

لڑکا "لو ابا جان خفا نہو بتائے دیتا ہوں میں یہ سنتے سنتے پاگل ہوگیا کہ لوگ ہر بات میں قسمت کو لے دوڑتے ہیں"

۹ باپ "اچھا پھر اسمیں پاگل ہونیکی بات ہی کیا ہے"

۱۰ لڑکا "لیجئے سنیئے۔ کل رستہ میں ایک شخص نے دوسرے سے کہا کہ بھائی جان تم ایسے کورے کیوں رہ گئے کہ حرف شناسی تک نہیں آئی کیا تمہارے والدین کو مقدور نہیں تھا یا تمنے کھیل کود لہو لعب میں عمر گنوائی دوسرے نے کہا کہ میری قسمت میں یہی لکھا تھا ورنہ والدین نے تو بہت سا روپیہ خرچا طرح طرح کے معلم رکھے اچھے اچھے مدرسوں میں بٹھایا کتابوں کے داموں اور مدرسوں کی فیس نے کھوکھلا کردیا تیلی واڑہ کا مکان اسی خرچ کی بدولت ہاتھ سے جاتا رہا افسوس۔ کرم رکھیے نا مٹے کروکوئی لاکھ ٹوٹکے تیرائی

۱۱ ایک شخص کا پیٹ آٹھ لڈوؤں کا تھا ملگئے سولہ اور شرط یہ کہ کھانے کیلئے ایک ٹکڑہ نہیں لالچ دامنگیر ہوا سولہ کے سولہ پیٹ میں اتار لئے رات کو تخمہ ہوگیا اور دوا میں بائیس لڈوؤں کے

دام خرچ کرنے پڑے صبح کو یاروں نے کہا کہ تو بڑا لالچی ہے جو ابد یا میری قسمت میں سونا لڈو کھانے اور اسطرح روپے خرچ کرنے لکھے تھے برہما بھی ہونی کو نہیں ٹال سکتا"

۱۲ ایک شخص لفافہ پر مستعمل ٹکٹ لگایا کرتا تھا۔ آخر راز کھلنے اور گرفتار ہونیکے بعد کئی سو روپے خرچ کرنے پڑے کسی نے پوچھا یہ کیا معاملہ ہے فرمایا آدھ آنے کا لالچ کیا تھا شومئی قسمت سے پکڑا گیا ع قسمت کے لکھے کو کبھی ممکن نہیں دھونا"

۱۳ ایک شخص شراب پیکر پہلے نادار ہوا پھر بیمار پڑا آخر ورم جگر نے کام تمام کر دیا۔ دوا دارو کی مگر راس نہ آئی مرنے کا وقت آگیا۔ لیکن جھوٹ بولنا نہ چھوڑا یہی کہا کہ میری قسمت"

۱۴ کسی نے غصہ میں بے ایمانی۔ لالچ یا رشک کے مارے دوسرے کو مار ڈالا اور جب پھانسی لگنے کا وقت آیا تو باآواز بلند فرمادیا کہ میری قسمت میں یہی لکھا تھا"

۱۵ یہ سب بناوٹی باتیں ہیں بندہ تو جب قائل ہو کہ کوئی گرتے ہوئے مکان سے اپنے آپکو نہ بچائے اور قسمت کی آڑ میں وہیں بیٹھا رہے یا جلتے جھونپڑہ سے باہر نہ نکلے یا باولا کتا آتا دیکھے تو ٹانگ آگے کر دے اور پھر کتے کیطرح بھونک بھونک کر مر جائے یا چلتے چلتے رستہ میں کنواں آجائے تو دھڑم سے گر پڑے"

۱۶ کسی کو قسمت پر بھروسا ہو تو میدان میں الگ جا بیٹھے چہرہ سے مچھر تک نہ اڑائے فاقوں مرے گرمی میں دھوپ جاڑے میں سردی اور برسات میں موسلا دھار مینہہ برداشت کرتا رہے سگ نفس کو زہر کی گولی دیکر مار ڈالے تب ہم جانیں۔ اسکے کیا معنی جھوٹ بولکر کمائی کی بے ایمانی کر کے بیوپار کیا مکنبہ میں نساد ڈلوا کر فائدہ اٹھایا یار ونکو دھوکے دیکر دولتمند ہوئے اور جب بدنامی ہوئی مرنے لگے یا بدمعاشی کی پکڑے گئے یا حوصلہ سے زیادہ تجارت کی دیوالا نکلا تب بدنامی کا ٹوکرا قسمت کے سر رکھدیا پنے تو ہرگز نہیں سنا کہ کوئی کسی کو لوٹ لے یا مار بیٹھے یا گالی دے یا قرض ادا نہ کرے اور صاحب حق عدالت تک نہ جائے بلکہ یہ کہکر چپکا ہو رہے کہ میری قسمت کا لکھا تھا اگر آپنے کوئی ایسا

واقعہ ملاحظہ کیا ہو تو فرمائیے ورنہ میرا عقیدہ تو کسی اُستاد کے اِس شعر کے مطابق ہے ؎

ہر عُقدہ کہ از ناخنِ تدبیر تو نکشاد	بگذار بہ تقدیر کہ تدبیر ہمیں است

۷ باپ:۔ بیٹا تیری بات بہت درست مگر غور سے دیکھا جائے تو میرا تیرا مضمون بالکل وہ ہے تو نے یہ نہیں سُنا ؎

وہ رزاق روزی رساں ہے مگر	غریبوں کو زادِ سفر چاہیئے
وہ ستّار غفّار ہے لاکلام	گناہوں سے لیکن حذر چاہیئے

ہر کسے بے اجل نخواہد مرد
تو مرو در دہانِ اژدرہا

کہتے ہیں گرچہ رزق ہے مقسوم	پر تلاش اُسکی شرط ہے معلوم

ضمیمہ اوّل تقدیر اور تدبیر کا مکالمہ

یہ تقدیر تدبیر سے کہہ رہی ہے	کہ میں ہوں زمانہ میں مفتاحِ کشور
میں کرتی ہوں جو چاہتی ہوں جہاں میں	مرے سب ہیں محتاج پیر و پیمبر
میں ہر شخص کی سرنوشتِ ازل ہوں	مجھے سب جہاں میں بٹھاتے ہیں سر پر
مرا شاغل ذکر ہر مردِ مومن	مرا حلقہ در گوش ہر مردِ کافر
نوشتہ مرا لوحِ طغرا سے اچھا	لکیریں مری خطِ ریحاں سے بہتر
میں وہ خط ہوں جسکو لکھا ہے خدا نے	میں ہوں سرنوشتِ جنابِ پیمبر
مجھے لیکے آئے ہیں حوّا و آدم	رہوں گی زمانہ میں میں تا بہ محشر
بناوٹ مری عربدہ ہے جہاں میں	بگڑ نام مرا آفتِ جانِ کشور

مہ و مہر مجھسے ہیں گردوں پہ تاباں — مری راستی سے چمکتے ہیں اختر
پھروں میں تو پھر جائے سارا زمانہ — مرا نام قسمت ہے مشہور گھر گھر
زمیں کو کیا میں نے دنیا میں قایم — فلک کو دیا میں نے عالم میں چکر
مرے دم سے ہے فرق شاہ و گدا میں — مراتب مری وجہ سے ہیں مقرر
اگر میں نہ ہوتی کم و بیش ہر جا — فقیر اور سلطان ہوتے برابر

جواب از جانب تدبیر

کہا سنکے تدبیر نے جانتی ہوں — کہ تو سر نوشت جہاں ہے مقرر
مگر بے مرے تو ہے حرف معطل — نہوں میں تو تجکو نہو کچھ میسر
کہوں کیا میں تجھسے کہ میں کیا ہوں تو کیا — میں بندونکی بندی تو مالک کی نوکر
نکالا ہے جنت سے آدم کو تو نے — ہوئی از سر نو میں پھر اُنکی رہبر
زمیں میں نے جوتی بتائیں وہ باتیں — ہوئے جس سے آباد اقطاع کشور
بتاتی ہوں میں بادشاہونکو حکمت — دکھاتی ہوں میں شکل اور رنگ و اختر
زمانہ میں انسان نے جو کچھ بنایا — یہ سب میرے ایجاد سے ہی برابر
سُنا ہو اگر تخت طاؤس تو نے — بنایا تھا میں نے ہی اُسکو سراسر
بناوٹ تری اور میری ہے یکساں — بگڑنا ترا اور مرا ہے برابر
میں دیتی ہوں لوہے کو سونیکی قیمت — میں ہمسنگ گوہر بناتی ہوں پتھر
کروں آگ کو خاک تیرے ہی آگے — بنادوں ابھی خاک کو شکل اخگر
سکھاؤں وہ انسان کو میں کرامت — کہ تجکو بھی دیکھے سے رشک آئے مجھپر

یہ ریل اور تار اک عطیہ ہے میرا — کہ ہے جس سے آرام حاصل سراسر
اگنبوٹ دریا میں ڈالے ہیں مینے — ہوئیں طے وہ راہیں جو پہلے تھیں دُوبھر
بنایا ہے میں نے ہی بیلون ایسا — کہ شکلِ پرند اُسمیں اُڑتا ہے بے پر
نکالی ہے بے دُود بارود میں نے — دہوئیں دشمنوں کے اُڑائے ہیں اکثر
تری سرنوشتِ ازل جانتی ہوں — ہیں سب حرف تیرے مجھے یاد ازبر
مگر اسقدر مانتی ہوں میں تجھکو — کہ بے تیرے ہر کام میرا ہے ابتر
اگر پاس پیسہ نہیں ہے تو حکمت — کسی کام آئے نہ دنیا میں یکسر
ملیں باہمی گر کسی کو یہ دونوں — تو پھر وہ ہے قسمت کا اپنی سکندر

ضمیمہ دوم

اُن طریقوں کا ذکر جن سے زر کھویا جاتا ہے یا حاصل ہوتا ہے

چمن کی تر و تازگی بوئے گُل — مطیعِ بہار و خزاں ہے یہ کُل
اِسی طرح ہیں سب اسیر و فقیر — یہاں پندرہ عادتوں کے اسیر
طریقے ہیں زر کی تباہی کے دس — تو ہیں جمع کے پانچ بے پیش و پس
بُری صحبت اور عیش و عشرت کا دَور — بُری ریس اور عادتِ ظلم و جَور
زن و طفل بد چور خدمتگذار — بلا سمجھے سوچے کوئی بیوپار
وہ افعال بد جن کا بدتر اخیر — ہوئے شاہ جن کی بدولت فقیر
زمانہ میں رہنا یونہی بے ہنر — یونہی بیٹھنا سُست بیکار گھر
بُری صحبتوں کا بُرا ہے اثر — بُری عادتوں سے ہمیشہ تو ڈر

ملاتی ہیں یہ خاک میں سر بسر — غنی ہو کوئی یا کوئی تاج ور
ہوا ابن نوح اس سے بیشک تباہ — بُری صحبتوں سے خدا کی پناہ
پڑا شاہ دہلی پہ کیا بد اثر — بُرے ہمنشینوں سے پہنچا ضرر
یہ مانا کہ فولاد ہے سخت تر — ضرر زنگ سے اُسکو ہوگا مگر
مناسب ہے بد صحبتوں سے حذر — کہ ہے جان اور آبرو کا خطر
سنو عیش و عشرت کا اب ماجرا — کسی کو لگی گر ہوا اِک ذرا
نئے روز کپڑے ہیں زیب بدن — ہوئی عطر سے جن کی دونی پھبن
تکلّف کا ہے فرش اچھا مکان — لگیں ہیں بہت میزیں اور کُرسیاں
بہت جہاز فانوس روشن وہاں — بہت پان حقّوں کا ساماں عیاں
کبھی اُن میں شطرنج اور گنجفہ — کبھی تاش چوسر کا ہے مشغلہ
کبھی واں ستار اور سارنگیاں — کبھی آئے کتھک کبھی رنڈیاں
ہر اِک طرح کے کھانے تیار ہیں — بلا اِشتہا کھا کے بیمار ہیں
جو بے وقت کھاتے تھے بیٹھے کھڑے — تو بیدوں حکیموں کے بس میں پڑے
کبھی سیر دریا کبھی سیر باغ — بھلا کیوں نہ پھر گُل ہو زر کا چراغ
خوشامد سے گو لوگ کہدیں جناب — مگر خوب ہوتی ہے مٹی خراب
یہ سب خرچ فاضل ہیں اِنسے بچو — ذرا کان دھر کر سُنو پند کو
نکمّے رئیس اور ونکی لے خوش مزاج — کہ کھو دیتی ہے رئیس راجونکا راج
بہت اِسنے لوگونکے کھوئی ہیں کھوج — بھلا کیونکہ کنگلا بنے راجہ بھوج
رفیقونکا دُشمن رقیبوں کا یار — ہوا حرص سے سب کی نظرونمیں خوار

سدا پوجیں عامل کو زر مال کو ۔۔۔ ہوس میں وہ کھوئیں زر و مال کو
اسامی بنانے کا ہے جسکو شوق ۔۔۔ بڑا اُسکی گردن میں لعنت کا طوق
ہوس میں عبث کیمیا گر ہوا ۔۔۔ جو کشتہ بنا بھی تو خود بھی ہوا
۷ رعیت پہ جو ظلم رکھے روا ۔۔۔ عدو ہے وہ خود جان اور مال کا
کوئی اہل عزت ہو یا خوار ہو ۔۔۔ بڑا نیک ہو یا گنہ گار ہو
زن و طفل ہو خواہ مادر پدر ۔۔۔ گرو چیلا ہو یا برادر پسر
کوئی یار ہو یا کہ اغیار ہو ۔۔۔ طبیب اسمیں ہو یا کہ بیمار ہو
موکل ہو یا کوئی مختار ہو ۔۔۔ گدا ہو کوئی یا کہ زردار ہو
غرض ظلم کا ہے نتیجہ بُرا ۔۔۔ کہ کر دیتی ہے آہ بیکس فنا
رکھا ظلم کوڑوں نے جسدم روا ۔۔۔ تو کیا حال آخر کو اُن کا ہوا
گئی مفت جان اور حشمت تمام ۔۔۔ نہ باقی رہا کوئی لینے کو نام
۸ اگر بد ہے زوجہ تو بگڑیگا حال ۔۔۔ کہ ہو جائیگا مال سب پائمال
نہ بودی ہو دیوار کیوں طاق سے ۔۔۔ وہ گھر خاک ہو جس میں سالا بسے
یہ دیہک ہے بس مال اور جان پر ۔۔۔ مناسب ہے عاقل کو اس سے حذر
دیا بخت نے تجکو گر بد پسر ۔۔۔ تو ہے اس سے دنیا و عقبیٰ کا ڈر
روایت ہے جس گھر میں بد پوت ہے ۔۔۔ اگر پوت سو بھی ہوں تو اوت ہے
چُرائے اگر چور تو کچھ بچے ۔۔۔ رہے کیا اگر آگ گھر میں رچے
یہ مانا بڑے ناز سے وہ پلے ۔۔۔ مگر سونگ چھاتی پہ ہر دم دلے
بنائیگا کنگال تجھ کو ضرور ۔۔۔ اُسے گھر میں رکھنا بڑا ہے قصور

۶ اگر چور نوکر ہے مختار ہے — تو پھر آستیں کا تری مار ہے
کوئی غیر اگر محرم راز ہو — تو ثروت سے تو کیونکہ ممتاز ہو
لگے گھونس جس گھر میں ہو وہ کھنڈر — نہ دے ایسے نوکر کو تو مال وزر

۷ بلا سمجھے کوئی تجارت نہ کر — عبث اپنی دولت کو غارت نہ کر
شراکت میں لو ٹینگے ملکر شریک — وگرنہ ملازم سنگا دینگے بھیک
بلا سمجھے چوبے جو گھر سے گئے — نتیجہ ہوا یہ کہ ڈوبے بنے

۸ بدانجام ہے بازیوں کا اثر — کہ ہوتا ہے انساں کو اسسے ضرر
نشہ نے نشہ باز کو چر لیا — کوئی آگ کے کھیل سے مرلیا
کوئی پوپہ ہارا جوا کھیل کر — کوئی عشق بازی میں ہے بیخبر
کوئی شیشہ میں تکل کی کٹ کٹ گیا — کسی کو کبوتر کا چھپکا لگا
اسامی بنا کر کسی نے لیا — تماشا دکھا کر کسی نے لیا
کوئی لال بلبل سے رکھتا ہے شوق — کسیکو ہے گھڑ دوڑ کا دلسے ذوق
کوئی مرغ بازی میں ہشیار ہے — کہیں مینڈھا لڑنے کو تیار ہے
غرض دین و ایمان اور جان وزر — لٹا بیٹھے اس راستہ میں بشر

۹ رہا بے ہنر بے ادب بے نصیب — نہیں ہوتی ایسونکے دولت قریب
نہ عاقل سے صحبت نہ عالم سے میل — جہالت کی گھر میں رہی ریل پیل
جو ہو خرچ پیسے کا خرچے ٹکا — غرض اسطرح مال وزر کھو دیا

۱۰ نکر وقت ضایع تو گھر بیٹھ کر — کہ ہے مال و جاں کا سراسر خطر
نہو زر کی آمد کا گر سلسلہ — تو پھر تنگیوں کا نہ کرنا گلہ

جو اِن دس سے نافرہوں سُکھ سے ہیں — جو عامل ہوں اِن پر وہ دکھ سے ہیں
کروں دوسری پانچ باتیں رقم — کہ مفلس کا ہو دور رنج والم
وہ ہیں محنت و علم و ذہن رسا — دیانت شجاعت کا دل میں مزا
عمل اُنپہ ہو اور بنے ڈاکٹر — تو پھر ہر قدم پر وہ ٹھکرائے زر
وکالت کرے اور اِن پر چلے — تو دولت رہے اُسکے قدموں تلے
تجارت میں رکھے گر اِنکا خیال — تو ہو لعل و گوہر سے لالو نکا لال
ملازم اگر دھیان اِن پر دھرے — تو پھر عظمت و مال پیدا کرے
ہنر ور کرے اِنکو گر اختیار — تو بھوکے سے بھوکا بھی ہو مالدار
جو چاہے زر و مال و دولت ملے — بچے دس سے اور پانچ سے کام لے
جو ظاہر تھا میں نے بیاں کر دیا — یہ راز نہاں بھی عیاں کر دیا
نرکھ قول سعدی کو دل سے جدا — کہ ہے نیک چلنی سے راضی خدا

ضمیمہ سوم ترجمۂ نصایح لارڈ ہیرلی صاحب بہادر

یہ لارڈ ہیرلی کا ہے فسانہ — جو تھے دنیا میں مشہور زمانہ
وزیر خاص تھے ایلز بتھ کے — حکومت کے جمائے خوب سکے
یہ تھی خوش قسمتی یا قابلیت — عیاں جس سے ہوئی اُنکی فضیلت
کہ انگلستاں سا ملک اور یہ حکومت — یہ حکمت اور ایسی شان و شوکت
تعجب ہے یہ عہدہ ہو میسّر — رہیں پنجاہ سال اُسپر مقرر
وزارت میں نہ تھی صرف اُنکی شہرت — ہر اک فن میں وہ رکھتے تھے مہارت

کبھی ناصح کبھی بنتے تھے ٹیچر[۱]
بیابان فضیلت کے خضر[۲] تھے
بطرز پند بیتے کو سنائیں
عمل کر دیکھ ہوگا تو خوش انجام
کہ اکثر اس میں پڑ جاتی ہے دقت
بدی نیکی کو پہلے سوچ لیجے
اسی سے ہوتے ہیں آباد برباد
تو بیشک وہ مصیبت میں پڑیگا
تو اپنی حیثیت سے بڑھ نہ جاؤ
مگر جائز نہیں اوسط میں قلت
اڑی مشکل میں تا ہو جائے[۳] آسانہ
مگر ہر ایک کے آگے نصیحت
بقدر وسع[۴] دے تو انکو خوراک
ترے مرنے کے بعد انکو خوشی ہو
مناسب ہے کہ بھر لے سال بھر کی
مگر معقول ہو تنخواہ سب کی
وگرنہ مال لیگا جان لیگا
اور انکے نیک کاموں میں اعانت
مصیبت میں بنائے دور سے بات

۱ پے شادی ہے پہلے یہ نصیحت
جوانی میں ہمیشہ بیاہ کیجے
اسی پر اہل دنیا کی ہے بنیاد
جو اس موقع پہ کچھ غفلت کریگا
اگر مہمان نوازی پر تم آؤ
نہو سامان ہرگز بیش قیمت
کرو چوتھائی آمد کی پس انداز
۲ سکھا اولاد کو علم و اطاعت
بھلی چنگی بنا دے انکی پوشاک
وگرنہ تلخ تیری زندگی ہو
۳ ہر اک شے فصل پر ہوتی ہے سستی
ملازم تو نہ رکھ حاجت سے بڑھتی
جو نوکر خوش ہے تجھپر جان دیگا
۴ عزیزوں دوستوں پر کر عنایت
جو تیرے ساتھ شادی میں ہو دیرات

[۱] ٹیچر ۱۲ [۲] خضر ۱۲ [۳] ہو جائے ۱۲ [۴] بقدر وسع ۱۲

مناسب ہے کہ اُس پر بھیج لعنت — کہ ہو گی دشمن جاں اُسکی صحبت

۴ ضمانت دوست کی بھی ہو تو بد ہے — گرہ سے دے اگر فکر مدد ہے

جو لینا قرض تو غیروں سے لینا — نہ یاروں سے نہ ہمسایوں سے لینا

کرو تم قرض سے پہلے ذرا غور — کہ دوگے کونسے رستے سے کس طور

۶ جہانتک ہو سکے تو مفلسوں پر — نہ کرنالش کہ ہو جائیں گے ہمسر

جو لیکر قرض سیدھی طرح دیدے — تو دولت غیر کی وہ اپنی سمجھے

۷ ہمیشہ چاہیئے اِک یار سردار — مگر تکلیف اُسکو دے نہ ہر بار

وہ چند اشیا جو قیمت میں ہوں کمتر — ہمیشہ تحفتاً اُس کو دیا کر ؛

کہ جب اُسکی نظر اُن پر پڑیگی — تو آئیگی مقرر یاد تیری

۸ بڑوں کا کر ادب چھوٹوں کو کر پیار — رہے اخلاق ہم عمر و سے ہر بار

نہیں دولت کی کچھ ہمیں ضرورت — مگر لازم ہے قدر آدمیت

۹ جہانتک ہو سکے جان و زر و مال — کسی کے ہاتھ میں مطلق نہ دیدال

خدا جانے وہ کب دشمن ہو تیرا — کہیں منجدھار میں ڈوبے نہ بیڑا

۱۰ نکر سختی سے ہرگز ہم کلامی — نہیں ہے ہجو میں کچھ نیکنامی

جو ایسا کرتے ہیں جاتی ہے عزت — بُری کہلاتی ہے اُنکی صحبت

ضمیمہ چہارم ترجمہ فصاحت مسٹر سٹیفن ایلین می ار صاحب

ایلین مے ار جو تھے مسٹر سٹیفن — بڑے مشہور فاضل امیریکن

سفر کرتے تھے دریا کا برابر ؛ — خدا کی شان ہے ڈوبے وہ جلکر

اِک اُنکی نوٹ بک کی ہے یہ تحریر — نصایح ذیل میں جو کچھ ہیں تسطیر

۱ مناسب ہے بھلے لوگوں سے صحبت — وگرنہ ہے ضروری گنج و حدت

۲ تو ایک اِک لمحہ اپنی زندگی کا — نہ کھو بیکار اگر ہے مرد دانا

۳ نکمّے کام سے پڑ رہنا ہے بہتر — کہ عقل افزا ہے یہ اور روح پرور

۴ ہمیشہ راست گوئی کا ہو پابند — کہ سچّوں سے خدا رہتا ہے خورسند

۵ تامل غیر سے وعدہ میں کیجے — کوئی تدبیر ایفا سوچ لیجے

بہت بہتر ہے اِس سے صاف انکار — کہ لوگوں سے ترا جھوٹا ہوا قرار

۶ ملازم ہو کے گر چاہو کہ ہو نام — صداقت اور دیانت سے کرو کام

۷ کوئی گر بھید ہو اخفا کے قابل — نہ کہہ سُننہ سے تو اُسکو رکھ تہ دل

۸ بوقتِ گفتگو ہر اِک بشر سے — ملائے رکھ نظر اُسکی نظر سے

۹ ملو نیکوں سے اور اچھی کرو بات — لگے تا نقد نیکی آپ کے ہات

کوئی اِنساں اگر ہے نیک خصلت — جہاں میں اُسکی سب کرتے ہیں عزّت

۱۰ چلن پھر کس طرح بگڑے تمہارا — بُرے کاموں سے کر لو گر کنارا

۱۱ کہے تجکو بُرا گر کوئی اِنساں — بُرا ست مان ہرگز بنکے ناداں

تو اپنی زندگی بھر نیک کر کام — کہ آخر کو وہ ہو جائیگا بدنام

۱۲ منشی چیز تو مت کھا کہ یہ شے — عدوئے جان و مال و آبرو ہے

۱۳ ہمیشہ خرچ کر آمد سے کمتر — کہ زائد سے ضرر ہوگا سراسر

اگر پس ماندہ تو کچھ رکھ سکیگا — تو شادی یا غمی میں کام دیگا

۱۴ بوقتِ خواب شب کو دل میں سوچو — بدی نیکی جو دن میں تُمنے کی ہو

۱۵ اگر چاہے کہ ہو تُو اہلِ ثروت — غنی ہونے میں کیوں کرتا ہی عجلت[۱۵]
جو تھوڑا فائدہ بھی مستقل ہو — تو مضبوطی اماں کیساتھ سمجھو
۱۶ جُوا ہر نوع کا اِک فعلِ بد ہے — کہ اِسمیں جان و مال و دیں پہ زد ہے
۱۷ نکر تو حرص ہرگز اے برادر — طمع کے حرف ہیں خالی سراسر
۱۸ نہ ہرگز ہات پس ماندہ پہ ڈالو — کما کر جی میں جو آجائے کھا لو
۱۹ نہ ہو جبتک ادا کرنیکی صورت — نہ کھو تُو قرض لیکر اپنی عزّت
۲۰ بُرا ہرگز کسی کو مت کہو تُم — کہ تا ظلِّ[۱۶] اماں میں خوش رہو تُم
۲۱ نہ مانگو عاریت ہرگز کوئی شے — کہ اپنی شے گزارے کو بہت ہے
۲۲ کرو انصاف پہلے پھر سخاوت — وگرنہ خود سخاوت ہے عداوت
۲۳ اگر منظور ہے تُم کو مسرّت[۱۷] — تو چھوڑو جو گناہونکی ہے عادت
۲۴ جوانی میں کماؤ جمع رکھو — پھر اُس سرمایہ کو پیری میں چکھو
۲۵ نصایح کا کیا ہے ہمنے اظہار — پڑھے انسان انہیں ہفتہ میں اکبار
۲۶ اگر رغبت عمل کے ساتھ ہو گی — تو بھبودی بھی ہاتھوں ہاتھ ہو گی

ضمیمہ پنجم محبّت زر

محبت زر کی باطر زِ مناسب — رکھے ہر وقت اپنے دلپہ غالب
کوئی رکھتا ہے گر زر سے محبّت — تو دیتا ہے خدا اُسکو فراغت
اُڑاتا ہے جو بیجا زر کو اِنساں — وہ ناداں ہے وہ ناداں ہے وہ ناداں
کرو اکثر خدا کی راہ کے کام — ادا ہوں کُل حقوقِ اہلِ[۱۸] ارحام

۵۹

مسافر پروری مُفلس نوازی — عزیزوں کیلئے کچھہ چارہ سازی
مثل مشہور ہے زر ہے تو نر ہے — جو مُفلس ہے جہانمیں مادہ خر ہے
مگر میں نے یہ دیکھا ہے بکثرت — ملے ہے بے کمائے جسکو دولت
وہ اُسکی قدر سے نا آشنا ہے — بڑا مُسرف ہے یا بندِ ہوا ہے

پیسا نہو تو باغ کوئے پھر کہانسے ہوں — عیش و طرب کے نکی دُوے پھر کہانسے ہوں
کھانیکو پوری اور پُوئے پھر کہانسے ہوں — حلوا کچوری مال پُوئے پھر کہانسے ہوں

پیسا ہی رنگ روپ ہے پیسا ہی مال ہے
پیسا نہو تو آدمی چرخے کی مال ہے

کتنے تو زر کو نقشِ طلسمات گنتے ہین — اور کتنے زر کو کشف و کرامات گنتے ہین
کتنے خدا کی عین عنایات گنتے ہین — اور کتنے اُسکو قاضیِ حاجات گنتے ہین

جو ہے سو ہو رہا ہے سدا مُبتلائے زر
ہر ایک یہی پکارے ہے دنرات ہائے زر

ضمیمہ ششم دولتِ علم

اگر طالب ہو تُم علم و ہنر کے — کرو حاصل بہت سی سعی کر کے
بہت جلدی سے حاصل اُسکو کرلو — خزانہ علم کا سینہ میں بھر لو
نقط پڑھنے سے اپنا کار رکھو — اسی کی فکر برخوردار رکھو
بغیر از علم مُشکل ہے رسائی — بدرگاہِ جنابِ کبریائی
اگر گھر میں نہ ملتی ہو یہ دولت — کرو طے ہو سکے جتنی مسافت

یا مالک

دوسرا چمن صداقت نامہ

نظم

ہرگز نہ شک کو دخل تو دیجو مزاج میں	اُف کیجیو نہ رب کسی کام کاج میں
حکمت میں نکتہ چینیاں کرتے کہاں بنے	ایسا نہ ہو زبان بشکل زباں بنے

تاریخ ہند میں لکھا ہے کہ سلطنت مغلیہ کا خاتمہ ۱۷۳۹ء شروع ہوا اس سال نادر شاہ نے بمقام پانی پت محمد شاہ بادشاہ دہلی پر فتح حاصل کی اور ذرا سی غلطی سے نادر شاہ نے لاکھ شہر نگاں شاہجہاں آباد کو قتل کروالا اس غلطی کی تفصیل یہ ہے۔

ایک کسبی مہر و پیے نے بوقت شب نادر شاہ اور محمد شاہ کو قلعہ میں تماشہ دکھانا شروع کیا محمد شاہ نے حکم دیا کہ حقہ حاضر کیا جائے خدمتگار (جس کا نام قیام الدین تھا) بہت گھبرایا کہ اگر محمد شاہ کے روبرو رکھتا ہوں تو نادر شاہ اپنا تمسخر سمجھیگا اور اگر نادر شاہ کو دیتا ہوں تو محمد شاہ اپنی بیعزتی پر محمول کریگا قمر الدینخاں وزیر نے اس راز کو سمجھکر خدمتگار سے کہا کہ تو حقہ لے آ میں جسکے سامنے مناسب سمجھونگا پیشکش کردونگا غرض حقہ آیا وزیر نے محمد شاہ کے سامنے رکھکر عرض کیا جہاں پناہ غلام کا یہ رتبہ نہیں کہ شاہوں کی تواضع کر سکے "بلکہ شاہاں بہ شاہاں مے دہند" غرض محمد شاہ نے شک کا فتح نادر شاہ کیطرف کر دیا نادر شاہ اس رمز کو تاڑ گیا اور یہ سمجھا کہ قمر الدینخاں جیسا عقلمند وزیر اور قیام الدین جیسا سلیقہ شعار خدمتگار آپکے دربار میں موجود پھر نادر شاہ تھوڑی سی جمعیت کیساتھ ہند میں کسطرح داخل ہونے پایا۔

محمد شاہ "ناانتفاقی اور عیش پرستی کے باعث" نادر شاہ "بہت درست"

۳ تماشے میں بہروپیے نے انگریزوں کا سوانگ بھرا اور گوروں کی مصنوعی[1] پلٹن بنا کر بندوقوں کے فیر کئے اُن آوازوں سے شہر میں خبر اُڑ گئی کہ محمد شاہ نے نادر شاہ کو قتل کر ڈالا اُسوقت اہالیان شہر اور چند ناقص العقل امیروں نے افواج نادر شاہ میں لُوٹ مار شروع کر دی نادر شاہ کو اُسکے مشیروں[2] نے خبر دی کہ جہاں پناہ آپ تو تماشا ملاحظہ کر رہے ہیں اور آپکی فوج میں باشندگان شہر اور چند بیوقوف عہدہ داران شاہ ہند نے اِس خیال سے کہ آپکے دشمنوں کو محمد شاہ نے ہلاک کر دیا ہے لُوٹ مار مچا رکھی ہے حکم ہوا کہ شب بھر کیلئے جسطرح ممکن ہو اپنا بچاؤ کرو علی الصباح اِسکا تدارک ہو جائیگا چنانچہ صبح ہوتے ہی باشندگان شاہجہاں آباد پر جسکو اندنوں شہر جدید کے نام سے پکارا کرتے تھے قیامت برپا ہوگئی

۴ اُس زمانہ میں اِس چار دیواری کے اندر کی آبادی کو شاہجہاں آباد کہتے تھے اور دہلی اِس سے پرے آباد تھی جسکا کابلی دروازہ متصل جیلخانہ سرکاری بیرون دہلی دروازہ بطور نمونہ ابتک موجود ہے تغلق[1] آباد کسی زمانہ میں نافِ شہر میں تھا دہلی بیس کوس کے گھیرے میں آباد تھی بیشمار بازار بیحساب چوک بے تعداد منڈیاں۔ غرض بڑے بڑے شہروں کی سب باتیں موجود تھیں اب اُسکے پورے پورے کھنڈر بھی قایم نہیں رہے آبادی کا تو کیا ذکر ہے البتہ چند آبادیاں جو بطور یادگار باقی رہگئی ہیں علیحدہ علیحدہ دیہات یا بستیاں گنی جاتی ہیں مثلاً پرانا قلعہ عرب سرائے مقبرہ ہمایوں دہلی اور مہرولی وغیرہ قطب صاحب کی لاٹ[2] جواب غیر آبادی میں میخ جمائے کھڑی ہے جے پور کی اشیر لاٹ عرف

[1] جو جوتی سے
[2] مصاحبوں سے

+ نوٹ[1] تغلق آباد کا نہایت مستحکم قلعہ ۱۳۵۰ برس کا بنا ہوا ہے غیاث الدین تغلق بادشاہ نے تعمیر کرایا تھا اب دہلی سے چھ کوس کے فاصلہ پر واقع ہے۔

+ نوٹ[2] کسی زمانہ میں اِس لاٹ کے سات درجے تھے اب صرف پانچ کھنڈ باقی ہیں اور اُن پانچوں کی اُونچائی اسّی گز کے قریب ہے سنگ سرخ کے بنے ہوئے ہیں اور قرآن شریف کی آیتیں اُبھری ہوئی کندہ ہیں ٹھیک ٹھیک پتا نہیں لگتا کہ کس زمانہ میں اور کسنے بنائی تھی گو سید احمد خانصاحب نے اپنی کتاب آثار الصنادید میں اِسے مسجد قوت الاسلام کا مینار قرار دیا ہے

سرکا سولی کیطرح عین آبادی میں تھی القصہ ایسا عالیشان شہر رفتہ رفتہ برباد ہوگیا - یہ بات ہمیشہ زیر نظر رکھنی چاہیئے کہ انسان کتنا ہی زبردست دولتمند اور تندرست کیوں نہو آخر فنا آخر فنا نظم

ایک عالم ہے نہ و بالا فلک کے ہاتھ سے	.	یہ ہنڈولا بھی کبھی زیر و زبر ہو جائیگا
یوں نہیں رہنے کے گردش میں ہمیشہ مہر و ماہ		ختم اِک دن دورۂ شمس و قمر ہو جائیگا

۵ نادرشاہ صبح ہوتے ہی سرخ پوشاک پہنکر سنہری مسجد میں جو آب کوتوالی کے متصل ہی آبیٹھا اور قمرالدینخاں وزیر کو حکم دیا کہ تم اپنے خویش کو جو ایرانی فیلخانہ پر حملہ کرکے چند زنجیر فیل لیگیا ہی حاضر کرو قمرالدینخاں نے فوراً اُس حکم کی تعمیل کی اور نادرشاہ نے خود قمرالدینخاں کے ہاتھ سے اُسکا پیٹ چاک کرایا واہ رے بزدلی قمرالدین کو چاہیئے تھا اُسوقت نادرشاہ سے عرض کرتا حضور تعلق بہت نازک ہے میری تلوار کام نہ دیسکیگی اپنی شمشیر عنایت فرمایئے اگر نادرشاہ دیدیتا تو پہلا وار اُسی پر کرتا تھا اور اگر نہ دیتا تو اپنی تلوار سے دشمن کا کام تمام کر دینا کوئی مشکل بات نہ تھی مگر اِسمیں قضا و قدر نے چند مصلحتیں نہاں کر رکھی تھیں

(۱) نادرشاہ کا ڈیرہ کی طناب سے اٹک کر گرنا

بہ نوٹ یہ مسجد نواب روشن الدولہ ظفر خاں نے بعہد محمد شاہ بادشاہ ۱۱۳۴ھ سنہ ۱۱۳۴ ہجری میں سر بازار بنائی تھی بڑی خوشنما اور خوش قطع ہے اسکے برج سنہری ہیں اسلئے سنہری مسجد کہلاتی ہی جب قلعے کے شمن برج سے سونے (تانبے کے پترز پر طلائی ملمع) کے پترے اکھڑوائے گئے تو اس مسجد کیلئے بھی یہ ہی حکم ہوا مگر لالہ نہیش داس مرحوم نے حکام سے عرض کیا کہ اس سے شہر کی خوبصورتی میں فرق آجائیگا چنانچہ سرکار نے یہ رائے منظور فرمائی دراس مسجد کے برج کا سونا بدستور قایم رکھا گیا اُسکی پیشانی پر یہ اشعار کندہ ہیں

بعہد بادشاہِ ہفت کشور		سلیماں فر محمد شاہ داور
بہ نذر شاہ بیکہ آں قطب آفاق		شُد ایں مسجد بہ زینت در جہاں طاق
خدایا نیست لیک از روئے احساں		بنام روشن الدولہ ظفر خاں
بتاریخش ز ہجرت تا شمار است		ہزار و یکصد و سی و چہار است

(۴) ۱۷۳۹ء میں ہیرون ہندوستان قتل ہونا۔

(۵) قمرالدین کا اپنے ہمراہی فوج ہند بمقابلہ احمد شاہ درانی جانا اور پیش از جنگ وزیر کا خیمہ میں نجاز پڑھنے کا خط تقدیر میں لکھا ہوا تھا۔

(۶) قمرالدین نے اپنے داماد کو نادر شاہ کے روبرو قتل کر ڈالا اسکے بعد نادر شاہ نے تمام باشندگان شہر کے متعلق یہ حکم بولدیا اسیوقت اسکی فوج کے ہزاروں سپاہی کوچہ و بازار پر ٹوٹ پڑے مرد عورت بچہ جو سامنے آیا سب کو تہ تیغ کر دیا لیکن گھر نہیں لٹے گئے یہ نادری حکم دوپہر تک رہا اور اس تھوڑی سی مدت میں ہزار جانیں تلف ہوئیں آخر محمد شاہ خود نادر کے سامنے آکر رو دئے اور یہ کہا کہ "گنہگار ہیں ما کش و خلق اللہ را امان دہ" اس پر نادر نے امن کی منادی کر دی فوراً چار و نطرف صدائے امن گونجنے لگی اور سپاہیوں کی تلواریں فی الفور میانوں میں جا گئیں۔

(۷) ہندوستانیوں کی لاپروائی تو دیکھئے کہ شہر جدید قتل ہو رہا ہے اور شہر کہنہ میں جو کچھ باقی تھا چین سے اڑا رہے ہیں نادر شاہ دو ماہ تک دلی میں رہا مگر چونکہ ظالم تھا اسلئے اسکی سلطنت کم از کم دو پشت تک بھی قایم نہ رہ سکی اس ظلم کی کیا انتہا ہے کہ ایک ادنے سے شبہ میں اپنے بیٹے کی آنکھیں نکلوا ڈالیں انجام کار خود بھی قتل ہوا ؎

ظلم کی ٹہنی کبھی پھلتی نہیں	ناؤ کاغذ کی سدا چلتی نہیں

(۸) دلی میں نادر شاہ کی واپسی کے بعد سلطنت مغلیہ میں کھل بلی مچگئی تمام صوبے رفتہ رفتہ خود سر ہو گئے دکھن میں مرہٹوں اور پنڈاروں کا دخل ہو گیا بنگالہ میں اللہ وردی خاں نے اپنے آقا یعنے صوبہ دار بنگالہ کو شکست دیکر دور کر دیا تب بادشاہ ہند کے پاس بھیجدی بادشاہ کو چاہئے تھا کہ اسے اس گستاخی اور سرکشی کی سزا دیتا مگر اسکی جگہ اسکے نام صوبہ داری بنگال کا خلعت بھیجدیا اب بادشاہ کے تصرف میں صرف دلی اور آگرہ کا صوبہ رہگیا۔ اسکے بعد بنگالہ میں انگریزوں نے نواب سراج الدولہ کو جو

اللہ وردی خاں کا نواسہ اور اسوقت بنگالہ کا صوبہ دار تھا ۱۷۵۷ء میں بمقام پلاسی شکست دی اور پنجاب میں سکھوں نے اپنا سکہ بٹھانا شروع کر دیا

۸ چونکہ سکھوں کے گرووں نکو اپنی قوم کے قتل ہو جانیکے باعث خصوصاً خاندان تیموریہ اور عموماً تمام مسلمانوں سے دلی عناد تھا اسلیے اوّل اوّل یہ لوگ بطور غارتگری سلطنت تیموریہ پر حملے کرتے رہے آخر جب سلطنت اور بھی کمزور ہو گئی تو احمد شاہ دُرّانی نے ہندوستان پر چڑھائی کی اسوقت سکھ منتشر ہو گئے اور جب وہ واپس چلا گیا تو از سر نو جمع ہو کر پھر وہی کاروبار کرنے لگے جو اس سے پہلے کرتے تھے

۹ احمد شاہ کی واپسی کے بعد پنجاب میں اُسکا قبضہ برائے نام رہگیا تھا افغانوں کی طرف سے ایک گورنر کا تسلط جو ۱۷۶۲ء میں مقرر ہوا تھا صرف لاہور پر تھا سکھ ہر سال امرتسر میں جمع ہوا کرتے تھے اور افغانی گورنر انکا کچھ نہیں کر سکتا تھا احمد شاہ نے یہ سُنکر پھر ہندوستان کی طرف رُخ کیا اور بمقام برنالہ جو لدھیانہ کے پاس ہے سکھوں نکو شکست دی اس لڑائی میں ہزاروں سکھ مارے گئے

۱۰ جب احمد شاہ کابل چلا گیا تو سکھوں نے پھر جمع ہو کر مسلمانوں پر حملہ کرنیکا ارادہ کیا چنانچہ امرتسر میں پنچایت ہوئی اور چالیس ہزار سکھوں نے سرہند پر حملہ کر کے زین خاں گورنر سرہند کو ماہ دسمبر ۱۷۶۳ء میں شکست دیکر مار ڈالا اور شہر سرہند کو اُجاڑ دیا یہ واقعہ سکھوں کی سلطنت کی بنیاد ہے کیونکہ سکھ اسوقت اپنا سکہ چلانے اور اپنی سلطنت کو خود سر سمجھنے لگے تھے۔

۱۱ ۱۷۹۳ء میں زمان شاہ کابل کی گدی پر بیٹھا اور پنجاب میں سکھوں سے لڑکر لاہور پر قابض ہو گیا مگر جب اُسنے سُنا کہ شاہ ایران ہرات کی چڑھائی کا ارادہ رکھتا ہے تو اُلٹا کابل چلا گیا واپسی کیوقت دریائے جہلم بہت طغیانی پر تھا زمان شاہ اپنی توپونکو پار نہ پہنچا سکا چونکہ اُسے کابل جانا ضرور تھا توپیں وہیں چھوڑ دیں اور کابل پہونچکر رنجیت سنگھ نوجوان سردار گوجرانوالہ کو نامہ تحریر کیا کہ افغانی توپخانہ کو صوبہ دار پشاور کے پاس بھیجدو۔

۱۲ سردار رنجیت سنگھ نے جو نہایت دانا آدمی تھا اس موقع کو ہاتھ سے نہ جانے دیا اور زمان شاہ پر احسان رکھکر توپخانہ کو پشاور روانہ کردیا اسکے صلہ میں زمان شاہ نے سردار رنجیت سنگھ کو گورنر لاہور مقرر کیا اور سردار رنجیت سنگھ اپنی حکومت کو رفتہ رفتہ مضبوط کرتا رہا۔

۱۳ جسونت راؤ ہلکر انگریزوں سے شکست کھاکر اسلئے امرتسر پہونچا کہ سکھونکی مدد حاصل کرکے انگریزوں سے لڑے مگر رنجیت سنگھ معلوم کرچکا تھا کہ انگریز طاقتور ہیں اور طاقتور سے لڑنے کا نتیجہ شکست ہوتا ہے اسکے علاوہ مرہٹے اپنی خلقی عادت (یعنے لوٹ مار کی) لڑے اور جیتے بنے یہاں لوٹا اور پھر پچاس کوس آگے جا چھاپا مارا۔ چنانچہ اسیطرح کی لڑائیونکے باعث خاندان تیموریہ نے دق ہوکر (چوتھ لکھدی تھی) چھوڑکر شاہانہ لڑائی لڑے آخر شکست کھائی اسلئے ہلکر کو ٹال بتا کر انگریزوں سے عہد نامہ کرلیا۔

۱۴ اس زمانہ میں لوڑیند امل کھتری امرتسر میں آٹے دال کی دکان کیا کرتا تھا اور بہت دنوں سے اُسکا ارادہ تھا کہ کوئی اچھا ساتھ ملجائے تو گڈھ مکتیسر جاکر گنگا اشنان کرآؤں کیونکہ اس زمانہ میں نہ ریل تھی نہ سڑک اور نہ مسافروں کیلئے امن۔ جسونت راؤ ہلکر جب امرتسر سے بے نیل مرام اُلٹا پھرا لوڑیند امل آٹے دال کی دکان لیکر اُسکے لشکر کے ساتھ چلدیا۔

۱۵ جسونت راؤ ہلکر کمپنی کی عملداری کو بچاتا ہوا دکھن پہونچا آخر کمپنی سے صلح ہوگئی اور اندور رہنے کو ملا انگریزوں نے حسب عہد نامہ ہلکر کے چند سردارونکو مصلحتاً اُس سے علیحدہ کرکے اپنی پناہ میں لے لیا اور اُنکو دہلی لے آئے چنانچہ بخشی بھوانی شنکر صاحب اُنہیں سردارونمیں تھے اور یہ بھی ذات کے کھتری تھے لوڑیند امل اُنسے ملا اور اُنکی ہمراہ دہلی چلا آیا اور بخشی صاحب کو اپنے ارادہ سے مطلع کیا بخشی جی نے اُسے گنگا جانیکی اجازت دی اور یہ کہا کہ سواری کیلئے ایک گھوڑا لیجاؤ مگر اُسنے پیدل جانا منظور کیا اور چلدیا۔

۱۶ چلتے چلتے موضع پلکھوہ پہونچکر دیکھا کہ گانوں کے باہر ایک چمار جوتیاں گانٹھ رہا ہے چونکہ اِنکا جُوتا مرمت طلب ہوگیا تھا منصوری دو پیسے دیکر مستدعی ہوئے کہ اِسے گانٹھ دے "

چمار " لالہ جی کہاں کا ارادہ ہے "

لالہ " گنگا اشنان کو جاتا ہوں گڈہ میں غوطہ لگاؤنگا "

چمار " ایک کام ہمارا بھی کرتے آنا "

لالہ " لڑکے بالوں کیلئے کنٹھی یا زنجیرہ منگاتے ہوگے اچھا لیتا آؤنگا "

چمار " نہیں لالہ جی اور کام ہے پھر منصوری ٹکہ نکالکر لوٹریندامل کے حوالہ کیا کہ رائیصاحب یہ ٹکہ گنگاجی کی نذر کردینا مگر شرط یہ ہے کہ جب اشنان کرچکو اور دھوتی بدل لو تو گنگاجی سے کہنا کہ یہ تمو اچمار پلکھوہ والے کی بھیٹ ہے گنگاجی جل سے ہات نکالکر لینگی اگر ہات نہ نکالیں تو کہنا کہ نہ معلوم اُسکا کیا قصور ہے جو آپ بھیٹ نہیں لیتیں اُسکی بھیٹ اُلٹی لئے جاتا ہوں پر اتنا کریں کہ اُسکو خواب میں نامنظوری کا سبب بتائیں اور اِس ٹکہ کو بجنسہٖ واپس لیتے آنا یہ نہ کرنا کہ کسی اور کام میں خرچ کرڈالو اور یہ سمجھو کہ اپنے پاس سے اور ٹکہ دیدینگے ایسا کروگے تو خطا پاؤگے

لوٹریندامل نے اُس ٹکہ کو علیحدہ باندہ لیا اور دل میں کہا کہ لو۔ چمار کا ٹکہ لینے کو گنگاجی ہات پسارینگی برہمن مہاجن راجا بابو ہزار روپیونکی بھیٹ چڑھاتے ہیں اُنکے واسطے تو ہات پسارتی ہی نہیں یہ چمار نے ہنسی کی ہے مگر چونکہ مینے وعدہ کرلیا ہے اسلئے جیسا اُسنے کہا ہے ویسا ہی کرونگا "

۱۷ غرض رائیصاحب گنگاجی پہونچے اور اشنان کے بعد جس طرح چمار نے ہدایت کی تھی ویسا ہی کیا اور اُسوقت نہایت متعجب ہوئے جبکہ گنگاجی نے اپنا ہات نکالا اور لالہ صاحب نے ٹکہ رکھدیا۔

+ نوٹ روایت ہے گیاجی میں جب ہندو سرادھ کرتے اور پنڈ بھرتے تو دریا سے ہات نکلتا عام کو کامل یقین تھا کہ یہ ہات بزرگوں کے پنڈ لینے کو نکلتے ہیں چنانچہ بعہد عالمگیر ثانی راجہ سرجی گیاجی میں آیا اور پنڈ بھرے جب ہات نکلا تو راجہ نے پکڑ لیا معلوم ہوا

۱۸ واپسی کے وقت پھر اُس چمار سے ملاقات ہوئی پوچھا لالہ جی تم ہمارا کام بھی کر آئے "
لالہ جی " ہاں بھائی کر آیا مگر یہ تو بتاؤ تو ایسی کیا منّت مانی کیا کرتا ہے کہ خود گنگا جی تیری نذر اپنے ہاتھ میں لیتی ہیں "
چمار " لالہ جی تم کو اس سے کیا "
لالہ جی " ہم تو پوچھ کر رہینگے "
راوی " خیر جب لالہ جی نے بہت اصرار کیا تو چمار نے کبیر جی کے یہ دوہرے سُنائے "

گنگا جاؤں نہ جمنا جاؤں ناکوئی تیرتھ جاؤں	اٹھ سٹھ تیرتھ یا گھٹ بیٹھا میں مل مل نہاؤں
جوگی ہوؤں نہ جٹا بڑھاؤں انگ بھبوت لگاؤں	بھانت بھانت کے بیٹھے بنے ہیں کس کس دل بھاؤں
ڈالی چھیڑوں نہ پتہ چھیڑوں ناکوئی جیو ستاؤں	پات پات میں پربھو بستا ہیں تاں کو ہی سیس نواؤں
پربھو جوگی دیول پربھو جوگی دیو سمار پوجا	کہت کبیر سُنو بھئی سادھو یہ سب بھرم ہوت ہٹاؤں

۱۹ بعدہٗ یہ کہا کہ جب سے میں نے ہوش سنبھالا ہے اپنی یاد میں کبھی جھوٹ نہیں بولا جب ہم تصوری میں رہتے تھے تو ایک فقیر ہمارے گھر آیا میں اُسوقت کوئی پانچ برس کا ہونگا اُسنے گود میں لیکر مجھے پیار کیا اور یہ کہا کہ جو تیرے دل میں آئے کرنا مگر جھوٹ کبھی نہ بولنا اور اپنی جھوٹی سے ذراسی بھبوت نکالکر مجھے چٹا دی میری ماں اُس سے بہت لڑی کہ تو نے میرے بچّہ کو کیا کھلا دیا فقیر بھیک لئے بغیر چلا گیا اُسکے بعد میرے ماں باپ کو وہم ہو گیا کہ کہیں فقیر لڑکے کو نہ لیجائے اسلئے اُس گانوں سے اُٹھکر یہاں بلکھوہ میں آرہے لیکن فقیر پھر کبھی نہیں آیا اور نہ مینے اُسکو کبھی دیکھا "
۲۰ ایکدفعہ جب میں سولہ سترہ برس کا تھا اتفاقاً بیگار میں پکڑا گیا تھانہ دار نے مجھے جھوٹی گواہی کیلئے مجبور کیا مگر مینے انکار کر دیا اُسنے مجھکو بہت مارا جب میں دہ سوا ہو گیا سپاہیوں نے گھسیٹکر کہا

بقیہ صفحہ گذشتہ
کہ پنڈت جی سے ایک شخص نے پوچھکر بات نکالا تھا پنڈت نکو راجہ نے ہدایت کی کہ آئندہ ایسی جھوٹی کرامات نہ دکھانا ورنہ سزایاب ہوگے
برہمنوں نے اسکی تردید یوں کر رکھی ہے کہ اب کلجگ آگیا ہے ایمان کا ٹھکانا نہیں رہا لوگ بات پکڑنے لگے اس سبب سے بات نہیں نکلتا

ڈالدیا تین گھنٹہ کے بعد ہوش آیا مہینوں تک جگہ جگہ سے بدن دُکھتا رہا لیکن مینے جھوٹ نہیں بولا"

۲۱ ۔ ایکدفعہ ہمارے گانوں کے زمیندار نے اپنی بہو کی ناک کاٹ ڈالی عدالت نے مقدمہ کا حصر میری گواہی پر رکھا زمیندار نے مجھے اور میرے باپ کو بلا کر یہ کہا کہ میری عزت تیرے بیٹے کے ہاتھ ہے وہ عدالت میں یہ کہدے کہ اس عورت کی ناک لچھمن سنگھ زمیندار نے نہیں کاٹی بلکہ اُسکے خدمتگار ہرلچھمن نے یہ فعل کیا ہے میں چُپ کھڑا رہا لیکن میرے باپ نے ٹھاکر صاحب سے کہا کہ حضور یہ لڑکا جھوٹی گواہی نہیں دیگا۔ کہو تو اسکی عوض میں دے آؤں کیونکہ میں تمہاری رعیت ہوں ٹھاکر نے کہا یہ مشہور بات ہے کہ تیرا لڑکا جھوٹ نہیں بولتا اسکی گواہی کارگر ہوگی ہمنے اِسی کا نام لکھوادیا ہے تیری گواہی سے کام نہیں چلیگا کیونکہ تو گانوں میں جھوٹا مشہور ہے اور تیرا جھوٹ کئی بار ثابت بھی ہوچکا ہے اسپر زمیندار نے مجھکو الگ کوٹھری میں لیجاکر ایک گانوں دینا منظور کیا مینے صاف انکار کردیا اور یہ کہا کہ اگر آپ دلی کی سلطنت بھی دیڈالینگے تو میں جھوٹ نہ بولونگا زمیندار نے مجھکو بہت مارا اور جب میں تھانہ میں فریادی گیا تو وہی پانڈی تھانہ دار تھا اُسنے مجھکو اُلٹا کاٹھ میں ٹھونک دیا اور یہ کہا کہ اگر تو ٹھاکر کی مرضی کے موافق گواہی ندیگا تو جان سے مار ڈالونگا اسکے بعد جھوٹا اظہار لکھکر میرے ٹھمب میں مقدمہ کا چالان کردیا جب میں عدالت میں حاضر ہوا اور صاحب کلکٹر نے یہ کہا کہ تم اپنے ان اظہاروں پر دستخط یا نشانی کردو تب مینے اوّل سے آخر تک سارا حال سُنادیا اُسپر میرا باپ چھہ ماہ کی قید۔ ٹھاکر صاحب چھہ ماہ کی قید اور پانسو روپے جُرمانہ۔ خدمتگار ایک برس کی قید سو روپیہ جُرمانہ۔ تھانہ دار صاحب دو برس کی قید دو سو روپیہ جُرمانہ کے سزایاب ہوئے میرے لئے ٹھاکر صاحب کے جُرمانہ میں سے سو روپیہ کا انعام لکھا گیا۔

۲۲ میرا باپ اور تھانہ دار تو قید ہی میں مرگئے البتہ ٹھاکر صاحب اور اُنکا خدمتگار سزا بھگت کر رہا ہوئے پھر ٹھاکر صاحب اِس واقعے کے دو برس بعد مرے اور سامنے گانوں میرے نام ہبہ کر گئے۔ اب میں اپنا خرچ اپنی مزدوری سے نکالتا ہوں اور گانوں کی آمدنی میری اولاد کھاتی ہے۔

۲۳ لوڑیندا مل نے یہ کہانی سُنکر دل میں کہا کہ یہ کونسی بڑی بات ہے میں بھی آج سے جھوٹ نہیں بولونگا چنانچہ لالہ جی جو نہایت غریب آدمی تھے امرتسر پہونچکر پھر آٹے دال کی دُکان کھول بیٹھے اور سچ کی برکت سے نفع ہونے لگا تو لاہور دُکان لیگئے

ایکدن مہاراج رنجیت سنگھ کو سواری میں پیاس لگی لوڑیندا مل کویں سے پانی کا لوٹہ لئے دُکان پر چڑہنا چاہتا تھا کہ حُکم ہوا اِس سے کہو پانی پلا جائے لالہ جی نے پانی کا لوٹہ فوراً حاضر کردیا مہاراج نے اُوک سے پانی پینا چاہا لوڑیندا مل نے ہات جوڑکر عرض کیا کہ سرمہاراج مُنہ لگا کر نہ پیں لوٹہ مانج لیا جائیگا۔ پانی بہت ٹھنڈا تھا مہاراج نے نہایت خوش ہوکر حُکم دیا کہ یہ آج سے سرکار کے مودی مقرر ہوں اب جہاں دیکھو لالہ صاحب کی دکانیں جسے سُنئے لالہ صاحب کا مقروض رہا غ باغیچے۔ زر زیور۔ ہاتھی گھوڑے۔ املاک جایداد۔ ایک بیٹا دو پوتے ایک لڑکی چار نواسے دونواسیاں غرض کسی چیز کی کمی نرہی پھر رفتہ رفتہ سرکار میں اتنا اعتبار بڑہا کہ مودی خانہ کے علاوہ لالہ صاحب توشہ خانہ کے داروغہ بنائے گئے اور مہاراج کو لوڑیندا مل سے ایسی محبت ہوگئی کہ اُنکی دُکان کے سامنے سے نکلتے وقت سواری ٹھیرا کر لالہ جی سے دو چار باتیں ضرور کر لیتے تھے

۲۴ لالہ لوڑیندا مل باوجود اتنی ثروت کے فطرتاً تنگدل تھے ایکبار یہ صلاح ٹھیری کہ سالانہ درواز پر تقسیم ہوا کرے۔ چنانچہ کارندہ کو حُکم دیا کہ اسکے خرچ کا تخمینہ پیش کرے۔ فردپیش ہوئی لالہ صاحب کے خیال میں رقم بہت چڑھی گھبراکر بول اُٹھے مُنیب جی سالانہ میں تو بکھیڑا اور خرچ بہت ہے اِسلئے مصلحت یہ ہے کہ ایک ایک مُٹھی بھُنے ہوئے چنے تقسیم ہوا کریں منیب جی نے بہت دیر تک اُلٹی سیدھی پٹی پڑہائی مگر لوڑیندا مل نے ایک نہ مانی اب بھُنے ہوئے چنے تقسیم ہونگے

۲۵ ایکدن کا ذکر ہے کہ لالہ لوڑیندا مل خود مونڈھے پر تشریف رکھتے تھے ایک فقیر آیا اور اُسکو حسب معمول ایک مُٹھی چنے ملے چونکہ فقیر قوی ہیکل تھا اُسکے دو مُٹھی بھر چنے ایسے ہوگئے جیسا

اُونٹ کے مُنہ میں زیرا۔ اُسپر یہ طُرّہ کہ اُس سال کال پڑا ہوا تھا قحط میں یوں بھی لوگوں کی بھوک زیادہ ہو جایا کرتی ہے فقیر نے کہا سیٹھ بابا ایک مُٹھی چنے سے کیا ہوگا ایکدن کا گزارہ تو کرادے لوڑیندامل نے جوابدیا یہاں تو یہی ملینگے تو جانتا نہیں کہ کال پڑا ہوا ہے ارے یہ چنے نہیں ہیں بادام کے نُقل ہیں اور یہاں کیا چنوں کا ڈھیر پڑا ہوا ہے جو تو غپا غپ پھانک جائے چل چٹخ اور جگہ مانگ کھا فقیر یہ سُنکر چنے لئے بغیر (اچھا بابا بھلا ہو کہکر) چلدیا۔

۲۶ تھوڑی دیر کے بعد لوڑیندامل کو خیال آیا کہ میرے مُنہ سے جھوٹ بات نکل گئی بڑا غضب ہوا لالہ اِس سوچ میں تھے کہ اُنکے گھوڑے کا سائیس دوڑا آیا اور یہ کہا کہ مہاراج رنجیت سنگھہ کا انتقال ہوگیا ہے آپکا صاحبزادہ جھنڈامل گھوڑے پر چڑھکر آپکو خبر دینے آرہا تھا گھوڑے نے ٹھوکر کھائی گھوڑا اور سوار دونوں دنیا سے چل بسے لالہ جی یہ سُنکر بیہوش ہوگئے اُدھر گھر والی نے مرگ مفاجات سے دم دیدیا گھر میں کُہرام مچگیا خیر جب لوڑیندامل کو ہوش آیا تو لوگوں نے کہا لالہ جی صبر کرو اور لاشوں کو اوّل منزل پہنچاؤ چنانچہ لڑکے اور جورو کو راوی کے کنارے پُھونک دیا اور بڑے پوتے کھوتامل نے دونوں کو داغا۔

۲۷ لوڑیندامل مہاراج کا بہت مُنہ چڑھا ملازم تھا حاسدوں نے چین نہ لینے دیا چنانچہ اُس سے توشہ خانہ اور سودی خانہ چھین لیا گیا اُدھر برسات بہت ہوئی بھرتی کا اناج کوٹھوں کے بیٹھ جانے سے دیوی کے نوراترہ کے جو کیطرح اُگ آیا اور ایک گانوں جو شاہدرہ کے پاس مہاراج کا عطیہ تھا ضبط ہوگیا۔ دوسرا زرخرید گانوں جو راوی کے کنارہ واقع تھا طُغیانی کے باعث دریا بُرد ہوا چونکہ بعد وفات مہاراج رنجیت سنگھہ لاہور میں ہلچل ہوگئی تھی لینے والے لالہ جی سے اپنا سب روپیہ لیگئے اور دینے والوں سے ایک حبّہ وصول نہو سکا الغرض چند روز میں لالہ لوڑیندامل جیسے کے تیسے رہگئے اور اسی رنج میں دو برس کے بعد نہایت ردی حالت میں

جہان سے رحلت کر گئے۔ دوہرہ۔

سائیں انکھیاں پھیریاں بیری ملک تمام	ٹک ایک جھولا مہر کا تولا کھوں کریں سلام

صاحبو اس سچی داستان کے نتیجہ پر غور کرنا چاہیئے کہ سچ بولنے میں کسقدر فائدے ہیں اور جھوٹ میں کتنے نقصان العاقل تکفیہ الاشارۃ۔

ضمیمہ اوّل مثنوی

عجب سیدھا ہے رستہ راستی کا	یہ رستہ نیک بندوں میں سبھی کا
خدا راضی ہے سچے آدمی سے	خدائی ساری راضی ہے اسی سے
خدا نے راست بازی جسکو بخشی	ملی دولت اُسے دُنیا و دیں کی
خدا نے کر دیا جس کو سرافراز	ملا ہے راستی کا اُس کو اعزاز
وہی سچ بولنے والے کا ہے دوست	کہ جس کا راستی ہے مغز اور پوست
قبولِ حضرتِ خلّاق سچ ہے	پسندِ خاطرِ آفاق سچ ہے
خدا نے سچ کو دی ہے وہ بڑائی	کہ جس سے دلکو ملتی ہے صفائی
ملی ہے راستی جس کو خدا سے	تو گویا مخلصی ہے ہر بلا سے
عطا جسکو ہوا سچ کا خزانہ	اُسی کے زیرِ فرماں ہے زمانہ
عنایت جسکو حق سے ایک سچ ہو	نہیں دُنیا میں کچھہ اندیشہ اُسکو
کبھی گر بھول کر سچ کہنے والا	دروغ اپنی زباں سے بول دیگا
کریگا کوئی بھی اُس سے نہ انکار	کہ سب کرتے ہیں اُسکے سچ کا اقرار
خدا بھی خوش ہے اُس مردِ خدا سے	تعلّق سچ سے جو ہر وقت رکھے

جو قیدِ غم سے دیتی ہے رہائی — سچائی ہے سچائی ہے سچائی
بھلائی کا وسیلہ راستی ہے — نکو نامی کا حیلہ راستی ہے
جسے سچّا بنایا ہے خدا نے — اُسے رستہ دکھایا ہے خدا نے
اگر سچ بھی کبھی جھوٹا کہے گا — نہ سمجھیگا کوئی سچ اس کو اصلا
قسم کھائے اگر کذّاب سو بار — نہ جانیگا کوئی سچ اُسکو زنہار
خلافِ واقعہ جو بر زباں لائے — گنوائے آبرو بے عزّتی پائے
جسے ہو جھوٹ کی ہر وقت عادت — ہے بند اُسکے لئے بابِ سعادت
وہ بے عزت ہے اور بے آبرو ہے — وہ بیہودہ ہے مردِ یاوہ گو ہے
عزیزو مُنہ نہ موڑو راستی سے — غرض رکھو زمانہ میں اسی سے
نہ چھوڑو راست بازی کا طریقہ — کہ ہے سب سے یہی اچھا سلیقہ
بلا سے تیغ اگر گردن پہ چل جائے — بلا سے جان اگر تن سے نکل جائے
بغیر از حق نہ لاؤ کچھہ زباں پر — نہ لو یہ عہد ہرگز اپنی جاں پر
کسی کے واسطے مت جھوٹ بولو — جو ہوں سچّے گہر میزاں میں تو تولو
کرو برپا نہ تُم طوفاں کسی پر — نہ باندھو جھوٹ کا بُہتاں کسی پر
نہو تُو جھوٹ سے دنیا میں بدنام — کہ جھوٹے کا بُرا ہوتا ہے انجام
زباں سے اپنی سچ بولو ہمیشہ — کہ سچ ہے طالبانِ حق کا پیشہ
کہو سچ گر شرافت چاہیئے ہے — بھلے لوگوں میں عزّت چاہیئے ہے
اگر سچ کی طرف رکھوگے رغبت — کرینگے اہلِ حق تُم سے محبّت
عزیزو جیتے جی سچ کو نہ چھوڑو — ہے جبتک زیست اس سے مُنہ نہ موڑو

کرو سچ کو طلب دُنیا و دیں میں
کہ پاؤ منزلت اہلِ یقیں میں

بنا لو راستی کو اپنا محبوب
کہ یہ مطلب ہے ہر طالب کا مطلوب

کہو مانند ہندی سچ زباں سے
کہ مُستغنی ہو تُم اہلِ جہاں سے

ضمیمہ دوم مُسدّس

راستی وہ چیز ہے جسکا ہے نام آفاق میں
ہیں مقرب اُسکے دلسے خاص و عام آفاق میں

ہے کلامِ معرفت سچّا کلام آفاق میں
اہلِ دانش راستی کے ہیں غلام آفاق میں

راستی ہے قول میں جسکے وہ اہلِ قول ہے
جو کہ جھوٹا ہے اُسی کے نام پر لاحول ہے

راستی وہ چیز ہے جسپر فدا ہیں اہلِ ہوش
یہ وہ دریا ہے نہیں گھٹتا ہی ہرگز جسکا جوش

جھوٹ بولا کرتے ہیں جو لوگ ہیں خانہ بدوش
ہو نہ گھر نیکی کا ویراں گر ہو انساں نیک کوش

راستی سے قدر انسانِ گرامی کی بڑھے
شان و عزّت اِس جہانمیں نیکنامی کی بڑھے

راستی سے بڑھ کے دُنیا میں عبادت کون ہے
جو کہری دولت ہے بہتر اُس سے دولت کون ہے

راستی کا گھر ہے جسمیں وہ طبیعت کون ہے
دل میں سوچو تو ذرا سچّی محبّت کون ہے

راستی پر جو فدا ہے۔ ہے وہی مقبول عام
راست بازانِ جہاں کا دین دنیا میں ہے نام

راست گفتاری بہارِ گلشنِ اعزاز ہے
راست گو جو ہے۔ وہی آفاق میں ممتاز ہے

کان کو بھاتی نہیں جھوٹی اگر آواز ہے
نغمہ آرائی ہو کیا۔ بگڑا ہوا گر ساز ہے

۷۴

خوش بیانی کو مٹا دیتی ہے تاثیرِ دروغ
خواب میں بھی جھوٹ کو ہوتا نہیں ہرگز فروغ

جتنے جھوٹے ہیں ذلیل و بے وقار و خوار ہیں
بد دماغ و بد روش بد وضع بد کردار ہیں
بے خبر بے عقل بے تدبیر ہیں بے کار ہیں
گلشنِ ہستی میں بس سوچو کہ مثلِ خار ہیں

آدمی تو ہیں مگر بدتر ہیں حیوانوں سے بھی
شک ہے اِنمیں بھی کہ وہ پیدا ہیں انسانوں سے بھی

جھوٹ سے بڑھکر نہیں دنیا میں کوئی بھی عذاب
پاپ یہ سب سے بڑا ہے اِس سے ہو حالت خراب
جتنے جھوٹے آدمی ہیں سب ہیں دقف اضطراب
سوز رنج و فکر سے جلتے ہیں وہ مثلِ کباب

جن دماغوں سے ہوئی باہر ہوائے راستی
پھر خیال و خواب ہے اُنسے ادائے راستی

راستی جبتک نہو چلتا نہیں خوبی سے کام
اتفاقِ باہمی کا ہے عدو جھوٹا کلام
ہو نہ سچائی کی گر خواہش تو بگڑے انتظام
جھوٹ سے ہوگا نہ کوئی کارخانہ نیکنام

اعتبارِ آدمی ہے راست بازی سے فقط
سر پہ نازل ہو قیامت فتنہ سازی سے فقط

راست بازانِ زمانہ سے ہے دنیا کا قیام
راستی سے ہے کلامِ دانش آرا کا قیام
باغِ دل میں کیوں نہو نخلِ تمنا کا قیام
ہے دلِ اہلِ جہاں میں مردِ یکتا کا قیام

راستی سے حق شناسی کی فضیلت ہو نصیب
فیض سے اُسکے نہ آئے گردِ بدبختی قریب

راستبازوں کا مخالف سے نہ یکبال ہو
جھوٹ آخر کو کُھلے انجام میں جنجال ہو

بد ہیں کہاں سے کرتے ہیں وہ جس کی چال ہو — جانتے ہیں اُسکو سب جھوٹوں کا جو لال ہو

خلق میں بدنام ہونا ہے دروغ بے فروغ
ذائقہ پوچھو زباں سے اپنی کھٹی ہے یہ دوغ[۱]

ہے سچائی پہ عاشق عشق اُسکا ٹھیک ہے — جو بدی سے دُور ہے نیکی کے وہ نزدیک ہے
ہیں جو جھوٹے خیالوں کی اگر تحریک ہے — کچھ نہیں شک ایکدم میں لاکھ کا گھر لیک ہے

راستی آموز تا آساں شود ہر مشکلت[۲]
از صداقت میشود آزاد کلفت از دلت

جھوٹ گر ہوتا نہ دُنیا میں نہ گھٹتی آبرو — کلفتِ اِفلاس کا ہوتا نہ ماتم کو بکو
اختلافِ مذہب کا سبب ہے جو خونِ آرزو — مُفت میں جھوٹے فسانے مشتہر ہیں چار سو

ہو اگر ہر شخص سچائی پہ قربان و نثار
شکل ہمدردی نظر آئے مٹے دِل کا غُبار

رُباعی

کہا نوئے بد ہے جھوٹ انسان میں دیکھ — مُنہ ڈالکے تک اپنے گریبان میں دیکھ
ہے وعدہ فراموش بس اتنا بھی خلاف — کذّاب کو کیا لکھا ہے قرآن میں دیکھ

یا مالک

تیسرا چمن راجنیت یعنے حکومت نامہ

شعر

قناعت بہر حال اولیٰ تر است	قناعت کند ہر کہ نیک اختر است

۱ کہتے ہیں بمقام بمبئی ایک شخص عادل بیگ چشتی رہا کرتے تھے انکی بیوی کا نام بی عدالت تھا مزاجی نے ایک دُنبہ زرنگار نام اور دو کتے پال رکھے تھے ایک ولایتی کا نام قانع تھا دوسرے دیسی کا طامع۔ اور ایک چھڑی (چوب انصاف) جو کسی فقیر صاحب نے عنایت کی تھی ہر وقت اپنے دستِ مبارک میں رکھا کرتے تھے

۲ اتفاقاً مزاجی نے مکّہ جانے کی تیاری کی اور چلنے سے پہلے ایک ہنڈیا میں مچھلیاں بھر کر اُسکا نام نعمت رکھا دوسری میں قلاقند رکھکر اُسکا نام نعمت قرار دیا اور ہنڈیاں چھینکوں پر لٹکا دیں

۳ چونکہ اُس مبارک زمانہ میں انسان و حیوان آپسمین بات چیت کرلیا کرتے تھے مزاجی صاحب جب مکّہ چلنے لگے تو دونوں کتّوں سے کہا میں مکّہ جاتا ہوں گھر تمہارے حوالے ہے ان ہنڈیوں پر نظر نہ ڈالنا میں واپس آکر دونوں کا حصّہ دیدونگا جہانتک ممکن ہو ہمسایوں سے ٹکڑے مانگکے گزارہ کرنا بیرون محلہ ہرگز نہ جانا ورنہ گولی سے مارے جاؤ گے اور جب پاس پڑوس سے ٹکڑے ملنے موقوف ہو جائیں تو اس زرنگار کو ذبح کرکے آدھوں آدھ بانٹ لینا اور بکفایت گزارہ کرنا کیونکہ کفایت شعاری آدھا روزگار ہے۔

۴ طامع نے دست بستہ عرض کیا کہ حضور میں بدن کا موٹا قد کا اونچا اور قانع قد کا چھوٹا بدن کا دُبلا اُسکی خوراک مجھسے کم ہے اسلئے آدھا دُنبہ میرے لئے بہت کم اور اُسکے لئے بہت

زیادہ ہوگا میں چاہتا ہوں کہ میری خواہش کے مطابق میرا حصہ مقرر ہو یہ سُنکر مرزا جی تو کچھ نہ بولے مگر بی عدالت نے کہا کہ تیری خواہش کے مطابق تجکو حصہ ملا تو پیٹ پھٹ جائیگا عدالت ہرگز ایسا نہیں کرسکتی۔ بایں لحاظ دونوں کو برابر ملنا چاہیئے طامع دم بخود ہو رہا۔

۵ روانگی کا وقت آگیا تھا مرزا جی اپنی گھر والی سمیت بمبئی سے جہاز میں سوار ہونیکو روانہ ہوگئے اور تاریخ مقررہ پر جہاز میں بیٹھکر مکہ شریف چلدیئے۔

۶ مرزا جی کے بعد طامع خیالی پلاؤ پکانے لگا کہ اگر مرزا جی جہاز سے گرکر سمندر میں ڈوب جائیں تو مزا آجائے زر نگار کو فوراً مار ڈالوں اور قانع کو کسی بہانہ سے خانہ بدر کرکے اکیلا عیش مناؤں

۷ قانع مرزا جی کی مفارقت[۱] میں نہایت غمگین رہتا اور دعا مانگتا کہ الٰہی مرزا جی اور انکی بیگم صاحبہ کو صحیح سلامت حج نصیب ہو اور تندرستی کیساتھ واپس آئیں وہ دن کسقدر مبارک ہوگا کہ مرزا جی تشریف لائیں اور میں اُنکے قدموں میں لوٹوں اور دل ہی دل میں یہ بھی کہتا کہ عجب نہیں مرزا جی مکہ جدہ یا طائف وغیرہ سے ایک دو لونڈی غلام خرید لائیں جس سے ہمارے ٹکڑوں میں ترقی ہو یا راتب دوچند ہو جائے۔

۸ مرزا جی کے بعد قانع پڑوس میں جاتا اور دم ہلا ہلا کر الگ کھڑا ہو جاتا کسی نے ٹکڑا دیا کھا لیا ورنہ دوسرے گھر جا مانگا اور جب بقدر سدِ رمق[۲] کھانا ملگیا اپنی جگہ پر آبیٹھا لہذا اسقدر دُبلا ہوگیا کہ اُسکے بدن کی ایک ایک ہڈی الگ الگ نظر آنے لگی۔

۹ طامع سارے دن غائب رہتا ایک روز شام کو لنگڑاتا ہوا گھر میں آیا قانع نے اُسکا سبب پوچھا طامع نے کہا بھائی پدمجی حلوائی کی دُکان پر ایک آدمی گرم گرم کچوریاں اُتار کر ٹوکری میں رکھتا جاتا تھا میں دو کچوریاں مُنہ میں لے بھاگا اِدھر مُنہ جلگیا اُدھر حلوائی کے نوکر نے اِس بیدردی سے پتھر مارا کہ ابتک ٹانگ دکھ رہی ہے۔

[۱] جدائی
[۲] مثلہ جان بچانا

۱۰ ایک روز طامع کُوں کُوں کرتا گھر میں گھسا قانع نے پوچھا کیوں بھائی یہ کُوں کُوں کیسی؟

طامع "ایک آدمی دُونہ رکھکر پیشاب کر رہا تھا میں دُونہ لے بھاگا اُسنے دوڑکر بڑے زور سے پتھر مارا کہ اگر زندگی نہوتی تو دم نکلجاتا"

قانع "بھائی جان مرزاجی کہہ گئے تھے کہ تم محلہ کے باہر نہ جانا ورنہ پچتاؤ گے پھر تو کیوں کچوریاں کھاکر مُنہ جلاتا اور دونہ اُٹھاکر پتھر کھاتا ہے"

طامع "میں اپنے نام کا طامع ہوں خواہشوں کو روکوں تو اصلیت میں فرق آجائے طبیعت لالچ کو ترک کرنا نہیں چاہتی"

۱۱ غرض طامع پیٹ پٹاکر خوب پیٹ بھر لیا کرتا تھا انتہا یہ کہ مٹاپے کے باعث اُسکی آنکھیں کھوپریمیں دھنسگئیں

۱۲ اس عرصہ میں قحط پڑا نکڑے بہت کم ملنے لگے قانع پر اُنٹھے کا صرف ایک ٹکڑا (جو چرنجی لال رام بلاس کی دُکان کا کوئی کارندہ دریا جاتے ہوئے دے جاتا تھا) کھاکر پڑا رہتا اور جب وہ باہر جاتا تو طامع بہت کُود پھاند کرتا اور دیوار ونکو پنجے سے کُرید کر یہ چاہتا کہ کسیطرح ہنڈیا تک پہونچ جاؤں مگر اس ارادہ میں ناکامیاب رہتا"

۱۳ اب ٹھیری کہ زرنگار دُنبہ کو حلال کرکے آپسمیں بانٹ لیں چنانچہ طامع نے پوچھا بھائی قانع کیا صلاح ہے"

قانع "جو تیری صلاح وہ میری"

طامع "میری صلاح تو یہ ہے کہ دُنبہ کو ذبح کرڈالیں اور نصفا نصف بانٹ لیں"

قانع "بہت خوب"

طامع نے دل میں یہ منصوبہ گانٹھا کہ قانع کی غیر حاضری میں اپنا کام بناؤں اور اُسکو دھوکہ دیکر ترمال خود اُڑاؤں اور صرف ہڈیاں اُسکے حوالے کردوں تو بات ہے"

۱۴ صبح کو طامع نے قانع سے کہا کہ بھائی آج سنکرانت ہے لالہ گلاب رائے کی کوٹھی میں پکوڑے تقسیم ہوا کرتے ہیں تم ابھی چلے جاؤ مگر میرے واسطے بھی کھڑے رہنے کی جگہ روک رکھنا وہاں

بھیڑ بہت ہو جایا کرتی ہے میں بھی تھوڑی دیر بعد آجاؤنگا"

۱۵ چنانچہ قانع چلا گیا طامع نے اُسیوقت زرنگار کو ذبح کر ڈالا اور صاف کرنیکے بعد گوشت کی ڈھیری الگ لگائی ہڈیوں کی الگ دونوں ڈھیریوں کو ایک کپڑے سے ڈھانک کر خود ایکطرف جا بیٹھا"

۱۶ جب قانع واپس آیا تو طامع سے کہا یار تم تو خوب آئے میں عرصہ تک منتظر رہا بھائی میرا تو پیٹ بھر گیا دو چار ٹکڑے تمہارے لئے لیتا آیا ہوں"۔

طامع "بھائی ایک تو گھر خالی تھا میں آتا تو چوکسی کون کرتا اور پھر دنبہ ذبح کرنا تھا میں نے سمجھا کہ تم کو کیوں تکلیف دوں فرصت میں خود ہی کر ڈالوں کپڑے کے نیچے دونوں حصے رکھے ہیں۔ تو میری طرف والا لیگا یا اپنی طرف والا۔ قانع نے بدیں خیال کہ بہرصورت ایکطرف دنبہ کی سری ہوگی دوسری طرف چکتی۔ کوئی سا حصہ ملجائے مجھے کفایت کریگا (لیکن اُسے یہ معلوم نہ تھا کہ طامع نے بے ایمانی سے دوسری طرف صرف ہڈیاں رکھ چھوڑی ہیں) یہ کہا کہ بھائی جو تجکو اچھا معلوم ہو خود لیلے اور جو ناپسند ہو مجھے دیدے"

۱۷ طامع نے گوشت کا پارچہ اُٹھا کر کہا کہ یہ ڈھیری میری طرف ہے میں لونگا اور ہڈیوں کی ڈھیری تیری طرف ہے وہ تجھے ملیگی۔ قانع یہ کیکر سناٹے میں آگیا مگر ساتھ ہی دلمیں سوچا کہ اگر اب کوئی عذر پیش کیا تو عہد شکنی ہوگی اقرار پورا کرنے کیلئے راجہ جسرت والی اجودھیا نے اپنی جان اور دونوں بیٹے تیاگ دیئے تھے دوہرہ

پران پتر سے ادھک پتر پران سم جان	جسرت نے دونوں تجے یہن نہ دینا جان

قطعہ

اس چمن میں رُخ بدلتا ہے ہوا کا دمبدم	کب تلک الزام پھر سر پہ دھرنا چاہیئے
ہے زمین و آسماں کا فرق قول و فعل میں	آدمی جو مُنہ سے کہتے ہو وہ کرنا چاہیئے

قانع یہ بات سوچ ہی رہا تھا کہ طامع نے کہا دیکھو بھائی گو ظاہر میں گوشت والی ڈھیری

قابلِ خدا معلوم ہوتی ہے مگر بعد تناول نجاست ہو جایا کرتی ہے تیرا حصہ گو اسوقت ہڈیونکا ڈھیر ہے مگر اول تو ہڈیاں تُل تُل کر فروخت ہو رہی ہیں بیچ ڈالنا ورنہ برسات میں مٹھریونکی طرح چبا لینا"

۱۸ قانع نے جواب دیا تو خاطر جمع رکھ میں آج کل کے لوگونکی طرح نہیں ہوں کہ اقرار کر کے منحرف ہو جاؤں بلکہ میں اس شعر کے مطابق کاربند رہتا ہوں ؎

کہتے ہیں صاحبانِ صدق وصفا		اچھے کرتے ہیں کر کے وعدہ وفا	

تو اپنا ڈھیر اُٹھالے میں اپنا حصہ لئے جاتا ہوں معاملہ فیصل ہوا"

۱۹ طامع نے رات کو گوشت کھایا تو بے مزہ تھا باورچی سے سبب بدمزگی دریافت کیا اُسنے کہا کہ بے ہڈی کا گوشت ذائقہ دار نہیں ہوتا اس سے اُسکی طمع اور بڑھ گئی کیونکہ لالچی آدمی کے پاس جتنی دولت زیادہ ہوتی ہے اُتنی ہی خواہش بڑھ جاتی ہے ؎

دُونی ہوتی ہے آگ طامع کی		جسقدر مال اُس کو ملتا ہے	

۲۰ طامع نے صبح اُٹھکر قانع سے کہا بھائی سلام مزاج مبارک رات کو تو خوب مٹھریاں سی چبائی ہونگی۔ قانع کو غصہ آگیا مگر اُسنے بزرگوں سے سُن رکھا تھا کہ غصہ کیوقت آدمی خاموش ہو جائے تو بہت مناسب ہے اسلئے چُپ ہو رہا۔ طامع نے کہا بھائی رات کو گوشت پکوایا تھا نہایت بدمزہ نکلا رات بیکار گیا چونکہ بے ہڈی کا گوشت بدمزہ ہوا کرتا ہے اسلئے جبنی ہڈیاں مجکو دیڈالے تو میں تیرا بڑا شکر گزار ہونگا۔

قانع "تو اسکے بدلے کیا دینا چاہتا ہے"

طامع "بھائی جان تہ دل سے دعا (نامعقول نے یہ نہ کہا کہ دُنبہ کا گوشت) اس سے بڑھکر اور کیا چاہیئے ع برگِ سبز است تحفۂ درویش"

۲۱ تو عمدہ کی بات ہے کہ انسان کیسا ہی قانع یا بردبار کیوں نہ ہو مگر ناحق بات پر غصہ آ ہی

جاتا ہے قانع غصہ کو ضبط نہ کر سکا گو قامت میں دیسی سے بہت کم تھا مگر ولایتی ہونیکے باعث جرات بہت زیادہ رکھتا تھا دونوں میں ہاتھا پائی شروع ہوگئی چونکہ قانع دبلا کمزور اور بھوکا ننگا مارا تھا اسلئے کچھ عجب نہ تھا کہ طامع اسکو چیر ڈالتا لیکن پروردگار کمزور کا محافظ ہے مرزاجی اسیوقت جہاز سے اتر کر گھر آگئے اور اپنے مکان واقع بھنڈی بازار کے متصل پہونچکر کتوں کا شور غل سنا اور یہ خیال کیا کہ شاید غیر کتا گھر میں گھس آیا ہوگا میرے کتے اس سے لڑ رہے ہیں گھر پہونچے تو دیکھتے کیا ہیں کہ "اپنے ہی سگوں میں غائبانہ جنگی ہو رہی ہے" دیسی ولایتی پر غالب ہے اور ولایتی کے بدن سے خون ٹپک رہا ہے مرزاجی نے عصائے انصاف سے دونوں کو علیحدہ کیا طامع کونے میں کھڑا ہوا غرا رہا اور قانع ادب سے ایک جانب ایستادہ ہوکر اپنے زخموں کو چاٹنے لگا۔

۲۲ مرزاجی نے واقعی حال معلوم کرنیکے بعد مندرجۂ ذیل اسپیچ دی کمبخت کتو! سنو تمہاری ذات صبر میں یکتا تمہاری نسل وفا میں بمثل تمہاری قوم جان نثاری میں یگانہ جرات میں فرد۔ تمہاری سی وصف اور خصلتیں انسان میں ہوں تو اسکو فرشتہ کے لقب سے مخاطب کرنا زیبا ہے۔ افسوس تم دنیادارونکی طرح ذرا سے لالچ کے باعث ناحق لڑتے ہو۔

۲۳ میاں قانع تمسے تو یہ امید نہ تھی کہ آج کل کے لوگونکی طرح اپنے بزرگوں سے فوجداری کرنے پر مستعد ہوجاتے آخر طامع تمسے پہلے پالا گیا ہے اور اس ملک کا رہنے والا ہے قدیمی اونچا بدنہیں فربہ عمر میں بڑھا پہلے تم ہی بتاؤ کہ یہ کیا ماجرا ہے قانع نے اول سے آخر تک سارا حال مرزاجی کو کہہ سنایا اور پھر یہ کہا مرزاجی ہر شخص لڑنے جھگڑنے یا حق تلفی کرنے والا عموماً اپنے آپکو سچا سمجھا کرتا ہے آپ ہی انصاف فرمائیں کہ قصور کسکا ہے طامع نے جو کچھ کہا میں نے تسلیم کیا جو مانگا فی الفور دیدیا ذرا سی چھینی ہڈیاں رہ گئیں تھیں ظالم ان پر بھی دانت رکھکر دانوں چلانے لگا پھر مرتا کیا نکرتا۔

۲۴ مرزاجی نے فرمایا طامع اب تو اپنی بریت کی بابت کیا کہنا چاہتا ہے عرض کر یہ سب جانتے

ہیں کہ لالچی آدمی کو جھوٹ اور فریب سے وہ نسبت ہے جو وجود کو اپنے سایہ سے۔ طامع نے بات بنائی اور یہ کہا کہ قانع نے جو کچھ عرض کیا ہے وہ سب غلط نا اتفاقی کا سبب میں گوش گزار کئے دیتا ہوں"

۲۵ ایک روز میں بچشم خود کیا دیکھتا ہوں کہ قانع ضیافت کے جھوٹے ٹکڑے کھا رہا ہے اور محلہ کے کتے اُسے دیکھ دیکھکر ہنس رہے ہیں اور افسوس کر رہے ہیں مجکو تعجب ہوا اور اُنسے اِس ہنسی اور افسوس کا سبب پوچھا سب نے ایک زبان ہوکر کہا کہ نواب چاند خانصاحب کی ایک حلالخوری سے دوستی تھی چنانچہ مہترانی کو حمل رہا بچہ پیدا ہونیکے بعد لال بیگی جمع ہوکر نوابصاحب کا تھتک[1] کرنے لگے چونکہ نوابصاحب مالدار تھے کچھ دے دِلا سب کو رضامند کر لیا اور بچہ کو پرورش کیلئے دائی کے حوالے کر دیا نوابصاحب نے رفع غبار بدنامی کی غرض سے برادری کی دعوت قرار دی جسمیں مولوی مُلّا چودھری مقدّم سب شامل ہوئے اور اُنکے متموّل ہونیکے سبب ایک نے بھی چوں نہ کی کھا کھا کر منہ پونچھوں پر تاؤ دیتے ہوئے چلدیئے اُس ضیافت کی اُولش[2] قانع نے کھائی یہ دیکھکر مجکو غصّہ آگیا اور چونکہ اُس روز سے قانع کا میل جول برادری میں بند ہوگیا تھا مینے بھی اُس سے علیحدگی اختیار کی لڑائی کا اصل باعث یہ ہے قانع جو چاہے سو کہے بی عدالت نے فرمایا طامع تمہارا گواہ کون ہے"

[1] سابق کا تقاضا کرنا
[2] جھوٹا

طامع" آپ کس بات کا گواہ طلب فرماتی ہیں نوابصاحب اور مہترانی کے تعلّق کا یا اِسکے جھوٹے ٹکڑے کھانیکا"

مرزاجی" دونوں باتونکا۔ مگر چونکہ آج ہم تھکے ہوئے ہیں پرسوں دس بجے دونوں اپنے اپنے گواہ پیش کریں اِس عرصہ میں مرزاجی نے اپنے طور پر واقعی حال دریافت کر لیا اور تاریخ مقررہ پر دونوں فریق مع ثبوت حاضر ہوئے"

۲۶ طامع کی جانب اشارہ ہوا کہ اپنے بیان کا ثبوت پیش کرے اُس نے تھانہ کی ایک شہادت جسمیں مفصلۂ ذیل بیان مندرج تھا پیش کی۔

(اکسٹراکٹ) خلاصہ رپورٹ لالا بیگ عرف جھبّو مہتر جمعدار حلقہ فلاں نواب چاند خاں

نجاست جان مہترانی پر عاشق ہوئے چند روز کے بعد حمل رہگیا بچہ پیدا ہوا۔ اسپر تمام مہتر در دولت پر جمع ہوئے اور نوابصاحب سے معاوضہ چاہا نوابصاحب نے کچھ روپے دیکر گلو گزاری حاصل کی۔ بچہ جسکا نام تحفۂ علت رکھا گیا تھا خصیہ جان دائی ساکن بھنڈی بازار کے سپرد کیا گیا تیسری جب کو نوابصاحب نے اپنی کوٹھی پر جسکا نام نوبہار عشرت ہے اہل برادری کی دعوت کی تمام برادری کے لوگ و اکثر مولوی ملا مشائخ چودھری اور اہلکار وغیرہ دعوت میں شامل ہوئے کھانا تناول کیا اور واہ واہ کیا غرض بہت دھوم سے ضیافت ہوئی مگر جھوٹن حلال خوروں نے تو کیا کتوں تک نے بھی نہیں کھائی آخر اہلکاران صفائی نے کرانچیوں میں لدوا کر قبرستان کے میدان میں پھکوادی چیل کوّے تک پاس نہیں آئے ابتک پڑی سڑ رہی ہے"

۲۷ مزاجی نے یہ سُنکر طامع سے کہا کہ اس بیان سے قانع کا جھوٹن کھانا ثابت نہیں ہوتا"

۲۸ جب آدمی ایک جھوٹ بولتا ہے تو اُسکے لئے بہت سے جھوٹ بولنے پڑتے ہیں اور جھوٹ پھر جھوٹ ہی رہتا ہے طامع بولا کہ حضرت جن محلّونکے کتوں نے قانع کو جھوٹن کھاتے دیکھا تھا وہ اس بنا پر گواہی دینے سے انکار کرتے ہیں کہ یہ فرقہ بنی آدم ہی کی خاصیت ہے کہ اپنے فرقہ کے مقابل گواہی دینے کو مستعد ہو جاتے ہیں ہماری قوم سگ اصحاب کہف کی صحبت کا اثر رکھتی ہے ہمکو معاف کہا جائے"

۲۹ مزاجی نے فرمایا اچھا اپنے گواہوں کے نام درج کرادو تھانہ کی معرفت طلب ہو جائینگے اگر وہ اپنے آپکو سگ اصحاب کہف کی ملت میں بتاتے ہیں تو ضرور ہے کہ سچ بولینگے طامع نے گھبراکر کہا حضور آپ میرے برادری والونکو دق نکریں میں اپنے دعوے سے دست بردار ہوتا ہوں مقدمہ خارج فرمایئے۔ اُسپر بی عدالت بولیں کہ اسمیں سرکار مدعی ہے تیری رضامندی پر مقدمہ خارج نہیں ہوسکتا تو اگر سچا ہے اپنے گواہوں کے نام لکھوا۔ ناچار طامع کو چار کتوں کا نام لکھوانا پڑا۔ ٹیپو غضنفر۔ رستم اور جھبرا۔

۳۰ بی عدالت نے تاریخ پیشی مقرر کرکے تھانہ کے نام حکم جاری کیا کہ فلاں تاریخ ان گواہوں کو
عدالت میں پیش کرے چنانچہ تاریخ مقررہ پر دونوں فریق اور چاروں گواہ حاضر عدالت ہوگئے
مسٹر پٹیو نے اظہار و نمبر لکھوایا کہ حضور میں اس ضیافت کے موقع پر شہر میں نہیں تھا اپنے
مالک کیساتھ ہردوار گیا ہوا تھا لہذا اس مقدمہ میں کچھ نہیں جانتا۔
غضنفر آیا مرزا جی نے پوچھا تم کو طامع نے اس بات کا گواہ لکھوایا ہے کہ نواب چاند خاں
کی ضیافت کی جھوٹن قانع نے تمہارے سامنے کھائی غضنفر نے کہا طامع ایک ہفتہ ہوا میرے مکان
پر آیا تھا اور یہ کہتا تھا کہ ذرا سے کام کیواسطے تمہارے پاس آیا ہوں مہربانی کرکے مرزا جی سے
یہ کہہ آؤ کہ قانع نے چاند خاں والی ضیافت کی جھوٹن کھائی ہے میں نے کہا کہ مجھسے جھوٹ نہیں
بولا جاسکتا ایسی باتیں انسانوں ہی کے فرقہ کو مبارک ہیں دیکھ لو چاند خاں مہترانی سے
ہم نوالہ و ہم پیالہ ہوئے اور چودھری تک انکی ضیافت کھائی حضور طامع جھوٹا ہے قانع
نے ہمارے سامنے جھوٹن نہیں کھائی۔ چونکہ یہ دونوں کتے تمام کتوں سے چودھری تھے
انہیں کی گواہی پر مقدمہ ختم ہوگیا۔ مرزا جی نے بی عدالت کی رائے سے طامع کو مجرم
قرار دیکر مندرجہ ذیل حکم نافذ کیا۔
۳۱ طامع لعنت کی ہنڈیا اپنے گلے میں باندھکر یہاں سے چلا جائے اور مرگھٹ میں رہکر
اگر وہ اب شہر میں آیا تو کوڑے کی گاڑی میں لیٹا نظر آئیگا وہ مرگھٹ کے میدان میں بیٹھا ہوا
یہ دیکھا کرے کہ کیسے کیسے انسان دور دراز ملکوں کا سفر کرآئے ہزاروں کا مال مارلائے
سینکڑوں روپے بڑے بھلے کا سونمیں لگائے مگر ننگے پانوں خالی ہاتھ اور ونکے کندھے چڑھکر
مرگھٹ پہنچے ایسے حادثات دیکھکر شاید اسے معلوم ہوجائے کہ طمع سے کسقدر نقصان ہوتا ہے پھر قانع
کیطرف متوجہ ہوکر فرمایا کہ نعمت کی ہنڈیا تم سنبھال لو اسمیں یہ وصف ہے کہ جتنا آج خرچ کرو

ہی کل موجود ہو جائیگا اور تمہارے رہنے کیلئے باغ بہشت بریں جو آگرہ میں مقبرہ† تاج محل کے گرد ہے عطا ہوا اُس باغ میں قناعت کیساتھ یاد الٰہی کیا کرو لیکن چونکہ ہم بھی عنقریب خواجہ صاحب کی زیارت کیلئے اجمیر جانے والے ہیں تا قیام اینجانب ہمارے ہی پاس رہو۔

۲۲ اب قانع اس ہنڈیا کا مال کھا کر ایسا موٹا ہوا کہ کوئی اُسکو شناخت نہیں کر سکتا تھا ایک روز مرزاجی کا ایک دوست ملاقات کو آیا اور قانع کو دیکھکر یہ سمجھا کہ مرزاجی نے یہ اور کُتا پالا ہے متعجب ہوکر پوچھا کہ یہ کُتا ہے یا دُنبہ کیا کہکر لائے ہو مرزاجی نے ہنسکے کہا کہ یہ وہی کُتا ہے جسکا نام قانع تھا قانع کے پاس غم نہیں آسکتا جو کھاتا ہے جُزوِ بدن ہو جاتا ہے اسلئے موٹا ہو گیا ہے طامع ہمیشہ غمگین رہتے ہیں نہ رات کو نیند نہ دن کو چین۔ مثلاً کسی طامع الملک نے خوب روپیہ کمایا بہت سی رشوتیں اضم کیں چاندی سونے کے زیور گھڑوائے املاک خریدی باغ لگائے مگر ہمیشہ یہ ڈکا لگا رہا کہ بہادر کسی سیٹھ ساہوکار کا بہی کھاتہ پکڑا جائے اور اُسمیں ہماری لی ہوئی کوئی رقم نکل آئے۔

۲۳ ایکدن میاں قانع سیر کرتے کرتے مرگھٹ کیطرف جا نکلے طامع سے ملاقات کے بعد پوچھا کہو یار اب کسطرح گذرتی ہے طامع نے کیا بتاؤں مینے یہ سمجھا تھا کہ مرزاجی اللہ کے گھر سے جیتے نہ پھر نگے نیز میری نیت میں تھا کہ وہ مُنہ کا گوشت کھا کر تمہارے اُڑاؤنگا افسوس سب کے بدلے لعنت کی ہنڈیا اور مرگھٹ کا میدان ہات لگا دربان یہ لعنتی تعمہ دیکھکر شہر کے دروازے میں قدم نہیں رکھنے دیتے آنکھ بچاکر کسی لاش کا کوئی جلا بھنا عضو کھا لیتا ہوں باقی خیریت ہے، قانع یہ سُنکر رو پڑا اور دلمیں یہ کہتا ہوا گھر آیا کہ طامع باوجود تجربہ انصاف پسند نہیں ہی آخر کار سارا ماجرا مرزاجی سے کہا اُنہوں نے نہایت افسوس ظاہر کرکے فرمایا کہ اُسکو مینے بہت تربیت دی ماسٹر رکھے بورڈنگ میں بھیجا مگر چونکہ کُتا تھا کُتا ہی رہا۔

† نوٹ یہ باغ اور مقبرہ ۱۶۳۲ء میں شروع ہوکر ۱۷ برس کے عرصہ میں ختم ہوا اور کروڑ روپے اسکی تیاری میں صرف ہوئے آگرہ سے دو میل دریائے جمنا کے کنارہ پر قانع ہی اسمیں ممتاز محل زوجہ شاہجہاں دفن ہیں باغ اور مقبرہ کی خوبصورتی تمام دنیا میں ممتاز مانی گئی ہے

گر سنہ کل جہان پر طامع | سیر ہے ایک نان پر قانع

ضمیمۂ اوّل مخمس

جسکو خدائے پاک حکومت عطا کرے | اجلاس فوجداری کا فرمانروا کرے
گدی پہ بیٹھکر وہ جو چاہے کیا کرے | چاہے کسی کو قید کرے یا رہا کرے
یا بید کی وہ غیر مہذب سزا کرے

انصاف کو وہ شخص ندے ہات سے کبھی | کوئی حکم دے نہ مراعات سے کبھی
ہو واہی تو پھر نہ ٹلے بات سے کبھی | حق پر نہ ہات اُٹھاے مکافات سے کبھی
بے لاگ ہر مقدمہ فیصل کیا کرے

تحفہ کی چیز لینے سے ہرگز نہ ہو نہال | اور لے کبھی نہ اہل غرض سے بھی کوئی مال
عہدے پر اپنے کیوں نہ وہ حاکم رہے بحال | بے لاگ جسکو ایک زمانہ کرے خیال
اللہ اُس کو اور حکومت عطا کرے

ملزم کرے وہ ضد سے کسیکو نہ بے قصور | مجرم ہے اصل میں تو سزا دے اُسے ضرور
نزدیک رحم سے رہے ظلم و ستم سے دُور | برپا کرے فساد نہ فتنہ نہ کچھ فتور
بدنامیوں سے دُور ہمیشہ رہا کرے

رکھے بہت نہ ناظر و منشی کا اعتبار | کاغذ پہ دستخط بھی کرے ہو کے ہوشیار
سوچا کرے ہر ایک طرح کا مآل کار | آرام و عیش میں نہ بسر کردے روزگار
اظہار و حکم و فیصلہ خود ہی لکھا کرے

وہ کردے ہو مقدمہ کی جیسی روئداد | جو حکم دے خیال رکھے اُسکا خود زیاد

مُلزم کو چھوڑنا ہو تو اُسکو بھی کر دے شاد
بے وجہ ہو نہ دیر کرے اُسکا اِنسداد
یا ہو ثبوتِ جُرم تو بیشک سزا کرے

مُلزم پہ رحم کر جو ضمانت کسی نے دی
تو بھی نہو بچارہ حوالات سے بری
حاکم بھی حکم دے کہ نکالو اِسے ابھی
پر لالچی ہو مُنشی تو بنجائے مدعی
دیدے جو کچھ تو چھوٹے نہیں تو مرا کرے

اپنے ہی فائدہ پہ نظر ہے اُنہیں فقط
حاکم کے حُکم کو بھی وہ کر دیتے ہیں غلط
کہئے اگر کہ چھوٹے یہ مُلزم کسی نمط
تو کہتے ہیں ہوئے نہیں کاغذ پہ دستخط
حکمِ رہائی گرچہ ہوا ہے - ہوا کرے

انصاف کیجئے تو ہے افسوس کا مقام
حکمِ رہائی صبح کا تھا ہو گئی ہے شام
وہ تو مرا کہ پاس نہیں جسکے اِک چھدام
ہاں جس نے دیدیا تو ہوا جلد اُسکا کام
ایسا خُدا کرے کہ نہ کوئی پھنسا کرے

ناظر کے ظلم پہ بھی ذرا کیجئے نظر
تر نظر سے فائدہ اپنا ہی ہے مگر
طاسے کو اِک ٹکا نہیں اور دیں کہاں سے گھر
دیتا نہیں ہے کوئی اُسے تاریخ کی خبر
حاکم کو چاہیئے خبر اُسکی لیا کرے

کہئے کہ اُسکے در کا اب کون ہے طبیب
ٹھہر جائے یا مُقیم سرا میں ہے غریب
تاریخ پاتا ہی نہیں دُور یا قریب
گر ٹل گئی تو جان لو پھر سو گئے نصیب
سُنتا نہیں - ہر کوئی وہ کچھ ہی کہا کرے

تحریر میں ہماری عجب کیا جو ہو اثر
ماتحت سے رہینگے نہ حُکام بے خبر
بھولے سے بھی سنایا نہ جائے کوئی بشر
بیٹھے مزے سے چین کریں لوگ اپنے گھر

حاکم وہی ہے کام جو ایسا کیا کرے

ضمیمہ دوم

اے برادر خصلتیں ایسی ہیں چار — جنسے کم ہو بادشاہوں کا وقار
شاہ جو خنداں ہوا کثر بے محل :: اُسکی ہیبت میں پڑے بیشک خلل
بیشتر رکھے ملاقات رذیل :: خلق کی نظر و نمیں ہو جاے ذلیل
صحبت نسواں میں گر ہو جاے غرق — شاہ کی ہیبت میں ہاں آجاے فرق
فکر آزار رعایا گر رہا :: تو یہ سمجھو جیتے جی بس مر رہا
کب بھلا وہ بادشہ ہو کامیاب — کیا تعجب مُلک ہو اُسکا خراب
جو کمینوں پر رکھے اکثر کرم — پائیں غلبہ اُس پہ دشمن بیش و کم
والہ نسواں جو ہوگا بادشاہ — اُسکی عزّ و سلطنت سب ہو فنا
ظُلم پر باندھے کمر گر بادشاہ — نفع کیا بخشے اُسے گنج و سپاہ
ہے جو عادل دادگر فرخ لقا — اُسکے مُلک و سلطنت کو ہے بقا

ضمیمہ سوم

ہو گیا گر کوئی مقرّب شاہ — اُسکا ہوتا ہے اِک جہاں بدخواہ
مل کے دشمن بگاڑ دیتے ہیں :: خدمتیں سب اُجاڑ دیتے ہیں
عذر مکر و فریب کا گھڑ کر — نقص صبر و شکیب کا گھڑ کر
جا کے تنہائی میں سُناتے ہیں — شاہ کے دل میں فرق لاتے ہیں

اِسائے شاہ کو مناسب ہے	بلکہ لازم ہے اور واجب ہے
نکمرے بھول کر اُسے مقبول	کہ ہے اُسکا قبول کرنا بھول
رل ملا اہل عرض سے گر ہوں نویش	نوش ظاہر میں ہیں بباطن نیش
پہلے تو نوش دیکے مار بنے	مار کر نیش پھر وہ مار بنے
ایسے لوگوں سے ہوشیار رہے	ورنہ نقصاں کا انتظار رہے

ضمیمہ چہارم

سلطنت میں جو رکھے امن و اماں	ہے وہی نیک بادشاہِ زماں
جو ہیں کمزور اُن کی یاری کر	بھول مت اپنی زورداری پر
بادشاہی کے ہیں یہی معنی	جاں پناہی کے ہیں یہی معنی
جب رعیت کی یہ رعایت ہو	پھر خدا کی نہ کیوں عنایت ہو

ضمیمہ پنجم

دولت و مُلک و مال فانی ہے	یاں کی ہر چیز آنی جانی ہے
مُلک شاہوں سے ہو گئے ہیں جُدا	سب ہیں فانی سوائے مُلکِ خُدا
کِسکو جاوید رہنے کی ہے امید	خود جہاں رہنے کا نہیں جاوید
کِسکا رہتا ہے گنج و دولت و مال	سب یہ مرنیکے بعد ہیں پامال
رہتی ہے جس کسی سے خیر رواں	وہی پاتا ہے رحمتِ یزداں
جس کسی کا کہ نیک نام رہا	سچ تو یہ ہے کہ وہ مُدام رہا

ہاں درختِ سخا جو پا لیگا | کامرانی کا پھل وہ کھا لیگا

ضمیمۂ ششم

رحم ظالم پہ تو نہ کر زنہار | جب بُرا خود کہے اُسے غفّار
جو لٹیروں پہ رحم کھاتا ہے | کارواں اپنا ہی لُٹاتا ہے
درگزر بد کے ساتھ ہو نہ روا | ہو بدی درگزر سے اور سوا
ہووے آزار خلق گھر میں جو | ذبح کر تیغ تیز سے اُسکو
شحنہ کی عام ہو جو خوش خوئی | سو نے پائے نہ چور دنیے کوئی

ضمیمۂ ہفتم

ظُلم جو بادشاہ کرتا ہے | خود کو خود ہی تباہ کرتا ہے
پس منا سب ہے بادشاہوں کو | کُل رعایا کے جاں پناہوں کو
مہربانی رکھیں رعیّت پر | نظر اپنی رکھیں شریعت پر
کریں انصاف کو شعار اپنا | اور رعیّت کو سمجھیں یار اپنا
دادگر بادشاہ کا لشکر | خود رعیّت کو جان لو یکسر
ہوگئی جب رعیّت اپنی یار | مُفت کی فوج ہوگئی تیار
اپنے دُشمن سے کیا اُنہیں کھٹکا | اُنپہ غلبہ ہو کیونکہ دشمن کا

ضمیمۂ ہشتم

کہتے ہیں یوں خرد وران جہاں | اِن چھیونمیں سے ایک ہو جو عیاں

ملک اور مال کو ضرر پہونچے — جان پر بھی کبھی اثر پہونچے
پہلے ہے بدنمی کہ جیسے کوئی شاہ — کرے محروم اپنے نیکو خواہ
اور جو ہیں عقیل و تجربہ کار — رکھے انکو خراب خستہ و خوار
دوسرے فتنہ یعنے بے باعث — جنگ اور واقعات ہوں حادث
اور تیغ مخالفاں چمکے — بارش خوں میں برق سار ہو
تیسرے ہے ہوا کہ شاد زماں — ہو خریدار ناز ہائے زناں
یار رکھے شوق صید و ذوق شراب — گزرے لہو و لعب میں اسکا شباب
چوتھے ہے عکس اختلاف زماں — ہوتا ہے جو کسی زماں میں عیاں
مثل قحط و وبا و حرق و غرق — زلزلہ آئے یا گرے کہیں برق
پانچویں تند خوئی یعنے غضب — ہو سزا کی زیادتی ہے عجب
ہے چھٹے جہل یعنے نادانی — جو ہے تعمیل عکس فرمانی
جیسے ہو صلح جس جگہ درکار — اُس جگہ ہووے جنگ کو تیار
اور ہو جنگ جس جگہ واجب — اُس جگہ ہووے صلح کا طالب
بے محل جنگ و صلح سے کیا کار — گل کی جا گل ہو خار کی جا خار

رباعی

سلطان ہے تو عقل وزیر دانا — اخلاق ترے مشیر اعلےٰ
اعدا ہیں ترے کشور تن میں عیار — تو عدل سے کر کام جہاں کا سارا

جملہ حقوق بذریعہ رجسٹری محفوظ ہیں

یا مالک

چوتھا چمن خطر السکر

شعر

شراب ہے یہ سمجھ کے پینا خراب کہتا ہے اسکو عالم	کہلینگے جو ہر نشے میں پیاری ادھر ہماری ادھر تمہارے

۱ سرکار کی شمشیر اقبال سے جب غدر فرو ہوا اور ہندوستان میں امن کا تسلط اچھی طرح ہو گیا ایک بھڑبونجا مسمی بھجنا اور اُسکا بیٹا رتنا اور رتنا کی ماں سُکھیا بمقام پالی ٹانا جا رہے بھجنا بھاڑ جھونکتا تھا اور اُسکی جورو نے پاپڑ اور بڑیوں کی دُکان الگ کھول رکھی تھی رتنا غدر سے پہلے مہاراج پالی ٹانا کے ہاں اوّل پہلوانوں میں اور پھر اردل میں بھرتی ہوا اور بعد نوکری چھوڑ کر چلدیا۔

۲ آپسمیں جورو خاوند نے یہ دستور باندھ رکھا تھا کہ شراب اور کپڑا کا خرچ خاوند نے اپنے ذمہ رکھا تھا اور اسکے علاوہ معمولی اخراجات کی ذمہ داری سُکھیا کی تھی۔ اُندنوں شراب کی ایک بوتل پالی ٹانا میں دو آنہ کو بکا کرتی تھی۔ بھجنا روز ایک بوتل لاتا اور دونوں جورو خاوند جبتک اُس بوتل کو ختم نہ کر لیتے

+ نوٹ۔ پالی ٹانا کاٹھیاواڑ میں پانچ لاکھ روپیہ سالانہ کی ریاست بھاونگر سے جانب جنوب مائل بفاصلہ ۲۰ واقع ہے راجصاحب گوہل راجپوت ہیں۔ ستر نجہ پہاڑ میں بیشمار سندر جینیوں کے بنے ہوئے ہیں اور ہزاروں جاتری سال بسال وہاں جاتے ہیں اس سبب سے یہ راج بہت مشہور ہے اور تیاری اور بکری شراب ریاست میں حکماً بند ہے اسیطرح ٹونک راجپوتانہ میں ایک ریاست ہے جہاں نواب محمد ابراہیم علیخانصاحب حکمراں ہیں سُنا ہے یہاں بھی شراب فروشی قمار بازی نہیں ہوتی اور کوئی کسبی شہر میں آباد ہونے نہیں پاتی۔ ایسے حاکم بہت کم پیدا ہوتے ہیں کہ بہبودی رعیت پر خیال کر کے راج کے فائدہ کی کچھ پروا نہیں کرتے اگر نوابصاحب آتشبازی بھی اسدود کر دیں تو بہت سے اطفال کی جانیں بچ جائیں اور رعیت انکو دعائے خیر سے یاد کرے۔ والی جمّو کی عملداری میں بھی تا حیات مہاراج رنبیر سنگھ جی بکری اور ساخت

کھانا نہ کھاتے۔ بڈھے بڑہیا کو شراب پیئے بغیر چین ہی نہیں آتا تھا۔

۳ چونکہ مہاراج پالی تانا اپنی بیدار مغزی کے باعث رعایا کی بہبودی ہمیشہ پیش نظر رکھتے تھے اور شراب ارزاں ہونیسے بہت سی خرابیاں برپا تھیں اسلئے حضور نے راج کی آمدنی کا نقصان گوارا کرکے اعلان دیدیا کہ ایک سال کے بعد میری ریاست میں نہ تو شراب کشید ہونے پائیگی اور نہ کوئی اور جگہ سے لاکر ممالک محروسہ میں بیچنے کا مجاز ہوگا تاوقتیکہ ڈاکٹر یا حکیم بطور دوا کے تجویز نکرے بعد اختتام سال جو شخص خلاف ورزی کریگا مجرم گردانا جائیگا۔

۴ اشتہار سنتے ہی بھجنا کے چھکے چھوٹ گئے جورو سے کہا کہ مہاراج نے اشتہار جاری کیا ہے گو اس سے خلق اللہ کا نفع متصور ہے مگر میرے تیرے حق میں تو یہ حکم قتل سے کم نہیں بڑہیا ایک پکی دنیا دار تھی سمجھی۔ بھلا ایسا کب ہوسکتا ہے کہ راجہ صاحب ہزاروں کی آمدنی پر پانی پھیر دیں کہنے لگی تجھے کسی نے بہکا دیا ہوگا جینی مت میں شراب پینی منع ہے کسی جینی نے یہ خبر اڑادی ہوگی ذرا سا بچہ پیسا مانگنے سے ہات سکوڑ لیتا ہے پھر ہزاروں کی آمدنی سے راج دست برداری اختیار کرے میری سمجھ میں تو آتا نہیں۔

۵ بھجنا یہ بات جھوٹ نہیں اشتہار جابجا چپکا دئے گئے ہیں آٹھ روز سے برابر ڈھنڈورا پٹ رہا ہے اول تو تو بہری دوسرے دکان کے کاروبار میں مشغول تو نے نہ سنا ہوگا۔ چونکہ ہم شراب بغیر گزر نکر سکینگے۔ اسلئے اب ایسی جگہ جانا چاہئے جہاں دل کھولکر پینے کو ملے۔ آخر یہ تجویز ٹھیری کہ رتنا کے پاس جو تلنگوں میں نوکر ہے جے پور چلدو۔ اس سے مل بھی لینگے اور وہیں رہنے لگینگے"

۶ غرض دونوں اپنی اپنی دکانوں کا اثاثہ بیچکر چلدئے۔ جے پور پہونچکر سنا کہ رتنا اس فوج میں کام آگیا جو راج سوائی جے پور کیطرف سے ایام غدر میں سرکار کی امداد کیلئے گئی تھی اسلئے دونوں رتنا کے دیدار سے تو محروم رہے الا جے پور میں رہنے لگے بھجنا نے چاندپول دروازہ بھڑبونجہ کی

اور سکھیا نے قریب مندر کلیان رائے پاڑہ اور بڑہونکی دکان کھول لی رہنے کے لئے الگ ایک مکان تجویز کیا دیا بڑھا بڑھیا اور وہی شراب کا دور دورہ - مگر یہاں آکر ایک یہ بات زیادہ ہوگئی کہ آپس میں روز لڑائی جھگڑا رہنے لگا تھوڑے عرصہ میں محلے والونکا دم ناک میں آگیا راج میں عرضی گزری - کہ دونوں میاں بیوی نشے میں لڑتے اور غل مچاتے رہتے ہیں ہمیں خوف ہے کہ کہیں خون نہ ہوجائے حکم ہوا کہ تم دونوں قطعاً شراب موقوف کردو ورنہ یہاں سے چلے جاؤ چنانچہ یہ بیچاری یہانسے بھی چلدئے

۷ گجیا بھر بونجہ بھجنا کا سالا تھا بھجنا نے اُسکے نام خط بھیجا کہ ہمارا ارادہ دہلی آنیکا ہے - چونکہ ہم دونونکی ضعیفی ہے تمہارے ہی پاس دم نکلے تو اچھا ہو نگم بود پہونچا دینا - گجیا ایک تو آسودہ حال دوسرے بہن سے ملنے کی آرزو - جواب لکھا کہ تم فوراً چلے آؤ - اُس زمانہ میں ریل نہ تھی - دونوں منزل بمنزل کوئی پندرہ روز میں ٹھیرتے ٹھیراتے دہلی پہونچے -

۸ گجیا نے بہت خاطر کی - لیکن یہ جانکر کہ دونوں شراب کے عادی ہیں خیال کیا کہ یہ بلا علیحدہ رہے تو مناسب ہے اسلئے دونونکے واسطے دو دکانیں اور ایک مکان تجویز کرکے پہاڑ گنج میں آباد کرادیا - اُسوقت شہر میں شراب کی بوتل آٹھ آنے کو تھی اور پہاڑ گنج میں چار آنے کو -

۹ پہاڑ گنج میں انکو ایک صیقلگر اور اُسکی جورو کا پڑوس اچھا ملگیا دونوں ان دونوں سے زیادہ ضعیف - مگر دونوں پہلے مالنس - نہ شراب سے شوق نہ حُقہ کا ذوق پڑوس میں رہنے سے باہم رسم نشست برخاست قایم ہوگئی - شام کیوقت جب یہ دونوں شراب پیتے تو وہ دونوں انکی باتیں سُننے آبیٹھتے چونکہ وہ گنجڑوں سے لین دین رکھتے تھے کبھی کبھی کوئی ترکاری یا پھل بھجنا کے گھر بھی بھیجدیا کرتے تھے جب ایسا بناؤ ہونے لگا تو بھجنا کو بھی کسی بہانہ سے کچھ نہ کچھ بھیجنا پڑا -

۱۰ گو صیقلگر اور اُسکی جورو بھجنا اور سکھیا سے زیادہ ضعیف تھے مگر قدرتاً اُن دونوں کی کاٹھی مضبوط تھی کیونکہ یہ تو نشہ کے عادی نہ غم و فکر کے خوگر - آمدنی خرچ کے مطابق - آل نہ اولاد خصاب کے

سبب بھجنا اور سکھیا سے عمر میں بہت کم نظر آتے تھے سکھیا کو وہم ہوگیا کہ بھجنا صیقلگرنی پر عاشق ہے اُس بوڑھی عورت کے رشک کو دیکھیے کہ بھجنا کی عمر پینسٹھ سال کی اور صیقلگرنی ستری بہتری۔ کجا عمر کا یہ حساب کجا اِس ضعیفی میں عشق کا ارتکاب سکھیا فی الواقع رشک ہی کی دکھیا نہ تھی بلکہ شراب نے اُسکی عقل پر بھی پردہ ڈال رکھا تھا۔

۱۱ اب جو چیز گھر میں نظروں سے غائب ہوئی جھٹ کہہ اُٹھی کہ پڑوسن کو دے آیا اور اگر پھر ملگئی تو کہدیا کہ میرے ڈر سے لا رکھی غرض ایسی باتوں پر لڑائی اور مار پیٹ کی نوبت آنے لگی۔

۱۲ ایک روز بھجنا نے اپنی جورو سے کہا کہ کل میں اپنی دُکان بند رکھونگا مجھے رجوا بھڑبونجہ کے ہاں گوٹ میں جانا ہے میرے لئے صبح کا کھانا نہ پکانا شام کو بدستور کھانا کھائیں اور شراب پئیں گے بھجنا دوسرے روز گوٹ میں چلا گیا واپسی کیوقت شراب کی ایک بوتل خریدی اور نشہ کی ترنگ میں صیقلگر کی دُکان پر بیٹھ گیا۔ جورو کھانا پکائے شراب کی بوتل آگے رکھے انتظار کر رہی تھی۔ آخر پڑوس کے ایک لڑکے نے خبر دی کہ بڑے بابا (بھجنا کو سب بڑے بابا کہکر پکارتے تھے) تو صیقلگر کی دُکان پر بیٹھے قہقہے اُڑا رہے ہیں یہ کہنا تھا کہ سکھیا کے تن بدن میں آگ لگ گئی تھوڑی دیر کے بعد بھجنا گھر میں گھسا سکھیا نے ٹانگ لی کہ تُو تو کہتا تھا میں گوٹ میں جاتا ہوں صیقلگر کی دُکان کا نام لیکر جانا تو کیا میں منع کرتی بھجنا نے کہا بابو لی گوٹ سے واپس آتے ہوئے صیقلگر کی دُکان پر دم لینے کو بیٹھ گیا تھا سکھیا نے یہ سُنکر شراب کی بوتل بڈھے کے سر پر ایسی چٹخائی کہ بیچارہ چیخکر فوراً مرگیا سکھیا گرفتار ہوئی اظہار و نمیں لکھوایا کہ میں نشہ میں تھی بڈھے کو مینے مارا ہے۔ پھانسی کے قابل ہوں عدالت نے پھانسی کی سزا مقرر کی مگر حاکم بالا نے دائم الحبس تجویز کر کے لال پانی کی علت میں کالے پانی بھیجدیا۔

۱۳ اگر حساب کیا جائے تو جب سے دنیا پیدا ہوئی ہے اکثر حادثے شراب ہی کی بدولت واقع

ہوئے ہیں سمندر تالاب یا کوئیں میں گر کر اتنے نہ مرے ہونگے جتنے شراب کی دو انچ گہری پیالی میں ڈوب چکے ہیں جہانگیر بادشاہ کو اسی کی بدولت دمہ ہوا۔ مرزا جہانگیر اکبر ثانی کے بیٹے نے شراب ہی کے باعث سیٹن صاحب پر طمنچہ کا فیر کیا اور الہ آباد کے قلعہ میں رہکر کثرت شرابخواری کے باعث جان دی اور ہزاروں جادو بنسی بمقام کل جہتر اسی خانہ خراب کی بدولت ہلاک ہوئے۔

۱۴ حقیقت تو یہ ہے کہ شراب نہایت خراب چیز ہے گو اس سے نشہ کی حالت میں قدرے خوشی جوانمردی۔ فیاضی اور سیر چشمی پیدا ہو جاتی ہے مگر ساتھ ہی بے شرمی بیہودگی خلاف ورزی عائد حال ہوتی ہے جبتک قلیل مقدار میں بطور دوا پی گئی۔ اشتہا۔ فربہی اور بعض قوتوں میں زیادتی ہوئی مگر جب زیادہ پینے کی عادت ہو گئی تو انجام کار کوئی ایسی بیماری لپٹ پڑی کہ عزیزوں کو جنازہ نکالنا یا ارتھی پر ڈالکر پھونکنا پڑا۔ یہ ممکن نہیں کہ زیادتی نہو۔ سچ ہے ؎

اے ذوق دیکھ دختر رز کو نہ منہ لگا	چھٹتی نہیں ہے منہ سے یہ کافر لگی ہوئی

۱۵ نشہ شراب گدھے پر سوار ہے۔ ادھر ادھر ایک ایک خدمتگار ایک بجانب راست جس کا نام جھوٹ دوسرا بجانب چپ جسکا نام دغا۔ گدھے کا سائیس پیام موت ہے۔

۱۶ اسکی والدہ یعنے بوتل ہر وقت حاملہ رہتی ہے ذرا حمل سے فارغ ہوئی فوراً نیلام گھر کی ہوا کھانے لگی اسکو اتنی فرصت کہاں کہ بچہ کیساتھ ساتھ پھرے اور جب بچہ مر جائے تب روئے پیٹے۔ اسلئے ناداری کو نوکر رکھ کے نشہ کیساتھ کر دیا ہے کہ جہاں یہ جائے وہاں تو جا اور جب یہ مرے تو گریہ کر۔

۱۷ اس سوار کی پگڑی گویا لال نواڑ کی پلنگ کا جھانگا کھوپری پر دھرا ہوا ہے۔ پان ایسا کھایا ہے گویا زخمی کتے کے منہ سے خون ٹپکتا ہے آنکھیں بہت سرخ گویا لالٹین کے شیشے چمک رہے ہیں گلے میں پرانی جوتیوں کا ہار۔ قبائے بیہوشی زیب تن۔ اور پاجامۂ غفلت مع ازار بند بے وقوفی جسم پر آراستہ ایک ہاتھ میں بجائے تیغ بھنگ گھونٹنے کا سونٹا دوسرے میں بجائے سپر تپہری

کونڈی - ایک خدمتگار کے ہات میں حُقّہ مدہوشی دوسرے کے پاس بادکش اقرار فراموشی -

۱۸ نشہ کی ہولی کا حال کچھہ نہ پوچھئے لوگ طرح طرح کی بیہودگیاں کرتے ہیں دعوت میں بجائے قتمہ پہلے لڈو کچوری پھر انجورے اور جوتیاں پہینک رہے ہیں ایسی ہولی میں رنگ کہاں - اسمیں خون بہا بہا کر رنگ جمائے جاتے ہیں - ایسی ہولی میں گلال کہاں - موریونکی کالی کالی کیچڑ لوگونکے بدن پر لتھیڑی جارہی ہے -

۱۹ اب نشہ نے خدمتگارانِ خاص کو طلب فرماکر حکم دیا کہ برات کی تیاری ہو ناچ گانیکے سوا اور تمہاری صلاح کیا ہے دونوں نے عرض کیا پہلے یہ معلوم ہونا چاہئے کہ آپکے احباب میں سے کون لوگ آتی بنکر چلینگے - فرمایا تمام جہان کی بیماریو منسے قرابت ہے سب برات کیساتھ ہونگی -

۲۰ خدمتگاروں نے دریافت کیا کہ جناب کی شادی کس کے ہاں قرار پائی ہے اور طرف ثانی کے احباب کون لوگ ہیں جوابدیا ہماری شادی گانٹھ کے پورے اور آنکھہ کے اندھے کے ہاں ٹھیری ہی اور صحت حشمت - ثروت - دولت سب اُسکے احباب میں داخل ہیں نوکروں نے عرض کیا کہ جسکو اشارہ ہو خدمت عالی میں اپنی صلاح گوش گزار کرے -

۲۱ بھوٹ کو حکم ہوا کہ تو عرض کر - اُسنے کہا کہ کھوٹے سکے تیار کیجئے اور اسباب خریدیے ردی کاغذ کے کپڑوں پر جھوٹے گوٹے لگائیے بے نمک یا زیادہ نمک کے کھانے پکوائیے بے کھانڈ کے حلوے بنوائیے بلکہ اتنی تکالیف کی ضرورت نہیں صرف اچھے اچھے کھانوں کے نام علیحدہ علیحدہ ایک ایک پرچہ پر لکھوا کر الگ الگ کاہیوں میں مہمانوں کے آگے پروس دیئے جائیں کیونکہ نشہ میں کھانا نہیں کھایا جاتا صرف نام چاہیئے اور جو کسی نے کھایا بھی تو شناخت کیا خاک ہوگی - اسپر دوسرے خادم یعنے دغا نے کہا کہ حضرت اگر آپ اسکے کہنے میں آئینگے تو اوّل تو کھوٹے سکے جانے میں مجرم گردانے جائینگے دوسرے اسقدر خرچ سے آپکی سرکار کا دیوالہ نکلجائیگا میری رائے تو یہ ہے کہ آپ ٹھیکریوں کی

گٹک بنوا بنوا کر تھیلیوں میں بھروائیے اور دیوانخانہ میں چنوا دیجئے اور دور سے دکھا دکھا کر بازار سے سودے منگائیے اور کام چلتا کیجئے شادی کے بعد۔ دغا یہ کہکر ذرا ٹھٹکا۔ جھوٹ بول اُٹھا بھائی جان تمہاری کارپردازی تو یہاں تک ختم ہو چکی اب ہماری امداد بغیر کام چلتا نظر نہیں آتا دغا نے جواب دیا میرا تیرا چولی دامن کا ساتھ ہے بتا کیا تدبیر کیجائے جھوٹ نے کہا شادی کے بعد بازار والے جب روپیہ مانگنے آئیں تو کہدیا جائے کہ تم پیشگی لے چکے ہو نشہ بیہوش ہے مگر اُسکے ہم جیسے نوکر ہوش میں ہیں ہمارے میاں کے ہاں تو اتنی دولت ہے کہ رکھنے کو جگہ نہیں دیوانخانہ میں تھیلیاں بھری پڑی ہیں بھلا وہ تمہارے دام مکر جائینگے یہ کوئی بات ہے چلو ہوا کھاؤ۔

۲۲ یہ سُنکر نشہ نے حکم دیا کہ آج سے دروازہ پر نفیری بجتی رہے محفل آراستہ ہو مصیبت جان طوائف اور شیخ قرض نقال بلائے جائیں۔

۲۳ آپ کا ایک بچّہ زیور کے لالچ سے کسی بدمعاش نے قتل کر ڈالا تھا اسلئے شراب کی دُھن میں کبھی کبھی اُسکا خیال آجاتا تھا۔ ؎

کھُل ہی جاتی ہے بناوٹ آدمی کی نشے میں		صاف دکھلا دیتی ہے انسان کا جوہر شراب

لہذا مصیبت جان کو حکم ہوا کہ بچونکی زیور پوشی کی بابت کچھ سُنائے چنانچہ مجرا شروع ہوا اور اور یہ غزل گائی گئی۔ **غزل**

زیور پنھانا بچّوں کو ہرگز روا نہیں		لیکن جو سیم و زر کا نہو تو بُرا نہیں
ہنسلی پنہا کے سونکی بچّوں کو خوش نہو		پھانسی کا حلقہ سمجھو یہ طوقِ طلا نہیں
جس ہات میں کڑا ہو وہ ٹوٹے تو کیا عجب		ہنسلی ہو جس گلے میں سمجھ لو گلا نہیں
زیور کے ساتھ چوری گئے بچّے سینکڑوں		ماں باپ کو سُراغ پھر اُن کا لگا نہیں
زیور نے قاتلہ کو بنایا ہے قاتلہ		ایسے مقدموں کا ٹھکانا رہا نہیں

بچہ کی جان جانے کا جس سے ہو احتمال ۔ وہ فعل والدین کو ہرگز روا نہیں
یوں تو نظر گزر کا بہت خوف ہے مگر ۔ چوروں کی نذر کرنیسے کوئی ڈرا نہیں

نشہ نے حکم دیا کہ کوئی اور غزل اسی مضمون کی ہو مصیبت جان نے بھی سر و نمیں الاپنا شروع کیا

پہن لو یہ گہنے بنائے ہوئے ہیں ۔ سُنار و نکے نخرے اُٹھائے ہوئے ہیں
پہناؤں گی گہنا نہ مانوں گی کہنا ۔ مرے گھر میں مہمان آئے ہوئے ہیں
ذرا سوچ سمجھو نہ پہناؤ زیور :: ۔ کہ جاں اسمیں بچے گنوائے ہوئے ہیں
پہنتے ہیں زیور جو خوش ہو کے بچے ۔ وہ چور و نکے صدمے اُٹھائے ہوئے ہیں
یہ گہنا ہی کھوتا ہے اور و نکا ایماں ۔ اِسی گہنے سے سر کٹائے ہوئے ہیں
بہت زک اُٹھائی ہے اِن شیخیوں سے ۔ ہمیں شیخیاں ہی رُلائے ہوئے ہیں
نہیں اُنکے بچّوں کو خطرہ کسی کا ۔ جو چھاتی سے اپنی لگائے ہوئے ہیں
اگر جاں بچانی ہے بچوں کی اماں ۔ تو زیور سے کیوں یہ سجائے ہوئے ہیں
اُتارو بھی زیور یہ ہے لاڈ کیسا ۔ کہ بچّوں پہ آفت یہ لائے ہوئے ہیں
یہ تم اُنسے پوچھو جو کھا کھا کے چوٹیں ۔ عزیزو نکی جانیں گنوائے ہوئے ہیں

نشہ نے حکم دیا بس بس ہمیں رونا چلا آتا ہے اب کوئی حقانی چیز سُناؤ۔ چنانچہ مندرجۂ ذیل اشعار گائے گئے۔ مثنوی

چھوڑ دے تو مکر کو اے ذی شعور ۔ کان دھر کر سُن نصیحت بالضرور
اے برادر چھوڑ دے یہ سات چیز ۔ تا خدا تجکو کرے سب سے عزیز
شرک و بدعت کذب و غیبت اور حسد ۔ ظلم اور فعل ریا کر دل سے رد
اپنے دل کو صاف کر ائینہ وار ۔ تا نظر آجائے نورِ کردگار

قطعہ

دکھائیں سینکڑوں نیرنگیاں زمانہ نے
ہنسے جو آج تو کل غم سے اشکبار ہوئے
طفولیت سے شباب اور شباب سے پیری
کلی سے پھول ہوئے پھول ہو کے خار ہوئے

۲۴ نشہ نے حکم دیا کہ مصیبت جان کو آرام ملے اور بھانڈ کو حکم ہو کہ کوئی نقل سنائے بھانڈوں نے عرض کیا کہ پہلے ایک غزل گالیں پھر نقل سنائینگے۔ غزل

ہے زہر نشہ منہ سے لگانا نہیں اچھا
اسکے لئے عزت کا گنوانا نہیں اچھا
پیسا جو نہو پاس تو عزت نہیں رہتی
اے بھائیو دولت کا لٹانا نہیں اچھا
منہ اسکو لگائے نہ کبھی بھولکے کوئی
بیماریوں سے جسم گھلانا نہیں اچھا
کمبخت نشہ ہے یہ برا دختر رز کا
منہ کیا کہ اسے ہات لگانا نہیں اچھا
کچھہ نشہ میں انسان کو سوجھائی نہیں دیتا
وہ کرتا ہے جو دھیان میں لانا نہیں اچھا
اے بھائیو اب ہے یہ گذارش مری سب سے
پینا نہیں اچھا ہے پلانا نہیں اچھا

۲۵ اب نقل شروع ہوئی بھانڈ نے جسکا نام قرض تھا یہ شعر پڑھا ؎

قرض کو کہتے ہیں مقراض محبت ہے یہ شے
بلکہ عزت اور مسرت کے لئے مقراض ہے

حضرت ایک شخص پریشان حال اس عاصی کو ملا۔ میں نے پوچھا کہ جناب آپ غمگین کیوں ہیں کہا لڑکی کی شادی درپیش ہے اور گھر میں ٹکہ نہیں۔ میں نے عرض کیا قرض لیکر کام چلالو۔ جواب دیا قرض کو کہاں ڈھونڈوں۔ میں نے کہا کہ بندہ حاضر ہے پوچھا کہ تم اکیلے ہو یا کوئی ساتھی بھی ہے کہا حضرت اب تو میں اکیلا ہوں۔ مگر ضرورت کیوقت میری دو بہنیں بھی تشریف لے آتی ہیں۔ ایک کا نام ڈگری ہے دوسری کا قرقی اور ایک میرے چچا حضرت ہیں وہ سب سے آخر تشریف لایا کرتے ہیں۔ وہ شخص بولا کہ شاید دیوالی کے دیئے چاٹنے آتے ہونگے میں نے عرض کیا حضرت دیوالی

میں تو اُنکو قمارخانہ سے ذرا بھی فرصت نہیں ملتی اُسنے پوچھا کہ پھر اُنکا نام۔ مینے کہا نیلام۔ فرمایا اِس مرض کا علاج۔ مینے کہا پڑھے لکھے ہنر سیکھے نوکری کرے سوداگری کرے۔ لیاقت ہو تو کتابیں تصنیف کر ڈالے۔ روپیہ اور واقفیت ہو تو بیوپار پھیلائے کفایت شعاری اختیار کرے اور جو گانا بجانا آتا ہو تو میری طرح تالیاں بجاتا پھرے۔ دوشالے انعام میں لے اگر کسی نے اینجانب کی بات مان لی تو ہمیں چند روز کے بعد گھر سے نکال باہر کیا اور جو نہ مانی تو مایا دولت خویش بنکر اُسکے ہاں رہ پڑے۔

نظم در مذمت قرض

عزیزو قرض کی رغبت زبوں ہے — دلِ انساں اِسی سے غرقِ خوں ہے
بڑھایا جسنے اپنا قرض پر ہاتھ — نہ گزرا وقت اُسکا خیر کے ساتھ
اگر نانِ جویں ہو گھر سے حاصل — نہو تو قرض سے گندم کا مائل
پہن لے ٹاٹ اگر ممکن ہو گھر سے — بطرزِ وام کیوں خاصہ خریدے
نہ سوچے یہ کہ قرضہ مختصر ہے — کہ رفتہ رفتہ بڑھ جانیکا ڈر ہے
عیاں ہوتا ہے اکثر حال ایسا — کہ ہو جاتا ہے مشکل ایک پیسا
پڑی ہے ہم پہ یہ افتاد پیہم — مگر گزرے نہ اپنے حال سے ہم
ہر اک صحبت کی کیفیت اُٹھائی — وہی کی بات۔ تھی جسمیں بھلائی
پھرے ہرگز نہ اپنی چال سے ہم — بچے ہر وقت صرف مال سے ہم
کبھی بیجا نہ اک پیسہ اُٹھایا — ملا جو کچھ وہ کر کے شکر کھایا
تماشوں کی ہوئی دل کو جو رغبت — زِ مامِ اسپِ دل کھینچی بہ شدت
وہ ہے اک فعلِ لاحاصل سراسر — عبث ہے صرف کرنا جیب سے زر
تماشاگاہ ہے دنیا کا عالم — بھلا ہے صنعتِ حق اُس سے کیا کم

خدا کی صنعتوں سے دل اُٹھانا		عبث ہے اُس عبث سے جی لگانا	
جو کوئی قرض سے بچتا ہے دایم		اُسی کا عیش ہے دُنیا میں قایم	
جفائے قرض سے ہوتا ہے دل سرد		یہی مردوں کو کر دیتا ہے نامرد	
اگر کچھہ جان و عزّت پر بلا ہے		وہ یا روزی میں کچھہ مچکا پڑا ہے	
جو ایماں پر ہے آئی کچھہ خرابی		تو لے بے شوق سے قرضہ شتابی	
ادا کرنے کا ہو دل سے طلبگار		نہو غفلت کبھی زنہار زنہار	

۲۶ اُہو ہو ہا ہا ہا۔ نشہ قہقہہ مار کر ہنس پڑا اور حکم دیا کہ شکستہ پیالیاں انعام میں بھانڈ کو ملیں بھانڈ بولا واہ صاحب ٹوٹے بھانڈے بھانڈ کو دلواتے ہو برانڈی کی بھری بوتل دلوائیے نشہ نے فارسی میں کہا او قُرساق تو از ما مادرم مے طلبی۔ بھانڈ نے عرض کیا۔ حکم ہو تو دوسری نقل سُناؤں۔ حکم ہوا کہ انچہ داری بیار۔ مگر مادرم نخواہم داد۔

نقل ثانی۔

۲۷ حضور قرض کو اُسکا بیٹا فرض ملگیا۔ پوچھا بیٹا اب کسطرح گزرتی ہے جواب دیا ابا جان کوئی بات نہیں پوچھتا کیونکہ قرآن پُران توریت انجیل سب میں یہی لکھا ہے کہ قرض کا ادا کرنا فرض ہی لیکن کلجگ کے پُران میں یہ درج ہے کہ "لیکر دیا تو بنج کیا کیا"، بندہ یہ سُنکر وہانسے چلدیا۔

۲۸ ایک پُرانے دوست سے جو بالفعل منصف ہیں ملاقات ہوگئی منصف صاحب نے فرمایا کہ میں تو مدت سے تمہیں رخصت بلکہ موقوف کر چکا ہوں اب کیوں تشریف لائے اُسکے بعد لمبی چوڑی اسپیچ دینے لگے جسکا خلاصہ مندرجۂ ذیل ہے۔

۲۹ ابتدا میں ہمنے ماسٹری کی رائٹری کی اور ایسے روزگار ہات آئے جنمیں رشوت کا موقع ندارد سوکھی تنخواہ پر انند کے تار بجائے مال کا خطرہ نہ چور و لکا اندیشہ۔ جب بہت دن ہوگئے کوئی

بڑا عہدہ نہ ملا ناچار امتحان دیکر مصنف بنگئے اسوقت سے یہنے قسم کھائی کہ کبھی فرض کی شکل نہ دیکھونگا کیونکہ جبتک میں اسکا رفیق رہا تنخواہ کے سوا ایک حبہ نہ ملا اسلیئے صاف کہتا ہوں کہ یہاں سے چلدیجئے ورنہ چپراسیوں سے ٹیوا کر نکلوا دونگا اباجان مجکو بھی غصہ آگیا اور یہ مثنوی اور رباعی پڑھتا ہوا وہاں سے چلدیا

مثنوی

نہیں اہل رشوت کو خوف خدا — نہ خوف قیامت نہ خوف جزا
نہ کچھ خوف حاکم نہ بیم عسس — نہ زنجیر کا ڈر نہ خوف قفس
جو رشوت ستانی کا افتاد کرے — اُسے حاکم وقت اُلٹا دھرے
نہیں ایسے قانون پر دسترس — کہ ملزم رہا مدعی در قفس
نہ مظلوم ہی کی دل آزار ہے — یہ ظالم کے حق میں بھی تلوار ہے
جو بگڑا ہو وہ کام فوراً بنائے — جو سیدھا ہو اُلٹا اُسے کر دکھائے
یہ ڈاین ہے وہ جسکا جنتر نہیں — یہ ناگن ہے وہ جسکا منتر نہیں
حکومت کا عہدہ کمینہ بنائے — تو ہاں نام رشوت کا دنیا سے جائے

رباعی

جو مال بُرا ہات لگے ہات کو کھینچ — عزت کے مقابل میں ترا مال ہے ہیچ
اور موت بھی ہر دم ترے سر پر ہے کھڑی — دُنیا کے بدل میں کبھی ایمان نہ بیچ

۳۰ فرض "بیٹا ہندوستان کی ایسی حالت ہوگئی ہے کہ تیرا کوئی حامی کار نہیں رہا"

فرض "اباجان حامی کار کیا معنی کوئی دروازے پہ بھی کھڑا نہیں ہونے دیتا"

قرض "اچھا اب تو یورپ چلا جا وہاں تیری قدر اچھی طرح ہوگی"

۳۱ نشہ چلتا اُٹھا کہ او کمبخت کیا جبتک یورپ سے تیرا بیٹا واپس آئیگا ایجاب کو یہیں رہنا پڑیگا نقل نہ ہوئی راج روگ ہوگیا۔ بھانڈوں نے عرض کیا حضور یہ سرکاری ریل نہیں جو گھنٹوں میں مسافر کو

منزلِ مقصود تک پہونچے بلکہ بھائی دونکی خیال غلیل ہے جسکا ہر گولہ ایک پلک میں یہاں سے وہاں تک پہونچ آتا ہے"

۳۲ چند لمحے گزرے ہونگے کہ میاں فرض بغلیں بجاتے آموجود ہوئے"

فرض "بیٹا یورپ ہو آئے"

فرض "جی ہاں ہو آیا۔ ابا جان جب میں عدن پہونچا تو لوگوں سے سُنا کہ شاہنشاہ روس نے مستعفی ہوکر تمام رعایا پر چند سال کا محصول معاف فرما دیا ہے اور یورپ کی تمام طاقتوں سے استدعا ہے کہ زائد فوج دور کر دیجائے کیونکہ کثیر فوج رکھنے سے رعیت کو تکلیف ہوتی ہے یہ سنکے دل میں کہا کہ میرا مطلب ہو گیا کیونکہ رعایا کی ہمدردی راجہ کا پہلا فرض ہے عدن سے چلکر سینٹ پیٹرسبرگ، دارالخلافہ روس میں جا داخل ہوا وہاں سردی بہت تھی۔ ابا جان بے سامانی کے باعث بڑی تکلیف پائی اگر سردی کا کچھ انتظام کر جاتا تو تکلیف نہ اٹھاتا اور اب جو کہ تعجیل کار شیاطین بود۔ کہکر نہ پہنچتا تو اور کیا کرتا"

۳۳ رات سے ملاقات کی ابا جان وہ تو بڑے عالم و فاضل اور غیر ملکوں کی اکثر زبانوں سے واقف نکلے۔ اُردو میں اسطرح گفتگو کی جسطرح لالہ کی کے قریب پادری ٹامسین صاحب یا گنج والے کیا کرتے تھے۔ فرض نے پوچھا پھر کیا باتیں ہوئیں"

۳۴ **فرض** "یہ موقع پر شاہنشاہ ہو کھانے نکلے میں سلام کر کے ایک جانب جا کھڑا ہوا جب جہاں پناہ کی نظر فردی پر پڑی تو پوچھا تو کون ہے اور کہاں سے آیا ہے اور کیا چاہتا ہے میں نے عرض کیا کہ قبلۂ عالم میرا نام فرض ہے چونکہ اکثر ممالک کے بادشاہ دل نے فرض کو مرض سمجھکر چھوڑ دیا ہے

+ **فوٹ** یہ بہت بڑا تالاب ہے جس پر کا بنا ہوا تھا اور نہر کے پانی سے پُر رہتا تھا پانی کا نکاس موری سے تھا لارڈ اکبر گورنر جنرل نے دہلی میں دربار کر کے جملہ راجپوتانہ کے راجگان کو جمع کیا تھا یہ تالاب اُسکی یادگار میں قلعہ اور جامع مسجد کے مابین چند دن بنایا گیا تھا جسطرح شاہجی کا باغ سمار ہوا یہ بھی اسی خیال سے کہ قلعہ کو اس تالاب سے لگاؤ ہے منہدم کرا دیا گیا اور نہر بہت کم قیمت پر نیلام ہوئے

لہذا تلاش معاش کیلئے یہاں آنکلا ہوں"

۳۵ شاہنشاہ نے فرمایا چونکہ ہم ابھی نو آموز ہیں اسلئے دریافت کیا جاتا ہے کہ راجہ بکے کیا کیا فرض ہیں مینے مفصلۂ ذیل فرائض عرض کئے"

فرض اوّل۔ خس وخاشاک فسادِ سلطنت کی جاروب کشی۔ رعیت کیلئے امن اور فارغ البالی کا اجتماع"

فرض دوم۔ رعیت کا دکھہ درد معلوم کرکے اسکے دفعیہ کی تدبیر اور تخفیف ٹکس کی کوشش اور جدید ٹکس سے حذر"

فرض سوم۔ ملک کیلئے یکساں قوانین کا اجرا اور سلف کا یہ قاعدہ القط کہ برہمنوں کیلئے کچھہ اور اور عوام الناس کیواسطے کچھہ اور۔ بلکہ قانون کو بارانِ رحمت کا نمونہ ہونا چاہئے کہ سب جگہہ برابر برستا ہے"

فرض چہارم۔ رعیت کے حالات معلوم کرنے کیلئے بھیس بدلکر کوچہ گردی اور مطالعۂ اخبارات"

فرض پنجم۔ ازدیاد دولتِ رعایا کیلئے صیغۂ تجارت کی امداد کیجائے قسم قسم کے پتلی گھر بنانے اور بنوانے کی ترغیب دیجائے آسانی اور امن کی کوشش ہو سڑکیں اور ریلیں وغیرہ تیار ہوں تجارتی منڈیاں کھلوائی جائیں میلے اور نمائشیں قایم ہوں گھوڑوں اور مویشی کی اچھی نسلیں بڑہائی جائیں مدرسہ علمی وصنعتی قایم ہوں ایسے امور سے رعایا کی مرفہ حالی متصور ہیں"

۳۶ بندہ یہ پانچوں فرض عرض کرکے خاموش ہورہا اور سلام کرکے رخصت ہوگیا نشہ یہ نقل سُنکر بہت

+ نوٹ سلف میں خلیفہ ہارون رشید بھیس بدل کے کوچہ کوچہ اور گلی گلی پھرکر رعیت کے حالات دریافت کیا کرتا تھا۔ زمانۂ حال میں لارڈ ڈلارنس جو دہلی میں تھے ظاہر میں تیز مزاج ترش رُو معلوم ہوتے تھے مگر باطن میں جتنی خوبیاں راجہ کو رعیت پروری کیلئے چاہییں اُنمیں کوٹ کوٹ کے بھری تھیں سچ پوچھو تو غدر میں اُنہوں ہی نے انگلش راج کا جہاز ڈوبنے سے بچایا رات کو شہر میں بھیس بدلکر نکلا کرتے تھے ایک اور عادت اُنمیں تھی کہ رئیسوں کے ہاں ملاقات کو اُنکے گھر جایا کرتے اور شادی غمی میں شامل ہوا کرتے تھے۔ یہ عادت پُر سعادت سیشن صاحب رزیڈنٹ دہلی میں بھی تھی اِنکو بخشی بھوانی شنکر مقتول کی ارتھی کیساتھ پیادہ لوگوں نے دیکھا تھا حکام جبتک اِسطرح میل جول نہ کریں رعیت کا دکھہ درد کس طرح معلوم ہو سکتا ہے

محظوظ ہوا اور یہ کہا بھائی نقل کیا ہے خاصا رائج نیت کا قانونچہ ہے پھر مشاعرہ کی نقل کا حکم ملا بھانڈوں نے کہنا لیجئے سُنئے "

۳۷ شہر کے نازکخیال اور نامی شعرا کے نام رقعے بھیجے گئے مشاعرہ کیلئے ایک عالیشان مکان تجویز ہوا۔ ٹھیک نو بجے شب کے شاعروں کی آمد ہونے لگی۔ میر مشاعرہ نے شمع اُٹھالی اور مشاعرہ شروع ہوگیا "

احافظ

حافظا[۱] گر وصل خواہی صلح کُن باخاص و عام	باسلماں اللہ اللہ باہنوداں رام رام

۲ سودا

اچھوں کو بُرا جو کہے بیشک وہ بُرا ہے	ہووے گی بُرو نکی نہ کبھو اچھوں میں توقیر
جو خاک کوئی پھینکے ہے خورشید کے اوپر	سو ڈالے ہے خاک اپنی ہی آنکھوں میں وہ بے پیر
بدطینت و بدنفس جو کوئی ہے جہاں میں	شان اپنی بڑھاتا ہے وہ کر غیر کی تحقیر
پاک اپنے تئیں جانے جو انسان خطا سے	بے شبہہ و شک جُرم و خطا کا ہے وہ تسخیر
آفاق میں جو عقل سے معذور ہیں اُن کی	اور و نکی خطا جوئی میں مصروف ہے تدبیر
جانے گا بُرا اپنے تئیں سب سے۔ جب اچھا	ہووے گا وہ اور پاویگا تب اچھوں میں توقیر

۳ راضی

نہیں مرتا ہے نیک نام کہیں	ہے وہ مُردہ جو نیک نام نہیں
چشم عبرت جو کوئی کرکے وا	دیکھے پاداشِ نیک و بد ہے کیا
رحمت اور خیر کی کرے خواہش	کینہ و قہر کی کرے کاہش

[۱] اے حافظ اگر وصل کا طالب ہے تو خاص و عام سے صلح کر

روکے ایذا سے اپنی دست و زبان
اور نہ پہونچائے پھر کسیکو زیاں

بد جو کرتا ہے بدہی پاتا ہے
بد کے بدلے میں بد ہی آتا ہے

راضی

جسقدر دوستوں کی کثرت ہے
اُسقدر آفتوں کی قلت ہے

دوستی کو ہزار بھی کہیں کم
دشمنی کو ہے ایک بھی نہیں کم

جو رکھے یار با وفا کیا غم
جو ہے بے یار غم اُسے کیا کم

کہ عدو دیکھہ کر صلاح خویش
کرتا ہے چاپلوسی حد سے بیش

کذب کو صدق سا دکھاتا ہے
اچھے اچھے فریب لاتا ہے

پس خردمند کو یہی ہے بجا
کہ ہو جتنا تلطف اُسکا سوا

اُتنا ہی اُس سے احتیاط رکھے
اور کم اُس سے اختلاط رکھے

راضیا ہو نہ یک زماں بے یار
کہ ہے بے یار جا و واں بیزار

۴ شوق

وہ عجب طرح کا زمانہ تھا تمہیں یاد ہو کہ نہ یاد ہو
نہ تھا رنج و غم کسی طرح کا تمہیں یاد ہو کہ نہ یاد ہو

نہ بلائے ٹکس تھی درمیان نہ کمیشن اور نہ یہ چنگیاں
نہ کسینے چندہ لیا دیا تمہیں یاد ہو کہ نہ یاد ہو

نہ مڈل تھا کوئی نہ ایف اے نہ تھا انٹرنس نہ ایم اے
تھا ہر اک کو عہدہ ملا ہوا تمہیں یاد ہو کہ نہ یاد ہو

نہ گرانی غلہ کی اسقدر نہ بحال زار کوئی بشر
نہ کسی کا قرض کسی پہ تھا تمہیں یاد ہو کہ نہ یاد ہو

جو کمایا کرتا تھا ایک بھی اُسے بیٹھے کھاتے دس آدمی
نہ تھا فکر ایسا معاش کا تمہیں یاد ہو کہ نہ یاد ہو

ہر اک اتفاق میں طاق تھا نہ فراق تھا نہ نفاق تھا
نہ تھی انتظار کی چشم وا تمہیں یاد ہو کہ نہ یاد ہو

نہ شریف گردی تھی اسقدر نہ رذیل پروری اوج پر
وہی عہد عدل و سخا کا تھا تمہیں یاد ہو کہ نہ یاد ہو

جو عدو تھیں تھیں وہ خوب تھیں جو حکومتیں تھیں وہ خوب تھیں
نہ تھا زشتیوں کا کہیں پتا تمہیں یاد ہو کہ نہ یاد ہو

کوئی اپنی کھال میں مست تھا کوئی اپنے مال میں مست تھا
وہ فقیر کیا وہ امیر کیا تمہیں یاد ہو کہ نہ یاد ہو

نہ یہ حسرتیں تھیں نہ شوق تھا نہ یہ ولولے نہ یہ ذوق تھا
مجھے یاد سب ہے ذرا ذرا تمہیں یاد ہو کہ نہ یاد ہو

۵ ذوق

تو بھلا ہے تو برا ہو نہیں سکتا اے ذوق
ہے برا وہ ہی کہ جو تجکو برا جانتا ہے

اور اگر تو ہی برا ہے تو وہ سچ کہتا ہے
کیوں برا کہنے سے تو اسکے برا مانتا ہے

۶ مضطر

دیکھنا دل میں حسد اپنے نہ لانا ہرگز
کہیں لگتا نہیں حاسد کا ٹھکانا ہرگز

تم نہ بے فائدہ جی اپنا جلانا ہرگز
بیٹھے بٹھلائے نہ یہ روگ لگانا ہرگز

گھر حسد کا نہ کہیں دل میں بنانا ہرگز
ایسے دشمن کو نہ پہلو میں بسانا ہرگز

کبھی جلنا نہیں تم دیکھ کے اسکی عظمت[۵۱]
شاید اسکو نہ ملی ہو جو تمہیں ہے راحت[۵۲]

وہ بھی کرتا ہو حسد دیکھ تمہاری حالت
گو تمول میں اسے تم سے نہ ہو کچھ سبقت[۵۳]

اسکی عزت کو نہ تم دیکھ کے کرنا نفرت
اسکی عظمت کی نہ تم شان گھٹانا ہرگز

۵۱ زر گ ۵۲ آرام ۱۲ ۵۳ مجرد ق

لوگ کرتے تو ہیں ہر چند زمانہ سے حسد
اُنکو زیبا نہیں بے فائدہ یوں کینہ و کد
گر کہوں اُنسے بدل ڈالو کہ یہ چال ہے بد
دیکھہ کے اور کو کیوں کرتے ہو غصہ بے حد

مشفقانہ ہے نصیحت نہ کرو اِسکو رد
اُس کو خوش پاؤ تو تم مُنہ نہ بنانا ہرگز

اور تدبیر ہے اِک دفع حسد کی جو سُنو
تُم کو جو چیز ہے مرغوب اُسے دیکھو تو
جسکے وہ پاس ہے حال اُس سے یہ معلوم کرو
کتنی قیمت پہ میسّر وہ ہوئی ہے اُس کو

مول شاید اُسے لے سکتے ہو تم بھی لیلو
پھر تو اُسکے لئے تُم دل نہ کُڑھانا ہرگز

تُم سے بڑھکر جو کسی شخص میں ہو علم و ہنر
دیکھہ کر پھر تمہیں آیا ہو حسد گر اُس پر
تُم کو لازم ہے کرو غور و تامل سے نظر
کیسی محنت میں وہ مصروف رہا شام و سحر

صحت و وقت کے صرف ہیں اُسنے کیونکر
تُم بھی حاصل کرو۔ پھر رشک نہ کھانا ہرگز

اُسکی دولت پہ اگر تُم کو ہے رشک و ارماں
اِسکی نسبت بھی کہے دیتے ہیں ہم تُمسے عیاں
خدمتیں اِسکے لئے اُسنے ادا کیں شایاں
اور مشقت بھی ہر اک کام میں کی اُسنے ہاں

اِسکو پیدا ہے کیا اُسنے کھپا کر دل و جاں
تُمسے کچھہ ہو نہ سکا۔ جی نہ جلانا ہرگز

کرکے تُم ایسے خیالات حسد کو چھوڑو
یہ تو دُشمن ہے سر و دیدۂ دُشمن پھوڑو
پڑوسی سے نہ جل کر کبھی مُنہ کو موڑو
اِس سے توڑو نہ کبھی رشتۂ اُلفت جوڑو

جال پھیلا ہے حسد کا اِسے توڑو توڑو

توڑ کر اسکے نہ پھر دام میں آنا ہرگز

ہو عدالت کا اگر کوئی وکیل اسکے علے
تمہیں اُس سے بھی حسد ہو یہ نہیں ہے زیبا
گر عدالت میں پڑے تُم کو ضروری جانا
کام اٹکا ہوا اُسکے ہو ذریعہ سے روا

تو خوشی کا ہے سبب اُس سے ہے جلنا کیسا
روکنا دل کی جلن کو نہ بڑھانا ہرگز

لوگ جلتے ہوں اگر پاکے کوئی تُم میں ہنر
تُم نہ جلنا جو کرو اُن کی لیاقت پہ نظر
خوبیاں اُنکو جلاتی ہیں جو آتش بن کر
دھوپ کی طرح رکھینگے وہ تمہیں گرم مگر

کبھی کرنا نہ حسد مانتا پندِ مضطر
یاد رکھنا اِسے تُم بھول نہ جانا ہرگز

۷ گُل

عبث دنیائے فانی سے مریجاں دل لگانا ہے
نہیں لیجائیگا کچھ ساتھ یہاں سب چھوڑ جانا ہے
ذرا تو سوچ اے غافل کہ کیا دم کا ٹھکانا ہے
نکل جائیگا یہ جسدم تو سب اپنا بگانا ہے
مسافر تو ہے اور دنیا سرا ہے بھول مت غافل
سفر مُلکِ عدم کا کوئی دم میں پیش آنا ہے
نہ بھائی بند ہے کوئی نہ کوئی آشنا اپنا
جو ہمنے غور سے دیکھا تو مطلب کا زمانا ہے
لگا رہ یاد میں اُسکی اگر اپنی شفا چاہے
عبث دُنیا کے دھندوں میں تو اے گُل کیوں دوانا ہے

۸ فیض

دیجئے کس شے سے دنیا کی مثال
ہے یہ دُنیا صورتِ خواب و خیال

خواب میں جو چیز آتی ہے نظر
بعد خواب اُسکا نہیں رہتا اثر
بس تو یہ سمجھو کہ دُنیا ہیچ ہے
سر بسر فانی سراپا ہیچ ہے

۹ نظیر اکبرآبادی

ہیں مرد اب وہی کہ جنہوں کا ہے فن درست
حُرمت ہے اُنکے واسطے جن کا چلن درست
رہتا نہیں کسی کا سدا مال دھن درست
دولت رہے کسی کی نہ باغ و چمن درست
جتنے سخن ہیں سب میں یہی ہے سخن درست
اللہ آبرو سے رکھے اور تن دُرست

دُنیا میں اب اُنہوں کے سَمَیں کہیئے بادشاہ
جن کے بدن درست ہیں دن رات سال و ماہ
جس پاس تندرستی و حرمت کی ہو سپاہ
پھر ایسی کون سی دولت ہے واہ واہ
جتنے سخن ہیں سب میں یہی ہے سخن درست
اللہ آبرو سے رکھے اور تن دُرست

گھر میں جو اپنے میری وحشت پناہی ہے
بن تندرستی سب وہ خرابی تباہی ہے
یہ تندرستی یار بڑی بادشاہی ہے
سچ پوچھیے تو عین یہ فضل الٰہی ہے
جتنے سخن ہیں سب میں یہی ہے سخن درست
اللہ آبرو سے رکھے اور تن درست

گر دولتوں سے پُر ہے کسی کا تمام گھر
بیمار ہے تو خاک سے بدتر ہے سب وہ زر
ہو تندرست گرچہ یہ مفلس ہے سر بسر
پھرتا ہے کسی کا خوف نہ ہرگز کسی کا ڈر
جتنے سخن ہیں سب میں یہی ہے سخن درست

اللہ آبرو سے رکھے اور تن درست

عاجز ہو یا فقیر ہو پر تن درست ہو
بے زر ہو یا امیر ہو پر تن درست ہو
قیدی ہو یا اسیر ہو پر تن درست ہو
مفلس ہو یا حقیر ہو پر تن درست ہو

جتنے سخن ہیں سب میں یہی ہے سخن درست
اللہ آبرو سے رکھے اور تن درست

اس میں تمام ختم ہیں عالم کی خوبیاں
ہو تندرستی اور ملے حرمت سے آب و ناں
قسمت سے جب یہ دونوں میسر ہوں پھر تو ہاں
وہ ایسی اور کونسی دولت ہے میرِ جاں

جتنے سخن ہیں سب میں یہی ہے سخن درست
اللہ آبرو سے رکھے اور تن درست

پروا نہیں اگرچہ لکھا یا پڑھا نہ ہو
محتاج حق سوا یہ کسی اور کا نہ ہو
حسن و جمال و علم و ہنر گو ملا نہ ہو
اک تندرستی چاہیئے کچھ ہو دے یا نہ ہو

جتنے سخن ہیں سب میں یہی ہے سخن درست
اللہ آبرو سے رکھے اور تن درست

بیمار گو لاکھ فرح سے ہو بادشاہ
تو اُسکو جانیئے یہ گدا سے بھی ہے تباہ
ہم تو اُسی کو شاہ کہیں اور جہاں پناہ
اب جسکا تن درست ہو حرمت سے ہو نباہ

جتنے سخن ہیں سب میں یہی ہے سخن درست
اللہ آبرو سے رکھے اور تن درست

ہوں گرچہ لاکھ دولتیں بیمار کے گنے
اور نعمتوں کے ڈھیر لگے ہوں بنے ٹھنے
بہتر ہیں مفلسی کے میاں چاہنے چنے
جو تندرست ہیں وہی دولہا ہیں اور بنے

جتنے سخن ہیں سب میں یہی ہے سخن درست
اللہ آبرو سے رکھے اور تن درست

جب تندرستیوں کی رہیں دل میں بستیاں
پھر سو طرح کے عیش ہیں اور مے پرستیاں
کھانے کو نعمتیں ہوں کہ ہوں فاقہ مستیاں
سب عیش اور مزے ہیں جو ہوں تندرستیاں

جتنے سخن ہیں سب میں یہی ہے سخن درست
اللہ آبرو سے رکھے اور تن درست

قدرت سے یہ جو تن کی بنی ہے ہر ایک کل
جبتک یہ کل بنی ہے جبھی تک پڑے ہے کل[1]
گر ہو خدانخواستہ اک کل بھی چل بچل
پھر تو خوشی نہ عیش نہ کچھ زندگی کا پھل

جتنے سخن ہیں سب میں یہی ہے سخن درست
اللہ آبرو سے رکھے اور تن درست

ادنیٰ ہو یا غریب تونگر ہو یا فقیر
یا بادشاہ شہر کا یا ملک کا وزیر
ہے سب کو تندرستی و حرمت ہی دلپذیر
جو تو نے اب کہا سو یہی سچ ہے اے نظیر

جتنے سخن ہیں سب میں یہی ہے سخن درست
اللہ آبرو سے رکھے اور تن درست

[1] یعنی ۱۲

۱۰ امیر حسن

جو کوئی دشمن ہو احساں اُسپہ کر
تاکہ اُس احسان سے ہو دوست تر
جو نہ ہو وہ دوست کینہ کم ہوا
یہ ترا احساں اُسے مرہم ہوا
ساتھ سب کے کر مروت اختیار
خواہ پیدل ہو کوئی یا ہو سوار

الغرض ہو دوستدارِ انجمن		پیش آ ہر اک سے با خلقِ حسن	

۱۱ اُلفت

دلو نمیں کہنے سُننے سے علاوت آہی جاتی ہے		صفائی لاکھ ہو لیکن کدورت آہی جاتی ہے	
برابر دوستی نبھتے کہیں دیکھی نہ دنیا میں		کسی ڈھب سے کہیں رنجش کی نوبت آہی جاتی ہے	
جو عاقل ہیں نہیں آتے کسیکے کہنے سُننے میں		محبت اُنمیں ہوتی ہے مروّت آہی جاتی ہے	
چُھپائے سے نہیں چُھپتا ہے ایجاں نشہ اُلفت کا		ضرور آنکھونمیں کچھ اُس مے کی رنگت آہی جاتی ہے	

۱۲ مفلس

خداوندا زمانہ کی یہ کیا تبدیل حالت ہے		نہ یارونمیں مروّت ہے نہ اپنونمیں محبت ہے	
نمازی کاٹکہ پاجاؤگے دیکھو کہا مانو		مذاق ہر اک سے کرنا بندہ پرور سخت ذلت ہے	
بزرگونکا مقولہ ہے ذرا بھی شک نہیں اِسمیں		قسم ہر بات پر کھانا یہ جھوٹے کی علامت ہے	
ملا کرتے تھے وہ اپنی غرض سے دوستی کیسی		نہ وہ اب آنا جانا ہے نہ وہ اُلفت محبت ہے	
کماتے ہو جو اک پیسہ تو دو پیسے اُڑاتے ہو		بڑے نادان ہو مفلس ارے یہ کیسی غفلت ہے	

۱۳ معتبر

ایک عالم کو آزمادیکھا		جسکو دیکھا سو بے وفا دیکھا	
حالِ بد کا شریک دُنیا میں		نہ برادر نہ آشنا دیکھا	
جو کوئی معتبر ہے مالک کا		مال اُس کو بھی تاکتا دیکھا	

۱۴ ارنگین

چار چیزوں کو نہ تھوڑا جاننا — عرض یہ میری ہے اِسکو ماننا
ایک تو ڈرنا بہت تُم آگ سے — خوف کرنا دل میں اِسکی لاگ سے
کیونکہ اِک دم میں یہ کافر ناگہاں — پھُونک دیتی ہے جہاں سے تا جہاں
دوسرے دُکھ گرچہ ہو ہر چند کم — دُور دل سے کیجیو اُس کا نہ غم
گو قرض کم ہو مگر اچھا نہیں — اُسکو بڑھتے عرصہ کچھہ لگتا نہیں
تیسرے پھر قرض سے ڈرنا ضرور — یہ مرض ہے اِس سے رہنا دُور دُور
ایک دمڑی قرض ہو یا لاکھ ہو — دہر میں مقروض کی کیا ساکھ ہو
چوتھے گو عاجز سہی اپنا عدو — ہو جیو ایمن نہ اُس سے ایک مو
جی میں اُسکو جانیو سب سے بڑا — ہے وہ سارے پہلوانوں سے کڑا

مثنوی ثانی

ایک سے پوچھا کسی نے برملا — دوست تیرے کتنے ہیں سچ سچ بتا
بولا وہ اب تو فراغت ہے مجھے — سب مہیا ناز و نعمت ہے مجھے
پوچھہ یہ مت کون تیرا دوست ہے — آج تو دُشمن بھی میرا دوست ہے
جب خدانا کردہ تنگی آئے گی — بات یہ تب امتحاں ہو جائیگی
گُل پر اپنے دوست ہو جاتے ہیں سب — جو کہے تو وہ بجا لاتے ہیں سب
خود غرض جو دوست ہے، وہ ہے عدو — بھُولیو مت دوستی پر اُسکی تو
اُس سے کچھہ حاصل نہو گا جُز ضرر — ہے یہ لازم تو کرے اُس سے حذر

اپنا گر چاہے بھلا کوئی بشر — صحبتِ بد سے بچے شام و سحر
اس نصیحت کو ذرا رکھ گوش میں — بیٹھ تا مقدور اہلِ ہوش میں
دوست جو ناداں ہو اُس سے لاکھ چند — دشمنِ دانا ہے خوب اے ہوشمند
دشمنِ دانا کو بھائی جاننا — یارِ ناداں کا نہ کہنا ماننا
دوست ہے تیرا جو جانی دوست ہو — ہے وہ دشمن جو کہ نانی دوست ہو
آشنائی دیکھ جھوٹو نسے نکر — آخرِ کار اس میں ہے تیرا ضرر
دوستی کر تو بڑے لوگونکے ساتھ — تاکہ حاصل تجکو ہو کچھ ہاتوں ہاتھ
سُن بڑے چھوٹونکا اب مجھسے بیاں — تاکہ یہ نکتہ رہے تجھ پر عیاں
یعنے محفل میں کمینونکی نہ بیٹھ — صحبتوں میں بدقرینوں کی نہ بیٹھ

۱۵ فریدالدین عطار کے کلام کا اُردو نظم میں ترجمہ

جبکہ فارغ دل ہو تُو اور تندرست — فکر میں دُنیائے دُوں کے ہو نہ چُست
صبح کو ہرگز نہ سو تو اے عزیز — نفسِ بد کو کر نہ بدخو اے عزیز
وقت سونے کا نہیں ہے وقتِ شام — کیونکہ ہے اِسوقت کا سونا حرام
بے ریائی سے تو نیکی کر سدا — تاکہ پائے عمر عالم میں سوا
دھیان کر قولِ حکیماں پر ذرا — دُھوپ اور سایہ میں سونا ہے بُرا
کر نہ تو ہر چوب سے ہرگز خلال — تا نہ پڑ جائے کہیں تجھپر وبال
پاک ہاتوں کو نہ کر تو خاک سے — ڈھونڈ پانی ہات دھونے کیلئے
ہات اپنا چول میں در کی ندے — ہات پس جائے اگر ایسا کرے

جسم پر اپنے کہیں کپڑا نہ سی — سیکھ کر طرزِ ادب بن آدمی
پونچھ دامن سے نہ اپنا مُنہ کبھی — رزق گھٹ جائیگا اس سے اے اخی
سیر کو بازار کی جایا نہ کر — ہو نہ جبتک فائدہ مدِّ نظر
مُنہ سے اپنے گُل نکر ہرگز چراغ — تا دھوئیں سے پُر نہو تیرا دماغ
اپنی ڈاڑھی میں کبھی دن اے پسر — بھول کر تو غیر کی کنگھی نہ کر

۱۶ ناسخ

متعبر نہیں دیکھتے ہیں اپنی ان آنکھوں سے روز — یہ برادر یہ پدر یہ خویش یہ فرزند ہیں
تو بھی رعنائی سے ٹھوکر مار کر چلتے ہیں یار — سُو جتا اتنا نہیں یہ خاک کے پیوند ہیں

۱۷ اخوند

سرکشی پامال کر دیتی ہے ہر مغرور کو — ناک رگڑائیگی تجھسے خود پرستی ایک دن
کسقدر اے منعمو غفلت ہے آؤ ہوش میں — سب اُتر جائیگی یہ دولت کی مستی ایک دن

۱۸ عاشق

دنیا ہے چند روزہ نہ اِسپر اچھلکے چل — عبرتکدہ ہے اِسمیں تو غافل سنبھلکے چل
دنیا سے ایک روز سفر تجکو ہے ضرور — سیدھی طرح سے جاسے تو جا ہے چلکے چل

۱۹ ظفر

یہ دنیا ہے اوگھٹ گھاٹی پگ بہت پھیلاؤ جی — اِتنے ہی پھیلاؤ کہ جسکے سُکھ ہے دُکھ نہ پاؤ جی

اِس دُنیا کے جتنے دھندے سگرے گورکھ دھندے ہیں
اِنکے پھندہ جانہ پڑو تُم یا میں نہ سن اُلجھاؤ جی

یہ منوا ہے مُورکھ لوبھی سب ہی پر للچائے ہے
چاتر ہو تو اِس مُورکھ کو جیسے بنے سمجھاؤ جی

جِس کلیج کا ہونا کٹھن تُم من اپنے مین جانتے ہو
اُسکی دیا سے سہج وہ سمجھو اتنا نا گھبراؤ جی

عمر اکارت تُمنے کھوئی کچھہ تو اُدھر کا دھیان کرو
بہت گئی اور تھوڑی رہی ہے یہ بھی نہ یوں گنواؤ جی

سُدھ بُدھ دی کرتار نے تُمکو سوچ سمجھکر کرنا کچھہ
ایسی کرنی مت کرنا جو کرکے پھر پچتاؤ جی

کہئے نہ بھولا اُسکو ظفر جو صبح کا بھولا سانجھہ کو آئے
چھوڑ کے سگرے جھگڑے اپنا رب سے دھیان لگاؤ جی

ظفر

جو عرش سے ہے فرش تلک آدمی میں ہے
دیکھہ آنکھہ کھولکر

کیا کیا نہیں ہے اِسمیں کہ سب کچھہ اِسی میں ہے
پر چاہئے نظر

دل اپنا پہلے زنگِ کدورت سے صاف کر
مانندِ آئینہ

پھر تو بغور دیکھہ کہ اِس آرسی میں ہے
کیا حُسن جلوہ گر

کیوں کعبہ و کنشت میں سر مارتا ہے تو
سرگرمِ جستجو

تو جسکو ڈھونڈتا ہے چھپا وہ تجھی میں ہے
پردہ تو ہے تجھ پر

ہے دورِ جام و صحبتِ یارانِ زندہ دل
کیفیتِ حیات

کچھہ ہے اگر مزہ تو یہی زندگی میں ہے
باقی ہے دردِ سر

افشائے رازِ عشق نہ کر کہہ کے جی کی بات
پردہ ہی خوب ہے

جی ہی میں اپنے رہنے دے جو کچھہ کہ جی میں ہے
خاموش اے ظفر

ظفر

جتنی جتنی لوگ جتاتے اپنی یاری مُنہ سے ہیں
اُتنی ہی اُنکی ہم بھی کرتے خاطرداری مُنہ سے ہیں

مُنہ کے میٹھے دل کے کڑوے اہلِ دُنیا دیکھ لیے
جھوٹی جھوٹی کرتے خوشامد آکے ہماری مُنہ سے ہیں

دلمیں شرابِ مکر و دغا سے رہتے ہیں مست مدام
کیسی کیسی کرتے پھرتے یاں ہشیاری مُنہ سے ہیں

کہتے کچھ ہیں کرتے کچھ ہیں ڈرتے رہیے اِنسے ظفر
دشمنِ جاں ہیں ویسے کرتے ظاہرداری مُنہ سے ہیں

۲۰ ضبط

زمانۂ حال کا سچّا فوٹو

گردشِ چرخ نے کھایا ہے یہ پلٹا کیسا
طُرفۃ العین میں بدلا ہے زمانا کیسا

دیکھتے دیکھتے دیکھا ہے تماشا کیسا
آریہ ورت کا بگڑا ہے یہ نقشا کیسا

رات دن بغض و عداوت کا ہے چرچا کیسا

نہ وہ محنت نہ مشقت نہ وہ ہمت کا نشاں
نہ وہ عادت نہ طبیعت نہ وہ سیرت کا نشاں

نہ وہ اُلفت نہ محبت نہ صداقت کا نشاں
نہ وہ رفعت نہ وہ دولت نہ وہ ثروت کا نشاں

کاہلی اور فلاکت نے ہے گھیرا کیسا

نہ وہ عزت کا خیال اور نہ دولت سے غرض
نہ وہ اب علم کا دھیان اور نہ صنعت سے غرض

نہ وہ کوشش کا ارادہ نہ وہ محنت سے غرض
نہ وہ پروائے ترقی نہ تجارت سے غرض

شیوۂ علم و عمل دل سے بھلایا کیسا

نہ وہ پہلے سے ارادے نہ وہ جوشِ ہمت
نہ وہ پہلے سے خیال اور نہ پہلی عادت

دنیوی کام کی پروا ہے نہ دیں کی رغبت
دھرم سے سخت تنفر ہے دیا سے نفرت

نام جاتا ہی رہا دھرم و دیا کا کیسا

نہ وہ اب لطف و مروت کا ٹھکانا باقی
اور نہ وہ پہلی صداقت کا ٹھکانا باقی

نہ وہ اب مہر و محبت کا ٹھکانا باقی
نہ وہ اخلاق و رعایت کا ٹھکانا باقی
بدسلوکی نے یہ ہنگامہ اُٹھایا کیسا

نہ وہ مذہب کی ہے عظمت نہ وہ شانِ ایمان
نہ طریقہ کی ہے پروا نہ اصولوں کا گمان
نہ تپشا کا پتہ ہے نہ پرستش کا نشان
نہ وہ پوجا کا خیال اور نہ ایشر کا دھیان
گیان اور دھیان کو ہے جی سے بھلایا کیسا

نیک کاموں کو ہیں سمجھے ہوئے جی کا جنجال
کام جو اچھے ہیں آتے ہیں نظر سب کو وبال
بادہ خواری ہے حلال اور ہے چوری میں کمال
عزت و دولت و ناموس ہوئے سب پامال
عقل پر سب کی پڑا دیکھئے پردہ کیسا

ہے دعا ضبط کی ہر لحظہ یہی ایشور سے
کہ نئے سر سے وہ رنگ اگلی مسرت کا جمے
دلمیں ہر شخص کے پھر جوش ترقی آئے
نیک کاموں میں ہمیشہ ہوں ارادے سب کے
اور پھر دیکھیں کہ ہے اس کا نتیجہ کیسا

۲۲ چھپیدی لال

دل میں ہے حسبِ حال زمانہ رقم کروں
اس واقعی بیاں کو سرِ مو نہ کم کروں
اوصاف نیک و بد کے سپردِ قلم کروں
مضمون راست لکھنے سے ہرگز نہ رم کروں[1]
جب تک یہ حال سب کو سنایا نہ جائیگا
اپنا جو مدعا ہے وہ پایا نہ جائے گا

ہیہات کیا بُرا یہ زمانہ کا حال ہے
نیکی کے بدلے آج بدی کا خیال ہے
جھوٹ اور زنا میں لوگوں کو حاصل کمال ہے
غیبت ہو عیب جوئی ہو سب کچھ حلال ہے

[1] بجائے رم کروں ۱۲

بدبینی و غرور میں ہر خود پسند ہے
چانڈو شراب نوشی کا چرچا دو چند ہے

بغض و حسد سے کینہ سے انسان ہے بھرا
مُنہ موڑتے نہیں کبھی بُہتان سے ذرا
رشوت نگر اسوں کا اک باغ ہے ہرا
کہئے قمار بازی جسے کھیل ہے کھرا

زر لیکے لڑکیوں پہ یہ شادی رچاتے ہیں
پھر شاہ بنکے بھائیوں میں مُنہ دکھاتے ہیں

برعکس ہوتے جاتے ہیں دنیا کے کاروبار
کرتے حلف دروغی ہیں سچ مچ ہزار بار
کیسی بدی ہو۔ دل کو نہیں ہوتی ناگوار
اور نیک بات ہو تو سمجھتے ہیں مثل خار

دل ایسے بدشعاروں کے گلخن سے کم نہیں
جنمیں بدی کے شعلے ہیں نیکی کی نم نہیں

دُنیا کی شرم۔ دین کا کچھ اُنکو غم نہیں
صورت میں آدمی ہیں مگر جن سے کم نہیں
خالی ہَوا و حرص سے یہ ایک دم نہیں
اِس زندگی پہ حیف ندیم ندم نہیں

بیٹھے ہیں چار یار اُڑاتے ہیں قہقہے
بوتل بغل میں اور ہیں گلشن میں چہچہے

بغض و نفاق و حرص کا ہر سو رواج ہے
جو پہلے لکھ گئے ہیں وہ سب ظاہر آج ہے
گمراہ جو زیادہ ہے وہ سر کا تاج ہے
دیں کی خبر اُنہیں ہے نہ دنیا کی لاج ہے

نخوت کی مے کا سر میں بہت کچھ خمار ہے
اِن کو نشہ چڑھا ہے کہ شیطاں سوار ہے

خیرات کا تو نام ہی معدوم ہوگیا
دروازوں سے فقیر ہی محروم ہوگیا

بخشش کا گھر بخیلی میں موسوم ہو گیا | ایک اک کے لوح دل پہ یہ مرقوم ہو گیا

خیرات جسکو کہتے ہیں فعل حرام ہے
زر ہو تو رنڈی بھڑوے بنکے دینے سے نام ہے

غرضیکہ سب بدل گئی دنیا کی رسم و راہ | اُلٹی تمام باتیں ہیں گر کیجئے نگاہ
کیا دور آگیا ہے یہ اللہ کی پناہ | ہے شغل بادہ نوشی کا ہر شام ہر پگاہ

اُلٹی ہی بات کرتے ہیں اُلٹی ہی چال ہے
حیران دیکھ دیکھ کے یہ چھیدی لال ہے

۳۸ نشہ نے گھڑی دیکھی تو معلوم ہوا کہ ایک بجنے کو ہے چلا کر بولا ہماری شادی کا مہورت ساڑے پانچ بجے کا ہے اور ابھی بعض خاص امور سے فارغ ہونا ہے مہترانیوں کا گانا سُننا برات کا سجنا وغیرہ چند ضروری باتیں درپیش ہیں مشاعرہ ختم کرو ایسا نہو کہ وقت ٹل جائے اور شادی بچل جائے بھانڈوں نے کہا حضور یہ سب شاعران ذیشان کی روحیں تھیں کہ بھانڈوں کے جسموں میں حلول کر کے اپنی اپنی نصیحت انگیز تصنیفات سُنا گئیں جناب کی بڑی قسمت کہ امیر الشعرا میاں داغ دریولا بتقریب سیر گلفروشاں حیدرآباد سے دہلی تشریف لائے ہیں مگر مشاعرہ میں شریک نہو سکے رقعہ بھیجا گیا تھا کہ آپ بذات خود تشریف لا کر محفل کو زینت بخشیں جواب آیا کہ بھائی نشہ سے جتنا دور رہوں اُتنا ہی بہتر ہے خیر اُنکا شہر آشوب پڑھکر مشاعرہ ختم کیا جاتا ہے

شہر آشوب

فلک زمین و ملا یک جناب تھی دلی | بہشت و خُلد میں بھی انتخاب تھی دلی
جواب کاہیکو تھا لاجواب تھی دلی | مگر خیال سے دیکھا تو خواب تھی دلی

پڑی ہیں آنکھیں وہاں جو جگہ تھی نرگس کی

خبر نہیں کہ اُسے کھا گئی نظر کس کی

خدا پرستوں کا شیوہ جفا پرستی ہے
بجائے ابر کرم مفلسی برستی ہے

جو مال مست تھے اب اُنکو فاقہ مستی ہے
بتنگ جینے سے ہیں ایسی تنگدستی ہے

غضب میں آئی رعیت بلا میں شہر آیا
یہ پوربیے نہیں آئے خدا کا قہر آیا

یہاں سے کہتے ہوئے آئے دین دین یعین
وہ جانتے ہی نہ تھے چیز کیا ہے دین مبین

جو ماتا دین کوئی تھا تو کوئی گنگا دین
کئے ہیں قتل زن اور بچے کیسے کیسے حسین

روا نہ تھا کسی مذہب میں جو وہ کام کیا
غرض وہ کام کیا کام ہی تمام کیا

زمیں کی چال پہ اب آسمان روتا ہے
گدا و شاہ ضعیف اور جوان روتا ہے

ہر اک فراق مکیں میں مکان روتا ہے
غرض یہاں کیلئے اک جہان روتا ہے

جو کہیئے جوشش طوفاں نہیں کہی جاتی
یہاں تو نوح کی کشتی بھی ڈوب ہی جاتی

یہ وہ جگہ ہے کہ عبرت پہ عبرت آتی ہے
یہ وہ جگہ ہے کہ آفت پہ آفت آتی ہے

یہ وہ جگہ ہے کہ حسرت پہ حسرت آتی ہے
یہ وہ جگہ ہے کہ شامت پہ شامت آتی ہے

یہ وہ جگہ ہے جہاں بیکسی بھی ڈر ڈر جائے

+ نوٹ اگر شہر دہلی کو نشانۂ تیر غضب الٰہی کہا جاوے تو جھوٹ نہیں ہندوؤں کی سلطنت یہاں غارت ہوئی تیمور نے اسکو تاراج کیا نادر نے اسکو قتل کیا احمد شاہ نے اسکو لوٹا سورج مل جاٹ والی بھرتپور محل شاہی کی چھتونکی چاندی اکھڑوا کر لیگیا۔ غلام قادر نے شاہ عالم کو نابینا کیا غدر سب آفتوں کا قبلہ گاہ ہوا اب پروردگار سے یہ دعا ہے کہ یہ آفت خاتم الآفات رہے۔

* روشن
** مکان والا

یہ وہ جگہ ہے اجل خوف کھا کے مر رہ جائے

ملا نہ تحتِ ثریٰ تک کہیں پتا اپنا
بجز خدا کے نہیں کوئی ناخدا اپنا

کسی سے ڈوبنے ہوئے ایسے کہ نکلتے ہیں
یہاں سے حضرتِ الیاسؑ بچکے چلتے ہیں

تلاش بہر سیاست ہے خوش زبانوں کی
کہ حکم عام ہے بھرتی ہو ڈل خوانوں کی

یہ اہلِ سیف و قلم کا ہو جسکا حال تباہ
کمال کیوں نہ پھرے دربدر کمال تباہ

کہاں تک آہ لکھوں اُس کا حالِ بربادی
کہاں تک آہ لکھوں آسماں کی جلّادی
کسی کو قیدِ محنؑ سے نہیں ہے آزادی
کہ داغ داغ ہے دل ہر کوئی ہے فریادی

الٰہی پھر اسے آباد شاد دیکھیں ہم
الٰہی پھر اسے حسبِ مراد دیکھیں ہم

۳۹ یہ پڑھکر بھانڈوں نے عرض کیا کہ حضور مشاعرہ برخاست اور انعام کی درخواست ایسا ہے کہ جو ہمیشہ نام رہے چونکہ نشہ رنڈی اور بھانڈوں سے نہایت خوش تھا حکم دیا کہ پاجامۂ غفلت بھانڈوں کو مرحمت ہو اور ازار بندِ بیوقوفی مصیبت جان کو ملے اور اُنسے کہدو کہ تمہارے لئے اِس سے بہتر کوئی انعام تجویز نہیں ہو سکتا۔ یہ چیزیں تمہاری کمائی کا وسیلہ ہیں کیونکہ ناچ رنگ اور ناٹک وغیرہ میں وہی حضرات دولت پھونکتے ہیں جو غافل اور عقل سے خارج ہیں غرض بھانڈ وغیرہ نہایت خوش ہو کر دعائیں دیتے ہوئے رخصت ہو گئے۔

۴۰ اب نشہ کی اجابت کا وقت آیا۔ مہترانیاں طلب کی گئیں شہر میں دھوم مچ رہی تھی کہ نشہ کی شادی ہے آس پاس کی کل مہترانیاں ڈھولکی لیکر درِ دولت پر حاضر ہوگئیں حاجتِ ضروری اور نشہ سے فراغت پاکر ارشاد فرمایا ہمنے سنا ہے دہلی کی مہترانیاں گانے والیونکومات کرتی ہیں اچھا کچھ سنائیں۔ مہترانیوں نے ڈھولکی پر تھاپ دی اور یہ غزل شروع کی۔

کہانتک ستمگر ستاتا رہیگا	ترا زور اک روز جاتا رہیگا
دکھائیگا کوئی کسی کو تو سن لے	کہ اسکو بھی کوئی دکھاتا رہیگا
جلائیگا گر تو کسی کو تو بے شک	دھواں اسکا تجکو رلاتا رہیگا
اگر تو کسی کو کھلائے گا کھانا	تو داتا تجھے بھی کھلاتا رہیگا
خدا اس سے راضی رہیگا ہمیشہ	جو بھنگی کو دیتا دلاتا رہیگا
جو تنخواہ بھی اسکو معقول دیگا	جو روٹی بھی موٹی کھلاتا رہیگا
اگر ہلکا ہوگا کبھی اسکا پھلکا	تو گھر گھر وہ اسکو دکھاتا رہیگا
نہ ہو ایسا ہلکا کہ لیجائے کوا	کہانتک وہ کوے اڑاتا رہیگا
جو حق اسکا دیگا کسی مستحق کو	تو حق اسکو بیشک ہنساتا رہیگا
اگر پائیگا بھنگی حق اپنا پورا	صفائی سے تم کو رجھاتا رہیگا

۴۱ نشہ نے فرمایا یہ روٹیونکا گیت تمہارے مطلب کا ہے کوئی ایسی چیز گاؤ جو ہمارے مذاق کے مطابق ہو۔ لہذا مفصلۂ ذیل غزل سنائی گئی۔

ڈبونہ اپنا تو دین وایماں شراب خانہ خراب پیکر	بنے گا بیشک بشر سے جیواں شراب خانہ خراب پیکر
یہ سلطنت کو اجاڑتی ہے یہ بیخ دولت اکھاڑتی ہے	فقیر بنتی ہے نسل شاہاں شراب خانہ خراب پیکر
بنے ہوئے کو بگاڑتی ہے یہ بیخ افلاس گاڑتی ہے	نہیں ہے حاصل سوائے نقصاں شراب خانہ خراب پیکر

کوئی تو غوغۂ عشرت میں مبتلا ہے کسیکو سرسام ہوگیا ہے	کسی کو آثارِ دق نمایاں شراب خانہ خراب پیکر
اگرچہ ظاہر میں ہے یہ پانی پہ ہر خرابی کا ہی یہ بانی	اگر ہو دانا بنے نہ ناداں شراب خانہ خراب پیکر
یہ روزمرہ کا تجربہ ہے یہ بادہ خوار و نکا واقعہ ہے	کہ کھینچے جاتے ہیں سوئے زنداں شراب خانہ خراب پیکر
یہ ہے دعائے غلام خستہ کہ شیشہ مے کا رہے شکستہ	کوئی نہ ہووے خراب و حیراں شراب خانہ خراب پیکر

۴۲ مہترانیوں کا گانا ہو چکا سب کی سب مستدعی انعام ہوئیں نشہ جو تیو نکا مارا اپنے گلے سے اُتار کر مہترانیو نکے گلے میں ڈالنے لگا۔ اُنھوں نے عرض کیا حضور یہ تو آپ ہی کو مبارک رہے۔ اِسپر حکم ہوا کہ سارے شہر کی سوریو نکی پُرانی اور کالی کچھڑا نکو عطا ہو۔ کھات کیواسطے باغبان خرید لینگے۔ مہترانیاں یہ کہتی ہوئی چلدیں کہ جو کچھ دو گے وہ پاؤ گے۔

۴۳ اِسوقت نشہ نے خدمتگارو نکو طلب فرماکر حکم دیا کہ اب برات کی تیاری ہو۔ چنانچہ برات چلنے کو تھی کہ ناداری نے حاضر ہوکر سلام کے بعد عرض کیا حضور دعوت میں بندی کو ایک پتّل بھی عطا نہیں ہوئی نشہ نے کہا کہ تھوڑے عرصہ میں سب اپنا اپنا کام کرکے چلے جائینگے۔ پھر سارے مزے تیرے ہی لئے ہیں یہاں کیا خاک رہیگا جہاں دیکھو ناداری ہی ناداری نظر آئیگی۔ جو بچیگا سب تیری ہی ملک ہے جلدی کیوں کرتی ہے۔

۴۴ لیجئے برات چلکر رفتہ رفتہ سمدھی کے دروازہ پر جا پہونچی۔ بیماری صحت سے۔ تہمت عزت سے دولت مصیبت سے۔ یہ دونوں طرف کے احباب ایک دوسرے سے خوب گلے ملے۔ اِتنے میں یکایک ملک الموت (جسطرح لڑتی ہوئی دو چڑیو نکو بلی کھا جاتی ہے) ایک ایک کو چٹ کرگیا یہانتک کہ نشہ بھی قبر میں جا اُترا۔ دم کے دم میں چراغ گُل اور محفل غائب ؎

انتہا عیش جہاں کی ہو دیکھا چاہے	بزم مستاں پہ ذرا ڈال نظر آخر شب

ضمیمہ اوّل شریفوں کی اولاد

شہریفوں کی اولاد بے تربیت ہے
خراب اُنکی حالت بُری اُنکی گت ہے
کسی کو کبوتر اُڑانے کی لت ہے
کسی کو بٹیریں لڑانے کی دہت ہے

چرس اور گانجے پہ شیدا کوئی ہے
مدک اور چنڈو کا رسیا کوئی ہے

سدا گرم انفار سے اُن کی صحبت
ہر اک ناہنجار اوباش سے اُنکی ملّت
پڑھے لکھوں سے ہے اُنہیں دلسے نفرت
مدارس کی تعلیم سے اُن کو دہشت

کمینوں کے جرگہ میں عمریں گنوائیں
اُنہیں گالیاں دیں اور وہی آپ کھائیں

نہ علمی مدارس میں ہیں اُن کو پاتے
نہ شایستہ جلسوں میں ہیں آتے جاتے
نہ میلوں کی رونق ہیں جاکر بڑھاتے
پڑے پھرتے ہیں دیکھتے اور دکھاتے

کتاب اور معلّم سے پھرتے ہیں بھاگے
مگر ناچ گانے میں ہیں سب سے آگے

اگر کیجے اُن پاک شہدوں کی گنتی
ہوا جن کے پہلو سے بچکر ہے چلتی
ملی خاک میں جن سے عزّت بڑوں کی
مٹی خاندانوں کی جس سے بزرگی

تو یہ جس قدر خانہ برباد ہونگے
وہ سب ان شریفوں کی اولاد ہونگے

ہوئی ان کی بچپن میں یوں پاسبانی
کہ قیدی کی جیسے کٹے زندگانی

لگی ا[illegible] کو جب کچھ سمجھ بوجھ آنی | چڑھی بھوت کی طرح سر پر جوانی

بس اب گھر میں دشوار ٹھہرنا ہے اُنکا
اکھاڑو نہیں بے کار رہنا ہے اُنکا

نشہ میں مے عشق کے چور ہیں وہ | صفِ فوجِ مژگاں میں محصور ہیں وہ
غمِ چشم و ابرو میں رنجور ہیں وہ | بہت ہات سے دل کے مجبور ہیں وہ

جنہوں نے لگائی ہو لو دل رباسے
غرض پھر اُنہیں کیا رہے ماسوا سے

نہ گالی سے دشنام سے جی چُرائیں | نہ جوتی سے بیزار سے ہچکچائیں
جو میلوں میں جائیں تو لچپن دکھائیں | جو محفل میں بیٹھیں تو قہقہے اُٹھائیں

لرزتے ہیں اوباش اُنکی ہنسی سے
گریزاں ہیں عیاش اُنکی ہنسی سے

کبوتوں کو اپنے اگر بیاہ دیجے | تو بہوؤں کا بوجھ اپنی گردن پہ لیجے
جو بیٹی کے پیوند کی فکر کیجے | تو بدراہ ہیں بھانجے اور بھتیجے

یہی جھینکنا کوبہ کو گھر بہ گھر ہے
بہو کا ٹھکانا نہ بیٹی کا بر ہے

ضمیمہ دوم مذمتِ شراب

کیا کہوں کیا کیا ستم اے یار کرتی ہے شراب | رفتہ رفتہ آدمی کو خوار کرتی ہے شراب
میکشی کا ہے نتیجہ شور و شر جنگ و جدال | سوتے فتنے سینکڑوں بیدار کرتی ہے شراب

آج آفت مال پر توکل ہے صدمہ جان پر
زندگی انسان کی دشوار کرتی ہے شراب

ناشیں ہیں ڈگریاں ہیں بک رہی ہے جائیداد
گھر کے گھر برباد لاکھوں بار کرتی ہے شراب

اہل عزت میکشی سے ہوتے ہیں خوار و ذلیل
سچ ہے یہ اقبال کو ادبار کرتی ہے شراب

قتل مینا نہیں بیوجہ اے غافل سمجھ
جڑ ہوں سب عیبوں کی یہ اقرار کرتی ہے شراب

دیتی ہے تکلیف میکش کو جو یہ وقت خمار
اپنے بد انجام کا اظہار کرتی ہے شراب

ٹھوکریں کھا کر سنبھل جائیں یہ غفلت چھوڑ دیں
میکشوں کو اسلئے سرشار کرتی ہے شراب

پر نہیں چھٹتی ہے یہ ظالم جہاں منہ سے لگی
توڑیئے توبہ یہی اصرار کرتی ہے شراب

اعتدال اسمیں کہاں بڑھتی ہے افیوں کیطرح
گو دوا بھی ہو مگر بیمار کرتی ہے شراب

فالج و سل لقوہ اور ضعف جگر ضعف دماغ
جسم میں پیدا بہت آزار کرتی ہے شراب

سڑ چلا ہے پھیپھڑا گو دیکھنے میں ہیں قوی
تندرستوں کو نحیف و زار کرتی ہے شراب

عیب دنیا بھر کے آجاتے ہیں اسکے شغل سے
آدمیت سے مگر بیزار کرتی ہے شراب

آبرو و تندرستی دین و ایماں جان و مال
چھوڑتی کچھ بھی نہیں جب وار کرتی ہے شراب

لطف اسکا ذلت و آزار سے خالی نہیں
جان سے جاتا ہے جسکو پیار کرتی ہے شراب

تھیں ابھی اخلاص کی باتیں کہ جوتا چل گیا
دم کے دم میں یار کو اغیار کرتی ہے شراب

ماں بہن چھوٹے بڑے کا کچھ نہیں رہتا لحاظ
ناسزا ناہل ناہنجار کرتی ہے شراب

ننگے ہو کر ناچتے ہیں کس مزہ سے بادہ کش
بیحیا بے شرم بد اطوار کرتی ہے شراب

گرتے ہیں اٹھ اٹھ کے لڑکے ہیں بجاتے تالیاں
ہائے کیا رسوا سر بازار کرتی ہے شراب

دھم سے کیچڑ میں گرے کتے نے چاٹا آکے منہ
آدمی کی کیسی مٹی خوار کرتی ہے شراب

بے خبر ہو نیسے حضرت غم غلط ہوتا نہیں
فکر بڑھ جاتی ہے جب ہشیار کرتی ہے شراب

نام دھرواتی ہے سنواتی ہے لاکھوں پھبتیاں — کیسے کیسے سن چلوں پر وار کرتی ہے شراب
پاک لوگوں کے یہ کافر منہ کبھی لگتی نہیں — معصیت کاروں نکموں سے پیار کرتی ہے شراب
جھڑتی جاتی ہیں سب قومیں مگر افسوس ہے — مومنوں کو آجکل بیخوار کرتی ہے شراب
موت جب آتی ہے تب روتے ہیں اپنے حال پر — سیکشوں کو نزع میں ہشیار کرتی ہے شراب
شوق بیچین آپکو اس ذائقہ سے کیا خبر — بیخبر دارین سے اے یار کرتی ہے شراب

ضمیمہ سوم ہفت دشمن

سات ہیں یہاں دشمن اپنے آپ کے — دوست یہ اپنے نہ بھائی باپ کے
ایک تو جو شخص ہو بسیار خوار — وہ کبھی جیتے کا بنجائے شکار
دوسرے مست تکبر جو ہوا — اپنے بیگانوں کے آگے ہے برا
تیسرے جو دل چلا نادان ہے — آج زندہ ہے تو کل بیجان ہے
چوتھے ہو جو شاہ دا میش — اُسکا دشمن ایکدن ہو اسکا جیش
پانچویں ہو دوست بو نادان کا — وہ کبھی نقصان اُٹھائے جان کا
ہے چھٹا وہ جو سدا کھیلے جوا — مال ہارا اپنا اور رسوا ہوا
ساتواں وہ جو شرابی ہو گیا — اپنے گھر کی خود خرابی ہو گیا

دیکھکر تو بروں کو سیکھہ عبرت — ورنہ تو ہو بروں کی خود صورت

یا مالک

پانچواں چمن لاڈ کا بگاڑ

مثنوی

پاسے کی بدی ہے آشکارا	راجہ نل سلطنت ہے ہارا
دانا تو کرے کب اسطرف میل	ہارا ہے جوئے کے نام سے بیل

۱ شہر دہلی میں عزیز النسا بیگم نامی ایک شریف زادی رہا کرتی تھی اور اسکی والدہ شرف النسا کا غذی محلہ میں رہتی تھیں۔ دونوں نہایت نا واقف ادب اور بے درجہ کی بیوقوف تھیں عزیز النسا بیگم کا شوہر مرے سے شہر دہلی میں املاک چھوڑ کر مر گیا تھا اسکی آمدنی قریب سو روپے ماہوار کے تھی خرچ سے کزران ہوتی تھی۔

۲ پڑوس میں ایک مومن خاں پٹھان رہتے تھے انکی عمر چالیس سال کی ہوگی۔ مگر حسین تندرست اور زبردست تھے بہت درست۔ قلت روزگار کے سبب ایک مکتب میں لڑکے پڑھا کر گزر اوقات کرتے تھے کبھی کبھی حسب ضرورت عزیز النسا بیگم کی ڈیوڑھی پر کچھ لکھنے کیلئے بلائے جاتے تھے۔

۳ ایکدفعہ عزیز النسا بیگم نے ایک مکان پانسو روپے کو بیچنا چاہا۔ خریدار نے یہ ٹھیرایا کہ قبالہ ایک ہزار کا ہو اور اگر حق شفعہ کا دعوے ہو تو مکان کی قیمت ایک ہزار اس سے وصول کر کے قبالہ اُسکے نام بنوا دیا جائے اور نفع کے پانسو روپے آدھے آدھے بانٹ لئے جائیں چنانچہ مومن خاں صاحب تحریر قبالہ کیلئے طلب ہوئے اور اُنپر پوشیدہ راز ظاہر کیا گیا مومن خان نے

کہا کہ یہ کام مجھسے نہوگا کسی اور کاتب کو بلا لیجئے میں جھوٹی دستاویز تحریر کرونگا بیگم صاحب ڈھائی سو روپے کیلئے دھوکہ دیکر ایمان کھوتی ہیں اور مالدار ہوکر ایسا کیا چاہتی ہیں تو غریب لوگوں کا خدا حافظ۔ اس سے بیگم اور انکی والدہ ازحد لڑ گئیں اور خریدار کو بلا کر کہدیا کہ ہم جھوٹا قبالہ نہیں لکھوائینگے اگر تم کو پانسو روپے دیکر پانسو کا قبالہ لکھوانا ہے تو مکان لیلو ورنہ چپکے ہو جاؤ۔ اور جو تمکو خیال ہے کہ مکان کا اور کوئی خریدار زیادہ قیمت پر ہوگا یہ خیال سراسر خام ہے دیکھتے نہیں ہو کہ مکان کے بہت قریب بول گاہ ہے اور حویلی کے زیر دیوار کوڑے کی گاڑی کھڑی ہوتی ہے جسمیں مری ہوئی بلیاں کتے چوہے اور گھونس ڈالے جاتے ہیں اور مہترانیاں آنکھ بچاکر نجاست بھی گاڑی میں ڈال جایا کرتی ہیں اس سے مکان میں ازحد تعفن رہتا ہے حکام سے بارہا عرض بھی کیا مگر شنوائی نہیں ہوئی لہذا میں نے مضر صحت سمجھ کر مکان کو علیحدہ کرنا چاہا اور یہ سب تم سے پہلے پوشیدہ نہیں رکھا پس میرا خیال ہے کہ اور کوئی خریدار پیدا ہونا امر محال ہے اور تمہاری طرح اگر پیدا بھی ہو تو بھی ہمکو جھوٹی تحریر لکھنی منظور نہیں"

۴ شرف النسا اور عزیز النسا بیگم کے دلونمیں مومن خاں کی جگہ ہوگئی کیونکہ شرف النسا نے یہ بھی کہا تھا کہ آپکو تحریر کا حق دو چند ملیگا مگر قبول نہ کیا۔

۵ اس واقعہ کے چند ماہ بعد مومن خاں کی گھر والی مرگئی۔ شرف النسا کو خیال ہوا کہ عزیز النسا بیگم مالدار ہے اگر مومن خاں کیساتھ نکاح ہو جائے تو بہت خوب ہو مومن خاں غریب اور شریف ہے اور عزیز النسا بیگم بے اولاد خدا نے چاہا تو بال بچے والی ہو جائیگی۔ مومن خاں کے پاس پیام بھیجا۔

نوٹ عموماً شہر میں ایسی کارروائیاں ہوا کرتی ہیں اور اس سے اکثر اشخاص دھوکہ کھا جاتے ہیں اور بدمعاش مزے اڑاتے ہیں۔ علاوہ اسکے شہر میں اور بھی چالاکیاں ہوتی ہیں مثلاً مکان گروی رکھا یا بیع کیا پھر نابالغ بچے کی طرف سے نالش کرادی یا زوجہ سے دعویٰ مہر اگر عدالت کروادیا اور روپے اینٹھ لئے اہل معاملہ کو ان امور کا معاملہ سے پہلے خیال رکھنا ضرور ہے۔

چونکہ مومن خاں عقیل تھے جوابدیا کہ میں مفلس چار پانچ روپے ماہوار کی آمدنی پر گزارا کسی غریب کی بیٹی کیساتھ نکاح کرلونگا۔ عزیز النسا بیگم امیر میرے ساتھ انکا نباہ دشوار۔ لیکن مقدر سے کئی مہینے بعد مومن خاں راضی ہوگئے اور نکاح ہوکر دونوں میاں بیوی بہت خوشی کیساتھ رہنے سہنے لگے

۶ ایک برس کے بعد مومن خاں کے ہاں ایک لڑکا پیدا ہوا اُسکا نام سلطان خاں رکھا۔ دوسرے سال لڑکی ہوئی اُسکا نام کریم النسا۔

۷ لڑکی کیوقت عزیز النسا بیگم کو دائی دودھ پلائی کی ضرورت ہوئی۔

۸ مومن خاں کی بہن عمدۃ النسا اپنے خاوند پنشن خوار دفعدار کیساتھ فرخ نگر میں رہتی تھی اور اُسکی ایک لڑکی انہی دنوں میں مرچکی تھی۔ مومن خاں نے اُسے طلب کرلیا۔

۹ عمدۃ النسا تشریف تو لے آئیں مگر رہنا قبول نہ کیا اور یہ کہا مومن خاں تو میرا چھوٹا بھائی ہے میں تیرے گھر دودھ پلانے پر رہ نہیں سکتی اگر لڑکی مجکو دیدو اور میں گھر لیجاکر اُسکی پرورش کروں تو مضایقہ نہیں غرض بعد قیل قال کریم النسا عمدۃ النسا کے حوالہ ہوئی اور وہ اُسکو فرخ نگر لیگئی۔

۱۰ لڑکا عزیز النسا کے پاس لاڈ میں بگڑتا رہا اور لڑکی عمدۃ النسا کے ہاں ادب قاعدہ سے تربیت پاتی رہی۔

۱۱ یہاں سلطان خاں کیواسطے ایک ٹٹو خریدا گیا اور دو لڑکے ہم عمر ایک خدمت کیواسطے دوسرا گھوڑے کی سائیسی کیلئے نوکر رکھا گیا اور کریم النسا پڑھنا اور سینا پرونا سیکھتی رہی سلطان خاں اس سے لڑا اُس سے بھڑا نہ پڑھنا نہ لکھنا۔ ٹٹو پر سوار اور کبھی بازار میں پھرنے سے سروکار

۱۲ مومن خاں نے عزیز النسا بیگم سے کہا کہ اب لڑکا بڑا ہوگیا ہے اسکو تعلیم و تربیت ہونی چاہیے۔ تاکہ اور بڑا ہوکر شریفوں میں گنا جائے اور کچھ معاش بھی پیدا کرسکے جواب ملا ابھی لڑکے کی عمر ہی کیا ہے کھانے کو بہت کچھ موجود ہے کھایا بھی نہیں جائیگا شرف النسا کہنے لگی کہ خانصاحب آپ دخیل نہوں لڑکی آپکی بہن کے سپرد کردی اُسکو تمکو اختیار ہے جیسی مرضی سو تربیت دو سلطان خاں تو

اکثر سپاہی بنے گا۔ شیر و ببر کے بچوں نے کبھی تعلیم پائی ہے۔ یہ گائے کے ہی بچھڑے ہیں کہ گاڑی میں جوت لو ہل میں چلاؤ۔ مومن خاں یہ کہکر اُٹھ گیا کہ قربان تمہارے منطق پر اور آفرین ایسے خیالات پر

۱۳ سلطان خاں شرارت کے کھیلوں میں دن دگنا رات چوگنا ہوتا چلا اور کریم النسا قریب حفظ قرآن شریف کے حفظ کر چکی۔

۱۴ ایکدن شب برات کے موقع پر عمدۃ النسا مع کریم النسا بھائی کے ہاں مہمان آئیں اور دیکھا کہ سلطان خاں بات بات میں بسورتا ہے اور ماں نانی اسکی جوتوں پر اکثر رہتی ہیں۔ عمدۃ النسا کو یہ بہت بُرا معلوم ہوا اسوقت تو کریم النسا کے پاس رہ گئی ہوگی سلطان خاں تو اُس سے بڑا ہی تھا پھر کیونہ سلام کرتا خیر بیت ہو چکی اور جو عزیز النسا نے بھی کو سلام کرنے کو کہا تو کریم النسا بولا سلام کرے میری بلا تم کو غرض ہو تو تم اُسکے پیرو نہیں سردھرو لیکن کریم النسا کچھ ایسی ہی نہ تھی عزیز النسا بیگم اور شرف النسا سے بلکہ ماما تک سے کہکر کر آداب بجالائی اور سلطان بھائی سے کہا بھیا سلام اچھے ہو مگر سلطان کچھ نہ بولا باہر جا تھوکسوار ہو چلدیا

۱۵ عمدۃ النسا نے مومن خاں سے کہا کہ بھیا لڑکا تو خوب تربیت پا رہا ہے کیا تمہاری کچھ نہیں چلتی۔ ابھی تو صغیر سن ہے بڑا ہوگا تو پھر سنبھالا نہ سنبھلیگا کیا عجب کچھ خون کر ڈالے بھائی جان ابھی تو درست ہو سکتا ہے ؎

شاخ تر جھکتی ہے جھکانے سے	پر نہیں جھکتی سو کہہ جانے سے
خودروی میں ہو کوئی نہ پائے فلاح	کیا بزرگی میں اُس سے آئے فلاح

مومن خاں نے کہا کہ بہن لیا کہوں میری تو کوئی سُنتا نہیں نانی نواسہ کو بگاڑ رہی ہے اور اُسکی بیٹی اُسکی راہ پر ہے۔ تم کہہ لیکر سمجھا سکو تو بہتر ہے ورنہ لڑکا تو بگڑ ہی چکا ہے۔

۱۶ عمدۃ النسا نے خیال کیا کہ اگر کریم النسا یہاں رہی تو بگڑ کر بھائی کے ڈھنگ سیکھیگی ارادہ کیا کہ سلطان کی تربیت کے باب میں کچھ کہہ سُنکر کریم النسا کو ساتھ لے شب برات سے پہلے فرخ نگر چلی جاؤں

۱۷ عمدۃ النسا نے شرف النسا سے کہا کہ تمہارا نواسہ تو نہایت ہی ابتر ہے کیا تمنے ایسا ہی ادب اپنے

والدہ سے سکھایا تھا۔ اسپر شرف النسا جھنجلا کر بولی کہ بی آتے دیر نہیں ہوئی کل تشریف لائی ہو اپنے بھائی کیطرح [illegible] کی شکایت کرنے لگیں تم مہربانی کرو ہمارے سر ماتھے پر مگر لڑکے کی خوشی کے خارج مت ہو عمدۃ النسا کو یہ تنبیہ بری معلوم ہوئی لیکن کچھ کہہ نہ سکی دم بخود رہ گئی۔

۱۸ دوسرے دن سہ پہر کو بعد شرف النسا نے پاس پڑوس کے لڑکوں سے کہا کہ آج سلطان آتشبازی چھوڑیگا تم سب آکر تماشہ دیکھنا اور اماں واحد العین سے جو سب لڑکوں میں بڑا تھا یہ کہا کہ تم ہو دھوبی کا گدھا جو کھلا پھرتا ہے تم اسکو باندھ رکھنا ہمارا نواسہ تماشہ دکھلائیگا۔

۱۹ اماں نے کہا بہت اچھا گدھے کو پکڑ کر باندھ رکھونگا۔ چراغ جلے سلطان نے آتشبازی چھوڑنی شروع کی [illegible] لمبی قلم لوہے کے تار میں باندھکر گدھے کی دم سے پکڑ دی اور فلیتہ لگا دیا گدھا بچارا چکر دیتا ہوا کان کے صحن میں چکر کھانے لگا اور پانی کے شکے توڑ ڈالے [illegible] لڑکے کے تمام لڑکے ساتھ ہو گئے اسطرف سے ایک کرانی بگی پر سوار [illegible] گدھا آگے آگے [illegible] لڑکوں کی اچھی طرح خبر لی مگر لڑکے بھاگ کر اپنے اپنے گھر و نہیں جا چھپے

۲۰ عمدۃ النسا یہ حال دیکھکر دنگ رہ گئی اور بیگن خاں سے کہا کہ بھائی مجھے رخصت دلوا دو گدھے نے معلوم نہیں اور کیا کیا فتور کئے ہونگے۔ بیگن خاں نے کہا کہ میری رائے میں تمہارا اور اپنے جانا ہرگز مناسب معلوم نہیں ہوتا [illegible] آمد و شد آمد کا معاملہ ہے اگر اجازت دیں چلی جانا

۲۱ عمدۃ النسا نے عزیز النسا بیگم اور انکی والدہ سے رخصت مانگی دونوں نے بہت بگڑیں اور آخر میں بولیں

شرف النسا بی عمدۃ النسا تم بدوا [illegible] نسا نے فرخ نگر جانے کیواسطے کیوں رخصت چاہتی ہو

عمدۃ النسا [illegible] نسا نے گدھے نے کیا آفت مچائی ہوگی نہ معلوم کس کس کی ڈولی تہانہ والے عدالت میں لیجائیں گے

شرف النسا [illegible] عمدۃ النسا تم تو بڑی ڈرپوک ہو ہمارے شہر میں تو ہر سال دس بیس ایسے

حادثے ہوجایا کرتے ہیں کوئی شہر چھوڑکر چلا نہیں جاتا۔ پچھلے ہی سال سید حسن رسول نما کے میلہ پر کئی آدمی زخمی ہوئے مگر تہوار بند نہیں ہوا بلکہ اس شہر کا یہ برا دستور پڑگیا ہے کہ لڑکا چاہے بگڑے چاہے سنورے اسکا کہا ٹالنا روا نہیں رکھتے اور اپنی رسم نہیں چھوڑتے اس شہر میں آئے دن میلے ٹھیلے رہتے ہیں

رباعی

گو ہند نصیب سے مصیبت جھیلے	ہوں قحط کے مفلسی کے ہم پر ریلے
لیکن یہ غضب ہے ہر مہینے کے یاں	ہوتے ہیں جو تیس دن تو پینسٹھ میلے

عمدۃ النسا اب میں دونوں کی خدمت میں ہاتھ جوڑکر عرض کرتی ہوں کہ آپ اب تو مجکو رخصت فرمائیں پھر کبھی بندی بسر و چشم حاضر ہوجائیگی"

شرف النسا "میں تو رخصت دیتی نہیں ہوں ہمکو ناراض کرکے جانا چاہو تو چلی جاؤ تم کو اختیار ہے"

جو کہ عمدۃ النسا غریب مہذب اور خواندہ تھی شرف النسا سے یوں مخاطب ہوئی اپنے شہر کی جو حالت تمنے بیان کی اسپر مجکو ہنسی آتی ہے اگر اس شہر کے سارے آدمی اور عورتیں اپنے بچوں کی پرورش اسیطرح کرتے ہیں جسطرح تم کر رہی ہو اور انکی تعلیم و تربیت کا بھی یہی طریق ہے جو تمنے اختیار کیا ہے تو اس سے ہم گنوار پہلے کہ ہماری خواہشیں اور حیثیاجیں سب محدود ہیں اور ان شرارتوں کے کھیلونسے جن میں آدمیوں اور جانوروں کی جانیں تلف ہونیکا احتمال ہے بالکل ناواقف ہیں بھلا میں تمسے دریافت کرتی ہوں کہ شب برات کے روز آتشبازی چھوڑنے کا قرآن میں کہاں ذکر آیا ہے جو لوگوں نے یہ رسم قبیح سنانے کا اختیار کرلیا ہے رسول نے کہاں حکم دیا ہے کہ اس روز آتشبازی چھوڑی جائے اور مسلمان اپنی جانوں کو خطرے میں ڈالیں تو بیٹر بیاہ ہے اس سے تنفر بہتر ہے اور آتشبازی کا چھوڑنا تو الگ رہا یہ کس کا حکم ہے کہ گدھے کی دم میں قلم باندھی جائے اور وہ جانور بھاگتا پھرے اور لڑکے اسکی ان حرکتوں سے خوش ہوں ہمارے ہاں تو بچوں نے دو چار پٹاخے اور ایک آدھ پھلجھڑی چھوڑدی چھوڑدی خدا ان کھیلونسے محفوظ

رکھے جہاں تمہارے شہر کا سا دستور ہو وہاں عقلمند کو تو اپنے بچے کو کبھی نہ چھوڑنا چاہئے۔ تمکو چاہئے کہ سلطان کو ان کہیلوں سے باز رکھو اور اُسکی طبیعت کو پڑھنے لکھنے کی طرف راغب کرو کیا سپاہی پیشہ آدمیوں کے واسطے پڑھنے لکھنے کی ممانعت ہے مسلمان کسی پیشہ کا آدمی ہو اُسکے واسطے فرض ہے کہ اپنے مذہب کے ارکان جانے اور روزہ نماز کا پابند ہو۔ مذہب کی یہ ساری باتیں پڑھے لکھے بغیر کیونکر آسکتی ہیں اور جو بدعتیں پھیل گئی ہیں اُنسے کیونکر بچیں۔

۲۲ یہ باتیں ختم نہونے پائی تھیں کہ دروازہ پر بدّہو دھوبی نے غُل مچایا معلوم ہوا کہ جب اُسنے لڑکو نسے گدھے کا سُراغ پوچھا تھا تو آمامی کو ہنسی آگئی اُسپر بدّہو آمامی کے سر ہو گیا۔ آمامی نے گدھے کا حال مفصل طور پر دھوبی کو کہہ سُنایا وہ یہ سُنکر سیدھا ڈیوڑھی پر آکر شور مچانے لگا۔

۲۳ مومن خاں نے گھر سے نکلکر چپکے سے پانچ روپے بدّہو کے ہاتھ میں رکھے اور منّت سماجت کرکے پیچھا چھوڑا لیا۔

۲۴ چار روز کے بعد اُردو اخبار میں چھپا کہ ایک گدھے کی دُم میں کسی نے آتشبازی کی قلم باندھ کر چھوڑ دیا تھا جس سے ایک کرانی کی ٹٹّی دُم اُلٹی اور وہ پائے والونمیں جاکر ایک آتشباز کی دُکان میں گھس گیا آگ لگی گدھے اور دُکان کا سُلفہ ہو گیا اُس اخبار میں کوتوالی کا اشتہار اس مضمون کا چھپا کہ جو یہ ثابت کردے کہ گدھے کی دُم میں آتشبازی باندھکر کسنے چھوڑا تھا تو اُسکو پندرہ روپے انعام ملینگے۔

۲۵ محلّہ والے اس امر سے خوب واقف تھے اور اکثر محلہ والونکے ملاحظہ سے اخبار بھی گزرا مگر واہ رے زمانے ایک نے بھی رپورٹ نہ کی اور کوئی بھی مستدعی نہ ہوا۔ آج کل کا

زمانہ ہوتا تو مومن خاں کے رشتہ داروں میں سے کوئی نہ کوئی مخبری کرکے سارے گھر کو پھنسوا دیتا

۲۶ مومن خاں نے عزیز النسا بیگم سے کہا کہ اب تہوار ہو چکا بہتر ہے کہ بہن کو مع کریم النسا رخصت دیدو کہ فرخ نگر چلی جاویں۔ غرض عزیز النسا بیگم نے مومن خاں کا کہا منظور کرکے اُنکو رخصت کر دیا۔

۲۷ عمدۃ النسا نے ایک ہفتہ بعد فرخ نگر سے خط بھیجا اُسکا یہ مضمون تھا۔ بھائی مومن خاں بعد دعا کے معلوم کرنا میں خیریت سے فرخ نگر پہونچی اور سب کو آرام سے پایا سلطان کی واہیات حرکتوں سے دل ایسا متوحش رہا کہ جس خاص مطلب کے لئے میں گئی تھی اُسکا تمسے مطلق ذکر نہ کیا۔ مدعا تھا دفعدار صاحب کا منشا ہے کہ کریم النسا محسن خاں کے ساتھ منسوب ہو جائے۔ تمنے تو اُسے دیکھا ہے پچہہ برس ہوئے کہ جب میں دہلی آئی تھی وہ ساتھ تھا جسکی عمر اُسوقت چودہ سال کی تھی اور تمکو یاد ہوگا کہ میں نے ذکر بھی کیا تھا کہ یہ دفعدار صاحب کے چھوٹے بھائی کا لڑکا ہے اور اُسکے والدین کے مرنے کے بعد اُسکی پرورش اور تعلیم ہمارے ذمہ ہوگئی تھی۔ یقین ہے کہ یہ باتیں تم کو یاد ہونگی۔ ماشا اللہ خوبصورت اور باعلم ہے دفعدار صاحب نے اپنے رسالہ کے اجیٹن صاحب سے ملاقات کرا کر رسالہ میں بھرتی کرا دیا ہے صاحب ممدوح نے اُسکو رسالہ میں بزمرۂ منشی گری مقرر کر لیا ہے دفعدار صاحب کی یہ رائے ہے کہ اُنکی شادی شرعی ہو سو تم اپنی زوجہ سے صلاح کرکے جیسی اُنکی رائے ہو اُس سے مجکو مطلع کرنا۔ مومن خاں نے یہ خط عزیز النسا بیگم کو دکھلایا اور کہا کہ اس سے بہتر رشتہ اور سمجھ میں نہیں آتا۔ محسن خاں کو میں نے دیکھا تھا اور میں نے سُنا بھی ہے کہ لڑکا چال چلن کا نیک ہے اور درباب شرعی بیاہ کے میں سمجھتا ہوں کہ باجے گاجے میں خرچ کرنا فضول ہے عزیز النسا بیگم اور اُنکی والدہ نے کہا کہ ہمنے ساری عمر لوگوں کے ہاں کے حصّے

کھائے اور ہمارے بچہ نے ناچ تماشے دیکھے پھر کریم النسا کی شادی میں اگر عوض نہ دیا جائے تو نک کٹی ہوگی اسپر مومن خاں نے کہا کہ یہ سب دُرست سُلطان خاں کی شادی میں سب کچھ کر لینا مگر کریم النسا کی شادی تو عمدۃ النسا کی مرضی کے موافق ہونے دو اور جو تم زواجی بیاہ میں خرچ کرنا چاہتی ہو وہ کریم النسا کو نقد دیکر جائداد خرید وا دینا القصہ عزیز النسا راضی ہوگئی مگر یہ کہا کہ ایک ہزار روپے میں نقد دونگی لیکن شادی دہلی میں نہو فرخ نگر میں ہو ہم سب وہیں جاکر شادی کرائینگے۔ اب خط کا جواب لکھدیا گیا چند ماہ کے بعد کریم النسا کی شادی محسن خاں کے ساتھ فرخ نگر میں شرعی طور سے ہوگئی صرف دو سو روپے خرچ ہوئے اور دفعدار صاحب نے اپنے پاس سے دو ہزار روپے ملا کر گانو کے بسوہ خرید دیے۔ اس سے معقول آمدنی کا صیغہ ہوگیا

۲۸ اس واقعہ کے کئی برس بعد غدر ہوگیا کاغذی محلہ کے مکانات مسمار ہوگئے آمدنی کم ہوگئی کچھ تھوڑی املاک کلاں مسجد کے قریب میں بچ رہی وہاں ہی جا رہے اور وہیں مومن خاں نے بخار کی بیماری میں انتقال کیا سلطان خاں کو جو کچھ ڈر خوف تھا وہ بھی جاتا رہا کرایہ جو کچھ باقی رہگیا تھا وہ سُلطان خود وصول کرنے لگا۔

۲۹ اب مردانہ میں کھُلم کھُلا بھنگ گھٹنے لگی اور چرس کے سُلفے اُڑنے لگے سُلطان نے قمار بازی شروع کردی جو چیز ملی گروی رکھدی) اور ہار آئے اور بھروسہ ہتھے چڑھا ہوئے کی بھیٹ ہوا ما سے نانی سے کوئی دن لڑائی بھڑائی دنگہ فساد گالی گلوچ مار پیٹ ہوئے بغیر خالی نہ جاتا تھا اسمیں ایک سال گزر گیا اور لڑکے کے ہاتھ سے دونو کا دم ناک میں آگیا۔

۳۰ ایکدن عزیز النسا بیگم نے سلطان خاں سے کہا کہ بیٹا جیسا جینے کیا ویسا پایا خاصاحب کا کہنا مانتی تو تجکو پڑھاتی لکھاتی شعور سکھاتی آج تو روزگار کے سر ہو جاتا تجکو لاڈ میں پالا اپنی جان کو وبال میں ڈالا۔ ارے اب تو تُو بالغ ہے تجکو اپنی عقل چاہیئے تجھے اپنی بہن کریم النسا

کو دیکھکر شرم نہیں آتی دیکھہ وہ لکھی پڑھی ہے مودب ہے اپنی سسرال میں سب کی پیاری ہے
تو اپنے چہرہ کو آئینہ میں تو دیکھہ تجکو دیکھکر کون اشراف کہیگا۔ چل میرے گھر سے نکل نمبردار جو
پھر آیا ورنہ تو اپنے بہنوئی کو آگرہ جا تجکو سوار و نہیں رکھوا دیگا مگر شرط یہ ہے کہ تو یکلخت
قمار بازی بھنگ چرس ترک کردے تیرا تجکو اعتبار نہیں جو تجکو دوں مبادا جوئے میں جھونک دے
ایک آدمی تیرے ساتھ کردونگی وہ تجکو کھلا پلاکر آگرہ پہونچا آئیگا۔ لیکن میں اب تجکو اس گھر
میں گھسنے نہیں دونگی چل باہر ہو آگرہ جانا منظور ہو تو کہلا بھیجنا بندوبست کرادونگی۔
سلطان خاں نے یہ سنکر سارا حال اپنے یارغار و نکو کہہ سنایا۔

۳۱ کسی یار نے کہا کہ بھائی تیری والدہ تیرے بھلے کی کہتی ہے ہم لوگونکی صحبت میں رکھا ہی
کیا ہے چھوڑ کر چال چلن درست کر اور آگرہ چلدے اچھا موقع تیری بھلائی کا ہے بعض نے کہا
واہ رے الو عورتونکی دھمکی میں آگیا ارے ایک دو دھولوں سے عورتیں درست ہو جایا کرتی ہیں
ایک نے کہا وہ گھر تیرے باپ کا ہے اور تجکو چڑیلوں نے نکالدیا اچھے پٹھان کا بیٹا ہے جو
عورتونکی دھمکی میں آگیا۔ الغرض سلطان بھرے پر چڑھکر اپنے گھر آیا۔

۳۲ شام کا وقت تھا سلطان خاں چرس کا دم لگائے گھر میں آگیا عزیز النسا نے کہا کیا تو
اب آگرہ جانے پر راضی ہوگیا جو گھر کا رخ کیا۔ سلطان خاں بڑی بے ادبی سے بولا کہ یہ میرے باپ کا
گھر تجکو آگرہ بھیجنے والا یا اس گھر سے نکالنے والا کون ہے اسپر عزیز النسا نے اٹھکر سلطان خاں کے
سر پر ایک ہول ماری اور کہا تیرے باپ کا گھر درست۔ مگر تو بدچلن جواری گھر کا مال تیر کرنے والا
میں جیتک زندہ ہوں میں مالک ہوں بعد میری وفات کے البتہ تو مالک ہے چل نکل جا۔ سمیر
سلطان نے مگدر اٹھاکر والدہ کے سر پر مارا اسکا بھیجا نکل پڑا۔ نانی نے دروازہ کے باہر آکر
غل مچایا۔ محلہ والے اکھٹے ہوگئے اور سلطان کو بمشکل گرفتار کرکے توالی کو بھیجا۔

۳۳ عمدۃ النسا اور اُنکا خاوند دفعدار صاحب مر چکے تھے شرف النسا نے محسن کو آگرہ سے تار دیکر بلایا وہ اپنی زوجہ سمیت دہلی آیا حسب ضابطہ سلطان کو پھانسی کا حکم ہوا اور جس روز پھانسی ملنے کو تھی شرف النسا مع محسن خاں جیلخانہ پہونچی مگر اُسکو گُسنے نہیں دیا لیکن پھانسی کے بعد لاش حوالہ کی۔ اُسکی لاش دیکھکر اپنی دیوار سے ٹکر ماری کہ جان نکل گئی محسن خاں دونوں لاشوں کو گھر لاکر حسب دستور تجہیز تکفین کرکے آگرہ چلے آئے ہیں [illegible] مصنف

جس نے پالا لاڈ سے اولاد کو	رنگ آلودہ کیا فولاد کو

۳۴ محسن خاں کمال کی سفارش سے نائب تحصیلدار ہو کر تحصیلدار ہو گیا اور بہت دیانت سے کام انجام دیا آخر میں پنشن پاکر عمر طبعی کو پہونچکر مرا اور بعد اُسکے کریم النسا بھی مر گئی اب محسن خاں کے بیٹے پوتے اچھے اچھے علاقوں پر مامور ہیں اور نیکنامی میں مشہور۔

ضمیمہ اوّل پسر

جب پسر دس برس سے اوپر ہو	غیر [illegible] اس کو
روز میں تو نہ اک روشن کر	کہ جلا دیگی ایک دم میں گھر
ہو پسر عقل سے اگر خالی	[illegible] ہے تیرا گھر خالی
تو اگرچاہتا ہے نام اپنا	اپنے لڑکے کو عقلمند بنا
عمر بھر اُس کو غم میں ڈالے گا	ناز و نعمت میں تو جو پالے گا
اُسکو سکھلا تو تمیز و عقل و کمال	پالتا ہے تو اس طرح سے پال
دے لڑکپن میں پیار سے تعلیم	کبھی امید ہو۔ کبھی ہو بیم
بلندی کی نہ تو ستایش کر	بلکہ جھڑکی سے آزمایش کر
اپنے پروردہ کو سکھا کچھ کار	مثل تلوار گو اگرچہ ہے زردار

بھول مت مال پر جو ہے حاصل — کیا عجب ایک دن وہ ہو زائل
کیسۂ سیم و زر ہو سب خالی — کیسۂ پیشہ ور ہو کب خالی
کیا خبر ہے کہ گردشِ گیہاں — کبھی پردیس میں کرے حیراں
پیشہ پر دسترس جو ہے پاتا — دستِ حاجت نہیں ہے پھیلاتا
مار کھا کر بڑوں کی بچپن میں — دولتیں ہوں وصول ہر فن میں
جورِ اُستاد جو نہیں سہتا — دستِ دوراں سے خوش نہیں رہتا
رکھ تو اچھی طرح سے اپنا پسر — تا نہو وہ کسی کا دست نگر
جو نہیں اپنے طفل کا غم خوار — لوگ غمخوار بنکے کرتے ہیں خوار
رکھ اُسے ہم نشین بد سے نگاہ — تا کہ ملکر اُسے کرے نہ تباہ
جبکہ رندوں کے ساتھ بیٹھے پسر — چاہیئے ہاتھ دھو لے اُس سے پدر

ضمیمۂ دوم اشراف

رہو جاہل اگر قصور معاف — کوئی سمجھے نہ آپ کو اشراف
ہنر اشراف سے ہے وہ کم ذات — جو کہ ہو اہل علم و نیک صفات
جو کہ ہے پاک اصل و بے جوہر — وہ کمینے سے ہو گیا بدتر
پڑھنے لکھنے سے ساری عزت ہے — مال سے بڑھ کے ہاں یہ دولت ہے
کام سیکھو اسی میں عزت ہے — جو ہنر آئے بس غنیمت ہے
ہاتھ کا بھی کوئی ہنر سیکھو — گو نہو احتیاج پر سیکھو
گر رہا بے ہنر تو کچھ نہ کیا — ہو کے نکٹا جیا تو خاک جیا

یا مالک

دوسرا حصہ

چھٹا چمن دھرما بائی کی فلاسفی

غزل

اِسقدر نا اتفاقی کی ہے کثرت آجکل	قوم کی کرنے لگی ہے قوم غیبت آجکل
حوصلہ جاتا رہا۔ ہے پست ہمت آجکل	لایقِ عبرت ہے بیشک اپنی حالت آجکل
ہو رہی ہے نوکری عنقا کیصورت آجکل	وائے حسرت۔ ہے شریفوں پر مصیبت آجکل
دُور کر دو لوحِ دل سے ہمدمو۔ حرفِ نفاق	دیکھ لو کیا پیشتر تھی۔ کیا ہے عزت آجکل
وہ بھی دن ہیں یاد۔ ہم بھی تھے کبھی اقبالمند	یہ بھی دن آئے رہا کرتی ہے عبرت آجکل
مُتفق ہو جائے رائے اہلِ دنیا اے خدا	ہے بہت نا اتفاقی کی شکایت آجکل

۱ دہلی میں ایک مہاجن رئیس رائے بہادر گلاب سنگھ صاحب کا خاندان نہایت مشہور تھا رائے صاحب کے بیکنٹھ باشی ہونیکے بعد اُنکی گھر والی دھرما بائی زندہ رہی۔ یہ عورت بڑی پنڈتائن اور عقیلہ تھی اسکی بیٹی کا نام رُکما بائی تھا اور بیٹے کا رتن چند۔ جوتی سروپ۔ رُکما بائی کا دوازدہ سالہ بیٹا لاہور بورڈنگ سکول میں زیرِ تعلیم تھا رتن چند کے دو بیٹے تھے ایک راجدیو نو سال کا اور دوسرا باسدیو پانچ برس کا۔ یہ دونوں گھر کی مکتب میں تعلیم پاتے تھے۔ دھرما بائی کو کوئی اماجی کہا کرتا تھا کوئی نانی جی۔

۲ رتن چند کی گھر والی نانک دیئی (عرف نانکی) نہایت بدخلق بیوقوف تر شرو اور نا عاقبت اندیش تھی

۳ اس خاندان میں بھاگرام مشہر رسوئیہ کھانا پکانے کیلئے اور دو کہار دیارام اور سیارام اور ایک کہاری سمانہ شروہا خدمت کیلئے امور تھے۔ مگر ان نیک نیت نمک حلال اور ایماندار ملازموں کے علاوہ بسنتا پنہیارہ برائیم دھرمی اور رست گو آدمی تھا سندری کہاری اور پر جو کہاری جسکی دکان سے برتن آتے تھے دہرمابائی کے پاس اکثر آیا کرتی تھیں گو یہ دونوں نوکر نہ تھیں مگر انعام اکرام میں اچھی رقم حاصل کر لیتی تھیں عشرت اور برکت تھی خاکروب کی دو بیٹیاں یہاں کی حلالخوریاں مقرر تھیں

۴ دہرمابائی کا قاعدہ تھا کہ منہ اندھیرے ضروریات سے فارغ ہوئی اور نوکروں کو آواز دیکر اپنے اپنے کام میں مصروف ہونیکی تاکید کی اور آپ ٹھاکر جی والی کوٹھری میں مالا ہاتھ میں لیکر رام نام جپنے لگی۔

۵ اگر موسم سرما ہوا تو ایک نوکر نے پہلے انگیٹھی لاکر سامنے رکھدی دوسرا چائے کی پیالی لے آیا۔ اور گرمی کی فصل ہوئی تو برف سے ٹھنڈا کیا ہوا شربت حاضر کیا گیا۔ بڑھیا نے نہایت نرمی کیساتھ سب سے رات کی خیر و عافیت دریافت کی اور اپنے کام میں مشغول ہوگئی۔

۶ ایکدن سیارام سے کہا کہ بیٹا تو رات کو بہت کھانستا رہا۔ خبردار جو کھٹائی مٹھائی یا دودھ دہی کو ہاتھ لگایا۔ ارے تھوڑی سی گاؤزبان درمصری رات کو سوتے وقت پی جائیو۔ ترشی کا پرہیز رکھا تو تیری کھانسی تین روز میں جاتی رہیگی۔ پھر رسوئیہ کیطرف مخاطب ہوکر کہا کہ بھاگرام جی دیکھنا یہ دوا پکا کر کے پلوا دینا ایسا نہو کہ تم کام کاج میں بھول جاؤ۔

مشہر جی "میں خود دوا بنا کر پلا دونگا اسمیں بھولنے کی بات ہی کیا ہے ہم تو نوکر ہیں نوکروں کی پشتک میں بھول کا بول ہی نہونا چاہیئے"

بڑھیا "بھاگرام جی یہ تم مجھکو کا تونیں گھسیٹتے ہو مہاراج تم تو برہمن دیوتا ہو۔ یہ اور بات ہے کہ روٹی پکاتے ہو کھانا اور تنخواہ پاتے ہو۔ ایشور تمہارا رزق ہمارے ہاتھ سے دلواتا ہے اسپر کوئی گھمنڈ نہ کرے کہ میں کسی کو کچھ دیتا ہوں بھاگرام جی آج کل کے زمانہ میں مالک یہ سمجھا کرتے ہیں کہ نوکر کو

ہم موقوف کر دینگے تو بھوکوں مارے مرجائیگا یہ نہیں جانتے کہ جسنے اُسے اتنے دنوں رزق دیا ہے وہی اب بھی دیگا یا کسی کی معرفت دلوا دیگا۔ اسیطرح نوکر کا یہ خیال غلط ہے کہ میرے نوکری چھوڑ دینے سے مالک کو تکلیف کا سامنا ہوگا کیونکہ مالک نے گزشتہ حصّہ عمر میں حسب ضرورت کوئی نہ کوئی نوکر ضرور رکھا ہوگا۔ مگر یہ بات مانی ہوئی ہے کہ جو آدمی لگا لگایا روزگار بے سبب چھوڑ دیتا ہے اُسے بہت دنوں تک بے روزگاری کی تکلیف بھگتنی پڑتی ہے اور مالک اچھے نوکر کو خفیف علت[1] میں موقوف کر دینے کے باعث نقصان اُٹھاتا ہے اِس سے ثابت ہوا کہ نوکر اور مالک دونوں کی یہ حرکتیں ایشور کو پسند نہیں ہیں اِسی لئے مشکل کشائی[2] میں تاخیر[3] ہوتی ہے"

۸ بھاگرام "اماجی میرا بھائی لال سنگھ گھنشام داس پنساری کے یہاں نوکر ہے گھنشام داس کی گھر والی ایسی لڑاکو ہے کہ نوکروں سے ہر دم جھگڑے مٹنٹے رکھتی ہے لال سنگھ مجھسے کہتا تھا کہ بھائی کوئی جگہ ہو تو بتاؤ۔ میں نے کہا کہ کیا تو اُس نوکری سے اُکتا گیا کیونکہ ماجی میں تو سب سرکاروں کو اپنی سرکار کیطرح خیال کرتا ہوں کہ دن عید رات شب برات نہ کسی نوکر کی طرفداری نہ کسی سے پرخاش۔ لیکن اماجی ایشور آپکی عمر میں برکت دے اور ہمیں عزت کیساتھ آپسے پہلے جہان سے اُٹھالے جب نانکی کی عملداری ہوگی تو ضرور طوفان برپا ہوگا اور اس خاندان کے سر سبز گلشن میں خزاں اپنا ڈیرہ ڈالیگی بڑھیا "ارے نہیں جب میں مرجاؤنگی سارا بوجھ نانکی پر آپڑیگا آپ سیدھی ہوجائیگی اب تو بچھڑا کھونٹے کے بل کود رہا ہے۔ ہاں یہ تو کہو کہ پھر لال سنگھ نے کیا جوابدیا"

بھاگرام "اُس نے یہ کہا کہ ابتک تو جسطرح ہو سکا گزر کرتا رہا مگر اب معاملہ حد کو پہونچگیا ہے اگر کہیں اور نوکری نہ ملی تو ہم گھر چلے جائینگے کھیتی کر کھائینگے میں نے کہا کہ کچھ وہاں کا حال تو بتا اُسنے جوابدیا کہ بھائی بھاگرام جی مالکوں کی بدگوئی نوکروں کا دھرم نہیں ہے میں جبتک اُنکا نوکر ہوں وہ میرے مالک ہیں گو کیسے ہی بدمزاج اور بدخلق ہوں اس سے مجھکو کچھ سروکار

[1] قصور [2] گشائش [3] دیر

نہیں میں تو اِس شعر پر چلتا ہوں اور نوکری چھوڑے دیتا ہوں ؎

خدمتی کا قدرداں آقا کو ہونا چاہیئے	جو ثمر ہو بار ور ہاں اُسکو بونا چاہیئے

لالہ گنہشام داس کی خوش مزاجی اور شرافت میں شک نہیں لیکن اُسکی جورو کی بدمزاجی ہرگز نہیں سہی جاتی ؎

دولتِ کونین حاصل ہو تو اُٹھے لات مار	پھر نہیں لگتا ہے جی جس جا سے ہوتا ہے اُچاٹ

اماجی لال سنگھہ اتنی کہہ کر چلا گیا۔ اب آپ فرمائیں کہ میں اُسکو کہاں چپکا دوں "

بڑھیا "لال سنگھہ کو نوکریاں بہت اُسکا ضامن کون ہوگا"

بھاگرام "وہ میرا ماموں زاد بھائی اور بڑا معتبر آدمی ہے جیسا میں ویسا وہ"

بڑھیا "اِس زمانہ کے لوگ اکثر ایسا کیا کرتے ہیں کہ جہاں کسی کا اچھا نوکر دیکھا بہکا سکھا کر جھٹ آپ رکھہ لیا مگر انسان کو اِس گناہ سے پرہیز کرنا چاہیئے تم لال سنگھہ سے کہدو کہ گنہشام داس کو اُسکی جورو کی بدمزاجی کے باعث نوکری چھوڑنے کی بابت اطلاع کرے اور ایک ماہ کے بعد نوکری چھوڑ دے پھر ایک ماہ بیکار رہکر میرے پاس چلا آئے۔ بوتی سروپ کے پاس لاہور بھیجدونگی اگر لال سنگھہ بھی لوکنا تھ جیسا آدمی نکلا (جو لکھنا پڑھنا سیکھکر دوسری جگہ منشیو نمیں ہو گیا ہی) تو بہت اچھا ہوگا"

بھاگرام "اماجی جو تمہارے گھر نوکر رہکر آدمی نہ بنے تو اُسکو آدمی نہ جاننا شوقین ہو تو آدمی بنجانا کوئی مشکل بات نہیں۔ یہ میرا ذمہ کہ جیسا میں کام کرتا ہوں ویسا ہی لال سنگھہ کریگا اور جسطرح آپ مجھسے رضامند ہیں اُسیطرح وہ آپکو رضامند رکھیگا"

بڑھیا "بھاگرام مُنہ پر تعریف کرنا خوشامد سمجھی جاتی ہے مگر حسب ضرورت کوئی سچ بات کہدیجائے تو نیک ترغیب میں داخل ہے کیونکہ خوشامد جھوٹی تعریف کو کہتے ہیں یہ بالکل سچ ہے اِس دس برس میں نہ میں تم سے ناراض ہوئی نہ تم مجھسے ؎

ہے خوشامد واقعی جھوٹی ثنا	جھوٹی باتوں سے ہے تجکو کام کیا

اب بڑھیا نے یہ دیکھکر کہ سندری کہاری آرہی ہے بھاگرام سے کہا مشرجی جب لال سنگھ نوکری چھوڑ دے تو مجھسے کہنا شاید جوتی عنقریب تعطیل میں دہلی آویگا لال سنگھ کو دیکھ لیگا۔ بھاگرام یہ سنکر چلدیا

بڑھیا سندری سے "کہو بہن لڑکا رات کو کیسا رہا"

سندری "اماجی تمنے جو چورن دیا تھا لڑکے کو دیا گیا آدہ گھنٹہ کے بعد خوب کھل کر دست آیا اب تو مینڈک کی طرح اچھل کود رہا ہے اسکے باپنے آپکو ہزاروں دعائیں دیں اور یہ کہا کہ ڈاکٹر چمن لال فیس الگ رکھوالیتا اور کڑوی دوائیں الگ پلواتا"

بڑھیا "اری تھوڑا سا چورن اور لیجائیو۔ دیارام جی ایک شیشی میں جسکو پہلے دھوکر خشک کرلیا ہو تھوڑا سا چورن ڈالکر سندری کو دیدو پاس پڑوس کے بچونکو ایک ایک چٹکی دیدیا کریگی"

سندری "اماجی چورن کیا ہے یہ تو بچوں کیلئے اکسیر ہے"

بڑھیا "ہماری کوٹھی میں یہ چورن اور پسلی کی دوا ہر وقت تیار رہتی ہے ہزاروں آدمی لیجاتے ہیں اس چن کے پرتاپ سے ہمارے بچونکو نہ کبھی چورن کی ضرورت ہوئی اور نہ پسلی کی دوا کی حاجت پڑی"

سندری "اماجی صدقہ دیار دبلا سنتے چلے آئے ہیں بڑونکی بات حکمت سے خالی نہیں ہوتی اتنے میں دیارام چورن کی شیشی لے آیا اور سندری رام رام کہکے رخصت ہوئی"

۱۲ اسکے بعد پرجو کہاری آگئی بڑھیا نے کہا بھاگرام جی کوئی صراحی یا مٹکا درکار ہو تو پرجو آئی ہے اس سے کہدو اور ہاں پرجو رانی تم سو مٹکینے اور پچاس سکورے تو اپنے پوتے چھیتر کے ہات شام کو بھجوا ہی دینا میں اسے ایک کمری دونگی۔ اسوقت بھاگرام سے اپنا پچھلا حساب کرکے دام لیجاؤ یہ سنکر نائکی جو ایک کونہ میں بیٹھی تھی بول اٹھی اماجی تمہیں مٹکینوں اور سکوروں کی ضرورت ہی کیا ہے اور کمری جو چھیتر کو دیتی ہو کیا تمہارے آگے پوتے نہیں ہیں"

بڑھیا:۔ بہو تو تو بڑی نادان ہے۔ اوّل تو یہ سمجھ کہ ان لوگوں سے سبب بے سبب برتن نہ لئے جاتے تو یہ کھائیں کیا دوسرے یہ کہ تمہارے گھر آئے دن مشکینو کی ضرورت رہا کرتی ہے کل ہی کی بات ہے کہ ہرمز خاں چابک سوار آیا تھا جب اُسکو پانی پلانیکی ضرورت ہوئی تو مشکینے کی پکار پڑی۔ آخر وہی دودھ کے مشکینے اندر سے آئے مگر ہرمز نے مشکینے کو چکنا دیکھکر اوک سے پانی پیا۔ رتن چند نہایت شرمندہ ہوا اور اُسیوقت بازار سے مشکینے منگائے۔ رہی کمری کی بات۔ تیرے بچوں کے واسطے کپڑونکی کچھ کمی ہے آج رتن چند سے کہدونگی۔ جیسی تو کہے دو دو کمریاں تیار ہو جائینگی

بہو:۔ اب تو خوش ہوئی؟

نانکی:۔ بہت آہستہ سے خوش ہوئی خاک۔ آخر تم کمری تو چھپتیرہی کو دوگی؟

۱۳ ایکدن بڑھیا ملا جب رہی تھی کہ بسنتا کہار آیا (اُس نے اپنی زبان سے رام رام کہنے کی چڑ مقرر کر رکھی تھی) اور جے گوپال جی کی۔ کہکر پانی کی ہنگی صحن میں رکھدی؟

بڑھیا:۔ نگوڑے رام رام نہیں کہتا؟

بسنتا:۔ ماجی میں ہاتھ جوڑ کر آپسے التجا کرتا ہوں۔ پھر اُسکا نام نہ لینا۔ رادھاکشن کہو جے گوپال کہو جوتی سروپ کہو انترگیانی کہو۔ دیالو کہو دکھ بھنجن کہو۔ تم خود جانتی ہو کہ اُسکے سہسر نام ہیں جو نام تمنے لیا تھا ایسا بدشگون ہے کہ رتھی کیساتھ لیا جاتا ہے اسلئے میں مُردنی کیساتھ شب ہری شب ہری پکارا کرتا ہوں؟

۱۴ بڑھیا:۔ ارے بسنتا صبح ہی صبح ادھرمی پن کی باتیں کیوں کر رہا ہے بشن بشن کہہ؟

بسنتا:۔ جی بشن بشن سو دفعہ۔ اب تم راہ پر آئیں؟

بڑھیا:۔ خیر یہ جھگڑا تو نمٹ گیا۔ اب میں یہ پوچھتی ہوں کہ تو دس بارہ روز سے کہاں تھا؟

بسنتا:۔ ماجی تمہارے غلام کے یہاں پوتا ہوا ہے؟

بڑھیا:۔ یہ پہلا پوتا ہے؟

بسنتا "ہاں ماجی"

بڑھیا "نام کیا رکھا"

بسنتا "شیام بلاس پنڈت نے پترہ دیکھکر اُسکا نام گیانی بتایا ہے"

بڑھیا "شیام بلاس پنڈت وہی تو نہیں جو رام کے نام سے تیری طرح چڑتا ہے"

بسنتا "ہاں وہی"

بڑھیا "پنڈت جی نے دھوکہ کھایا۔ لوگ اِس خیال سے رام نام کی چڑ مقرر کر لیتے ہیں کہ یہ نام ہر کسی کی زبان سے نکلے لیکن یہ خیال کی غلطی ہے کیونکہ ثواب اُسی نام میں ہے جو پریم یعنے عشق اور صدق دل سے لیا جاتا ہے۔ چڑ مقرر کر کے مُنہ سے بکتے پھرنے میں خاک ثواب نہیں ہوتا یہ ایسا ہے جیسا بعضے لوگ کرلیہ کی چڑ مقرر کر لیتے ہیں مینے لڑکوں کی زبانی سُنا ہے کہ پنڈت جی رام نام سے بہت چڑتے ہیں اِسلیئے دولینڈی کے روز لڑکے جو تیونسے اُنکی خوب گت بناتے ہیں مگر اُنہوں نے اِس چڑ کو ابتک نہیں چھوڑا۔ بسنتا تو بھی یہ مسخرہ پن چھوڑ دے ارے اِسمیں ثواب نہیں بلکہ عذاب ہے آگے تُو جان۔ یہ تو بتا کبھی تیرے بھی جُوتے لگے ہیں کہ نہیں کیونکہ ایسی چڑ کا پھل تو یہی ہے اور ہاں یہ تو کہہ کہ بچہ کیلئے کڑے ہنسلی کرتا ٹوپی کب بھیجوں تمہارے ہاں چولہ کی رسم کب اور کہاں ہوگی"

بسنتا "جب چھہ مہینے کا ہو جائیگا تو کوئی اچھا مہورت تجویز ہو کر بمقام کالکاجی چولہ پڑیگا آپکو اطلاع دیدونگا کیا جلدی ہے۔ بسنتا یہ کہکر چلدیا"

۱۶ ایکدن سُندری کہاری آئی۔ بڑھیا نے کہا سُندری کہو کیا خبر خیریت ہے"

سُندری "ماجی خیریت تو ضرور ہے مگر خبر اچھی نہیں کیونکہ بھلے مانس کمین لوگوں کی نظر ونمیں ایمان بچنے لگی"

بڑھیا "یہ کیونکر"

سُندری "اماجی میرے پڑوس میں ایک اردڑہ کے ہاں بیاہ تھا برادری کی دعوت ہوئی لوگ

جب کھا کر اُٹھ گئے تو اردڑہ صاحب نے اپنے ملازمین کو حکم دیا کہ تیل کی ثابت ثابت چیزیں علیحدہ کر کے ٹوکروں میں رکھ لیں اور معزز مہمانوں کے ملازموں کو یہی بچا کھچا کھانا دیا جائے اور اسی سے کمینوں کا بھگتان ہو اردڑہ صاحب کے کہاروں نے اپنے بھائی بندوں کو اشارہ کر دیا کہ تم کو جھوٹے لڈو کچوری ملینگے ہرگز نہ لینا۔ آماجی جس ٹہلے میں شروع سے کلیش ہوتا ہے آخر تک کلیش ہی رہتا ہے جس روز کڑاہا چڑھا ایک حلوائی لوٹہ ہات میں لیکر پاخانے گیا۔ تھوڑی دیر کے بعد ایک اور حلوائی لوٹہ لیکر چلا دربان نے شبہہ کے باعث روکنا چاہا۔ حلوائی آگے بڑھا دربان پیچھے دوڑا وہ ٹھوکر کھا کر گرا۔ اسنے فوراً جا پکڑا دیکھا تو لوٹے میں گھی بھرا ہوا ہے خوب گت بنائی پھر صاحب خانہ نے اُن سب حلوائیوں کو نکالکر دوسروں کو بلوایا اُنہوں نے یہ غضب کیا کہ اپنے پینے کے چار فرشی حقوں میں پانی کی جگہ گھی بھر لیا۔ لالہ جی کا چھوٹا لڑکا جو بڑا چالاک اور شریر تھا حلوائیوں کے حقے گرانے لگا ایک حلوائی نے منع کیا۔ لڑکے نے خفا ہو کر حقہ لڑکا دیا اندر گھی بھرا ہوا تھا اُسپر دیگر حقوں کا ملاحظہ ہوا تو سب گھی سے لبریز آخر یہ حلوائی بھی نکالے گئے۔"

بڑھیا "سندری کیا تو بھول گئی پچھلے جاڑوں میں حلوائی انگوچھے میں گھی باندھکر لیچلا تھا لیکن پکڑا گیا ذلیل ہوا اب عموماً حلوائیوں نے ایک اور چالاکی شروع کر دی ہے کہ بچنے کی پوریاں کچوریاں اِدھر کڑاہی میں چھوڑیں اُدھر لوٹنی میں اُنکو تھوڑی دیر کہکر کڑاہی میں چھوڑ کر پکنے دیتے ہیں یہ ظاہر میں تو پھول پھول کر لال ہو جاتی ہیں مگر اندر سے جگر کچا رہجاتا ہے جو مضر صحت ہے۔"

سندری "غرض پہلے لالہ جی کے ہاں حلوائیوں کی چالاکی سے جھگڑا ہوا اور دعوت پر لالہ جی کے لالچ اور بے عقلی سے۔ سچ ہے ؎

	بد روز د طمع دیگ ہوشمند	در آرد طمع مرغ و ماہی بہ بند	

۱۷ دوسرے دن شہر کے کہاروں بھاٹوں نائیوں کہاروں نے پنچایت کی اور یہ قرار پایا

کہ آئندہ کسی حجمان کے گھر سے لڈو کچوری نہ لئے جائیں"

بڑھیا "مینے سُنا ہے کہ اکثر گھرونمیں یہ بے ایمانی برتی جاتی ہے لیکن اِس سے دینے والیکا ایمان جاتا ہے لینے والیکا کچھہ دوش نہیں۔ دیکھہ سُندری بُری بات کا اتنا اثر ہوا کہ ایک کیساتھہ سب حجمان بے ایمان گردانے گئے ذرا سے فائدہ کیلئے اوّل بھنگن کا حق تلف کرکے اپنا ایمان کھویا دوسرونکو جھوٹن کھلائی پھر اب اگر مقدمہ عدالت میں گیا تو میں یقین کرتی ہوں کہ بہت معقول سزا ملیگی"

۱۸ اسندری "اماجی کیا بتاؤں اپنے نکمہ کیلئے لوگ اورونکی اشرفیونکو راکھہ کردیتے ہیں میرے پڑوس میں ایک شخص لالہ دولت رام رہتے ہیں اُنکے والد بزرگونکی پیدا کی ہوئی املاک پانسو روپیہ ماہوار کرایہ کی دولت رام کیواسطے چھوڑ کر مرگئے چار پانچ بدمعاشوں نے آپس میں منصوبہ کرکے دولت رام کو جا پھانسا اور بڑی دوستی اور خیرخواہی جتا کر اُسے یہ پٹی پڑھائی کہ بھائیصاحب دوستونکا حق ہے کہ دوست کی دولت جہانتک بنے زیادہ کرنیکی تدبیر بتائیں اِسلئے ہمنے یہ تجویز کی کہ آپ پچاس ہزار روپیہ لگاکر ایک ہی اسٹیم کمپنی قایم کریں ایک نے کہا بمبئی میں پارسی لوگ اسی کی بدولت کروڑپتی ہوگئے ہیں دوسرا بولا ایک کمپنی پچاس ہزار روپیہ اسی شہر سے لیگئی چونکہ دولت رام بھولا اور لالچی آدمی تھا پھندہ میں پھنس گیا اور اُنسے پوچھا کہ اس کام میں کسقدر ماہوار کی آمدنی ہوسکتی ہے"

دوست "اِسکی آمدنی کا کیا ٹھیک ہے آپ ہاتھی باندہ لیں اور کیا چاہتے ہیں"

دولت رام "اچھا روپیہ کتنا چاہیئے"

دوست "پچاس ہزار"

دولت رام "نقد روپیہ کہاں سے لاؤں"

دوست "راجہ جی جایداد رہن رکھدو۔ ایک برس کے بعد چھُٹا کر دُوگنی خرید لینا دولت رام

+نوٹ اسکے اِنسداد کیواسطے مہاجنونمیں اب عہد ہوگیا ہے کہ ثابت لڈو کچوری تیل میں چھوڑ کر نہیں آتے جو نہ کھایا اُسکا بُرا کریں

دم میں آگیا کل املاک گروی رکھکر کمپنی کھڑی کرلی۔ پچاس ہزار روپیہ خرچ ہوا مگر کافی نہ ہونیکے باعث پھر پچیس ہزار اور قرض لیا۔ اب روز بروز خرچ زیادہ اور آمدنی کم تجربہ ندارد۔ ناچار کمپنی نیلام ہوئی اور قرضداروں نے نالشیں کردیں۔ نتیجہ یہ ہوا کہ سب جایداد نیلام ہوگئی اب دولت، اہم پشیمانی سے ہات ملتے اور بازاری دوستونکو بددعا سے یاد کرتے ہیں **مثنوی**

نئے کاموں کا کوئی رہنمو ہو	کرو مت اُسکو تُم جبتک نہ سمجھو
اور اُسکے بعد ہمت پر کرو غور	جو ہمت ہو تو فرصت پر کرو غور
بہت اہل غرض کا مقصد دل	نہیں کھلتا ہے پڑجاتی ہے مشکل
تو اب انسان کو لازم ہے کہ زنہار	کرے ہرگز نہ بے سوچے کوئی کار

بڑھیا "کیسا کھوٹا زمانہ آگیا ہے"

سُندری "ہاں اماجی اب تو ٹھیک ٹھیک کلجگ ہے جسکو دیکھو پاپی جہاں نظر ڈالو ایمانی[۱] اور لوبھی[۲]۔ ایشور اپنی پناہ میں رکھے اماجی میں اب رخصت ہوتی ہوں پھر کبھی درشنو نمو آونگی"

۱۹ رتن چند کھانا کھاکر بڑھیا کے پاس آبیٹھے بڑھیا بولی کہ کل تو ماسٹر جی بہت چلا چلا کے باتیں کررہے تھے کس معاملہ کا ذکر تھا"

رتن چند "انکی عادت ہی ایسی ہے کہ بات بات میں چلاتے اور بلاسبب قہقہہ مارکر ہنسا کرتے ہیں۔ دو ناواقف شخص بیٹھے باتیں کررہے ہیں یا کسی کی ہجو کررہے ہیں ماسٹر جی ایک شخص کا ذکر کررہے تھے جسکا وتیرہ یہ ہے کہ جس کسی سے ملتا ہے اسکو نقصان پہونچایا کرتا ہے گمنام عرضیاں بھیجنا اُسکا ایک کھیل ہوگیا ہے پہلے زمانہ میں تین قسم کے دوست ہوا کرتے تھے لیکن کلجگ نے چوتھا دوست اور بھرتی کردیا ہے

اوّل۔ جانی دوست جو جان مال سے ہر وقت حاضر رہے۔

دوئم۔ زبانی دوست جو صرف زبان سے حاضر ہو مگر مال و جان کی ضرورت کے موقع پر صاف الگ ہوجائے

سویم۔ نانی دوست جو جبتک تمہارے پاس روٹی ملے مہربان رہے ورنہ رفوچکر ہوجائے۔
چہارم۔ نقصانی دوست جو دوست بنکر فائدہ اُٹھائے اور آخر میں نقصان پہونچائے ؎

چھیدے اُسے جس ہانڈی سے کمبخت پلا ہے	بے شرم ہے بیدھرم ہے آفت ہے بلا ہے

بڑھیا۔ ماسٹرجی۔ یہ شعر نہایت موزوں کہا واقعی یہی حالت ہے اچھا ماسٹرجی اور کیا کہتے تھے
رتن چند۔ ماسٹری کہتے تھے کہ رام داس اگرہ والے اور دینا ناتھ رائے کا بیٹا دونوں ولایت گئے تھے۔ ایک نے ڈاکٹری کا پاس حاصل کیا دوسرے نے بیرسٹری کا۔ واپسی کیوقت دونوں کے برادری والے برسم استقبال پلیٹ فارم پر موجود تھے اتنے میں ریل آگئی لوگوں نے دونوں کے گلے میں پھولوں کے ہار ڈالے پھر بڑی تزک سے گھر تک پہونچایا۔ اب یہ تجویز ہے کہ اُنکو اہل برادری کی طرف سے کوئی معقول انعام ملنا چاہیئے تاکہ اور لوگو ولایت جانے اور قیمتی فائدہ اُٹھانیکا حوصلہ پیدا ہو۔ دہلی کے کھتریونکا یہ قاعدہ ہوگیا ہے کہ ولایت جانے والیکو اُسکے خاندان سمیت برادری سے خارج کردیتے ہیں اور کھتریونکے چودھری اس سخت سزا کا سبب یہ بیان کرتے ہیں کہ ولایت جانے والے وہیں کے لوگونکے ہاتھ کا کھانا کھاتے پیتے ہیں گو پنجاب میں (جہاں سے ان لوگونکا نکاس ہے) ایسا نہیں ہوتا مگر ع ہر یکے مصلحتِ خویش نکو میداند۔
بڑھیا۔ اور لوگو کسی کی ذات صفات کی بابت بحث کرنی لاحاصل بات ہے مگر میرے نزدیک ایمان دل کے بگاڑے جاتا ہے بابا نانک صاحب جو مکہ شریف تک پھر آئے آخر کھتری ہی تھے اُنکو تو برادری سے کسینے نہیں نکالا یہ تو کوئی بتائے جب ہم لوگوں نے انگریزی دوا پی لی تو کس چیز کا پرہیز ہے۔ ولایت کی بنی ہوئی دوا کا حال کسکو معلوم ہے کہ بنانے والا کون تھا اور اُسکے اجزا کیا کیا ہیں ہم سب ہسپتال میں سب قوم کے آدمیونکے ہاتھ سے دوا میں پانی ڈالتے دیکھتے ہیں اور پی لیتے ہیں پھر کیا اُس سے ایمان جاتا رہتا ہے ہرگز نہیں اس مرض کی دوا پر اچھت ہے

ولایت جانے میں بڑا فائدہ حاصل ہوتا ہے۔ مینے سُنا ہے کھتریونکے چودہری اب ولایت جانیکی ضرورت کو سمجھ گئے ہیں صبح کا بھولا شام کو آجائے تو اُسکو بھولا نہیں کہتے"

۲۰ اِس عرصہ میں بسنتا پانی کی بہنگی لیکر آگیا"

بڑھیا" بسنتا یہ بے وقت کا پانی کیسا"

بسنتا" ماجی کیا کہوں آج مجھے تمہارا ہی کہنا پیش آگیا خوب جوتے کھائے سرگنجا ہوگیا"

بڑھیا" کس بات پر"

بسنتا" میں ایک جگہ پانی کا کلسہ اُٹھا کر اندر لیجانا چاہتا تھا اتنے میں کیا دیکھتا ہوں کہ ایک پستہ قد آدمی ہاتھ میں ٹوپی لئے بھاگا آرہا ہے اور ایک بڈھا جوتا لئے اُسکے پیچھے پیچھے چلا آرہا ہے اُسوقت تماشائیوں نے یہ خیال کیا کہ میں اُس پستہ قد آدمی کے پانی بھرتا ہوں سب نے ملکر خوب جوتے مارے آخر میں کلسہ چھوڑ کر بھاگا اور گھر میں آکر چھپ گیا ذرا سی دیر کے بعد کلسہ اور بہنگی کیلئے لڑکے کو بھیجا۔ اُسنے واپس آکر کہا کہ ایک کھتری ولایت گیا تھا اُسکو برادری سے نکالتے ہیں ایک ضعیف العمر چودہری چاہتا تھا کہ ولایت جانے والا نکالدیا جائے اور دوسرا چودہری زادہ یہ کہتا تھا کہ نکالنے کی ضرورت نہیں۔ اسپر پہلے تو تُو میں میں ہوئی پھر جوتی چلی یہ بھاگا اُس نے تعاقب کیا اور تم مفت میں پٹ گئے۔ رتن چند ہنسکر کہنے لگے کیا خوب دونوں فریق چودہری اور یہ کرتوت **نظم**

بُرائی اپنے سر دھرتے ہیں احمق	جہالت سے کئے مرتے ہیں احمق
بھلا روکے سے کب رُکتے ہیں جاہل	بہت سچ ہے یہ قولِ مردِ عاقل
اگر دُر ہر دو جانب جا ہلانند	اگر زنجیر باشد بگسلانند

دانا آدمی ایسا موقع کبھی نہیں آنے دیتا کہ اُسکو کسی سے فوجداری کرنی پڑے **نظم**

ہیں جو دانا وہ کب جھگڑتے ہیں		اور کب جاہلوں سے لڑتے ہیں	
سخت ناداں کہے جو گرمی سے		ہے وہ دانا۔ سنے جو نرمی سے	

خدانخواستہ کبھی ایسا موقع آگیا تو مرد عزت کیواسطے جان دیدیتے ہیں یہ کتوں کی لڑائی نہیں کہ پہلے بھونکتے رہے اور پھر دُم دباکر اپنے اپنے گھر جا گھسے دو شیروں کی لڑائی جبتک ایک مر نہ جائے ہرگز موقوف نہیں ہوتی پھر لطف یہ کہ ہم تم کوئی بات کر بیٹھیں تو عذر بھی ہو سکتا ہے چودھریوں نے یہ کیا غضب کیا۔ ع چوں کفر از کعبہ برخیزد کجا ماند مسلمانی۔

بڑھیا "بسنتا صبر کرو پہلے یہ مثل مشہور تھی کہ ناحق چوٹ جو لاہا کھائے آج سے یہ ہو جائیگی ناحق چوٹ بسنتا کھائے لے اب تو رام نام کی چڑ چھوڑ دے بسنتا یہ سُنکر چلدیا"

۲۱ رتن چند کی عمر گو قریب پچاس برس کے ہوگی مگر اُسکا وتیرہ تھا کہ خوابگاہ سے اُٹھا مُنہ ہاتھ دھوکر کپڑے پہنے اور سب سے پہلے بڑھیا مائی کے پاس آکر آداب عرض کیا اور ادب سے ایکطرف کُرسی یا مونڈھے پر بیٹھکر ایک آدہ گھڑی بات چیت کرتا رہا پھر اپنے ضروری کام میں مشغول ہو گیا اتنی عمر ہونیکو آئی ابتک والدہ کے سامنے نہ کبھی حُقّہ پیا نہ اپنے بچوں کو گود میں لیا ایکدن بڑھیا نے کہا کہ کل راجدیو مولو یصاحب کا قول نقل کرتا تھا کہ ولایت میں ایک بڑا نیک راجہ قتل ہو گیا ہے کیا یہ بات سچ ہے؟"

رتن چند "اماجی بڑا غضب ہو گیا شاہ مقتول کی تصویر چھپی ہے کل آپکو دکھلاؤنگا"

بڑھیا "تمنے اخبار وغیرہ جو کچھ پڑھا ہے وہ آج سُنادو تصویر کل دکھا دینا"

رتن چند "یورپ کے دکھن کی جانب ایک مُلک اٹلی ہے کسی زمانہ میں یہاں رومیوں کی بہت بڑی سلطنت تھی۔ گو اٹلی بالفعل اُتنی بڑی سلطنت نہیں ہے شاید بمبئی کے برابر ہو مگر بڑی بڑی عمارتیں اور کھنڈر ابتک موجود ہیں مقتول کا نام شاہ ہمبرٹ تھا بادشاہ ایکدن قصبۂ مونزا

۱۵۷

میں جو ملن شہر سے بارہ میل پر واقع ہے تقسیم انعام کیلئے گیا واپسی کیوقت جب گاڑی میں سوار ہوا تو ایک بدمعاش نے طمنچہ کا فیر کیا ہمبرٹ مارا گیا یہ نہایت رحم دل۔ دلاور منصف اور عقلمند تھا مشہور ہے کہ جب بادشاہ کے بال سفید ہونے لگے تو بیگم نے کہا کہ آپ خضاب لگائیں جواب دیا کہ یہ فریب میں داخل ہے۔ بعد چندے بیگم نے خضاب کی شیشی لاکر پھر اصرار کیا بادشاہ نے بیگم صاحبہ کے کتے کو رنگ دیا اور یہ کہا کہ چونکہ تم اسکو باعث زینت سمجھتی ہو اسلئے تمہارے کتے کو مزین کر دیا ہے ایکدفعہ اس سے پہلے بھی بادشاہ کی جان پر حملہ ہوا تھا مگر اسوقت موت نہ تھی اب کی بچگیا اور اپنی خلقی بہادری کے باعث یہ کہتا ہوا دلی سے چلدیا کہ ایسے وقوعات تو ہمارے منصب کا حصہ ہیں" بڑھیا" بیٹا تم کہتے ہو کہ یہ بادشاہ بہت اچھا تھا پھر اچھے کو بروں نے قتل کیوں کر ڈالا" رتن چند" اسکا سبب جہالت کے سوا اور کیا کہا جائے ورنہ بادشاہ تو ایسا اچھا تھا کہ جس کی عمر کا کوئی لمحہ نیکی اور رعایا کی بھلائی کے سوا اور کسی کام میں صرف ہی نہیں ہوا یہ تو کسیطرح قابل قتل نہ تھا لیکن کسی نے سچ کہا ہے رباعی

آیا ہے نظر عجب طرح کا یہ باغ	ہر پھول اسیر رنج۔ کانٹوں کو فراغ
دیکھی ہے عجب ہوا یہاں کی الٹی	بلبل ہے قفس میں بند۔ آزاد ہے زاغ

یہ تذکرہ ہو ہی رہا تھا کہ اتنے میں مولویصاحب سے اخبار لیکر باپ کے کمرہ میں گیا رتن چند وہاں موجود نہ تھا اسلئے بڑھیا کے پاس آیا چونکہ لڑکے کو حکم تھا کہ بڑھیا کے سامنے باپ سے گفتگو نہ کرے لہذا سیدھا دادی کی گود میں آبیٹھا اور کہا کہ دادی اس راجہ کے قتل کا حال اسی اخبار میں شایع ہوا ہے آپ لالہ جی سے پڑھوا کر مضمون سن لیں۔ چنانچہ رتن چند نے سارا واقعہ سنا دیا"

ف نوٹ دراصل خضاب حضرت ذوق کا خیال ہی اور تھا ؎

نہیں خضاب سے مطلب ہمیں ہوئے سفید	سیاہ پوش ہوئے ماتم جوانی میں

بڑھیا:۔ لاؤ میں اُس بادشاہ کی تصویر تو دیکھوں۔ رتن چند نے تصویر کا صفحہ سامنے کر دیا بڑھیا نے بہت غور کیساتھ دیکھکر کہا بیٹا اِسکی مونچھیں بہت بڑی ہیں شہر میں تو عموماً لڑکوں کی مونچھیں نچی رہتی ہیں ایسی بھی کیا کاہلی ہے کہ مونچھیں مُنہ میں گھُسیں تھُوک میں سنیں۔

راجدیو:۔ اماجی قطعہ کلامی کی جُرات معاف ہو تو ایک بات کہوں۔

بڑھیا:۔ اچھا۔

راجدیو:۔ ہمارے مولویصاحب نے ایسی مونچھوں کی بابت ایک نظم لکھی ہے حکم ہو تو سُنادوں۔

بڑھیا:۔ ہاں بیٹا ضرور سُنا۔

راجدیو نے مندرجہ ذیل مثنوی سُنائی۔

ہیں جہاں میں بہت سے ایسے بشر	مونچھیں رہتی ہیں جن کی تھُوک میں تر
مُنہ میں ہر وقت مونچھیں جاتی ہیں	تھُوک میں ہر گھڑی نہاتی ہیں
ایک تھوڑی سی کاہلی کے سبب	اُن کی حالت گھِناؤنی ہے عجب

رتن چند کو اِس نظم سے ہنسی آئی مگر ضبط کر کے مُنہ پر رومال رکھ لیا اور یہ کہا کہ اماجی اکثر اِس شہر والوں کی مونچھیں اِسی ترکیب کی ہوتی ہیں سکھوں کی مونچھیں تو اِسقدر بڑی ہوتی ہیں کہ مُنہ تک نہیں دکھائی دیتا۔ لکھنؤ والے نواب آصف الدولہ کی مونچھیں البتہ قابل تعریف تھیں۔

۲۲ اِتنے میں بسنتا پانی لیکر آگیا۔

بڑھیا:۔ ارے بسنتا اُس جھگڑے کا کیا فیصلہ ہوا۔

بسنتا:۔ کونسے جھگڑے کا۔

بڑھیا:۔ مجکو تو یاد دلاتے شرم آتی ہے تو اتنی جلدی بھولگیا ارے جسمیں جوتیوں سے تیری پیجا ہوئی تھی۔

بسنتا:۔ ہونا ہی کیا تھا میں جب پٹ پٹا کر بھاگا تو لوگ اُس پستہ قد چوہدری زادہ کے مکان

پر گئے اُسنے دروازہ بند کرلیا کواڑ توڑکر اندر داخل ہونیکی جرات کسیکو نہ ہوئی بندر کی سی بھبکی دیکر چلدئے ناچار فریقین نے پولیس میں جاکر جوتیاں کھانیکی رپورٹ لکھوادی اب وکیلونکے گہرے ہیں جبتک طرفین کے دوسو چارسو روپے خرچ نہ ہوجائینگے جوتونکی خمارشکنی ممکن نہیں اس مقدمہ میں راضی نامہ نہوا تو شلیو نمیں نام درج ہوجائیگا"

بڑھیا "واہ رے شہر دہلی اور سبحان اللہ اس شہر کے چودہری"

رتن چند "ابھی کی ہولی کا ذکر ہے کہ مہاجنوں کے ایک چودہری نے جوتیونسے ہولی کھیلی اور ذرا بھی شرم نہ آئی۔ اب ادہر رتن چند رخصت ہوا اُدہر بسنتا چلتا بنا"

۲ بڑھیا نے راجدیو سے کہا کہ بتا میں تیری کیا خاطر کروں۔ تیری ماں نانکی تجکو زیادہ پیار کرتی ہے یا تیرے چھوٹے بھائی باسدیو کو"

راجدیو "دادی میں کیا کہوں وہ تو ہردم خفا رہتی ہیں اور جو کوئی چھوٹی بہوجی کہدیتا ہے تو جھلاکر جواب دیتی ہیں میں کسی کی چھوٹی نہ بڑی مجکو کچھہ نہ کہا کرو"

بڑھیا "پھر تو اُسکو سمجھاتا نہیں۔ اتنے میں نانکی آنکلی اور دیکھا کہ راجدیو اپنی دادی کی گود میں بیٹھا ہے نہایت خفا ہوکر بولی کہ میں نے سب سُن لیا ہے تو چغلی کھا رہا ہے"

راجدیو "بھابی (یہ اپنی ماں کو بھابی کہا کرتا تھا) سولو یصا حب نے ہمکو پڑھایا ہے کہ چغلی جھوٹی خبر کو کہتے ہیں اور خوشامد جھوٹی تعریف کو۔ مینے کوئی جھوٹ بولا ہو تو دادی سے پوچھہ لو تم بلاوجہ ہردم ناراض رہتی ہو۔ نوکرونسے بلاقصور لڑا کرتی ہو نانکی یہ سُنکر مُنہ بڑبڑاتی اور یہ کہتی چلی گئی کہ بڑھیا لڑکے کو گود میں بٹھاکر گستاخ بنا رہی ہے آپ تو چند روز میں نگم بود سدھاریگی مجکو بھگتنا پڑیگا"

بڑھیا راجدیو سے "آج تیری ماں ضرور تجھکو ماریگی"

راجدیو "جبتک لالہ جی نہ آجاوینگے میں اُنکے پاس جانے ہی کا نہیں پھر کسکا ماریگی لو دادی سلام"

بڑھیا:" ارے انگور کی پٹاری لیتا جا آدھی تم لینا اور آدھی باسدیو کو دینا۔ راجدیو پٹاری لیکر چلدیا"
۲۴ پر جو کہاری کئی روز کے بعد آئی اور یہ نئی خبر لائی کہ اماجی دھرم سالہ میں ایک کھتری صاحب کانپور سے بیاہ کرنے آئے تھے انہوں نے دہلوی اور مارواڑی برہمنوں کو نوتہ دیا۔ دہلی والے پتل کا تین چوتھائی مال انگوچھے میں باندھنے لگے البتہ مارواڑی برہمنوں نے یہ حرکت نہیں کی کھتری صاحب نے یہ سمجھکر کہ شاید مجکو دہلی والے برہمن چکمہ دینا چاہتے ہیں عرض کیا کہ دیوتا لوگو جتنا تم کھا سکو کھا لو پوٹ کیوں باندھتے ہو۔ جواب دیا گیا کہ دہلی کے برہمنوں کا یہی دستور ہے آپ دریافت فرمالیں اسپر بہت قیل و قال ہوئی۔ آخر کھتری صاحب نے کہا۔ خیر جہاں سو وہاں سوئے لیجاؤ۔ اب دلّی والے برہمن کھانا کھانے بیٹھے اور اٹھایا ہوا مال لیکر چلتے بنے۔ ایک براتی نے اسکا گیت جوڑ لیا لڑکے گلی گلی گاتے پھر رہے ہیں کیا راجدیو نے آپکو نہیں سنایا"

بڑھیا:" ہمارے لڑکے اور دونکے لڑکوں کی طرح گلی گلی کب پھرتے ہیں انکو تو بلا محافظ دروازہ سے باہر جانا ہی نہیں ملتا۔ میارام جی ذرا راجدیو کو بلانا۔ چنانچہ آواز دیتے ہی راجدیو جھٹ آموجود ہوا"

بڑھیا:" ارے راجدیو وہ گیت جو برہمنوں کی بابت شہر کے لڑکے گاتے پھرتے ہیں تجکہ یاد ہے"

راجدیو:" اماجی کل مولویصاحب نے ایک لڑکے کی زبانی سنکر تختی پر لکھ لیا ہے آج لڑکوں کو یاد کرادینگے کہو تو مکتب سے تختی اٹھالاؤں"

بڑھیا:" اچھا لے آ۔ راجدیو تختی اٹھالایا۔ اسپر یہ نظم لکھی ہوئی تھی نظم

رسم دلی کی کیا کمینی ہے		قابلِ حیف و نکتہ چینی ہے	
کھانا سب برہمن اٹھاتے ہیں		حیلہ بیالو کا لب پہ لاتے ہیں	
اور ملکوں میں یوں نہیں کرتے		یعنے کھانے پہ یوں نہیں مرتے	
دلّی کے برہمن یہ کرتے ہیں		کھانا آدھا اٹھا کے دھرتے ہیں	

کوئی پتل سنبھال لیتا ہے		ایک پوری کوئی چھوڑ دیتا ہے	
کھانا لیتے ہیں بے دھڑک وہ اور		استخواں میزباں کا لیں بے طور	
غیر سُن سُن کے یہ نہ آئیں		دلّی والو نہ کرتے ہیں نفریں	

بڑھیا یہ بات سُنکر بہت ہنسی اور یہ کہا حقیقت میں یہ رسم اچھی نہیں۔ یہاں کے برہمنوں نے یہ خیال کر رکھا ہے کہ بال بچوں اور عورتوں کو اس طرح سے کچھ ملجائے۔ پر جو ہمارے یہاں ایکدفعہ برہمن نوتے گئے اتفاق سے جے پوری برہمن زیادہ تھے اور دہلی والے بہت کم۔ جے پور والونکی شرم سے دہلی والے بھی کھانا نہ اُٹھا سکے میں نے بھاگرام سے کہا کہ انسے پوچھنا تم تو ہمیشہ کھانا اُٹھا کرتے تھے آج کیا تھا کہ چال چوک گئے اُنہوں نے جوابدیا۔ بھائی نکٹو نمیں نکٹے بیٹھیں تو شرم نہیں آتی البتہ ناک والونمیں بیٹھیں گے تو ضرور شرمائینگے۔ جے پور والوں نے پروسا نہیں اُٹھایا ہم اُٹھاتے تو مطعون ہوتے"

پرجو" یہ رسم اسی شہر میں نکلی ہے اور شہر والے تو برتتے نہیں۔ اسکے بعد پرجو رخصت ہوگئی"

۲۵ چونکہ گرمیوں میں بڑھیا اکثر کوٹھری میں بیٹھتی تھی۔ بسنتا نے بڑھیا کو نہ دیکھا دالان میں بہنگی رکھکر لیٹ رہا نیند آگئی آدھ گھنٹہ کے بعد بڑھیا کوٹھری سے باہر آئی دیکھا کہ سامنے کے دالان میں بسنتا چت پڑا سو رہا ہے اور بہنگی صحن میں رکھی ہے شروا کہاری سے کہا کہ اسکو جگا دے اگر اسیطرح پڑا رہیگا تو ٹھکانوں وقت پر پانی نہ پہونچا سکیگا شروا نے آواز دی بسنتا نے اُٹھکر دیکھا کہ بڑھیا سامنے کے بڑے دالان میں تخت پر بیٹھی ہے کہنے لگا اماجی کہاں چلی گئیں تھیں لو میرا سلام جاتا ہوں"

بڑھیا" بسنتا آج تجکو بہت دیر ہوگئی ٹھکانے والے تیری جان کو روتے ہونگے"

بسنتا" اماجی تمہارا غلام زادہ میری بہت مدد کرتا ہے"

بڑھیا" اچھا بھجو بھی اب تیری مدد کرنے لگا"

بسنتا:" ماجی بہت ہی نیک لڑکا ہے "

بڑھیا:" اُس کی عمر کیا ہے "

بسنتا:" گو ابھی اٹھارویں سال میں ہے مگر اُسنے یہ طریقہ اختیار کر رکھا ہے کہ اوّل اپنے ٹھکانو نمیں پانی بھرا بھر میرے ٹھکانو نکی خبر لی اور جہاں جہاں ضرورت ہوئی پانی بھر دیا اور اپنی محنت بچانے کیلئے میٹھے پانی کی جگہ نل یا نہر کا بھر دیتے ہیں یہ عادت مجھ میں نہ تھی اسلئے ہر مہینے ایک آدہ نیا ٹھکانا ہات لگ جاتا ہے لڑکا اپنے ٹھکانو نمیں سے جو کچھ لاتا ہے گوڑی کوڑی اپنی والدہ کو دیدیتا ہے آج کل کے لڑکے بالونکی طرح نہیں کہ جو کمایا شراب خواری یا اور خراب کامونمیں خرچ کر دیا مہینے ایکدن بھجنو سے کہا کہ بیٹا کچھ تو بھی اپنی کمائی میں سے رکھ لیا کر گھر کا خرچ تو میں اُٹھاتا ہوں اُسنے جواب دیا کہ اوّل تو ہم غریب آدمی جو گھر میں پکا کھا لیا۔ بازار کے دونے چاٹنے سے ہاضمہ بگڑ جاتا ہے اسی لئے امیرونکے لڑکے غریبونکے لڑکونسے کمزور ہوتے ہیں دوسرے یہ کہ تم میلہ میں جاکر جو کچھ آپ کھاتے ہو وہی مجھے کھلاتے ہو پھر مجھے روپے پیسے کی کیا ضرورت اماجی پڑوس میں ایک استہان ہے وہاں ایک باواجی پرسوتم داس رہتے ہیں بھجنو دوپہر کے وقت گھنٹہ بھر کیلئے اُنکے پاس جا بیٹھتا ہے اور چند روز میں حرف شناس ہو کر ناگری کی بیم ہا وغیرہ اچھی طرح سے پڑھنے لگا ہے مجھے ڈر ہے کہ اُسے نظر نہ لگ جائے "

بڑھیا:" ارے نگوڑے تو بھی نظر گزر کو مانتا ہے رتنو کے لالا نے جو بھوت پریت نظر گزر اور دساسول وغیرہ کے قائل نہ تھے بہت سی کتابونسے مختلف لوگونکے خیالات جمع کئے تھے اور مجھکو بھی یاد کرا دیئے تھے کسی روز فرصت میں آئیگا تو تجکو سُنا دونگی یہ سب دھوکے کی باتیں ہیں جو ٹھگ بدیا والوں نے اپنے فائدہ کیلئے ایجاد کر لی ہیں "

۲۶ کئی روز کے بعد بسنتا کہا رہو لا کہ بوماجی حسب وعدہ بھوت پریت کا حال سُنا دو بڑھیا نے کہا اچھا سُن لے

خیالات غریب بھوت پریت کے باب میں

نہو عقل میں جس بشر کے فتور[۱]
غلط سمجھے گا بھوت کو بالضرور

مگر خام عقلوں کا یہ حال ہے
سمجھنے لگے بھوت کچھ مال ہے

بیاں کرتے ہیں طاقتیں بھوت کی
خرابی جتاتے ہیں وہ اوت[۲] کی

خدا نے اگر دی ہے کچھ تم کو عقل
تو بیشک یہ ٹھگ بدیا کی ہے نقل

درباب دساسول

دساسول رسمی نہ مانو نہیں
یہ مصنوعی باتیں یقینی نہیں

دساسول جتنے ہیں بے کیف و کم
تمہیں اُنسے آگاہ کرتے ہیں ہم

نہ جاؤ میں آندھی میں برسات میں
بُرے کی رفاقت سے آفات میں

شبِ تار[۳] نا ایمنی[۴] بے زری[۵]
اگر ہوں۔ نہ جا گھر سے باہر ذری

نہ تنہا سفر تم کرو اختیار
وہائی جگہ سے رہو برکنار

پنڈت جو پترہ دیکھکر بتاتے ہیں سراسر دھوکا ہے سفر میں کسیطرح کے ہرج واقع ہونے کا احتمال صرف متذکرۂ بالا وجوہات سے نہیں ہو سکتا ہے۔ دیکھو ہر روز ریل چلتی ہے اور مسافر روانہ ہوتے ہیں مگر عین دساسول کے سامنے کسی کو دساسول کی نذر ہوتے نہیں دیکھا۔

قطعہ بھوت اور سیانے کے باب میں

بھوت کہتے ہیں کسے صورت ہمیں دکھلائے تو
ورنہ اندر ہے وہی جو بھوت کو بتلائے ہے

ہیں بہت سیانے جو ٹھگ باز سے لیجاتے ہیں مال
پوجے چوراہہ کوئی میراں کوئی کھلوائے ہے

[۱] فتور = خلل
[۲] اوت = عیب
[۳] شبِ تار = اندھیری رات
[۴] نا ایمنی = بے امنی
[۵] بے زری = مفلسی

درباب جادو

کسی کے پاس اگر ہوتی کوئی تلوار جادو کی — بہ دولت رہتی خلقت کی نہ رہتی جان قابو کی

دنیا کے لوگ کسی کو نہ چھوڑتے ایک دوسرے کو جادو سے مار ڈالتا۔ جادو صرف بات ہی بات ہے

درباب شگون و فال و استخارہ و نظر گزر و تعویذ گنڈہ

خیالات دادو جی

دوہرہ

دادو دنیا باوری پھرپھر مانگے سون — لکھن ہارا لکھ گیا میٹن ہارا کون

اشعار خیالاتِ ظفر

پیش آئے گا وہی جو مقدر میں ہے ضرور — قائل نہ میں شگون کا ہوں اور نہ فال کا

جو سرنوشت میں ہے اے ظفر بجز اُسکے — نہ استخارہ[۱] میں معلوم ہے نہ فال میں ہے

خیالات رند

خدا بچائے تمہیں چشمِ بد کے صدمہ سے — نظر گزر کے لئے رکھو ڈنڈ پر تعویذ

نہیں ہے ایک میں تاثیر دیکھا لکھ پڑھکر — تمام گنڈے ہیں بے کار بے اثر تعویذ

مسدس خیالات بریاں باب ضعیف الاعتقادی

ہلائے کان بلّے نے زغن[۲] نے دی صدا آکر — ستم ہے پھر ہے اندھیرا اب کام ہو کیونکر

کفن جانے ہوئے دیکھا ہی موت آئی ہے کیا سر پر — کھلے سر کون یہ مردود گھر سے آگیا باہر

[۱] شگون ۱۲ — [۲] چیل ۱۲

پھڑکتی ہے جو بائیں آنکھ کیا آفت کا ساماں ہے
ہتیلی آج کھجلاتی ہے کیا شامت نمایاں ہے

ضعیف الاعتقادی ہو ترا سب خانماں ویراں
نہیں ہے تیرے باعث آج کوئی صاحب ایماں

طلب میں تیری کھو بیٹھے دماغ و عقل کے ساماں
عجب ہے جلوۂ حیرت فزا تیرا کہ ہیں حیراں

نہیں ہوتی ہے اب تک ہند سے تو کسلئے باہر
نشانِ راحتِ دل تیرے ہاتھو نسے گیا یکسر

یہ سرگردانیوں نے تیری اب در در پھرایا ہے
ہر اک دردِ تمنا تیرے صدمو نسے اُٹھایا ہے

ذلیل و خوار و رسوا ایک عالم کو بنایا ہے
نیا ہر روز تو نے شعبدہ کافر دکھایا ہے

کئے برباد تو نے ہائے اسبابِ عمل کیسے
کرائے کام اوبدکیش تو نے بے محل کیسے

پریشاں خستہ و برباد ہیں جو تیرے قائل ہیں
فدا جو تجھپہ ہیں شاید زمانہ بھر کے جاہل ہیں

خرابات جہاں کے رہنے والے تجھپہ مائل ہیں
مگر وہ تجھسے کھنچ بیٹھے ہیں جو دنیا کے عاقل ہیں

خدا سمجھے تجھے چل دُور ہو پیغامِ رخصت ہے
عقیدے ایسے ہیں جو ہند کی غمدیدہ حالت ہے

خدا کیواسطے عقل و خرد سے کام اپنا لو
نہ تُم پھوٹی ہوئی نظرونسے اِس منحوس کو دیکھو

بلندیِ خیالِ طبع پر دنراست تُم دل دو
سنبھلکر دفترِ آداب کے شیرازیکو باندھو

ذرا سوچو ذرا سوچو زمانہ کیا بتاتا ہے
قسم ہے حق کی راہِ صاف یہ تمکو دکھاتا ہے

زمانہ میں تباہی اِس سے بڑھکے ہوگی کیا بریاں
ضعیف الاعتقادی نے کیا ہے خلق کو حیراں

مرض مہلک ہے یہ اس سے نہیں صحت کا کچھ امکاں
نہ دنیا میں نہ دیں میں اس سے راحت کا کوئی ساماں

رہا کر دے خدا اس قید بیجا سے پیارونکو
چھڑا دے اے مرے رب تو کہیں آفت کے مارونکو

خیالات نظیر اکبر آبادی

یہاں میں کیا کیا خرد کے اپنے ہر اک بجا تا ہے شادیانے
کوئی حکیم اور کوئی مہندس کوئی ہو پنڈت کتھا کہانے
کوئی ہے عاقل کوئی ہے فاضل کوئی نجومی لگا کہانے
جو چاہو کوئی کہ بھید کھولے یہ سب ہیں حیلے یہ سب بہانے

پڑے بھٹکتے ہیں لاکھوں ڈاکر وڑوں پنڈت ہزاروں سیانے
جو سوچ دیکھا تو بارے آخر خدا کی باتیں خدا ہی جانے

خیالات ضامن

عجب ہیں قدرت کے کارخانے خدا کی قدرت خدا ہی جانے
وہ شان اپنی لگا دکھانے خدا کی قدرت خدا ہی جانے

کھلا نہ بھید و لکھا پردہ یارو خدا ہی جانے کہ کل کو کیا ہو
ہوئے ہیں عاجز ہزاروں سیانے خدا کی قدرت خدا ہی جانے

کسیکے سر پر ہے تاج شاہی کسیکی قسمت میں ہے گدائی
کوئی ہے صحرا میں خاک چھانے خدا کی قدرت خدا ہی جانے

بہت نجومی نجوم والے کسینے قرعے رمل کے ڈالے
کوئی نہ قدرت کا بھید جانے خدا کی قدرت خدا ہی جانے

نہ فکر کر تو خوشی و غم کا خدا ہی مالک ہے بیش و کم کا
ہمارا کہنا یہ کون مانے خدا کی قدرت خدا ہی جانے

کسی پہ رحمت کسی پہ غصہ کسی پہ زحمت
خدا کی حکمت خدا ہی جانے خدا کی قدرت خدا ہی جانے

سمجھ لے دل میں یہ خوب ضامن سوا خدا کے نہیں ہے ممکن
کہ کوئی تنکا لگے ہلانے خدا کی قدرت خدا ہی جانے

خیالات اسد مراد آبادی چڑیل وغیرہ کے باب میں

مثنوی

اگر جن یا پری عورت پر آئے — اور اُس سے جھوم کر وہ سر ہلائے
یہ سمجھو تم کہ پنہاں ہے شرارت — ہوا ناموس[۱] کوئی دن میں غارت
شرابِ شوق سے ہو ہو کے مخمور[۲] — کیا کرتی ہے عورت فعلِ مسطور
نشاطِ[۳] عمر اور خوشبو کی کثرت — بڑھاتی ہے یہانتک دل کی رغبت
گذر جاتی ہے وہ آپے سے فی الحال — ریاضِ[۴] عقل ہو جاتا ہے پامال
پڑے جب کان میں نغمہ[۵] کی آواز — تو سر جنبش[۶] سے پھر کیونکر رہے باز[۷]
ہوا کرتے ہیں شوہر[۸] اُنکے ناداں[۹] — بلائے الفتِ زوجہ سے بیجاں
نہیں اتنا سمجھ سکتے وہ زنہار — کہ ہے یہ بے حیا مکار و غدّار
صدا دیتی ہے یہ بیداریِ دل — طولِ[۱۰] جسم ہے جسمو نمیں مشکل
ذرا دل میں کرے یہ فکر انساں — کہ خاتونانِ انگلستانِ ذیشاں
نہایت خوبصورت اور حسیں ہیں — لطافت میں وہ بعبتہائے چیں ہیں[۱۱]
کسی سے بھی کبھی ایسا سُنا ہے — پری جن کا خلل اُنکو ہوا ہے
تو کہہ سکتا ہے کیونکر ذہن[۱۲] تیرا — چُڑیلوں کو پری نے آکے گھیرا
یہ ہے بیشک سراسر مکر اور ریو[۱۳] — کہاں جن و پری آسیب اور دیو
دماغی عارضے ہوتے ہیں اکثر — کہ اُنسے عقل ہو جاتی ہے ابتر
اگر ہے کچھہ مرض پہچان لیجے — وگرنہ مکرِ خالص مان لیجے
اب آگے عاملونکا حال سُن لو — بعین استحاں ثابت ہے ہم کو
کہ ہیں اکثر زباں زوری میں کامل — جو اپنے آپ کو کہتے ہیں عامل

[۱] عزت [۲] نشہ میں چور [۳] جوانی [۴] باغ [۵] بات [۶] ہلنا [۷] بند [۸] خاوند [۹] بیوقوف [۱۰] داخل ہونا [۱۱] گرگٹ [۱۲] عقل [۱۳] فریب

معیشت[۱] کا نکالا ہے طریقہ — دغابازی میں حاصل ہے سلیقہ
کہا کرتے ہیں لوگوں سے یہ ہر دم — بڑے پہنچے ہوئے درویش ہیں ہم
کیا کرتے ہیں ظاہر سب پہ ذرات — مطیع حکم ہیں سب اپنے جنات
پڑھیں جسوقت ہم منتر وضو سے — مریں ستر چڑیلیں ایک چھو سے
وہ حُبّ[۲] و بغض کے تعویذ لکھکر — کیا کرتے ہیں حاصل دولت وزر
عقیمہ[۳] عورتوں کی دیکھکر فال — کریں تولید کے گنڈے سے خوشحال
ہوا جب عاملوں سے کوئی سائل — موکّل ہیں نہایت تم پہ مائل
دکھاؤ تم ہمیں اتنی تو تاثیر — کہ ہم کچھہ فاصلہ پر پھینکیں اک تیر
وہ خود اُڑکر ہمارے پاس آجائے — موکّل آپ کا دم بھر میں لے آئے
کسینے بھی کیا اس کو نہ مقبول — بچائی جان با تقریر مجہول
کہو پھر ہم کو کس صورت یقیں ہو — کہ حلّ[۴] مشکلات آتا ہے ان کو
کہی یہ بات اک عامل نے ہم سے — مرض کھوتے ہیں ہم نقش رقم سے
کیا یہ عرض اُنسے ہو کے مجبور — کہ ہے گر آپ کا یہ حکم مقدور
مرض جانے کی حد کیجے مقرر — کہ ہو بدا عتقادی دل سے باہر
وگرنہ اس جہاں کے جملہ حالات — بدلتے ہیں ہمیشہ حسب عادات
لگے کہنے بعین چشم پوشی — جواب جاہلاں باشد خموشی

بسنتا:- اماجی بھجنو سے کہونگا کہ آپکے پاس آکر یہ سب باتیں لکھہ لیجائے ہمارے یہاں کا یہ حال ہے کہ نجومی رمّال ڈکوت وغیرہ ہمیشہ کچھہ نہ کچھہ عورتوں سے ٹھگ لیجایا کرتے ہیں اب میں کہدونگا کہ کوئی کیسکے دھوکے میں نہ
بڑھیا:- تو اپنے بیٹے کو ضرور بھیجدیجو میں بہت خوشی سے نقل کرادونگی تیری بڑی خوش نصیبی ہے کہ

ایسے نیک اور سعادتمند بیٹے کا باپ سے سعادتمند لڑکا باپ سے زیادہ کر دکھاتا ہے اور نالایق باپ کی دولت خاک میں ملا کر پھر اپنے سر پر خاک ڈال لیتا ہے نظم

زنانِ بارداراے مردِ ہشیار	اگر وقتِ ولادت مارزایند
ازاں بہتر بہ نزدیکِ خردمند	کہ فرزندانِ ناہموار زایند

۲۷ اتنے میں بڑھیا نے بھگت رام کو آواز دیکر کہا کہ کل نانکی کیلئے جو دو روپے کے چوسیرے چانول آئے تھے انمیں سے آدہ سیر چانول اور سیر بھر کھانڈ بسنتا کو دیدو۔ اسنے آج اپنا بہت مغز خالی کیا ہے بسنتا جب چانول لیکر چلنے لگا تو نانکی نے شروہا کہاری سے شکایت کی کہ تو نے دیکھا ابھی کیسنے چانول کا ایک دانہ نہیں کھایا مگر بڑھیا نے آدہ سیر چانول سے بسنتا کا منہ جھلدیا" شروہا "بیٹی چپ رہ کہیں اماجی نہ سن لیں اور بسنتا نہ تاڑ جائے یہ سوا سنکر پاس پڑوس میں کہہ بیٹھے گا تو تو ہی بدنام ہوگی۔ بہو کھانے میں وہ مزا نہیں جو بھوکوں کمینوں۔ نوکروں اور محتاجونکے کھلانے میں ہے۔ کسی نے تکرار کے بعد لینے والیکو رنج دیکر کچھ دیا تو دینے والیکو پھل نہیں ملتا تیری تو وہی مثل ہے کہ تیلی کا تیل جلے پاپی کا دل پھٹے۔ اُدھر شروہا یہ کہکر جلتی بنی اِدھر نانکی بڑبڑاتی رہی کہ سارا گھر ایکطرف اور میں ایکطرف افسوس اس راندِ بڑھیا کے سوا کوئی کسی کی نہیں سنتا آخر میں بھی تو لالاجی کے بیٹے کی گھر والی ہوں دیکھیے کب بڑھیا مرے اور کب میرا جھٹارا گڑے"

۲۸ ایکدن دوپہر کیوقت بسنتا اپنے لڑکے سمیت بڑھیا کے پاس آیا اور کہا اماجی اسکو وہ باتیں ہندی میں اُتروادو" بڑھیا "ذرا دم لے ٹھیر جا۔ اِدھر اُدھر کی کوئی بات کر۔ وہ بھی لکھوادونگی" بسنتا "اچھا اماجی آج تو تم ہی کچھ سناؤ" بڑھیا "رتن چند کے باپ کہا کرتے تھے کہ پنڈتوں کے قول پر اعتبار کرنے والا بڑا نادان ہے جوتش کے سچ ہونے میں شک نہیں مگر اسکا پورا ماہر کہیں نظر نہیں آتا۔ میں نے کہا اسکا ثبوت۔

جوابدیا اگر پنڈت جوتش کے پورے ماہر ہوتے تو کبھی کسی آفت میں پھنستے موٹی سی بات ہے کہ وہ اپنی لڑکیونکو پتریوں سے ملاکر بیاہتے ہیں تاہم اکثر لڑکیاں رانڈ ہوجاتی ہیں ایسے پنڈت اگر قسمت کے سپرد کرتے ہیں تو اورونکو پتریاں ملاکر شادی کرنیکی ترغیب کیوں دیتے ہیں جو کچھ قسمت میں ہے ہورہیگا۔ وہ کہتے تھے کہ میں نے اکثر پنڈتوں سے مذکورۂ بالا سوال کیا مگر صاف جواب کسی نے نہیں دیا ایکدفعہ کسی منشی نے ایک پنڈت سے ملاقات کی پنڈت جی اسامی بنانیکی غرض سے بولے کہ منشی جی تم اپنی جنم پتری دکھلادو۔ انہوں نے آگے رکھدی۔

پنڈت "گرہ بہت ناقص آئی ہے اس سال کی فلاں متی میں تمہاری موت ہونی چاہیئے۔ حساب کیا گیا تو اس متی میں ساڑھے سات مہینے باقی تھے"

منشی جی "اگر یہ حساب پتری کی رو سے معلوم ہوا ہے تو موت کسی طرح ٹل نہیں سکتی"

پنڈت جی "نہیں صاحب دان سے سوئی کا کانٹا ہوجاتا ہے کیونکہ دان کو بڑی سامرتھ ہے منشی صاحب نے پنڈت جی کو ایک سیدھا اور ایک ٹکہ نقد دیکر رخصت کردیا۔ منشی جی کے ہاں ایک لڑکا تھا اور ایک لڑکی۔ اندازہ سے تاریخ وفات تک کا خرچ پاس رکھکر تمام اثاثہ لڑکی اور لڑکے کو آدھوں آدھ دیدیا اور آپ جمنا کے کنارہ گھاٹونمیں جارہے شان ایزدی سے پنڈت جی کی بتائی ہوئی متی ٹل گئی مگر منشی جی اعتقاد کے ایسے پورے تھے کہ دوسرے دن کیلئے ایک پیسا بھی پاس نہ رکھا ناچار جمنا سے ڈیرہ ڈنڈا اکھاڑ کر اپنے لڑکے کے مکان میں آگئے۔ چار پانچ ماہ کے بعد بہو نے کہا کہ لالہ جی نے برابر کا حصہ لڑکی کو بھی دیا ہے اب کوئی دن وہاں بسرام کریں مگر بڈھے نے ایک نہ سنی۔ بہو کھانے پینے میں کوتاہی کرنے لگی بیٹی نے یہ واقعہ معلوم کرکے اپنے خاوند سے کہا اسنے جوابدیا کہ لالہ جی کا دیا ہوا روپیہ میں نے علیحدہ بیوپار میں لگا دیا تھا لالہ جی کو اسکا نفع کفایت کریگا تم انکو بلالو۔ اب کرایہ کا مکان تجویز ہوجائیگا اور بعد میں خرید لیا جاویگا۔ لڑکی اپنے

باپ کو لینے آئی اُسنے کہا بیٹی پہلے ایک مکان خرید لے تب چلونگا۔ چنانچہ ایک چھوٹا سا مکان خرید گیا اور داماد نے سسرے کی بہت خاطر کی منشی جی اسیطرح چار برس رہے اس عرصہ میں لڑکی پوتوں کی دادی ہوگئی بیٹا بے اولاد رہا اور جو روپیہ باپنے دیا تھا وہ سب بنج بیوپار میں جاتا رہا۔ باپنے یہ دیکھکر لڑکی سے صلاح کی۔ اُسنے کہا کہ لڑکا ناخلف ہوتا ہے مگر باپ بے درد نہیں ہوتا۔ لہذا باپ لڑکے اور بہو کو اُسی مکان میں لے آیا جسمیں خود رہتا تھا۔ منشی جی دس برس جیکر بیٹھ باشی ہوئے اور جو کچھ بچا تھا لڑکی نے اپنا حصہ چھوڑ کر بھائی کو دیدیا۔ بسنتا ہونے والی کو کوئی نہیں بتا سکتا رہے بسنتا جہان میں تین طرح کے انسان ہیں ایک وہ جو در اصل دانا ہے مگر اپنے آپ کو محض نادان جانتا ہے ایسا آدمی واقعی دانا سمجھا جاتا ہے۔ دوسرا وہ جو حقیقت میں دانا ہو کر اپنی دانائی کا قائل ہے اُسکو رسمی عقلمند کہتے ہیں تیسرا جو محض نادان ہو کر اپنی دانائی کا یقین رکھتا ہے اُسکو محض جاہل کہنا چاہیئے سو ایسے پنڈت تیسرے درجہ کے انسان ہیں نظم

آں کس کہ بداند و بداند کہ نداند	اسپ طرب خویش بافلاک رساند
وآں کس کہ بداند و بداند کہ بداند	آں ہم خرک لنگ بمنزل برساند
وآں کس کہ نداند و نداند کہ بداند	در جہل مرکب ابدالدھر بماند

اب بڑھیا نے بھجنو کو بھوت پریت کی بابت تمام کلمات حکمت لکھوا دیئے اور وہ دونوں باپ بیٹے سلام کرکے رخصت ہو گئے

۲۹ جوتی سروپ "نانی جی آداب"

بڑھیا "ایک مہینا ہوا تو قطب کے میلہ پر آیا تھا اب کس تقریب سے آیا ہے"

جوتی "ماجی اگروالوں کی پنچایت (کنفرنس) ہے اسلئے مدرسہ میں چھٹی ہوگئی"

بڑھیا "پنچایت کی نئی تجویزیں اور ترمیمیں مجھے ضرور سنانا"

جوتی "بہت اچھا"

بڑھیا "ارے جوتی اس شہر کی عورتیں کہا کرتی ہیں کہ بورڈنگ سکول میں داخل کرنا گویا بچہ کو قید میں بھیجنا ہے۔ کیا یہ قول درست ہے"

جوتی "سراسر غلط۔ میں تو وہاں جاکر یہاں سے زیادہ تندرست رہتا ہوں وہاں تیل کی پکوڑیاں وغیرہ جو معدہ کیلئے مضر ہیں لڑکوں کو ہرگز نہیں ملتیں۔ جاڑوں میں علی الصباح چائے گرمیوں میں شربت۔ کھانا ٹھیک وقت پر۔ صبح کو دال روٹی شب کو پوری ترکاری۔ سہ پہر کو ٹھنڈی سڑک کی ہوا۔ ہمارا وقت ضایع نہیں ہونے پاتا۔ خراب صحبت کا نام نہیں اگر اس انتظام پر بھی کوئی لڑکا نہ پڑھے تو اسکی قسمت۔ لو اب رخصت ہوتا ہوں کیونکہ کنفرنس کا مہمان ہوں۔ ختم ہو جانیکے بعد ایک دن یہاں رہکر لاہور چلا جاؤنگا۔ آداب عرض کرتا ہوں"

۳۰ جب گھر میں کوئی بیمار پڑتا تو حکیم یا ڈاکٹر کو بلانا دوا پلوانا اور ٹھیک وقت پر پرہیزی کھانا تیار کرانا گویا بڑھیا کے روزمرہ کے کاموں میں داخل تھا لیکن ایکدفعہ بڑھیا بیمار پڑی تو نانکی اسکی تیمارداری میں حارج ہوئی۔ چنانچہ ایکدن بڑھیا کیلئے بید جی بلائے گئے انہوں نے نبض دیکھکر دوا تجویز کی اور بھاگرام کو گولیوں کیواسطے اپنے ہمراہ لیگئے نانکی نے غل مچادیا۔ کہ رسوئیہ تو دوا لینے چلا گیا اب بچوں کیلئے روٹی کون پکائیگا بچے بغیر کھائے مکتب چلے جائینگے بڑھیا سنتی رہی اتنے میں بھاگرام آگئے گولیاں بڑھیا کے حوالہ کیں اور دیارام کو دوا دیکر کہا کہ بنا کر اماجی کو پلادے دیارام دوا پیسنے لگا اور بھاگرام سوئی میں مشغول ہوا۔ نانکی دیارام کے آگے پیسہ ڈالکر کہنے لگی کہ پہلے کھچڑی کیواسطے بازار سے دہی لے آ۔ دوا پھر پیس لیجو"

دیارام "دوا میں کتنی دیر لگ جائیگی ابھی تو کھچڑی تیار بھی نہیں ہوئی"

نانکی "تمام ملازم بڑھیا کی آؤ بھگت میں رہتے ہیں میری کوئی نہیں سنتا"

بڑھیا "ابھی تو کھچڑی تیار نہیں ہوئی کہ دیارام دوا چھوڑ کر دہی لینے چلا جائے اتنے میں رتن چند نشستگاہ سے اٹھکر محلسرائے میں آئے۔ نانکی رتن چند کو دیکھکر اندر کے کمرہ میں گھس گئی"

رتن چندر "اماجی آپ کس بات پر خفا ہو گئیں جو چلا چلا کے باتیں کر رہی ہو"

بڑھیا "بیٹا میں کیا بتاؤں بھگوان کی دیا سے تمہارے گھر میں کسی بات کی کمی نہیں نوکر چاکر املاک سواری۔ باغ باغیچہ۔ مگر یہ تیری جورو ہماری زندگانی اور اپنے آرام کو مکدر کر رہی ہے ایکدم چین نہیں لینے دیتی بُری بات سے جہان بُرا مانا کرتا ہے مگر اسکو اچھی بات پر بُرا مانتے دیکھتی ہوں دن بھر نوکروں سے بلا سبب تکرار رکھتی ہے۔ بیٹا بات بات پر نوکر کے پیچھے پڑے رہنے سے مندرجۂ ذیل خرابیاں پیدا ہو جاتی ہیں"

۱ سُنتے سُنتے کچھ نہ کچھ نوکر کے مُنہ سے بھی نکل ہی جاتا ہے"

۲ رفتہ رفتہ گستاخ ہو جاتا ہے

۳ کام میں مچلائین کرنے لگتا ہے کیونکہ وہ جانتا ہے کہ یہاں کرنے اور نکرنے والا دونوں برابر ہیں"

۴ دوسرے گھر کی تلاش میں بیدلی سے کام کرنے لگتا ہے اور بیدل چاکر دشمن برابر کا معاملہ ہو جاتا ہے"

۵ آخر کار وہ خود نوکری چھوڑ جاتا ہے یا مالک دق ہو کر موقوف کر دیتا ہے"

۶ جب وہ دوسری جگہ چلا جاتا ہے اور مالک کو فوراً کوئی دوسرا نوکر نہیں ملتا تو بہت تکلیف اُٹھانی پڑتی ہے بیٹا اس زمانہ میں منشی بابو سنیب ڈھونڈو تو بہت ملجائینگے مگر دیانت دار اور ذیشعور خدمتگار ہرگز دستیاب نہیں ہوتے جب اچھا نوکر چلا جاتا ہے تو مندرجۂ ذیل دقتیں پیدا ہوتی ہیں"

۱ کوئی چالاک آدمی رکھا گیا اور کچھ مال لیکر چلتا بنا"

۲ جبتک دوسرا نوکر نہ ملا بے حد تکلیف اُٹھانی پڑی"

۳ نئے نوکر کو سب باتیں سکھانے اور حساب وغیرہ کے گھر دکھانیکی دقت اپنے ذمہ رہی۔ نانکی کر بہت سمجھاتی رہتی ہوں کہ تو نوکروں کو نہ ستایا کر۔ مگر مانتی ہی نہیں جسقدر سمجھاتی ہوں دُوگنی شوخ ہوتی جاتی ہے دو ماہ کا ذکر ہے کہ چار روز کیلئے بھاگرام کو بخار آگیا تھا میں نے بید کو بُلا کر علاج کرایا

اُسپر نانکی نے کہا کہ نوکرونکے علاج میں بڑھیا دل سے مصروف ہوجاتی ہے گھر میں کوئی بیمار پڑا رہے تو خبرے نباشد۔ بیٹا تو ہی بتا نوکرونکی خبر مالکن لے تو کون لے تم آج کل کے لڑکوں کیطرح یہ نکرنا کہ اِدھر والدہ نے کچھ کہا اُدھر لکڑی لیکر جورو کو دھن دالا یا جورو نے ساس کے خلاف فریاد کی تو روئی کیطرح بڑھیا ماں کے گالے بنا دیئے شریف گھرونمیں ایسا نہیں ہوتا بلکہ یہ دعا کر کہ اے پروردگار تو میری جورو کو راہ راست دکھا اور اِسکا مزاج بدلدے اِسکے سوا اور کوئی دوا نہیں اِتنے میں بھاگرام نے آواز دی کہ کھانا تیار ہے۔"

بڑھیا:۔ "رتن چند جاؤ کھانا کھاؤ۔ لڑکونکو بلالو میرے کہنے کا کچھ خیال نکرنا۔"

۳۱ عشرت حلالخوری آئی بڑھیا نے کہا آج تو بہت دنوں کے بعد صورت دکھائی۔ تیری چھوٹی بہن برکت آیا کرتی تھی۔"

عشرت:۔ "ماجی سلام۔ میں سسرے گئی ہوئی تھی اب برکت گئی ہے۔"

بڑھیا:۔ "اری عشرت آج تو کوئی گیت سُنا۔"

عشرت:۔ "بہت اچھا۔ لو اماجی سنو۔ گیت

بھانجی مارے جو لیتے دیتے اُسکا ٹھکانا نہیں اچھا	بھری سبھا میں بیٹھکے ہرگز جُھلی کھانا نہیں اچھا
اپنے گھر کو چھوڑ کے ہر دم پر گھر جانا نہیں اچھا	مات پتا کی سیوہ ہے میوہ اُسکا ستانا نہیں اچھا
سوتا فتنہ شیر ہے بن کا اُسکا جگانا نہیں اچھا	لاکھ ہو پیاری دل سے ناری بھید بتانا نہیں اچھا
گنگا جمنا چھوڑ کے تیرتھ کوئے پہ نہانا نہیں اچھا	اپنے شرن جو آن پڑے پھر اُسکو ستانا نہیں اچھا
کالا ناگ جو نکلے بن سے اُسے کھلانا نہیں اچھا	پرتریا سے پریت لگاکر مان گھٹانا نہیں اچھا
بہرا جگ سنسار ہے سارا اور زمانا نہیں اچھا	سب سے بھلا ہے گم صم رہنا گیان سُنانا نہیں اچھا

بڑھیا:۔ "واہ ری عشرت خوب بھجن گایا بھاگرام جی آج عشرت کو ڈبل کھانا ملے معمول سے دوگنا۔"

عشرت "آجی کو خدا سلامت رکھے ذرا سی آم کی لونجی کی بھی پروانگی ہوجائے"
بڑھیا "بھاگرام اچار کے دو ثابت آم اور تھوڑی سی لونجی بھی عشرت کو دیدو۔ چنانچہ عشرت اچار اور لونجی لیکر دعائیں دیتی ہوئی رخصت ہوگئی"

۳۲ ایکدن نانکی نے دیارام کہار کو ترکاری کیلئے بھیجا۔ مگر اُسے ذرا سی دیر لگ گئی نانکی نے غُل مچایا کہ نیل کے کٹرہ ترکاری بکتی ہے اُس بیچارے کو ابتک نہیں ملی۔ بھابوجی نے نوکرونکو سر پر چڑھا رکھا ہے۔ دیارام آدہ گھنٹہ کے بعد ترکاری لیکر آیا پہلے تو نانکی نے خبر لی پھر دہرمابائی نے کہا سے کہا کہ دیارام جی آج تو تمنے بڑی دیر لگائی۔ کیا بھائی برادری میں کہیں حُقہ پیتے رہگئے تھے"

دیارام "ماجی میری یہ عادت نہیں۔ کبھی برادری میں جانا پڑتا ہے تو آپ سے اجازت لے لیتا ہوں اور جو سودا لینے جاتا ہوں تو سیدھا چلا گیا سیدھا چلا آیا رستہ میں کوئی جان پہچان ملگیا تو چلتے چلتے رام رام شام شام ہوگئی البتہ آج دیر ہوگئی ہے سو اسکا سبب بتائے دیتا ہوں"

نانکی "بتائیگا اپنی ماں کا چونڈا۔ کوئی اِدھر اُدھر کی بات بناکر سُنا دیگا چلو چھٹی ہوئی"

دیارام "ماجی بدلو کنجڑے کی دکان پر پہونچکر دیکھتا کیا ہوں کہ ایک پنجابی برہمن کسی بابو کا نوکر اور بدلو دونوں آپسمیں پہلوانوں کیطرح لڑ رہے ہیں ایک کہتا ہے تو جھوٹا۔ دوسرا کہتا ہے تو جھوٹا تیرا باپ جھوٹا مشکر کا زرد پھینٹا ایکطرف گرا پڑا ہے اور بدلو کی لال پگڑی ایک جانب کیچڑ میں آلودہ ہے مینے دونوں کو الگ کرکے اس لڑائی کا سبب پوچھا۔ برہمن بولا کہ میں روپیہ دیکر دو آنے کے آلو مانگ رہا تھا۔ بدلو اپنے خریداروں کو سودا دیتا رہا پھر جب اُنسے فارغ ہوا تو مجھکو آلو دیکر کہنے لگا کہ لادو آنے۔ بھلا میں اب کہاں سے لاؤں۔ بدلو نے کہا کہ یہ جھوٹا ہے مجکو روپیہ نہیں دیا دیارام تو بھی اتنی مدت سے ترکاری لیتا ہے کبھی مینے تیرے ساتھ بے ایمانی کی ہو تو بتادے میں نے کہا بھگت جی تم نے میرے ساتھ کبھی بے ایمانی نہیں کی مگر بھول چوک انسان کے ساتھ

لگی ہوئی ہے ذرا اپنا غلّہ تو دیکھ لو شاید تم لیکر بھول گئے ہو۔ بدلو نے کہا میرے غلّہ میں اور روپیہ ہی نہیں اگر میں نے لیا ہے تو اسی میں ڈالا ہوگا ملگیا تو یہ سچّا اور نہ نکلا تو میں سچّا میں نے کہا کہ اچھا اسوقت تو تجھے معلوم ہے کہ غلّہ میں اور روپیہ نہیں لیکن جب غلّہ بے حساب ہو تو ایسے واقعات کا فیصلہ کیونکر ہو سکتا ہے۔ بدلو نے کہا کہ مجھے تو کوئی حکمت یاد نہیں بینے جوابدیا اوّل تو اپنا غلّہ دیکھکر اس جھگڑے کو تو مٹا اسکا علاج پھر بتا دونگا۔ چنانچہ اس نے غلّہ دیکھا تو روپیہ موجود تھا بدلو بولا کہ او بھائی روپیہ تو ملگیا مگر آئندہ کیلئے کوئی ترکیب بتاتے جاؤ بینے کہا شرمجی اوّل تو تم کو نصیحت کرتا ہوں کہ آئندہ بغیر سودا لئے دام دوگے تو اسیطرح خوار ہوگے شرمیرا بڑا شکر گزار ہوا اور آلوؤں کیساتھ چودہ آنے نقد لیکر چلدیا پھر بینے بدلو سے کہا کہ بھگت جی جب تم کسی سے پیسہ یا روپیہ لے لو تو پہلے اسکو سودا دیکر رخصت کر دو پھر دوسرے گاہک سے بات کرو۔ یہ اچھا نہیں کہ ایک کے پیسے تھام لئے دوسرے کو سودا دیا اور میسرے سے کہا کہ بڑے بڑے آلو چن لے۔ ایسے برتاؤ سے پھر کسی دن اپنی پگڑی کیچڑ میں لتھڑی پاؤگے۔ بدلو نے کان پکڑا اور یہ کہا کہ دیا رام تو میرا گرو ہے اب ایسا نہ کرونگا"

بڑھیا "شاباش دیا رام جی شاباش یہ فیصلہ تمنے خوب کیا"

۴۳ "بہت عرصہ کے بعد برکت حلالخوری آئی"

بڑھیا "تو سسرال ہو آئی"

برکت "ہاں باجی آداب عرض کرتی ہوں۔ اب ایک دو مہینے بندی خدمت میں حاضر رہیگی"

بڑھیا "بیٹی کوئی گیت سنا تیری دادی للّو تو بہت سے گیت سنا جایا کرتی تھی"

برکت "اماجی مجھکو کیا عذر ہے۔ لو سنو کتنے گیت سنتی ہو نیا سناؤں کہ پرانا"

بڑھیا "اری باولی کوئی ایسا گیت سنا جسمیں گیان ہو"

برکت "بہت خوب" گیت

نتھی حال کی جب ہمیں اپنے خبر رہی دیکھتے اور کے عیب و ہنر
بُری اپنی بُرائیوں پر جو نظر تو نگاہ میں کوئی بُرا نہ رہا
ظفر آدمی اُسکو نہ جانیئے گا وہ ہو کیسا ہی صاحب فہم و ذکا
جسے عیش میں یادِ خدا نہ رہی جسے طیش میں خوفِ خدا نہ رہا

غزل

کسی بیکس کو اے بیداد گر مارا تو کیا مارا
جو آپ ہی مر رہا اُس کو اگر مارا تو کیا مارا
نہ مارا آپ کو جو خاک ہو اکسیر بن جاتا
اگر پارے کو اے اکسیر گر مارا تو کیا مارا
بڑے موذی کو مارا نفس امّارہ کو گر مارا
نہنگ و اژدہا و شیر نر مارا تو کیا مارا
دلِ بدخواہ میں تھا مارنا یا چشمِ بدبیں میں
فلک پر ذوق تیرِ آہ گر مارا تو کیا مارا

غزل

سُنو اے جانِ من تُمکو یہاں سے جلد جانا ہے
رہو تُم یادِ حق میں جب تلک یاں آب و دانا ہے
ارے غافل تو کیوں بھولا ہے اِن دنیا کے لالچ میں
رہے کچھ خوفِ حق کا بھی اگر جنّت میں جانا ہے
کرو کچھ خوف اب دل میں کہ تُم نادان ہو کیسے
کیا تھا حکم جو حق نے اُسے کب تُمنے مانا ہے
پڑے سوتے ہو غفلت میں ذرا تو آنکھ کھولو تُم
ہوئی ہے شام اُٹھ بیٹھو تمہیں منزل پہ جانا ہے
فرشتہ جبکہ آئیگا تمہیں دنیا سے لینے کو
بہانا کیا کروگے تم وہ تُمسے بھی سیانا ہے
خُدا جب تُجھسے پوچھیگا تو کیا لایا ہے دُنیا سے
جواب اُسکو تو کیا دیگا تُجھے لیکھا چُکانا ہے
اگر غافل رہے حق سے تمہیں دوزخ میں ڈالیگا
رہے گر یاد میں اُسکی تو پھر جنّت ٹھکانا ہے

علم و تواضع و ہنر و داد و یادِ حق
جس شخص میں یہ وصف نہیں وہ بشر نہیں

ایماں کا نور جس میں ہو۔ روشن ضمیر ہے	اندھا ہے جس کی چشم نہاں میں بصر نہیں
انساں گہر ہے علم و فن اُس میں ہے آب و تاب	بے آبرو ہے آدمی جس میں ہنر نہیں
عالم خریدتا ہے دُرِ آب دار کو	بے آب جو گہر ہے وہ ہرگز گہر نہیں

دہرما بائی "بس بیٹی تو نے بہت مغز خالی کیا ہے۔ سیارام تاگڑی والی دھوتی ٹھاکروں والی کوٹھری میں ہے برکت کو دیدو اور کچھ پکوان بھاگرام سے لیکر اسکے حوالہ کرو"

۳۴ برکت آج تو نے گیت اور غزلیں تو بہت سُنائیں کوئی خبر بھی سُنا"

برکت "اماجی کل میں بر جناتھ کے کونچہ گئی تھی وہاں ایک جوگی بیل کے اوپر جھول ڈالے ہاتھ میں لوٹا لئے کھڑا تھا میں بھی کھڑی ہوگئی معلوم ہوا کہ بیل ایسا سدھایا ہوا ہے کہ جسکے پاس بھیجئے چلا جاتا ہے ایک نے کہا باواجی تماشہ دکھاؤ اور یہ کہکر ایک پیسہ پھینکدیا جوگی نے کہا شمبھو ناتھ (بیل کا نام) جاؤ تو بیٹا جسکی بغل میں لال دوپٹہ ہے اُسکو نمشکار کر آؤ۔ ایک شخص لال دوپٹہ لئے بھیڑ میں کھڑا تھا بیل اُسکے پاس آکر سر ہلانے لگا اُسپر ایک شخص بولا کہ ہم میں ایک شخص کایستھ ہے تم اپنا بیل اُسکے پاس بھیجو تو جانیں جوگی نے کہا کہ بیٹا شمبھو ناتھ کایستھ کو ڈنڈوت کر آ۔ بیل کایستھ کے پاس آکر سر ہلانے لگا تماشائی دنگ رہ گئے اور بہت سے پیسے جوگی کیطرف پھینکے کسی نے کہا جادو کا کھیل ہے کوئی بولا آدمی کو بیل بنا رکھا ہے کوئی کہتا تھا کہ جن مُسخر ہے بھلا اماجی تمہاری سمجھ میں کیا آیا"

نوٹ پیرس ملک فرانس میں اپنے ہمراہ باغ میں کُتّے لیجانیکا حکم نہیں تھا اور ایک شخص کے پاس کتا تھا اُسنے دروازۂ باغ بدربان کے حوالہ کیا اور آپ باغ میں چلا گیا جب واپس آیا تو دیکھا کہ بیش بہا گھڑی غائب ہے دربان سے کہا کہ میری گھڑی بانمیں چوری گئی ہے اگر میرے کُتّے کو جانے دو تو چور گرفتار ہو سکتا ہے غرض اجازت کے بعد کُتّے کو ساتھ لیجا کر اشارہ کیا کہ وہ اِدہر اُدہر پھر کے اور تھوتھنی کو اوپر کر کر سونگھنے لگا آخر ایک شخص کے کوٹ کا دامن مُنہ میں پکڑ کے کھڑا ہو گیا اُسکی تلاشی لگی تو آٹھ دس گھڑیاں نکلیں اور طرفہ یہ کہ جو کُتّے کے مالک کی گھڑی تھی کُتّے نے مُنہ میں لیکر مالک کے حوالہ کر دی پھر پولس نے۔ سارق کو گرفتار کر لیا"

بڑھیا:۔ میں جادو کے قائل نہیں ہوں یہ آدمی کی تربیت کا اثر ہے مگر تعجب کی بات یہ ہے کہ آدمی باوجود عقل بھیڑ میں صورت دیکھکر اکثر کسی کی ذات نہیں پہچان سکتا پھر جانور نے کسطرح جان لیا کہ فلاں شخص کا یستہہ ہے اگر میں پھر یہی کہونگی کہ جوگی نے بیل کو ذات پہچاننے کی تربیت دی ہے۔ گزشتہ زمانہ میں ایک سائیں ورق الخیال سید فیروز کے بنگلے تکیہ میں رہتا تھا اُسنے ایک بکرا پال رکھا تھا اور ایسے ہی کرشمے دکھایا کرتا تھا اِس سے صاف ظاہر ہے کہ خاص لوگونکو جانور وں کے پڑھانیکی کوئی ترکیب یاد ہے ورنہ جادو پُر اثر چیز ہوتی تو دنیا ہرگز آباد نہ رہتی ایک دوسرے کو مار ڈالتا"

برکت:۔ ماجی اگر اجازت ہو تو رخصت ہو جاؤں بڑھیا نے اسیس دیکر رخصت کر دیا"

۲۵ جوتی سروپ آئے اور آداب بجالاکر اپنی نانی کے پاس جا بیٹھے"

بڑھیا:۔ بیٹا جوتی کیا کنفرنس ہو چکی"

جوتی:۔ ابھی نہیں ہوئی آج کنفرنس میں تعطیل تھی میں آداب عرض کرنے کیلئے حاضر خدمت ہوا ہوں نیز مینے سُنا ہے کہ میر شہامت علی جو پہلے ہمارے مدرس تھے اور اب ریاست رتلام میں بہت معزز علاقہ پر ہیں یہاں آئے ہوئے ہیں آپکی قدم بوسی کے بعد اُنسے نیاز حاصل کرنا ہے"

---

* نوٹ۔ شہر دہلی میں ایک اور فرشتہ طینت انسان گزر چکے ہیں اُنکا نام ماسٹر رامچند تھا ذات کے کایستہہ تھے جب اُنکے دوست ڈاکٹر چمن لال عیسائی ہوئے تو اُنہوں نے بھی عیسائی دھرم اختیار کر لیا لیکن مجسم عربت سادگی اور ہمدردی خلق تھے اُنکو دہلی کالج میں اکیسو پچاس روپے ماہوار ملتے تھے مگر جو سادی سیدھی وضع تھی وہی اُسوقت رہی کہ جب آٹھ سو روپے ماہوار پٹیالہ سے ملنے لگے جب یہ عیسائی ہو گئے تو اُنکے پڑوسی نے دق کرنا شروع کیا مگر اُنہوں نے نہ کسی سے شکایت کی اور نہ عدالت چڑھے جب غدر ہوا تو اُس پڑوسی کا تمام مال اسباب لُٹ گیا۔ اتفاقاً ماسٹر جی پٹیالہ سے دہلی آئے ہوئے تھے اُسکو خستہ حال دیکھکر رو دئے اور یہ کہا کہ تم میرے ساتھ پٹیالہ چلو مہاراج سے کہکر تمہاری پرورش کرا دونگا۔ انسان جیسا خود ہوتا ہے ویسا ہی دوسرے کو جانتا ہے یہ ڈرا کہ ماسٹر جی چکمہ دیتے ہیں مجھے وہاں قید کرا کر بدلا لینگے نہ گیا آخر ماسٹر جی نے کہا کہ

بڑھیا:" یہ وہی شہامت علی تو نہیں جو پہلے کشمیری دروازہ کنچنیوں کی گلی میں رہتے تھے میں نے سنا تھا کہ گو وہ مسلمان ہیں مگر ہندوؤں کو اپنے بھائیوں کے برابر سمجھتے ہیں اور بڑے سادہ مزاج ہیں ذرا تمکنت نہیں جب سے رتلام میں چھ سو روپیہ ماہوار کے ملازم ہو گئے ہیں انمیں اور زیادہ غربت آگئی ہے اور مہاراج چندو لال سابق دیوان حیدر آباد و منشی امّوں جان سابق دیوان یاست الور کی طرح دہلی سے جانے والوں کی (خواہ مسلمان ہوں یا ہندو) بہت خاطر داری کرتے ہیں"

جوتی:" ہاں ماجی وہی ہیں"

بڑھیا:" بیٹا جوتی مجھسے پوچھو تو آدمیت انہیں عادتو نمیں ہے یعنے ثروت پاکر اپنی ذات کا ہو چاہے غیر ذات کا سب کی پرورش کرتا رہے غرور اُسکے پاس نہ پھٹکے خُلق سے پیش آوے اور اپنی وضع نہ بدلے۔ آج کل کے نو دولت لوگوں سے خدا بچائے۔ جہاں ذرا مرفّہ حال ہوئے چاہے انگریزی نہ آتی ہو مگر کوٹ پتلون زیب تن اور مُنہ میں چُرٹ ہوٹلوں میں کُرسی پر بیٹھے بے حجابانہ چُھری کانٹے سے سب طرح کا کھانا کھا رہے ہیں۔ بیٹا تم بھی اپنی ایسی ہی عادت رکھنا کہ جب ملو اُس سے ملو جو تمسے علم میں زیادہ اور رُتبہ میں اعلےٰ اور عقل میں تیز اور چال چلن میں نیک ہو"

جوتی:" ہاں اماجی جو آپ فرماتی ہیں سب درست ہے اور جہانتک ہو سکتا ہے میں ایسے ہی لوگوں

نوٹ بقیہ صفحہ ۳۶ - اچھا تمہیں جو منظور ہے تو نہ جاؤ اِس مضمون کی ایک عرضی مہاراج کے نام مجھکو دیدو تمہاری پرورش گھر بیٹھے ہوتی رہیگی چنانچہ اُسنے ایسا ہی کیا اور پٹیالہ کی اُس جائداد کا جو دہلی میں واقع ہے محرر ہو کر باقی عمر بافراغت بسر کی

نظم

بد بدی سے گر نہ اپنی باز آئے		نیک کیوں نیکی سے اپنی ہاتھ اُٹھائے	
بدکو ہوتا ہے غرض نیکی سے بیر		نیک سے کب ہو گا کچھہ نیکی بغیر	
جسطرح بد کی بدی جاتی نہیں		نیک کے جی میں بدی آتی نہیں	
نکتہ پہونچا ہے یہ حق آگاہ سے		گر بدی ہرگز نہ خلق اللہ سے	

ہاں ورنہ دُور کی صاحب سلامت سب سے بھلی اگر حکم ہو تو میں رخصت ہو جاؤں ۔
بڑھیا ۔ اچھا بیٹا خدا تمکو جیتا رکھے مگر میاں اسد کی مثنوی سُنتے جاؤ اِس مضمون کے متعلق نہایت موزوں ہے

مثنوی

ملے دنیا میں گر جاہ و حکومت — معیشت میں ہو وسعت یا ہو دولت
بڑھائے حد سے افزوں طرزِ اخلاق — رکھے طاقِ دروں کو کبر سے طاق
اذیت پر کسی کی ہو نہ مائل — تعصب کو کرے خاطر سے زائل
کہ ہے شانِ ریاست کی یہ پہچان — بلا شک خاندانی ہے وہ انسان
وگرنہ ہر کسی کو دل نشیں ہے — کہ یہ ناکس حکومت کے قریں ہے
جو انسانوں میں عالی خاندان ہے — تکبر سے ہمیشہ برگراں ہے
جو ملنے کو کوئی آجائے گھر پر — کرے عزت بٹھائے اُس کو سر پر
یہاں حکامِ انگلش ہیں جو ذیشاں — ملے گر اُن سے کوئی نیک انساں
نہیں رکھتے وہ جائز کس پہ سی — رہِ اشفاق سے دیتے ہیں کُرسی
اصالت کا یہ سارا مقتضا ہے — کسی سے ورنہ اُنکو کام کیا ہے

۳۶ باسدیو جسکی عمر قریب چھ سال کے ہوگی ایکدن دیارام کہار کیساتھ کچوریاں لینے بازار گیا تھا ہنستا ہوا کہار کی گود میں گھر آیا ۔ بڑھیا نے یہ سمجھکر کہ لڑکا کوئی نئی بات دیکھ آیا ہے اسلئے ہنس رہا ہے باسدیو سے کہا کہ بیٹا تُمنے ایسا کیا دیکھا ہے کہ بے تحاشا ہنس رہے ہو لڑکا بڑھیا کی گود میں آ بیٹھا مگر ہنسی کے مارے کچھ کہہ نہ سکا آخر بڑھیا نے کہار سے پوچھا دیارام بولا اماجی میں نیل کے کٹرہ ایک حلوائی کی دُکان پر باسو مہاراج کیواسطے کچوریاں لے رہا تھا کہ ایک دیہاتی نوجوان مہاجن کوئی بیس بائیس برس کی عمر کا ریواڑی کے ضلع کا باشندہ لڈو لیکر

چلا چیل نے جھپٹا مارا۔ دونہ زمین پر گرا۔ اور لالہ کی پگڑی چیل کے پنجوں میں اُلجھکر اُدھر اُڑ گئی اب بنیا ننگے سر رہگیا اور چلّانے لگا کہ ہائے اشرفی ہائے اشرفی۔ لوگوں نے پوچھا ارے اشرفی کیسی۔ جو ابدیا پگڑی میں بندھی ہوئی تھی۔ بنیا چیل کی رفتار کیساتھ وحشیوں کی طرح اِدھر اُدھر دوڑنے لگا خلقت کا اژدہام ہوگیا اور میں بھی باسدیو کو گود میں لیکر ساتھ ہولیا چیل ٹھوونکے کوئچہ کے سامنے پیپل کے درخت پر جا بیٹھی۔ لڑکے پیپل پر چڑھے۔ بنئے نے کہا کہ اشرفی سمیت پگڑی لانے والیکو ایک روپیہ دونگا اسپر لڑکے دہینگا مشتی کرنے لگے ایک پر ایک گرا پڑتا تھا۔ ہائے چوٹ لگ گئی کی آواز آرہی تھی چیل تو اڑ گئی مگر پگڑی درخت کی ایک ٹھنی میں اُلجھی رہ گئی آخر ایک کانسٹبل نے بھیڑ کو ہٹا کر ایک لڑکے کو چڑھایا اُسنے ٹھنی ہلائی پگڑی زمیں پر گر پڑی۔ بنیا پسینہ پسینہ ہوگیا۔ اور ایک جگہ تھک کر بیٹھگیا اور اپنی اشرفی موجود پاکر کہنے لگا کہ دہلی ماتا تجھے ڈنڈوت۔ کانسٹبل نے پوچھا کہ تو اپنا حال تو کہہ جو ابدیا مجھکو دہلی آئے چار روز ہوئے لیکن ہر روز ایک نیا واقعہ پیش آیا ایسا جانتا تو کبھی نہ آتا میں یہ سُنا کرتا تھا کہ دہلی میں کنچن برس رہا ہے اور وہاں کے باشندے بڑے دیوتا ہیں چلو میں بھی دیکھ آؤں چنانچہ [illegible] کے میلہ پر جمنا نہانے چلا آیا تھا۔

پہلے دن جمنا نہانے گیا کپڑے گھاٹ والے برہمن کے حوالے کئے اور جوتا کنارہ پر رکھدیا غوطہ لگا کر جو باہر نکلا جوتا ندارد۔ اب جس سے پوچھا اُسنے اُلٹا پاگل بنایا ناچار کپڑے پہنکر بازار سے نیا جوتا خریدا یاد آیا کہ تیرتھ میں لوگ گناہ دھونیکی نیت سے آتے ہیں بالکل غلط نکلا کیونکہ جمنا نہانیسے جب پرانا گناہ دُھلجاتا ہے تو چورونکے نئے گناہ کا دُھلنا کونسی مشکل بات ہے اِدھر گناہ کیا اُدھر اشنان کرلیا۔

دوسرے روز پھر جمنا گیا اور جوتیوں سمیت کپڑے گھاٹ والے برہمن کے سپرد کرکے اشنان کرنے لگا سب طرح خیریت رہی رستہ میں پانچ آنے کے سروئی آم لیکر انکو چھپہیں باندھے اور چھتری لگا کر شہر کیطرف چلا قلعہ کے پاس پہونچکر دیکھا خلقت آپا گاگا دہر کے شولہ پر جارہی ہے

میں بھی درشن کو چلا گیا اور مندر کے دروازہ پر جاکر یہ خیال کیا کہ جوتے کس کے حوالے کروں ایک سفید پوش آدمی سے پوچھا کہ بھائی صاحب یہاں جوتیونکی حفاظت کا کیا انتظام ہے وہ بولا یہاں تو یہ ہوتا ہے کہ میں نے تمہاری جوتیونکی رکھوالی کی تم میری جوتیونکو دیکھتے رہے آپ بلا خوف جوتے اور زائد اسباب یہاں چھوڑ کر مندر میں چلے جائیں اور درشن کر آئیں میں بھی ایک دوست کا منتظر ہوں مندر سے واپس آنے پر تمہارے ساتھ شہر کیطرف چلونگا غرض مینے آسونکا رومال چھتری اور جوتیاں اُسکے حوالہ کرکے یہ کہا کہ ذرا ہشیار رہنا بڑی مہربانی ہوگی اُسنے کہا اسمیں مہربانی کی کونسی بات ہے کل تم میری جوتیونکو دیکھتے رہنا میں نے دلمیں کہا کہ دلی کے آدمی بہت نیک اور ملنسار ہیں ریواڑی والے تو دوسرے کی جوتیونکی رکھوالی قبول نہیں کرتے غرض مندر میں درشن کرنے اور بھجن سُننے میں ایک گھنٹہ لگ گیا اب باہر آکر دیکھا تو نہ جوتی تھی نہ چھتری نہ آسونکی گٹھری اور نہ وہ آدمی ناچار روپیٹکر شہر میں آیا ایک چھتری اور ایک جوتی اور خریدی نظم

ہیں بہت دنیا میں ایسے حیلہ ساز		باطناً ابلیس ظاہر پاکباز
روئے خنداں دل پُراز مکر و دغا		دل میں بد ذاتی مگر بر رُو حیا

تیسرے دن شہر میں آیا چھوٹے درجہ کے سامنے پانی کی (پو) سبیل لگی دیکھی اور آواز لگتی سُنی ٹھنڈا شربت پیتا جا ورنہ پچھتائیگا شربت پیکر پٹڑی پر جا بیٹھا اتنے میں ایک عورت جو گود میں ایک بچہ لئے ہوئے تھی دودھ پلانے کیلئے اُسی پٹڑی پر بیٹھ گئی ایک آدمی پانی کا کلسہ پوکی ناند میں چھوڑنا چاہتا تھا کہ اُس عورت نے اُسکا ہاتھ پکڑ لیا اور چلّا کر کہنے لگی کہ ہتیارے تو شیر خوار بچہ کو چھوڑ کر بھاگ آیا ارے جنم کیوں برشٹ کر رہا ہے چل۔ مینے پوچھا کہ تو کون ہے اور اس آدمی سے تیرا کیا تعلق ہے جو اب دیا مائی باپ یہ میرا خاوند ہے گھر میں لڑائی ہوئی تھی سال بھر ہوا کہ سونہ سے بھاگ آیا ہے مینے کہا تیری ذات کیا ہے وہ بولی

ذات کے چھپانے اور اور لوگوں کا دھرم لینے کی ہمارے گوگا پیر نے سخت ممانعت کی ہے تم سارے جہان کی جھوٹ کھاؤ مگر جھوٹ بولنے سے بچو۔ اپنے آپ کو سب سے کہتر سمجھو تم کو سب مہتر کہینگے اب میں سمجھ گیا کہ یہ حلالخوری ہے اتنے میں اُسکے خاوند نے جو ادھر یا اری ہتیہاری بھاگ کیوں پھوڑتی ہے کمائی اچھی ہے۔ عورت نے کہا کہ اُس کمائی کو چولہے میں ڈال جس سے دوسروں کا ایمان غارت ہو۔ اب اُس آدمی پر جسکا نام جھجو تھا خوب جوتے پڑے اور پوکے مٹکے پھوڑے گئے میں وہاں سے چلدیا اور دلمیں کہا کہ ریواڑی چلکر پراچیت کرنا ہوگا۔ بھائیوں دلّی والوں نے بڑی غلطی کی کہ بغیر جانے پوچھے جھجو کو رکھ لیا۔ نوکر رکھتے وقت کسیکی ضمانت یا شناخت کی شہادت ضرور لینی تھی

چوتھا روز آج کا ہے۔ جب سے دلّی آیا ہوں لوگوں کو دیکھتا ہوں کہ بازار سے سودا لیا اور رستہ میں کھانے لگے مجھے سمجھا کہ اسمیں کچھ نرالا مزہ آتا ہوگا لڈو خرید کر رستہ میں کھانے شروع کئے آخر پھل ملا کہ ایک روپیہ خرچ کر کے اشرفی ہات لگی اور آدھ سیر لڈوؤں کا تاوان الگ دینا پڑا اب اس دلی والی ماتا کو ڈنڈوت نہ کروں تو تم ہی بتاؤ کیا کروں

دیارام (راجا جی سے) یہ اسکو لیٹ لیٹ کے ڈنڈوت کرنے اور گھڑی گھڑی دلّی ماتا تیری ڈنڈوت کہنے سے سمجھ گئے تھے اتنے میں راجہ بھی آگیا اور یہ قصہ سنکر کہنے لگا کہ ہمارے مولوی صاحب (یہ بھی اشارہ کر کے رستہ چلتے ہوئے کھانا کھاتے دیکھا تو بہت معیوب سمجھا۔ اور لڑکوں کو نصیحت کی کہ یہ عادت نہایت ممنوع ہے اور اسکے متعلق ایک نظم ہم سب کو یاد کرادی ہے اگر حکم ہو تو شاہزادوں کو بھی سنا دے۔ راجہ یو نے یہ نظم سنانی

نظم

دلّی والوں کی خاص عادت ہے	بدتمیزی کی جو شہادت ہے
یعنے رستہ میں جب وہ چلتے ہیں	لیکے دونے میں کچھ نگلتے ہیں
غیر ملکوں کے لوگ سب ان کو	کہتے ہیں صاف بے ادب ان کو

دیارام:" اماجی ہمارے شہر کے کمین لوگ بھی رستہ چلتے نہیں کھاتے ترکاری بیچنے والے گنجڑے جب ٹپری پر کھانا کھاتے ہیں تو کپڑے کی اوٹ کر لیتے ہیں"

بڑھیا:" یہ عادت ہندوؤں نے مسلمانوں سے سیکھی تھی مگر اب مسلمان اسکو معیوب سمجھنے لگے اور ہندو اسکے عادی ہو گئے"

راجدیو:" دلی والے اسلئے رستہ میں کھا لیتے ہیں کہ دو نہ گھر لیجائیں تو بچوں کو حصہ دینا پڑے"

بڑھیا:" بیٹا تو نے اس مسئلہ کو خوب حل کیا اور بہت درست کہا پروردگار تجھکو جیتا رکھے راجدیو نے سلام کیا"

۳۷ بڑھیا باسدیو کو گود میں لیکر بولی۔ آج تو تمنے اچھے اچھے تماشے دیکھے"

لڑکا:" اماجی کیا وہ ابتک ونڈوٹ ہی کر رہا ہوگا"

بڑھیا:" نہیں بیٹا چلا گیا ہوگا۔ اچھا بیٹا تو سلامت رہے پڑھے لکھے بیاہ ہو پھر روزگار لگے"

باسدیو:" کیا پڑھنا بیاہ سے پہلے ہوگا"

بڑھیا:" ہاں بیٹا میں تجھکو تب ہی بیاہونگی جب تو پڑھ جائیگا"

لڑکا:" آپکے قدموں کی برکت سے اگر میں اسیطرح محنت کرتا رہا تو دو برس میں مڈل اور اسکے بعد ایک برس میں انٹرنس پاس کر لونگا پھر اسی ترکیب سے چوتھے برس ایف اے اور پانچویں برس بی اے اور چھٹے برس ایم اے پھر تم میری منگنی کر دینا"

بڑھیا:" ہاں بیٹا انٹرنس میں منگنی ایف اے میں بیاہ بی اے میں مکلاوہ ایم اے میں تمہارے تھے سے بچہ کی کھیر چٹائی"

لڑکا:" لو اماجی اب تم پکی ہو گئیں میں بے فکر رہوں"

بڑھیا:" بیٹا پکی کیسی کہے تو اسٹامپ لکھ دوں"

نوٹ بچوں کو شادی کا بڑا شوق ہوتا ہے کیونکہ وہ یہ نہیں جانتے کہ بیاہ کے بعد کتنی پابندیاں انسان کے ذمہ عائد ہو جاتی ہیں دوہرہ

پھولے پھولے پھرت ہیں آج ہمارا بیاہ	تلسی گائے بجائے کے دیو کاٹ میں پاہ

لڑکا" میں تو یہ سمجھتا ہوں کہ جو آدمی نے کہا پتھر کی لکیر ہوگئی یہ دنیا سازوں کا کام ہے کہ آج مُنہ سے نکالا اور کل پھر گئے مولویصاحب کہتے تھے پہلے قول مرداں جان دارد ضرب المثل تھی اب اسکی جگہ قول مرداں مطلب باشد مستعمل ہے اُسوقت بُڑھیا نے ایک روپیہ نکالکر باسدیو کے ہاتھ پر رکھا اور یہ کہا کہ اسمیں سے چار آنے تو خرچ کرنے کو لیلو اور بارہ آنے اپنی غُلک* میں ڈالدو کل باغ سے پیوندی آم آئینگے تمکو اور راجدیو کو کھلاؤنگی۔ لڑکا گود سے اُٹھا اور سلام کرکے اُچھلتا کودتا باہر بھاگ گیا"

۲۸ ایکدن پرجو کہاری اور سُندری کہاری دونوں ساتھ داخل ہوئیں بُڑھیا نے کہا ہمارے بڑے بھاگ کہ آج ایک چھوڑ دو ستّر اِس مندر کے اندر آئے اُسوقت راجدیو جو ایک کونہ میں کھڑا تھا بول اُٹھا کہ آتاجی قطع کلامی معاف۔ آپنے بھی پچھلے زمانہ کے لوگونکی طرح قافیہ بندی سے کام لیا" بُڑھیا" اِس شہر کی زبان نہایت صاف اور لطیف ہے قافیہ بندی درکنار عموماً نثر میں شعر کے وزن بھی مستعمل ہوتے ہیں راجدیو تمنے چھڑیونکے میلہ میں جو لاہوری دروازہ کے باہر ہوتا ہے پھول بتاشے والونکو یہ کہتے سُنا ہوگا چڑھا لے جوت بتّی پنجرے میں کنجرے اکثر آواز لگایا کرتے ہیں۔ مزہ انگور کا ہے سنترے میں۔ بیٹا قافیہ بندی تو اِس شہر کی طرز گفتگو میں داخل ہے راجدیو سلام کرکے رخصت ہوگیا بُڑھیا نے کہا پرجو کیا خبر ہے"

پرجو" ملتان خاں بساطی کا لڑکا پتنگ اُڑاتے اُڑاتے کوٹھے سے گر کے بیہوش ہوگیا تھا کی ہڈی ٹوٹ گئی ڈاکٹر نے پٹی باندھی۔ آٹھ روز کے بعد معلوم ہوا کہ ہاتھ نہیں ٹوٹا۔ دو روپے روز ڈاکٹر صاحب کو اور چار آنے روز ڈریسر کو دیتے پڑے دوا کے دام الگ رہے ملتان خاں

+ نوٹ۔ اِس خاندان میں دستور تھا کہ سب چھوٹے بڑے غُلک (ایک صندوقچہ یا ڈبہ جسمیں روپیہ پیسہ جمع کرنے کیلئے ایک سوراخ رکھا جاتا ہے) رکھتے تھے اور ایک سال کے بعد ہر شخص اپنی غُلک کی جانچ کرتا تھا سال تمام پر مُفت کی لیکچر قسم سب کو ملجایا کرتی تھی یہ دستور رتن چند کے والد نے جاری کیا تھا کہ کفایت شعاری کی عادت پڑے"

تیس چالیس روپے کے پھیر میں آ گئے۔ لڑکا دُبلا ہو گیا اور بخار روکن میں آنے لگا۔"

بُڑھیا:" یہ سارا ماں باپ کا قصور ہے بچّہ کو اوّل ہی سے کیوں نہ روکا اور پتنگ کیلئے پیسے کیوں دیئے"

پرجو:" پتنگبازی اور آتشبازی دونوں بہت برے کھیل ہیں اکثر لوگوں کی جانیں جاتی رہی ہیں پھر بھی محافظین اطفال کی آنکھیں نہیں کھلتیں"

بُڑھیا:" غریبوں کی بڑی مشکل ہے ایک تو بیماری دوسرے ناداری۔ اگر شہر کے رئیس حسبِ حیثیت غربا کو شامل کر کے چندہ سے ایک ہسپتال قائم کر لیں تو یہ تکلیف رفع ہو سکتی ہے اس صورت میں ڈاکٹروں کو ہدایت کرنی چاہئے کہ غریبوں سے فیس نہ لیں اور دوا مفت دیا کریں سرکاری ہسپتال اوّل تو کافی نہیں دوسرے ان ہسپتالوں کے ڈاکٹروں کو فیس لینے کی ممانعت نہیں کیگئی"

پرجو:" ہاں ماجی درست ہے بہت روز ہوئے مرحوم حاجی حسین خاں کے پھاٹک میں اپنے صرف سے ایک چھوٹا سا ہسپتال کھولا تھا مگر نہ تو دیگر رئیسوں نے اسکی تقلید کی اور نہ خود انہیں تاحین حیات ہسپتال مذکور کو رکھنے کی ہمت رہی آخر کچھ عرصے کے بعد بند کرنا پڑا دوہرہ

نیک کمائی سادھ کی جو نیک کام میں آئے	پاپی کا پیسہ نہیں جو بند عالت کھائے

۳۹ بُڑھیا۔ سُندری سے مخاطب ہو کر:" بہن تو بھی اپنی خبر سُنا"

سُندری:" ماجی مانو کہاری کا چھوٹا لڑکا بگھی کے نیچے کچلکر آتا ہو جاتا اگر ہشیار سنگھ کانسٹبل اُسے جھٹ پٹ گود میں نہ لے لیتا"

بُڑھیا:" وہ لوگ بڑے بیوقوف ہوتے ہیں جو اپنے لڑکوں کو موٹروں یا بازار و میں چھوڑ دیتے ہیں اور جب کوئی حادثہ ہو جاتا ہے تو روتے پیٹتے ہسپتال کیطرف دوڑتے ہیں پھر بھاگرام کو آواز دیکر کہا کہ بچّوں کو یہاں بھیجدو آواز سُنکر دونوں لڑکے حاضر ہو گئے بُڑھیا نے پرجو اور سُندری سے کہا کہ اپنی اپنی خبر انکو بھی سُنا دو۔ تاکہ آئندہ کیلئے متنبہ ہوں اور ان کھیلوں سے

حذر کریں۔ چنانچہ دونوں اپنی اپنی حکایت سُنا کر رخصت ہوئیں"

۴۴ ایکدن راجدیو نے عیدی لاکر بڑھیا کو دکھلائی اور یہ کہا کہ کل عید ہے"

بڑھیا "تم مولویصاحب کو عیدی کیا دیا کرتے ہو"

لڑکا "بھلا میں کیا دونگا۔ مولویصاحب کو کوٹھی سے ایک روپیہ ملا کرتا ہے سواب بھی ملجائیگا"

بڑھیا "مولویصاحب تمکو کون کونسے سبق حفظ کراتے ہیں۔ شاید آمدنامہ اور پہاڑہ"

لڑکا "ہاں۔ مگر میں تو سب چیزیں حفظ کرلیتا ہوں تم ایکدن جوتی بھائی کو سُنا رہی تھیں کہ بڈّہ یا کنٹھے کی مایا گانٹھ کی" لہذا میں جو پڑھتا ہوں حفظ کرلیتا ہوں ایک روپے کچھ ریزگاری اور پیسے ہر دم اپنے بٹوہ میں رکھتا ہوں۔ ایکدن دیوانخانہ میں لالہ جی سے سودا لیا مگر اسوقت نہ نقد پاس تھا نہ خزانچی موجود۔ لالہ جی اوپر جائیں تب کچھ لائیں مینے جھٹ بٹوہ میں سے ایک روپیہ نکالکر انکے آگے رکھدیا۔ لالہ جی نہایت خوش ہوئے اور خزانچی سے مجھکو دو روپے دلوا کر یہ کہا کہ ایک اصل کا دوسرا سود کا۔ مینے لالہ جی کو سلام کرکے دونوں روپے اپنے بٹوہ میں ڈال لئے"

بڑھیا "شاباش۔ میں تجھکو اس موقع پر اسدمراد آبادی کا قول سُناتی ہوں **مثنوی**

بگوش دل سنیں سب اہل عالم	رکھیں یہ تین چیزیں پاس ہر دم
ہمیشہ کوڑی پیسہ ساتھ میں ہو	اور اک مضبوط لکڑی ہاتھ میں ہو
اور اک چاقو رہے زیب کمر بند	روا ہوتی ہیں اس سے حاجتیں چند
ہوا ہے تجربہ اس کا بہ کثرت	ہوئی جب بھوک کی رہرو کو شدّت
ہوا پیسہ تو کی حاجت روائی	وگرنہ وہاں بڑی تکلیف پائی
ضرورت کی اگر کچھ چیز پائی	جو پیسہ پاس ہے لی اور کھائی
اگر ہے ہاتھ میں لکڑی تو بیشک	بچو تم لغزش پا سے یکایک

اندھیری رات میں گر ہو قدم سنبھل	تو ناہموار ی رہ سے نہیں رنج
اُترنا آب سے گر پیش آئے	تو اندازہ سے دل تسکین پائے
اگر لاٹھی ہو زیبِ دستِ انسان	ہے موذی جانور سے امن ہر آن
بہت چیزوں کو بے چیلے بنائے	تصرف میں بشر کس طرح لائے
اگر چاقو ہے اپنے پاس موجود	تو ہو سکتا ہے حاصل جلد مقصود
پڑی تحریر کی گر تم کو حاجت	تو پڑ جاتی ہے چاقو کی ضرورت
اگر دشمن کوئی ہووے گلوگیر	تو ہو سکتی ہے کچھ چاقو سے تدبیر
جو دے سکتا ہے چاقو اُس گھڑی کام	ہو ہتھیار سے اُسکا سرانجام
زروئے دل نقاب سہو بردار[۵۱]	مشو غافل ازیں سہ چیز زنہار

لڑکا:" اماجی آج سے چاقو اور لکڑی بھی ضرور اپنے پاس رکھونگا۔ بڑھیا نے کہا ۵

از بلیات در اماں باشی	تا جہان است در جہاں باشی

بیٹا راجدیو اس شعر کے معنی بتا سکتے ہو"

لڑکا:" مشکل ہی کیا ہے"

بڑھیا:" اچھا بتاؤ"

لڑکا:- پہلے مصرع کے تو یہ معنی ہیں کہ تو ہر بلا سے امن میں رہے اور دوسرے مصرع کے دو معنی ہو سکتے ہیں ایک ظاہر مگر بالکل لغو۔ کیونکہ جس دعا میں جھوٹ ہو وہ دعا نہیں خوشامد ہے یعنے شاعر کہتا ہے کہ جبتک جہان باقی ہے تو جہان میں قایم رہے لیکن یہ بات تجربہ کی رو سے بالکل باطل[۵۲] ہے میری رائے میں اسکے یہ معنی ہیں کہ جبتک جہان رہے تیری نیکنامی قایم رہے"

بڑھیا:" یہ پچھلے معنی بہت درست ہیں اور شاعر کا یہی منشا ہو گا"

۵۱ نقاب سہو بردار = غلطی کا پردہ ڈالنے والا
۵۲ باطل = غلط

۴۱ اتنے میں رتن چند آگئے بڑھیا نے کہا رتنو کل تم روٹی کھا کر اسیوقت سوار ہوگئے اور دن بھر غائب رہے ایسا کیا کام تھا

رتن چند نے اتا جی صاحب ضلع کو سلام کئے بہت دن ہوگئے تھے مینے ارادہ کیا کہ اُنسے بھی مل آؤں اور گھڑی ساز کی دکان سے اپنی گھڑی بھی لیتا آؤں چنانچہ میں پہلے گھڑی ساز کی دکان پر اُترا اُس نے ایک صندوقچہ سے گھڑی نکالکر مجھکو دی اُس صندوقچہ میں ایک اور گھڑی رکھی تھی جسکو میں پہلے بھی کبھی دیکھ چکا تھا مینے گھڑی ساز سے کہا کہ یہ بننے کیلئے آئی ہے یا بکنے کیلئے جواب دیا ایک خانساماں یہ کہکر دیگیا ہے کہ اس گھڑی کو صاف کردو صاحب خود آکر مزدوری ٹھیرالینگے اور اگر نہ آئینگے تو میں مزدوری دیکر بیچا ؤنگا مینے کہا کہ تم اُسکا نام جانتے ہو گھڑی ساز بولا نہیں مینے کہا اگر وہ چوری کی چیز تمہاری دکان میں رکھ گیا ہو تو کیا ہوگا جواب دیا مینے غلطی کی کہ بغیر جانے بوجھے چیز رکھ لی خیر میں وہاں سے سوار ہوکر سیدھا صاحب ضلع کے بنگلے پہونچا خبر کرائی صاحب نے فوراً بلالیا اور یہ کہا ارے صاحب خوب ہوا تم آگئے تھوڑی دیر بعد ہم تم کو ایک خدا رسیدہ مسلمان باکرامت کا تماشہ دکھائینگے جنکو ہمنے مقام شیر شاہ ضلع ملتان سے بلایا ہے یہ شخص چور کا نام بتادیتا ہے اور صاحب لوگونکے سارے بکٹوں کا ایک پُشتارہ اُسکے پاس موجود ہے ڈیڑھ مہینے سے ہماری گھڑی گم ہے خانساماں کہتا ہے بیرا کے سوا اور کوئی اُس کمرہ میں نہیں جاسکتا یہ اُسی کا کام ہے کیونکہ وہ قدیم ملازم اور حضور کے نزدیک صاحب اعتبار ہے اسلئے اُسے یقین ہے کہ میں جسکا نام لے دونگا صاحب اُسی کو چور سمجھینگے پھر چند روز کے بعد خانساماں یہ خبر لایا کہ ایک سائیں صاحب شیر شاہ میں رہتے ہیں حضور اُنکو طلب فرمائیں وہ ضرور چور کو پکڑ دینگے اور حضور کا شبہہ ہماری طرف سے جاتا رہیگا ہمنے ملتان کے ڈپٹی کمشنر کو تار دیا اور اپنے صرف سے سائیں صاحب کو بلالیا ہے اب دیکھا جائیگا وہ چور کو کسطرح پکڑتا ہے خانساماں اور بیرے میں

ان بن رہتی ہے بیرا بہت مدت کا نوکر ہے اور اُسکے پانسو روپے ہماری معرفت بنک میں جمع ہیں علاوہ بریں اس عرصۂ ملازمت میں بیرے کا کبھی کوئی فریب ظاہر نہیں ہوا البتہ خانساماں کے قصور کئی بار پکڑے گئے مگر چونکہ انگریزی بول لیتا ہے اور خانسامانی کا کام بہت اچھا جانتا ہے اسلئے موقوف نہیں کیا اتنے میں خانساماں آگیا اور سلام کرکے عرض کرنے لگا کہ حضور سب چیزیں تیار ہیں آپ تشریف لیچلیں غرض میں اور صاحب بہادر خانساماں کیساتھ گئے اور یہ دیکھا کہ ایک نہایت عمر رسیدہ مسلمان پیر جی دری پر بیٹھے ہیں آگے ایک چھوٹی سی میز پر پیتل کی کٹوری میں تھوڑا سا پانی ہے اور جھاڑوں کی دو چار سینکھیں کٹوری کے پاس رکھی ہیں ایک جانب لوہے کی انگیٹھی میں کوئلے دہک رہے ہیں پیر جی نے صاحب سے مخاطب ہو کر کہا کہ حضور جو آپکے نوکر و نمیں موجود ہے آپ انسے فرماویں کہ ہم ایک مٹکے میں چانول بھرتے ہیں جس شخص سے گھڑی لی ہو چکے سے چانولوں میں رکھہ جاوے ورنہ پردہ فاش ہو جائیگا اور اسکے لئے نوکروں کو دو روز کی مہلت دیں چونکہ مجھے معلوم ہو گیا تھا کہ صاحب ضلع کی گھڑی خانساماں گھڑی ساز کے پاس رکھہ آیا ہے اور بیرا کو چور بنایا چاہتا ہے اسلئے میں نے صاحب سے انگریزی میں کہا کہ مہلت دینے کی ضرورت نہیں پیر جی کا کرتب فوراً ہو جانا چاہیئے صاحب نے کہا پیر جی اپنا کام شروع کردو۔ اُسپر پیر جی کٹوری میں تنکے ڈبو کر پانی سے ایک ایک نوکر کا نام کاغذ پر لکھنے اور اُسے آگ دکھاتے رہے چونکہ آگ پانی کو خشک کر دیتی ہے تمام نام فوراً محو ہو گئے سب سے آخر بیرا کے نام کا نمبر آیا میں اُسوقت غائب نظر سے پیر جی کی حرکات و سکنات کی نگرانی کرتا رہا اُس مکار بڈھے نے اوّل اپنا کان کریدا اور پھر اُسی تنکے کو پانی میں ڈبو کر بیرا کا نام لکھا اور آگ دکھائی حرف اُبھر آئے اور بیرا کا نام صاف طور پر پڑھا گیا پیر جی نے کہا کہ آپکا بیرا چور ہے صاحب ضلع نے عتاب کرنا چاہا۔ میں نے انگریزی میں عرض کیا کہ یہ بڈھا مسلمان

مکار معلوم ہوتا ہے آپکو فریب دے رہا ہے بیرا کسیطرح چور نہیں ہوسکتا۔ صاحب نے کہا کہ اسکے پاس بہت سی چٹھیاں ہیں لہذا یہ ممکن نہیں کہ بہت سے انگریز اسکے فریب میں آجاویں البتہ گھڑی دوسرے شخص کے پاس سے نکل آئے تو ہم اُسکی فریب بازی کا یقین کرسکتے ہیں میں نے انگریزی میں کہا میں ٹھیک نہیں کہہ سکتا کان کُریدنے کے بعد بیرے کا نام لکھنا خالی از علت نہیں گو میں نام اُبھرنے کا خاص سبب نہیں بیان کرسکتا مگر اتنا جانتا ہوں کہ گھڑی بیرے نے نہیں لی۔ بلکہ کسی اور شخص نے چُرا کر ایک گھڑی ساز کے پاس رکھدی ہے جب حکم ہو منگا سکتا ہوں میں حسن اتفاق سے چور کو معلوم کرچکا ہوں لیکن اظہار نام کے متعلق ایک شرط ہے صاحب نہایت متحیر ہوکر بولے اچھا تم اپنی شرط بیان کرو میں نے عرض کیا کہ حضور چور کو صرف چڑہی تنخواہ ضبط کرلینے اور بیرجی کو تمام سارٹیفکٹ جہین کرجلا دینے کی سزا دیجائے۔ قانونی برتاؤ نہو صاحب ضلع نے میری عرض کو قبول کرلیا غرضی دو گھنٹے کے بعد گھڑی ساز صاحب بہادر کے روبرو حاضر ہوگیا اور خانساماں کو پہچان کر بولا حضور مجھے تو یہ آدمی گھڑی دیگیا تھا یہ سُنکر خانساماں کا مُنہ فق ہوگیا۔ اُسپر صاحب نے خانساماں کو حکم دیا کہ فوراً ہماری کوٹھی کے احاطہ سے باہر نکل جائے ورنہ کوتوالی بھجوادیا جائیگا گھڑی ساز سے کہا کہ تم بے قصور ہو اپنے گھر جاؤ۔ پھر بیرے سے فرمایا کہ تمکو اُس خدا کا شکر کرنا چاہیئے جسنے تمہاری عزت کی نگہبانی کی۔ آج سے تمہاری تنخواہ میں دو روپے ماہوار اضافہ کیا گیا۔ کوئی اچھا سا خانساماں تلاش کرو اور اس خانساماں کو حکم دیدو کہ اپنا اسباب اسیوقت اُٹھالیجائے اور ان سب نوکروں کو جنہوں نے تمہارے خلاف شہادت دی تنخواہیں دیکر موقوف کردو۔ البتہ خانساماں کو طلب نہیں میگی اسکے بعد بیرجی سے کہا تم ملاحظہ کیلئے اپنے کاغذات پیش کرو۔ چنانچہ بیرجی نے اپنا بستہ حوالہ کردیا۔ صاحب بستہ کو صندوق میں مقفل بند کرکے بولے کہ بیرجی تم اپنی مکاری کے

سبب سنگین سزا کے مستوجب ہو مگر ہم رائیصاحب سے قول ہار گئے ہیں لہذا تمہارے لئے یہی سزا کافی ہے کہ سارٹیفکٹوں کا بستہ ضبط۔ ہم ڈپٹی کمشنر ملتان کو تحریر کرینگے کہ اگر پیر جی پھر ایسے کرتب کرتے ہوئے پکڑے جائیں تو نرایاب ہوں۔ آماجی میں ولی شاعر کی رباعی صاحب کے روبرو پیر جی کو سنکر حلا آیا

مکاری سے بن پیر تو دنیا کو نہ سونڈ — اِک پیٹ ہے چھوٹا سا بنا اِسکو نہ کونڈ
محنت سے کماکونے میں کر رب کو یاد — مرشد تجھے حق کردے تو خود ہو تری ڈھونڈ

بڑھیا ۔ ایسے فریب بازوں سے خدا بچائے نہ معلوم کتنے بیگناہوں کے ایذا رسانی کا باعث ہوا ہوگا۔ دوزخ ایسے ہی مکاروں کیلئے ہے بے ایمان پیر جی کھلاوے نماز پڑھیں روزہ رکھیں ظبیفہ بھانیں تسبیح پھیریں اور ایسی ٹھگ بدیا کرتے پھریں ایسے لوگوں سے ایکدن پورا انتقام لیا جائیگا ۔

بشر جو فعل یاں کرتے ہیں ہوتا ہے حساب اُسکا — محاسب ساتھ رہتے ہیں کیا جو کچھ ہے لکھا
پہنچتا ہے مرتب ہوکے جب دفتر میں وہ سیاہا — ثمر ملتا ہے اُسکا جس شجر کا بیج بویا تھا

نوٹ ۔ مولوی ذوالفقار حسین صاحب اپنی کتاب میں لکھتے ہیں کہ کانپور میں ایک مولویصاحب کاغذ کے پانی میں سیاہی حل کرکے تعویذ لکھا کرتے تھے اور یہ کہتے تھے کہ اسکو تکیہ کے نیچے رکھکر سوؤ کرو تعویذ کے حرف صبح کیوقت غائب ہوجائیں تو سمجھ لینا کہ تمہاری تمام بلائیں زائل ہوگئیں چنانچہ کاغذ کی لاگ سے حرف اُڑجاتے اس سے مولویصاحب کامل درویش مشہور ہوگئے دُور دُور سے لوگ آنے لگے یادری قسمت سے گھر کی زمینداری ہوگئی غدر میں یہ داغ گناہ ملنی تھی نانا راؤ صاحب کے مشیر ہوئے اور پھانسی پائی ۔

نشہ دولت کا بد اطوار کو جس آن چڑھا — سر پہ شیطان کے ایک اور بھی شیطان چڑھا

بہت ہم کو ستے رہا ہم میں مکار — لباس پارسائی میں ریاکار
نہیں ہندو مسلماں اِس سے خالی — بہت اچھے بہت ہیں بد خصالی
رکھیں کچھ شعبدہ بازی سے نسبت — جتائیں نیک عادت اور کرامت
جو سادہ لوح ہیں عالم میں انساں — ارادت اُنسے رکھتے ہیں بصد جاں

تن چند "جی ہاں درست نیکی کا پھل نیک ہے اور بدی کا ثمرہ بد بعدہٗ ماں بیٹیوں میں خانہ داری کی باتیں ہونے لگیں

۴۲ ایکدن باسدیو بھاگرام کیساتھ آیا اور بڑھیا سے کہنے لگا آج بھاگرام نے ایک جگہ طرح طرح کے کبوتر دکھائے اماجی کبوتروں کی کتنی قسمیں اور کیسے کیسے رنگ ہوتے ہیں اور پالنے والوں کو انسے کیا فائدہ یا نقصان ہوتا ہے

بڑھیا "کبوتروں کی قسمیں گھوڑوں کے رنگ کھتریوں کی ذاتیں رانجا کا مزاج شدنی امر اور دوسرے کے دل کی بات کسی نے بتائی ہے جو میں بتا سکوں سنتی ہوں کہ کبوتر رکھنے سے مکان کی بُری ہوا دفع ہوتی ہے ہوتی ہوگی بزرگوں کا کہا خلاف نہیں ہو سکتا مگر ساتھ ہی یہ بھی ہے کہ جہاں کبوتر رہتے ہیں وہ مکان گندہ رہتا ہے سانپ بلّی نیولے کا اندیشہ ہے باسدیو تم تو جب دل چاہا کرنے چڑیا خانے جاکر طرح طرح کے جانور دیکھ آیا کرو گھر میں طوطا مینا پالنا اور انکو ہمیشہ پنجرہ میں قید رکھنا مفت کا عذاب ہے کسی نیک پیشے سے کما کھائے اور پڑھ لکھ کر نوکری کرنیکے سوا کھیل اور شغلے تو جتنے ہیں سب اخلاق کے بگاڑنے والے اور وقت کے برباد کرنے والے ہیں نظم

کرے کوئی نہ ایسا کام زنہار	اثر جس کا عبث ہو آخر کار
کیا کرتی ہے انسانوں کو ابتر	ہوائے بلبل و مرغ و کبوتر
خیالِ لال و طوطی کاغذِ باد	غریبوں کو کیا کرتا ہے برباد
بشر وہاں اپنا سرمایہ لگائے	کہ جس سے فائدہ کچھ ہات آئے

۴۳ پرجو کہاری آئی۔ دہرمابائی نے کہا۔ "پرجو آج تو بہت دنوں پیچھے کرپا کی"

پرجو "اماجی ہم جیسے کمینوں کی نسبت یہ لفظ نہ کہا کرو"

بڑھیا "اری باولی میں تو کسی کو کمین نہیں سمجھتی میرے نزدیک سب برابر ہیں اچھا کوئی خبر تو سنا"

+ نوٹ ایک مبصر نے بعد آزمایش اور امتحان کامل کے یہ بات معلوم کی کہ نیلا من رنگ Green Eye خوراک میں ملاکر کھلانے سے عجیب و غریب رنگ کبوتروں میں پیدا ہو سکتے ہیں"

پرجو "میرے پڑوس میں لالہ آفتاب رائے کا مستہہ رہتے تھے اُنکی لڑکی کے ہاں لڑکا پیدا ہوا ہے داماد اپنی گھر والی اور نوزائیدہ لڑکے کو لیکر چھوچک (چھٹی کے سامان کو کہتے ہیں) لینے فرخ آباد سے آیا ہے کل آفتاب رائے کے سامنے ریل کی تکالیف کا حال بیان کر رہا تھا میں اِس نیت سے سُننے بیٹھ گئی کہ اماجی کو سُناؤنگی"

بُڑھیا "آفتاب رائے کے داماد کا کیا نام ہے"

پرجو "شتاب رائے"

بُڑھیا "اچھا شتاب رائے نے کیا کہا"

پرجو "اپنے سسرے سے کہا کہ لالہ جی آپکو معلوم ہے کہ سورج گرہن ہونے والا ہے لوگ جابجا سے اشنان کو جا رہے ہیں مسافروں کی کثرت ہے اسلئے مخلوق کو بیحد تکلیف اور نقصان پہنچ رہا ہے اوّل تو ٹکٹ بڑی دقّت سے دستیاب ہوتا ہے پھر کھڑکیوں کے سامنے اتنی بھیڑ کہ بیان نہیں ہوسکتا لوگوں کی جیبوں سے گھڑیاں اور رقمیں نکل جاتی ہیں اور بعض چالاک لوگ مسافروں کو دھوکا دیکر میرٹھ کی جگہ شاہدرہ کا ٹکٹ لا دیتے ہیں پھر جب ٹکٹ ملا اور گاڑی میں بیٹھنا چاہا تو آدمی پر آدمی گر رہا ہے جس کمرہ میں دس کا حکم تھا جتنے چاہے وکیل دئے کوئی پُرسان حال نہیں"

آفتاب رائے "بیٹا تم نے غلطی کی لچھمی (اُسکی بیٹی کا نام) اور اُسکے بچّہ کو زنانی گاڑی میں بٹھا دیا ہوتا اور تم خود مردانہ گاڑی میں بیٹھ جاتے"

شتاب رائے "لالہ جی اب اکثر بدمعاشوں نے یہ بات اختیار کر لی ہے کہ زنانے کپڑے پہنکر زنانہ گاڑی میں جا بیٹھے اور چوری کا موقع نکالکر اپنا کام کر لیا اور جو کوئی اکیلی عورت ملگئی اُسکی عزّت خراب کر دی اِس اندیشہ سے بچّے اور اُسکی ماں کو زنانہ گاڑی میں نہیں بٹھایا گیا اور گاڑی میں پاخانہ نہونیسے بڑی تکلیف ہوئی کثرت کے باعث مسافروں نے تمام رستے گلچپ

ہوتی رہی اور ہم دونوں نے بچہ کو باری باری گود میں لیکر کھڑے کھڑے سفر کیا"
"بڑھیا" "توبہ سرکار کی عملداری میں مسافرونکو اسقدر تکلیف۔ لاٹ صاحب کیوں نہیں توجہ فرماتے شاید اُنکو خبر نہ ملی ہوگی ورنہ انتظام ہوجاتا"
"پرچو" "یہ تکالیف خاص تیسرے کلاس کے مسافروں کیلئے ہیں حالانکہ اِس درجہ کے مسافروں سے ساڑے سات کروڑ روپے وصول ہوتے ہیں اور اسکے مقابلہ میں دیگر کلاسوں کی آمدنی صرف ڈیڑھ کروڑ ہے اسلئے اِس کلاس کے مسافرونکی پرداخت بہت زیادہ ہونی چاہیئے بالفعل ریل کے متعلق مندرجہ ذیل تکلیفیں ہیں"
اوّل تکلیف۔ حصولِ ٹکٹ میں بہت بڑی دقت اُٹھانی پڑتی ہے بڑے بڑے شہروں میں بھی جہاں مسافرونکی آمدورفت بہت زیادہ ہے ٹکٹ دینے والے تھوڑی دیر پہلے کھڑکی کھولتے ہیں اُدھر کھڑکی کھُلی اِدھر آدمی پر آدمی گرنے لگا ایسے بڑے سٹیشنوں میں دو گھنٹے پیشتر کھڑکی کھُلنی چاہیئے یا بازاروں میں دکانیں اسٹامپ فروشوں کی طرح قایم ہوں"
دوسری تکلیف "قیام گاہ (یعنے ویٹنگ روم) نہونیکے باعث تیسرے درجہ کے مسافرونکو سرد ہوا اور مینہہ گرم ہوا اور دھوپ کی مضرت برداشت کرنی پڑتی ہے نہ معلوم گورنمنٹ ہند اِسطرف توجہ کیوں نہیں کرتی یورپ اور امریکہ میں ہر کلاس کے مسافروں کیلئے آرام کا یکساں لحاظ رکھا گیا ہے"
تیسری تکلیف۔ ریل کی تمام گاڑیوں میں پاخانہ نہونیسے دُور دراز کا سفر کرنے والے مسافر سخت مصیبت بھگتتے ہیں بعض اوقات مسافر پیشاب کیلئے اُترا اور رہگیا بال بچے ریل میں بیٹھے رو رہے ہیں اور وہ پیشاب خانہ کے دروازہ پر کھڑا سر پیٹ رہا ہے دکھن کیطرف جو سفر کر آئے ہیں اُنسے معلوم ہوا کہ حیدرآباد کیطرف ہر ایک گاڑی میں پیشاب خانہ ہے"

+ نوٹ لارڈ کرزن صاحب کی اِس تکلیف پر نظر پڑی چنانچہ حکم ہوگیا ہے کہ جملہ گاڑیونمیں پیشاب خانہ کی تکالیف رفع ہو اِس حکم سے رعیت کی

چوتھی تکلیف "کسی گاڑی میں اتنے مسافر ہرگز نہ ٹھونسے جائیں جنکی تعداد ریلوی قانون سے زیادہ ہو"

پانچویں تکلیف "ٹرین کیساتھ خاکروبوں اور چماروں وغیرہ کیلئے ایک گاڑی الگ ہونی چاہیئے تاکہ غریب شرفا کے مرتبہ کی حفاظت ہو"

چھٹی تکلیف "خورونوش کی قابل استعمال چیزیں مناسب قیمت پر ملا کریں"

ساتویں تکلیف "عورتوں کی گاڑی اور زنانہ مسافروں کیلئے عورتیں ٹکٹ کلکٹر ہوں مردوں کی پاس نہ آنے پائیں"

آٹھویں تکلیف "جو گاڑیاں مویشی کیلئے مخصوص ہیں انکو کسی حالت میں مسافروں کیواسطے استعمال نکرنا چاہیئے ورنہ بیماری کا احتمال ہے"

نویں تکلیف "ہر اسٹیشن پر ایک شکایت بکس رکھا جائے تاکہ مسافر کو اپنی شکایتی عرضی پیش کرنیکا موقع ملے اور جو شکایت قابل توجہ ہو اسپر توجہ کیجائے"

دسویں تکلیف "پاخانے پردہ دار ہوں یہ سب تکلیفیں رفع ہو جائیں تو ریل کی سواری بہشت ہے ورنہ بھرشٹ۔ مینے شتاب رائے سے یہ داستان سُنی تھی اب سُناکر رخصت ہوتی ہوں"

بُڑھیا "اچھا پر جو رام رام"

۴۴ سندری کہاری بہت دنوں بعد آئی بُڑھیا نے پوچھا سُندری تو اتنی مدت کہاں رہی"

سُندری "کوئی خبر نہیں ملی تھی۔ اسلئے حاضر نہو سکی"

بُڑھیا "اچھا کوئی چھوٹی موٹی بات سُنا دے"

سُندری "میرے پڑوس میں لالہ دلیپت رائے رہتے ہیں انکی بہو نے مجھے بلایا جو نہایت بدمزاج ہے کسی کمین کو ایک دو بات سُنائے بغیر تہواری نہیں دیتی اس روز دیوالی کی چھٹی تھی میں نے پوچھا کہ بہوجی تم ایسا کڑوا مزاج کیوں رکھتی ہو اُسنے کہا کہ صبح سے گھر کے دھندہ میں لگی رہی اب کمین میری چھاتی پر آچڑھے بندہ بشر ہے

نوٹ۔ کمینوں کو تہوار کے دن کھانا یا نقدی جو ملتا ہے اُسکو تہواری کہتے ہیں"

آخر غصہ آہی جاتا ہے بینے کہا کہ ہمیں تو تمہارا ہی تصور ہے لالہ جی نے تو رسوئیہ رکھدیا تھا تم نے اُسے تنگ کر کے نکالدیا"

بہو "لالہ جی کو میری تکلیف کا خیال ہوتا تو اور رسوئیہ نوکر رکھ لیتے برہمنو کا قحط تو نہیں پڑ گیا"

میں "بہو جی بُرا نہ مانو تو ایک بات کہوں جب سے تمہاری ساس مری ہیں تم ہی گن لو کہ تمہارے عہد میں کتنے برہمن اور کہار ملازم ہوئے اور تمہاری ہی بدمزاجی یا ناراضی کے باعث نوکری چھوڑ کر چلدئے"

بڑھیا "اری سُندری دلپت رائے تو میں سُنتی ہوں لایق آدمی ہیں کیا اپنی زوجہ کو پڑھایا یا لکھایا نہیں کہ ہر بات کو سوچی سمجھی۔ اچھا آدمی بہت کم دستیاب ہوتا ہے عالمگیر جیسے بادشاہ کا قول ہے کہ ہمیں اپنے مطلب کا آدمی دستیاب ہی نہیں ہوا ؎

ایچہ بر جستیم و کم دیدیم و بسیار است و نیست	نیست جز آدم دریں عالم کہ بسیار است و نیست

اور پھر اگر آقا اچھا ہو تو نوکر کڑوی بات سُن بھی لیتا ہے ورنہ کون برداشت کرتا ہے **مثنوی**

آقا جو نوکروں کی کرے قدر و دلبری	تنخواہ کم بھی دے تو کرو اُس کی چاکری
کڑوا اگر زباں کا ہو اور دل کا صاف ہو	ہر مربّے کی ہے جو ہے نفع سے بھری
شیریں کلام جسکا ہو اور دل ہو کینہ ور	جانو اُسے کہ وہ بھی ہے اک شہد کی چھری
جو ہو امیر ظاہر و باطن کا پاک و صاف	زیبا ہے اُسکی شان مبارک پہ سروری

سُندری "پھر بینے دلپت رائے کی جو رَو کو یوں سمجھایا کہ بہو چار باتیں جبتک اشد ضرورت نہو سرزد نہیں ہونی

۱ کوئی شخص جبتک عزّت و آرام سے زندگی بسر کر سکے اپنی جان نہیں کھوتا"

۲ جبتک ناقابلِ برداشت تکلیف نہو کوئی نوکر لگا ہوا روزگار نہیں چھوڑتا"

۳ سکونت جبتک مضرِ صحت و حیات نہو یا کوئی مدعی قانوناً بیدخل نکردے کوئی شخص مکان چھوڑنے پر مجبور نہیں ہوتا"

۴ نوکر میں جبتک ناقابل معافی کوئی عیب نہو مالک اُسے ہرگز موقوف نہیں کرتا پھر بینے اُس سے

یہ کہا کہ آج موتی رام کہار کہاں گیا ہے جو تُمنے مجھکو طلب کیا"

بہُو "خزانہ گیا ہے اسلئے تجھکو چوکے برتن کے واسطے بُلایا ہے"

سندری "خیر میں چوکہ برتن کرتی رہی اور بہُو کو یوں کہتی رہی کہ اچھے نوکر کو نہ نکالا کرو ورنہ کسی دن پشیمان ہوگی"

بہُو "سُندری مے اب ان جھگڑوں کو تو جانے دے۔ سُن اصطبل میں دو بڑھئی کام کر رہے ہیں میں نے کھڑکی میں سے دیکھا ہے کہ اُنہوں نے اچھی اچھی لکڑیوں کی چھیٹیاں کر ڈالی ہیں خیر میں تو کچھ کہہ نہیں سکتی۔ لالہ جی دفتر سے آکر خود سمجھ لینگے اتنے میں دلپت رائے کچہری سے آتے ہی بڑھیوں کے پاس گئے اور رام رتن نجار سے پوچھا کہ تمنے آج کیا کیا"

نجار "حضور دوپہر تک بڑے کمرے کی جوڑی چڑھائی پھر تخت کیلئے تختے رندے کل سب کام تیار ہو جائیگا"

لالہ جی "آج تو چھیٹیوں کا موقع ہات نہ لگا ہوگا"

نجار "جی ہاں رندہ کرنے اور کواڑ جڑنے میں چھیٹیاں کہاں۔ لالہ صاحب جب گھر پہونچکر کپڑے اُتارنے لگے تو بہُو جی نے بڑھیوں کی چالاکیوں کا سارا حال بیان کر دیا لالہ جی بہت لال پیلے ہو کر پھر بڑھیوں کے پاس گئے اور چھیٹیوں کے ڈھیر سے کپڑا اُٹھا کر کہا کہ یہ کیا چیز ہے نجار کہنے لگے۔ تھوڑی سی چھیٹیاں حُقہ پانی کیلئے ارادتاً بنائی تھیں اسپر لالہ جی نے بہت بُرا بھلا کہکر بڑھیوں کو موقوف کر دیا"

۵۴ سُندری "ہمارا یہی حال ہے کہ ایشور کو حاضر ناظر جانکر بھی گناہ ترک نہیں کرتے بڑھئی سمجھتے تھے ہمیں کون دیکھتا ہے مگر خبر نہ تھی کہ مالک کی گھر والی دیکھ رہی ہے یہی حال عمارت بنانے میں راجونکا ہے کہ چُنائی میں بہت تھوڑا وقت صرف کرتے ہیں بیٹھے بیٹھے ایک اینٹ کا چورا کیا دوسری کو سنبھال لیا اور حُقہ بازی کرتے رہے"

بُڑھیا "لے میں اس معاملہ میں تجھکو ایک شاعر کی نظم سُناتی ہوں مثنوی

عمارت کی پڑے گر تجھ کو حاجت	تو دے ٹھیکے میں سب کارِ عمارت
مگر وہ کام سب پیشِ نظر ہو	کہ تا اُس کی خرابی کا نہ ڈر ہو

جہانتک ہیں جہاں میں راج مزدور — خدا کے خوف سے رہتے ہیں سب دور
ہوا جب اُن کا روزینہ مقرر — تمہارا گھر اب اُن کا ہو گیا گھر
کریں پورا نمک کا حق وہاں تک — اثر کوڑی کا ہو گھر میں جہاں تک
سحر گزری پڑے ہا جب دو گھڑی دن — تو آئے کام پر ہمصورتِ جن
کمی ہے دوپہر میں دو گھڑی کی — کہ پھینکی ہاتھ سے کرنی بسولی
بجے جب تین گھنٹے دوپہر پر — ہوئے اُسوقت پھر موجود آکر
کچھہ عرصہ پاڑ بندی میں گنوایا — کیا قایم بڑی کوشش سے سایا
تمازت سے ہوا تھا خشک گارا — اُسے پھر ڈالکر پانی سنوارا
ہوئی کچھہ انتخابِ خشت میں دیر — کچھہ عرصہ اُسکے گھڑنے میں کیا تیر
چُنائی میں کبھی رکھی اُٹھائی — اسی میں ایک دو ساعت گنوائی
کبھی ایسی بسولی اُسپہ ماری — کہ ٹکڑے ہو گئی وہ خشت ساری
ہوا کچھہ کام کا مطلق نہ انجام — کہ اتنے میں چھپا سورج ہوئی شام
جو چونہ لیپنے کا کام آیا — تو اِک حیلہ کٹائی کا بڑھایا
تقاضے کا گیا سب جی سے جنجال — نہ اب باقی رہی کچھہ جانچ پرتال
پٹاپٹ سے لگیں بجنے گتیں خوب — نہ سُر کی تال کی نے دلکو مرغوب
جہاں خشکی پہ آیا کر لیا تر — نہیں ہے اِسکی اب کچھہ حد مقرر
کرو تم صبر کے بستر پہ آرام — کہ اب ہے بیٹھنا موقوف ہے پہ نا کام

۴۴ بڑھیا۔ اب تو ہر بات میں بے ایمانی کے سوا اور کچھہ نظر نہیں آتا۔ راجدیو تین چار برس کا ہو گا۔ ایکدن سیارام کہار اُسے گود میں لیکر روپیہ بھنانے گیا اتنے میں صراف کی دکان

ایک فقیر صورت آدمی آیا جسکے ہاتھ میں پنجرہ اور اُسپر ایک سفید کپڑا لپٹا ہوا تھا یہ شخص پیسوں کے ڈھیر پر پنجرہ رکھکر صراف سے کہنے لگا کہ لالہ جی ایک روپیہ کے پیسے دیدو چنانچہ پیسے لیکر صراف سے باتیں کرنے لگا۔ راجدیو نے کہا کہ میاں صاحب مجھے اس پنجرہ کا جانور دکھادو اُسنے انکار کیا لوگوں نے کہا بچہ ضد کر رہا ہے جانور دکھادینے میں کیا ہرج ہے آخر وہ پنجرا چھوڑ بھاگا لوگوں نے پنجرہ سے کپڑا علیحدہ کرکے دیکھا تو ایک دیسی مینا اور پیسوں سے لبریز چار پیالیاں موجود تھیں صراف نے پیالیاں خالی کرکے پنجرہ کو پھر پیسونکے ڈھیر پر رکھدیا مینا سدہی ہوئی تھی چونچ میں پیسے اُٹھا اُٹھاکر پیالیاں پھر لبریز کرلیں اس سے ظاہر ہوگیا کہ پنجرے والا بے ایمانی کے وسیلہ سے دو چار روپے روز کمانیا کرتا تھا۔"

۷ رتن چند بحالت پریشانی ایک تار لئے ہوئے بڑھیا کے پاس آئے اور کہا کہ اماجی میرٹھ سے رام لال خلف شام لال کا ایک تار آیا ہے جسکا مضمون یہ ہے کہ میرے باپ ایک مقدمہ میں حوالات ہوگئے ہیں تم ایک اچھا سا وکیل ساتھ لیکر میرٹھ آجاؤ۔"

بڑھیا "بیٹا ایسا معلوم ہوتا ہے کہ انہیں نمازی کا نکہ ملا اور "چاہ کن را چاہ در پیش" کا معاملہ ہوگیا گو شام لال دھوکا دیکر تمہارے والد کے کئی ہزار روپے اُڑا چکے ہیں مگر اسوقت جہانتک ممکن ہو اُنکو مدد دینی چاہیئے مثنوی

ہے بدی کا عوض بدی آساں	مرد بن۔ کر بدی کی جا احساں
تو کسی سے اگر کرے گا جنگ	مت ہو ایمن کریگا وہ بھی تنگ
پھینک پتھر حصار پر نہ کبھی	پتھر آئیگا پھر حصار سے بھی

تم نے کونسا وکیل تجویز کیا؟"

رتن چند "آج تجویز کرونگا کل چلا جاؤنگا اور رات کو تار دیدونگا۔"

بُڑھیا دے گنگا بشن سے بڑھکر کوئی وکیل نظر نہیں آتا چنانچہ اگلے روز تیس روپے یومیہ گنگا بشن سے معاملہ ہوگیا چلتے وقت بُڑھیا نے کہا کہ رتن چند دو چار ہزار کے نوٹ ضرور ساتھ لیجانا مبادا وہاں ضرورت پڑے اور ہنڈی کرتے پھرو یا کسی سے قرض کے طالب ہو۔ دوہرہ

پانی سے پتلا نہیں اور پانی سب کا جی جو پت چاہے آپنی تو پانی مانگ نہ پی

آدمی کا بھرم اُسیوقت تک قایم رہتا ہے کہ جبتک وہ کسی سے اُدھار نہیں مانگتا۔ رتن چند روپے سے جہانتک ممکن ہو شام لال کو مدد دینا مگر جھوٹی گواہی دلوانی چاہے تو ہرگز اُسکے دم میں نہ آنا

۸۴ کئی روز کے بعد جوتی سروپ آئے پوچھا کہ اماجی ہمارے ماماجی کسی وکیل کو لیکر یہاں کیوں گئے ہیں خیر تو ہے بُڑھیا ابھی جواب نہ دینے پائی تھی کہ شردھا نے ایک خط دیا بُڑھیا خود بھی پڑھ سکتی تھی مگر اُسنے یہ سمجھا کہ اگر جوتی کو نہ دونگی تو شاید یہ خیال کریگا کہ نانی نواسہ کا اعتبار نہیں کرتی اسلئے شردھا سے خط لیکر جوتی سروپ کو دیدیا کہ بیٹا تو سُنا دے میں کہاں عینک لاتی پھرونگی جوتی سروپ نے خط کھولا جسکا مضمون یہ تھا کہ ابھی مقدمہ پیش نہیں ہوا مزید تحقیقات سے روز بروز سنگین ہو رہا ہے مفصل اطلاع پھر دیجائیگی۔ جوتی سروپ نے کہا اماجی یہ تو معمّا ہے میں نہیں سمجھا کہ کسکا مقدمہ ہے اور اُس سے ماماجی کو کیا تعلق۔ دھرما بائی بولیں کہ ایک شخص لالہ جوگ دھیان کھتری ساکن آگرہ متھرا کے انگوچھے اور پچھی ہوئی دھوتیاں پھیری میں بیچا کرتے تھے ایکدن نائی کی منڈی کے پاس نیم کے درخت کے نیچے لیٹے ہوئے کیا دیکھتے ہیں کہ ایک زمیندار کے گھوڑے نے نیم کے قریب ٹھوکر کھائی سوار زمین پر گرکر بیہوش ہوگیا اور گھوڑا سوار کو گراکر بھاگ نکلا۔ اتنے میں سائیس آگیا جوگ دھیان نے بچھونا کرکے سائیس کی مدد سے رئیس کو بستر پر لٹا دیا اور دھوتی کا پنکھا بناکر خادموں کی طرح جھلنے لگا پھر سائیس سے کہا کہ تو پالکی لے آ۔ اُدھر سائیس پالکی لینے گیا اِدھر آدھ گھنٹہ کے بعد رئیس کو ہوش آیا جوگ دھیان سے پوچھا میں کہاں ہوں جوگ دھیان نے کہا آپ گھوڑے سے گرکر بیہوش ہوئے اور گھوڑا بھاگ گیا سائیس کو

پالکی کیلئے بھیجا ہے اُسنے یہ سُنکر پھر آنکھیں بند کرلیں ایک گھنٹہ کے بعد چند آدمیوں سمیت پالکی آموجود ہوئی سوار کرتے وقت رئیس نے جوگ دھیان سے کہا کہ لالہ جی آپکا مجھپر بہت بڑا احسان ہے اگر زندہ رہا تو اسکا بدلا ضرور دونگا۔ پھر ایک نوکر سے کہا کہ تم اپنا پتہ انکو بتا دو اور انکا پتہ خود معلوم کرلو جوگ دھیان نے کہا کہ میں غریب آدمی پھیری پھرا کرتا ہوں اور غریب خانہ سیتلا کی گلی میں ہے نوکر نے جوابدیا کہ ٹھاکر صاحب رائے جوتی پرشاد صاحب بہادر کمسریٹ والے کی کوٹھی میں اُترے ہوئے ہیں کبھی پھیری لگاؤ تو ضرور ہوتے آنا انجام کار رئیس پالکی میں بیٹھکر کوٹھی کیطرف اور جوگ دھیان اپنے گھر آگئے مگر چونکہ اُس روز بکری نہیں ہوئی تھی خورد و نوش کی طرف سے متفکر ہوئے اتفاقاً دیوار کی اوٹ میں پیشاب کرنے بیٹھے وہاں ایک روپیہ ملگیا مالک کا شکر ادا کیا اور یہ کبت پڑھا کبت

جب دانت نہ تھے تب دودھ دیو۔ جب دانت دئے کیا ان نہ دے ہے

جل میں تھل میں بنسی بکھہ کی سُدھ لیت سو توری بھی لے ہے

جان کو دیت اجان جہاں کو دے سو تو کو بھی دے ہے

کاہے کو سوچ کرے من مورکھ۔ سوچ کرے کاہات لگے ہے

میں اٹھ دس آنے روز کماتا تھا آج دو روز کے خرچ کے لایق ایک روپیہ عنایت ہوا لیکن اُس نے گھر آکر دیکھا کہ آپ کا بارہ سالہ لڑکا بدیا دھر جو دو پیسے روز پر کسی بزاز کے ہاں شاگردی میں بیٹھتا تھا آبدیدہ ہو رہا ہے پوچھنے سے معلوم ہوا کہ اُستاد نے چلم بھروائی تھی دست پناہ موجود نہونیکے باعث ہاتھ جلنے لگا چلم بھرنے میں دیر ہوئی اسلیئے اُستاد نے ایک طمانچہ مارا اور بہت چلا کر کہا کہ تجھکو جس کام کیلئے بھیجتا ہوں پہر بھر لگا دیتا ہے لڑکے نے جوابدیا اُستاد جی اتنا جھوٹ نہ بولئے ابھی تو پہر بھر دن بھی نہیں چڑھا۔ اُسنے کہا کہ ایک تو خطا کاری دوسرے زبان درازی چل دُور ہو نکل یہانسے خبردار جو کل آیا۔ جوگ دھیان نے یہ سُنکر لڑکے کو چھاتی سے لگا لیا پھر انگلیوں میں چھالے

پڑے ہوئے دیکھکر اُسکی ماں نے کہا کہ تم اِسیوقت جاؤ اور اُس بے رحم کو آبلے دکھلاؤ جوگ دھیان نے کہا کہ وہ اِتنا بڑا دکاندار میں بیچارہ غریب پھیری پھرنے والا چپکی ہو رہو غریب اور مظلوم کا علاج صبر ہے خدا اِسکا بدلا دیگا تو اِن چھالونکی دوا کریگا۔ پروردگار اُس ظالم کا علاج کریگا۔ رباعی

بدکار رہو کوئی یا بد اندیش	پائیگا کبھی نہ نوش جز نیش
جیسا کہ کرے گا کام کوئی	ویسا ہی اُسے بھی آئیگا پیش

عورت عقلمند تھی بات کو سمجھکر خاموش ہو گئی جھٹ آلو کا بھرتا لڑکے کے چھالوں پر لگایا جوگ دھیان بازار جاکر آٹا دال لے آئے اور حسب معمول کھانا کھاکر سو رہے علی الصباح ٹھاکر صاحب کا چوبدار دروازہ پر آکر آواز دینے لگا عورت نے اپنے خاوند سے کہا کہ بدیادھر کے اُستاد کا آدمی آواز دے رہا ہے خبردار لڑکے کو اُسکی دکان پر نہ بھیجنا اپنے ساتھ پھیری پر لیجایا کرنا جوگ دھیان باہر آیا تو دیکھا کہ ایک چوبدار کھڑا ہے متعجب ہوا اُسنے کہا کہ ٹھاکر بلبدھر سنگھ صاحب بہادر نے آپکو یاد فرمایا ہے کوٹھی دور ہے سواری کیلئے گاڑی لایا ہوں آپ جلد تشریف لیچلیں جوگ دھیان نے کہا اچھا میں کپڑے پہنکر آتا ہوں تم گاڑی کے پاس ٹھیرو جوگ دھیان جب کپڑے پہنکر چلنے کو تیار ہوا تو گھر والی نے کہا کہ بدیادھر کو بھی ساتھ لیتے جاؤ یہ بھی ٹھاکر صاحب کو سلام کر آئیگا غرض دونوں باپ بیٹے کپڑے پہنکر باہر نکلے اور عجیب سامان دیکھا دو گھوڑوں کی فٹن موجود ہے کوچ بکس پر چوبدار بیٹھا ہے دو سائیس چاندی کی ڈنڈی کی چوریاں لئے گھوڑونکے پاس کھڑے ہیں چونکہ جوگ دھیان اپنی عمر میں اوّل دفعہ فٹن میں سوار ہوئے تھے اِسلئے لوگونکو نہایت تعجب ہوا مگر یہ عقدہ کسی سے حل نہو سکا۔ بدیادھر اپنے چھالونکی تکلیف بالکل بھولگیا اور گھڑی گھڑی باپ سے پوچھتا رہا کہ لالہ یہ کسکی سواری ہے اور تم کہاں جا رہے ہو۔ کیا آج پھیری کو نہیں جاؤگے غرض ٹھاکر صاحب کے فرودگاہ پر پہونچکر دونوں اُتر پڑے اور چوبدار کیساتھ کوٹھی میں داخل ہوئے۔ چوبدار نے آواز دی کہ آن دا آنا۔ لالہ جوگ دھیان حاضر ہیں ٹھاکر صاحب نے کرسی سے اُٹھکر ہاتھ ملایا اور یہ کہا کہ آپ اِس

۱ بدکار ۲ بدکنش ۳ جز نیش ۴ کہا نا ۵ پیش

کُرسی پر تشریف رکھیں پھر بچہ کو اپنی گود پر بٹھا کر پیار سے کہا کہ اب ہم تمکو یہیں رکھ لینگے۔ لڑکے نے شرم کے باعث صرف اتنا جواب دیا کہ لالہ جی جو کچھ حکم دینگے میں اُسکی تعمیل کرونگا ٹھاکر صاحب کے اشارے سے آم وغیرہ ترکاریوں کی ایک کشتی بدیا دہر کے آگے رکھدی گئی اب ٹھاکر صاحب جوگ دھیان کی طرف مخاطب ہوکر بولے کہ لالہ تمنے فارسی ہندی کہانتک پڑھی ہے۔ جوگ دھیان نے کہا کہ ٹھاکر صاحب ہم ایسے ہوتے تو در بدر مارے مارے کیوں پھرتے اسپر ٹھاکر صاحب نے ایک نوکر کو حکم دیا کہ پانسو روپے نقد اور اُس مکان کا قبالہ جو سیتلا کی گلی میں واقع ہے فوراً لے آؤ چنانچہ تھوڑی دیر میں قبالہ اور روپے آگئے ٹھاکر صاحب نے کہا کہ لالہ جی یہ پانسو روپے بنج بیوپار کیلئے اور یہ مکان آپکے رہنے کیواسطے نذر کرتا ہوں میرا آدمی اپنا قفل کھولکر اسکی کنجی آپکے حوالہ کرآئیگا۔ اور ایک طرف کرایہ دار رہتا ہے اُس سے کہہ آئیگا کہ تمہارے نام سرخط لکھدے اُسکے بعد ارشاد فرمایا کہ اپنے لڑکے کو مکتب میں بٹھادو جب کچھ پڑھکر ہوشیار ہوجائیگا تو ہماری سرکار میں دس بیس روپے ماہوار کی اسامی تجویز ہوجائیگی یا میں کلکٹر صاحب سے ملکر سرکاری نوکری دلوادونگا اور لالہ جی اب آپ پھیری نہ پھریں بلکہ دکان کھول لیں اور نیک نیتی سے بنج کریں اور اس گُر کو ہمیشہ یاد رکھیں کم ناپنا اور جھوٹ بولنا برکت کو مٹا دیتا ہے میں تا زندگی تمکو نہ بھولونگا۔ اچھا اب آپ رخصت ہوجائیں کیونکہ آپکا حرج ہوتا ہے چنانچہ جوگ دھیان فٹن میں سوار ہوکر گھر پہونچے اور ایک ایک روپیہ سائیسونکو دو روپے کوچوان کو اور پانچ چوبدار کو دینے لگے مگر اُنہوں نے یہ کہا کہ لالہ جی ہمیں ٹھاکر صاحب نے انعام لینے سے منع کردیا ہے عدول حکمی سے ہمارا روزگار جاتا رہیگا۔ خیر فٹن واپس چلی گئی اور اُسی روز ٹھاکر صاحب کے ایک کارندہ نے لالہ جی کو مکان کا قبضہ دلوادیا حُسن اتفاق سے یہ وہی مکان تھا جسمیں جوگ دھیان رہا کرتے تھے غرض پانچ برس کے عرصہ میں اِدہر لالہ جی کی تجارت نے ترقی کی اُدہر بدیا دہر بڑھ لکھکر ہوشیار ہوگیا اور شادی کے بعد ٹھاکر صاحب کی سفارش سے نوکری بھی ملگئی پھر جوگ دھیان کے ہاں ایک

اور لڑکا پیدا ہوا جسکا نام شام لال رکھا گیا یہ کوئی دو برس کا ہوگا کہ دونوں خاوند جورو بدری ناتھ کی جاترا کو گئے اور وہاں جاکر دونوں کو دست آنے لگے واسی کیوقت پہلے جوگ دھیان مرا اور پھر اسکی گھر والی چل بسی۔ اب شام لال کی پرورش اور تعلیم بدیا دہر کے سر پڑی اور بدیا دہر رفتہ رفتہ شہر متھرا میں فوجداری کا سررشتہ دار ہوکر دیانت داری اور ہوشیاری سے کام کرتا رہا صرف تنخواہ پر قصر کیا رشوت کا کبھی نام نہیں لیا اور سیدھی سادی وضع سے گزران کی۔ اس عرصہ میں ایک کلکٹر صاحب آئے اور یہ خیال کیا کہ سررشتہ دار معمولی کپڑے پہنکر دفتر میں آتا ہے شاید رشوت خوار ہے اور صاحب لوگوں کو دھوکا دینے کیلئے ایسی وضع بنائے رکھتا ہے کسیطرح پھانسنا چاہیئے چنانچہ ایک سیٹھ جی سے کہا کہ آپ سررشتہ دار صاحب سے گھر پر ملیں وہ آپکو کوئی قانون دیکھکر رہائی کا رستہ بتادیں تو تعجب نہیں لیکن گاڑی بے چربی دئے چلا نہیں کرتی اسکا خیال رکھنا۔ سیٹھ جی یہ سمجھکر کہ صاحب سررشتہ دار کی معرفت کچھ کھانا چاہتے ہیں رات کیوقت سررشتہ دار صاحب کے مکان پر پہونچے اور ادہر اودہر کی باتیں کرکے کہنے لگے کہ منشی جی آپ کوشش کرکے ہمارے مقدمہ کو خارج کیوں نہیں کرادیتے ہم سب طرح حاضر ہیں یہ کہکر سنتو اشرفیاں آگے رکھدیں بدیا دہر نے کھڑے ہوکر کہا کہ آپ اپنی اشرفیاں فوراً اٹھالیں ورنہ میں ناراض ہونے لگا مجھکو میری تنخواہ کافی ہے سیٹھ جی بولے کہ یہ اشرفیاں کسی طرح صاحب کلکٹر کی نذر کرادیجئے گا بدیا دہر نے کہا کہ آپ ہی کیوں نہیں دے آتے۔ سیٹھ جی آپ کام مہا کام ؎

ہر کوئی بیج اپنا بوتا ہے خوب		کام اپنا آپ ہی سے ہوتا ہے خوب	

چنانچہ سیٹھ جی اشرفیاں اٹھاکر دوسرے روز صاحب کے بنگلہ پہونچے اور صاف کہدیا کہ میں سو اشرفیاں سررشتہ دار کے گھر لیگیا تھا اسنے نہیں لیں اب صاحب کو یہ خیال ہوا کہ سیٹھ جھوٹ بولتا ہے کیونکہ آپنے گلستاں میں ایک شعر پڑھا تھا جسکا ترجمہ یہ ہے ؎

ہے طمع خلق پر بلا بھاری		اس سے ہوتی ہے سر بسر خواری	

ہوشمندوں کو کرتی ہے اندھا		مرغ و ماہی کے واسطے پھندا	

سیٹھ سے کہا کہ آج رات کو ہم تم دونوں چلینگے مگر میں بھیس بدل لونگا تمہارا نوکر بنکر چلونگا۔ تم جب اشرفیاں سرِ رشتہ دار کو دوگے تو میں الگ کھڑا اُسکی اور تمہاری گفتگو سُنتا رہونگا کیونکہ میں نے باغ و بہار میں مندرجۂ ذیل مضمون پڑھا ہے۔ کبت

نکھہ[۵۰] بن کٹا دیکھے	سیس[۵۱] بھاری جٹا دیکھے	جوگی کن[۵۲] پھٹا دیکھے	چھار[۵۳] لائے تن میں
موٹی[۵۴] ان بول دیکھے	سیہور[۵۵] اسر جھول دیکھے	کرت[۵۶] کلول دیکھے	بن کھنڈی بن میں
بیر[۵۷] دیکھے سُور[۵۸] دیکھے	سب[۵۹] گنی اور کور[۶۰] دیکھے	مایا[۶۱] کے بھرپور دیکھے	پھول رہے دھن میں
آدات[۶۲] سکھی دیکھے	جنم ہی کے دُکھی دیکھے	پروے نہ کبھی دیکھے	جنکے توہ[۶۳] نہاہیں من میں

چنانچہ حسب وعدہ رات کو سیٹھ جی اور صاحب بہادر بدّیادہر کے مکان پر پہونچے مکان بند تھا آواز دی۔ بدّیادہر نے کہا کہ سیٹھ جی معاف فرمائیے میں حاضر نہیں ہوسکتا آپکو جو کچھ کہنا ہو وہیں سے فرمادیجئے۔ سیٹھ جی بولے کہ منشی جی گھر آئی لچھمی کو پھیر نہیں کرتے اسمیں بڑا گناہ ہے جواب ملا یہ لچھمی دوزخ کا سامان ہے لیکن جب سیٹھ اصرار کرتا رہا تو بدّیادہر کو صاف کہنا پڑا کہ سیٹھ جی یہانسے

+ نوٹ یہ مشہور بات ہے کہ منشی سدا سکھ رائے دہلوی سررشتہ دار کمشنری پشاور کی بھی جانچ ہوئی تھی سر ہربرٹ اڈورڈ صاحب کمشنر پشاور اور منشی صاحب موصوف اُنکے سررشتہ دار تھے صاحب سنا کرتے تھے کہ منشی جی بڑے ایماندار ہیں رشوت نہیں لیتے صاحب ممدوح نے آزمانا چاہا اُندنوں ایک رئیس کا مقدمہ جانشینی کی بابت دائر تھا صاحب بہادر کی رائے میں جو شخص مستحق ریاست نہ تھا اُسکو خفیہ پیغام بھیجدیا کہ تم ایک لاکھ روپے منشی سدا سکھ رائے کو دو تو شاید مقدمہ جیت جاؤ چنانچہ مدعی اور صاحب دونوں رات کو منشی جی کے مکان پر پہونچے رئیس گھوڑے پر اور اڈورڈ صاحب نوکر کے بھیس میں ایک خچر پر سوار رہے آواز دلوائی کہ فلاں سردار آپ سے ملنے آئے ہیں۔ منشی جی نے کھڑکی سے مُنہ نکالکر کہا کہ خالصہ جی آپکا مقدمہ ہمارے صاحب کی پیشی میں ہے اسلئے آپ کو تا فیصلۂ مقدمہ میرے مکان پر تشریف نہ لانا چاہئے آپ اسوقت واپس تشریف لیجاویں تو مجھپر عنایت ہوگی۔ بقیہ صفحہ ۲۰۵

چلے جائیے ورنہ میں آپکو ان اشرفیوں سمیت کوتوالی بھیجدونگا یہ کہکر دروازہ بند کرلیا۔ سیٹھ جی باہر کی کنڈی کھٹکھٹاتے رہے جواب نہ ملا اب کلکٹر صاحب نے یہ سوچکر کہ مبادا پولس آجائے سیٹھ سے کہا کہ چلو زیادہ قیل وقال اچھی نہیں چنانچہ دونوں چلدئے مگر بدیادہر کو اسوقت یہ معلوم نہوا کہ صاحب بھی سیٹھ جی کے ساتھ تھے بلکہ یہ عقدہ بہت دنوں کے بعد خود صاحب نے کھولا۔ اُس روز سے صاحب کے بدیادہر کا بہت بڑا اعتبار ہوگیا ہمیشہ ترقی میں ساعی رہے اور آخر کار تحصیلدار ہوڈل مقرر کرادیا ہوڈل کی تحصیل میں چند موضع کی زمینداری کے باعث تمہارے نانا بدیادہر سے ملے حالانکہ اس سے پہلے کبھی کی ملاقات نہ تھی اور نہ کسی کی سفارشی چٹھی لیگئے تھے تاہم بدیادہر نے تمہارے نانا کی بہت خاطر داری کی اور بعض ضروری کام اچھی طرح انجام کرائے۔ چلتے وقت تمہارے نانا نے اُنکے بھائی شام لال کے ہاتھ پر جبکہ وہ قریباً تیرہ چودہ برس کا ہوگا ایک اشرفی رکھکر یہ کہا کہ صاحبزادے اِسکی شیرینی کھالینا بدیادہر ہاتھ جوڑکر بولے رائیصاحب ہم ایسی شیرینی نہیں کھایا کرتے اِسوقت آپ اپنے کام کیواسطے آئے ہیں اگر یہ لیجاوے تو رشوت میں داخل ہوگی۔ ہاں اگر یہ لڑکا کسی موقع پر آپکے گھر چلا گیا تو آپ جسقدر شیرینی کھلائیں ہمیں کچھ عذر نہوگا غرض نوکروں تک کو انعام نہیں

نوٹ بقیہ صفحہ ۶۴ - رئیس نے جوابدیا کہ آپسے کچھ مشورہ کرنا ہی ہم دو باتیں کرکے چلے جائینگے چنانچہ تھوڑی دیر اِدہر اُدہر کی باتیں کرکے یہ کہا کہ ہم اگر مقدمہ جیت جائیں تو ایک لاکھ روپے تمہاری نذر کرینگے کہو تو اسوقت نوٹ یا اشرفیاں منگاکر حاضر کردیجائیں منشی جی نے کہا خانصاحب زیادہ گفتگو کرونیسے ایسا کام کبھی نہیں کیا اور نہ کریگا ارادہ۔ اگر آپکا مقدمہ سچا ہے تو بے دئے جیتوگے دینے کی ضرورت کیا ہے اور اگر سچا نہیں تو جیتنا دشوار ہے۔ کوئی اوتی آدمی ہوتا تو میں پولس کے سپرد کردیتا آپ دربار گورنری کے گرمی نشین ہوکر مجھے رشوت دینے آئے ہیں میں ایسے پیسے کو نجاست سمجھتا ہوں۔ چنانچہ اسکے بعد منشی جی کا بڑا اعزاز ہوا۔ گانوں کی زمینداری ملی۔ جب لارڈس صاحب گورنر جنرل ہوکر دہلی آئے۔ ریل پر سب سے پہلے منشی سدا سکھ رائے سے ہاتھ ملایا پھر اور رئیسوں کی طرف مخاطب ہوئے منشی جی کے پوتے پنڈت جوتی پرشاد اب بھی معزز علاقہ پر سرکار عالیہ میں مامور ہیں۔

دینے دیا اسکے بعد بدیادہر اور تمہارے نانا کی خط وکتابت برابر جاری رہی ایک چٹھی سے معلوم ہوا کہ شام لال الہ آباد سے قانون پڑھ آیا ہے اور آگرہ میں وکالت کرتا ہے چونکہ شام لال نہایت چلتا پرزہ تھا ایمانداری سے کام نہ کیا بدنامی کے باعث وکالت کی سرد بازاری ہوگئی اخراجات کی تکالیف کا شکایت نامہ بھائی کو لکھا وہاں سے جواب آیا کہ عنقریب میں پنشن لینے والا ہوں آکر تمہاری شادی کرونگا چند روز آگرہ میں رہو شادی کے بعد کسی اور ضلع میں بھیجے جاؤ گے چنانچہ بدیادہر نے پنشن لیکر شام لال کی شادی کردی اور میرٹھ بھیجنا تجویز کیا اور اچھی طرح سمجھا دیا کہ اگر تم میرٹھ جاکر نیک چلن بنے انجام کار تکلیف اٹھاؤ گے تم نے نہیں سنا کہ "ہر چہ بر خود نہ پسندی بدیگرے مپسند" شام لال میرٹھ آئے قسمت نے یاوری کی مگر اپنی عادت نہ چھوڑی گھوڑ دوڑ میں لوگوں کو اسامی بناکر خوب لوٹا اسمیں تمہارے نانا بھی اسامی بنکر آٹھ ہزار کو لٹ گئے شام لال تمہارے نانا کے زمانہ حیات میں کئی بار دہلی آئے انکی خاطر تواضع میں سینکڑوں روپے خرچ ہوئے ایکدفعہ شراب پیکر قطب چلے گئے میلہ میں خلاف تہذیب حرکتیں کیں چند عرصہ کے بعد تمہارے نانا کا انتقال ہوگیا یہانتک کا حال تو میں جانتی ہوں۔ رہی اس مقدمہ کی کیفیت سوہرن چند کی زبانی معلوم ہوگی"

جوتی سروپ "لو اجی میں رخصت ہوتا ہوں جب ماجی کا خط آئے یا وہ خود وہاں آجائیں تو مجھکو خبر روانہ کیجیو اب عرض ہے"

۴۹ چند روز کے بعد سوہرن چند کا خط آیا برہمیا نے پڑھکر کہدیا اور سیارام کہار سے کہا کہ جوتی سروپ کو بلا لا چنانچہ جوتی سروپ آئے اور خط پڑھا اس کا مضمون یہ تھا والدہ صاحبہ کی خدمت میں بعد آداب التماس ہے کہ شام لال بدیادہر کا چھوٹا بھائی ہے وکالت کے علاوہ تین سو روپے ماہوار کی آمدنی کرایہ غیرہ کی رکھتا ہے بدیادہر شام لال کے بیٹے رام لال کو ابتک دس روپے ماہوار برابر بھیجتا رہتا ہے مگر شام لال اس بدگمانی کے باعث کہ بدیادہر اپنی دولت سارے کے بیٹے کو دینی چاہتے ہیں بھائی

کا خفیہ دشمن بنگیا اور خیراتی لال سے ساز باز کرکے کچھ روپیہ اینٹھنا چاہا اور اپنے محسن اور سسرتی جائی پر
دس ہزار روپے کی جھوٹی نالش کرکے ڈگری حاصل کرلی پہلی پیشی کے دن شام لال گھر بیٹھا شراب پیتا رہا
اور اُسکا منشی خیراتی لال کچہری گیا ڈگری بحق شام لال ہوگئی خیراتی لال خوشخبری سُنانے آیا اتفاقاً
شام لال بحالتِ نشہ کوٹھے سے اُترتا تھا نیچے گر پڑا اور بیہوش ہوگیا آس پاس یہ شہور ہوا کہ وکیل صاحب
کو اُنکے منشی نے دھکا دیکر گرادیا۔ اہل محلہ شام لال سے اُسکی خردماغی کے سبب از بس ناراض اور پولس
والے برسرِ پرخاش تھے کیونکہ اکثر مقدمات برخلاف پولس لیا کرتا تھا ایک محلہ والے نے جسکو شام لال
سے زیادہ تکلیف پہونچی تھی رپورٹ کرادی۔ فوراً پولس آگئی رستہ میں خیراتی لال کو جو ڈاکٹر کے پاس
جارہا تھا گرفتار کرتھانہ میں بھیجا اور وکیل صاحب کو (جو بیہوش پڑے تھے) چارپائی پر ڈالکر ہسپتال
لیگئے۔ کپڑے اُتارتے وقت جیب سے ایک چرمی بٹوہ برآمد ہوا جسمیں کچھ نقدی تھی اور کچھ کاغذات
ان کاغذات کے ملاحظہ سے معلوم ہوا کہ وہ تمسک جسکے ذریعہ سے اپنے بھائی پر دس ہزار کی
ڈگری حاصل کی ہے جعلی تھا۔ ماخوذ ہوگئے گنگا بشن وکیل نے بہت کوشش کی مگر کچھ کارگر نہیں ہوئی
بدیادھر نے پیشی والے دن بہت کچھ عرض معروض کی کہ شام لال میرا بھائی ہے مجھے اُسپر کسی قسم کا
دعویٰ نہیں لیکن شنوائی نہیں ہوئی۔ آخر شام لال خیراتی لال عطاء اللہ اسٹامپ فروش اور رنگی لال
کاتبِ تمسک حسبِ بیان قانون گرفتار ہوئے۔ رام لال بہت رویا۔ بدیادھر نے چھاتی سے لگاکر دلاسا دیا
اور کہا کہ تو میرا باپ قید ہوگیا ہے مگر سرپرستی کیلئے میں موجود ہوں۔ کسیرو اور روکاٹ تو میں بلا فرمائش
لاؤنگا اسکے علاوہ میرٹھ کی کوئی اور شے مطلوب ہو تو تحریر فرمایئے۔ باقی حال زبانی عرض کرونگا۔

۵۰ چند روز کے بعد رتن چند نے میرٹھ سے آکر مندرجۂ ذیل زبانی حال بیان کیا۔ اماجی چونکہ ٹھاکر
بلبدھر سنگھ کا دیا ہوا مکان بوسیدہ ہوگیا تھا اسلئے بدیادھر نے شام لال کو لکھا کہ میرے پاس اسوقت
روپیہ نہیں ہے اور زمانہ درنیولا تمہاری موافقت کررہا ہے لہذا تم پچہتر ہزار روپے بھیجدو تاکہ مکان کی مرمت

ہو جاوے شام لال نے یہ خط اپنی جورو کو سُنایا اُسنے جلکر جواب دیا کہ میں بھائی جی کے پاس روپیہ نہیں کیا خوب تمہارا اب وہاں کون رہتا ہے کہ مرست کیو اسطے روپے بھیجیں لکھدو کہ ہم کچھ نہیں دیسکتے ہم کیا نوکری کرتے ہیں کہ چار و نظر فسے رشوتیں آئیں وکالت کا مکمہ بڑی محنت کا ہے۔ صبح کو شام لال نے اپنے لڑکے رام لال سے صلاح کی۔ لڑکا کہنے لگا تایا جی کے پاس فوراً روپے بھیجدینے چاہییں اُنکا آپ پر بہت بڑا احسان ہے، مگر یہ صلاح شام لال کی سمجھ میں نہ آئی خیراتی لال کو خط دکھایا اُسنے کہا کہ واہ رے انصاف۔ باپ کا مکان اور قانوناً دونوں بھائی برابر کے حصہ دار اور وہ خود سکونت پذیر۔ پھر مرمت کے واسطے کُل روپے آپسے طلب کریں۔ خیر آپ تین ہزار روپے بھیجدیں اور لکھدیں کہ چھ ہزار کا خرچ ہے قانوناً آدھوں آدھ دونوں کو برداشت کرنا چاہیئے۔ جناب میرا ایک دوست پٹنہ میں ہے اُسکا پیشہ ہے کہ پُرانے اسٹامپ اپنے پاس محفوظ رکھتا ہے آپکے بھائی صاحب ہری چہتر کے میلہ میں ہر سال پٹنہ جایا کرتے ہیں اسٹامپ فروش اُنکو ضرور شناخت کرلیگا ہم دس ہزار کا تمسک تین چار سال پہلے کا لکھوا کر دستخط کر دینگے آپکے بھائیصاحب کو اِس بے انصافی کا مزہ آجائیگا شام لال کو جو یہ بات ایمان جچ گئی تھا یہ مشورہ اچھا معلوم ہوا اور تین ہزار روپے روانہ کرکے حسب فہمائش خیراتی لال ایک خط لکھکر بھیجا۔ بدیا دھر کو یہ تحریر بہت ناگوار معلوم ہوئی جورو کو سُنایا خاوند کیطرح جورو بھی نہایت دانشمند تھی کہنے لگی نشہ کی ترنگ میں لکھدیا ہوگا تُم کچھ خیال نہ کرو روپے کی کمی ہوگی تو میرا زیور بیچ ڈالنا پھر لے لیا جاویگا مگر بنک سے جمع کیا ہوا روپیہ نہ منگانا ورنہ سود کی کمی سے بات تنگ ہو جائیگا بدیا دھر کو اُسوقت رنگین کے مندرجہ ذیل اشعار یاد آگئے ؎

دور آیا ہے یہ ایسا سُن لے یار		ماں کو بیٹے کا نہیں ہے اعتبار	
بھائی کی مطلق نہیں بھائی سے راہ		بھانجے کو کچھ نہیں ماموں کی چاہ	

نوٹ۔ حاجی پور کے پاس گنڈک ندی کے کنارہ کانک میں بہت بڑا میلہ ہوتا ہے اور ہر طرح کی جنس فروخت ہوتی ہیں ؎

کچھ بہن کو بھائی کی الفت نہیں		باپ کی بیٹے پہ کچھ شفقت نہیں	
ہے بھتیجے سے چچا کا دل فگار		جان و دل سے یار کا دشمن ہے یار	
کب ہے بیٹا باپ کے فرمان میں		آگیا فرق الغرض ایمان میں	
شخص احمق کا نہیں مطلق علاج		وہ نہ کل سمجھا نہ کچھ سمجھیگا آج	
من بہ وضع زمانہ در فکرم		کہ مبادا ازیں بتر گردد	

بدّیا دہر نے مکان کی مرمت کرائی پانچ ہزار روپے صرف ہوئے شام لال نے حساب طلب کیا ناچار بدّیا دہر نے نقل حساب بھیجدی اسپر شام لال نے بہت سی نکتہ چینی کے بعد لکھدیا۔ کہ پانسو روپے زیادہ پہونچے ہیں فوراً واپس کردو بدّیا دہر نے پانسو روپے کے نوٹ خط میں ملفوف کرکے بھیجدیئے اور یہ لکھا کہ اب میں بہت ضعیف ہوگیا ہوں اور تمہارے ہر خط سے مجھکو رنج پہونچتا ہے لہذا خط و کتابت موقوف۔ اسپر شام لال بہت اُچھلے کودے اور خیراتی لال سے کہا کہ منشی جی اب وقت آگیا ہے تم پٹنہ جاؤ۔ بھائی صاحب شاید موروثی مکان کے مالک بنا چاہتے ہیں۔ خیراتی لال رام لال سے چھپکر پٹنہ گیا اور وہاں سے یہ لکھا کہ ایک ہزار پر معاملہ ہوتا ہے اگر منظور ہو تو دس ہزار روپے کا تمسک چار برس پہلے کا لکھوا کر لے آؤں شام لال نے منظوری کا مفصل خط بھیجا اور یہ نہ سمجھا کہ ایسے معاملوں میں تحریر نہ دینی چاہیئے الغرض خیراتی لال جب تمسک لیکر میرٹھ آیا تو شام لال نے بدّیا دہر کو خط لکھا کہ آپکا لکھا ہوا دس ہزار کا تمسک میرے پاس موجود ہے عرصہ سے آپنے نہ سود ارسال کیا نہ اصل۔ اب رام لال کی شادی درپیش ہے اسلئے ازراہ عنایت بزرگانہ اصل مع سود مرحمت ہو ورنہ نالش ہوجائیگی بدّیا دہر نے جو روسے ذکر کیا وہ بولی شام نے دس ہزار کی نالش کردینے کی دھمکی دی اچھا کیا۔ نالش کرکے لیگا تو شام لال رام لال مالک ہیں اور بے نالش لیگا تو مالک ہیں ناحق جلدی کی بدّیا دہر نے کہا کہ اس کا تو کچھ خیال نہیں مگر جب بھائی

جھوٹے تمسک بنا کر بھائی پر نالش کرنے لگے تو غیروں کا کیا اعتبار رہا۔ جو رونے کہا کہ آپ بردبار بنے رہیں اپنی عادت ہرگز نہ چھوڑیں ۵

متحمل[۵۱] ہے عقل ہے جس کو	عقل وہ جس سے زیر غصہ ہو

بدیادھر نے خط کا جواب لکھا کہ میں نے کبھی تمسے روپے نہیں لئے تمہارے پاس جعلی تمسک ہے اس خط کو دیکھتے ہی شام لال نے نالش کردی۔ اس زمانہ میں ٹیلر صاحب جو بدیادھر کو جانتے تھے پہاڑ چلے گئے تھے شام لال محلہ والوں کے ساتھ نہایت بدسلوکی سے پیش آتا تھا ایک شخص حبیب اللہ دہلی کے رہنے والے تھے اُنکے باپ نے غدر میں کرسٹی ڈاکٹر صاحب کا عالیشان بنگلہ جان بچائی اور غدر حبیب اللہ کو تعلیم دلوائی حبیب اللہ نے اپنے والد کی وفات کے بعد میرٹھ کے اسی محلہ میں رہنے لگے جسمیں شام لال رہتے تھے ملنسار آدمی تھے ووٹ ہونیکے سبب ممبر کمیٹی مقرر ہوگئے انہوں نے انگریزی ہندی اور یونانی ادویہ کی ایک دکان کھول رکھی تھی اسکی آمدنی سے زین سواری کا ایک ٹٹو رکھ لیا تھا اور آنکھوں پر ہر وقت عینک لگائے رہتے تھے اور یہ قاعدہ کر رکھا تھا کہ دوا کیسی ہی خراب ہو واپس نہیں لیتے تھے اور دوا نے کی دوا نے چار آنے چارج کیا کرتے تھے اِدھر شام لال حسب ضرورت دوا میں تخفیف قیمت کے طالب اُدھر حبیب اللہ کی عادت میں طمع غالب اسلئے شام لال کا اُنسے عناد ہوگیا اور بہ حیثیت ممبری اُنکا یار بڑھنا نہایت ناگوار گزرا۔ ایکدن شام لال کو کمیٹی میں ایک کمرہ سے دوسرے کمرہ میں جانیکی ضرورت ہوئی راستہ میں سایہ تھا خدمتگار سے کہا چھتری لگائے اتفاقاً خدمتگار پستہ قد اور شام لال بلند قامت چھتری کی تیلی ٹوپی کو لگ گئی ہوا تیز تھی ٹوپی خود ہوا ہو کر کویں میں جا پڑی چند ممبر سامنے کے کمرہ میں کھڑے تھے اُن میں سے شیخ حبیب اللہ کو ہنسی آگئی آخر شام لال رومال سر پر لپیٹ کر آئے حبیب اللہ نے کہا آپ راجا لوگوں کی چال چلے۔ بھائی اُنکی چھتری اور وضع کی بنائی ہوئی ہے ہم لوگوں سے اُنکی ریس نہیں ہوسکتی

[۵۱] سہنے والا ۱۲

بقول شخصے کوّا چلا ہنس کی چال اپنی بھی بھول گیا شام لال شرمندہ ہوکر خاموش ہو رہا مگر دل میں یہ منصوبہ کیا کہ کسی صورت حبیب اللہ کمیٹی سے نکالا جائے تو اچھا ہو"

۱۵ بذریعۂ اخبار شام لال کو معلوم ہوا کہ کلکٹر صاحب میرٹھ کی بدلی ہوگئی ہے اور اُنکی جگہ دوسرا کلکٹر آتا ہے اور یہ اُس متھرا والے کلکٹر کا ہمنام ہے جو بدّیادہر کا محسن تھا نہایت خوش ہوا اور یہ سوچا کہ نیا کلکٹر میرے ہی بنگلہ میں آرہے تو کام بنجائے۔ شام لال نے سورج کُنڈ اور کلکٹری کے قریب ایک بنگلہ خرید رکھا تھا اُسکی ضروری مرمت اور سفیدی کرائی پھر جب صاحب بہادر کے آنیکی خبر ملی۔ تو غازی آباد آیا اور ہوٹل والو سے صاحب کا نام دریافت کیا معلوم ہوا کہ ٹیلر صاحب ہیں تھوڑی دیر میں صاحب کھانا کھانیکے بعد ہوٹل سے نکلکر چرٹ پینے لگے شام لال نے سلام کیا صاحب نے کہا تم کون۔ جواب دیا حضور آپکی شکل میجر ٹیلر صاحب سے بہت ملتی جلتی ہے جو کسی زمانہ میں متھرا کے کلکٹر تھے اور میرے بھائی بدّیادہر اُنکے اجلاس میں سررشتہ دار تھا میں دہلی گیا ہوا تھا اب حضور کو دیکھکر سلام کرنے آیا ہوں

صاحب "میجر ٹیلر صاحب ہمارے پاپا تھے اُنکا انتقال ہوگیا ہم بدّیادہر سے زیادہ واقف نہیں ہیں مگر پاپا اُنکی بڑی تعریف کیا کرتے تھے بدّیادہر اب کہاں ہے"

شام لال "حضور پنشن لیکر آگرہ میں خانہ نشین ہیں"

صاحب "اچھا تم کیا کرتے ہو"

شام لال "میرٹھ میں وکالت کرتا ہوں میونسپل کمشنر بھی ہوں"

صاحب "ہم بھی میرٹھ ہی کو جاتے ہیں"

وکیل "آپنے سکونتی بنگلے کا کیا بندوبست فرمایا ہے"

صاحب "بالفعل ہوٹل میں رہینگے اور جب کوئی موقع کا بنگلہ ملیگا جا رہینگے"

وکیل "حضور میرا بنگلہ سورج کُنڈ کے پاس خالی ہے"

صاحب "وہ بنگلہ جسمیں کبھی کمشنر صاحب رہتے تھے"

وکیل "جی ہاں حضور وہی"

صاحب "وہ بنگلہ ہمیں پسند ہے کرایہ کیا ہوگا"

وکیل "آپ سے کرایہ کیا لونگا حضور تو ہمارے قدیم مُربّی ہیں"

صاحب "ہم بلا کرایہ ہرگز نہ لینگے"

وکیل "کمشنر صاحب سو روپے ماہوار دیا کرتے تھے آپ بھی وہی مرحمت فرمائیگا"

صاحب "اچھا منظور۔ شام لال سلام کرکے اپنی گاڑی میں جا بیٹھا اور صاحب اپنی گاڑی میں۔ پھر جب ریل میرٹھ پہونچی شام لال جھٹ صاحب کے پاس آکر اسباب وغیرہ کا اہتمام کرنے لگا تمام رئیس اور اہلکار جو پلیٹ فارم پر کھڑے تھے دنگ رہگئے۔ جب رئیسوں کا سلام ہوا شام لال ایک ایک کا تعارف کراتا رہا۔ پھر صاحب کو اپنی فٹن میں سوار کراکے آپ کوچ بکس پر بیٹھکر سورج کُنڈ کے بنگلہ میں جا اُتارا اور ہر روز صاحب بہادر سے ملتا رہا۔ جب صاحب پیدل ہوا خوری کو جاتے تو یہ ساتھ رہتا چونکہ انگریزی بہت اچھی بول لیتا تھا صاحب کو بھی اُسکی صحبت بُری نہ معلوم ہوئی ایکدن صاحب برآمدہ میں آرام کُرسی پر بیٹھے اخبار پڑھ رہے تھے یکایک کہہ اُٹھے کہ ایک بڑے پنڈت کو جس کا نام دیانند سرستی تھا جودھپور میں زہر دیا گیا شام لال نے کہا حضور وہ تو ہمارا بڑا گرو تھا میں بھی اُنکے جدید پنتھ کا پیرو ہوں"

صاحب "اُس پنتھ کے اصول کیا ہیں"

شام لال "دیانند جی کے معتقد آریہ کہلاتے ہیں اور اُنکے اصول مندرجۂ ذیل ہیں"

اوّل "آریہ لوگ بُت[۱] نہیں پوجتے"

دوم "نشہ کی چیز کا استعمال مذہباً ناجائز[۲] جانتے ہیں"

سوم "گوشت نہیں کھاتے"

چہارم "ایک کو دوسرے کیساتھ ہم پیالہ ہونا یہانتک کہ باپ کو بیٹے کیساتھ کھانا منع ہے"

پنجم "ہم لوگ جھوٹ نہیں بولتے"

ششم "آپس میں ایک دوسرے سے محبت اور اتفاق رکھنے کا حکم ہے"

ہفتم "اوروں کے نقصان کو اپنا نقصان سمجھنے کی تاکید کیگئی ہے"

ہشتم "زناکاری اور تمام بُرے کاموں کی سخت ممانعت ہے"

نہم "رشوت کا لین دین قطعی ممنوع ہے"

دہم "لالچ اور غصہ گناہ کبیرہ میں داخل ہیں"

صاحب "مسلمان - پارسی - برہمو اور رادھا سوامی والے بھی بُت پرستی نہیں کرتے"

شام لال "حضور اہل اسلام میں بعضے لوگ قبروں پر پنکھا چڑھاتے ہیں قبر پرستی کرتے ہیں دیہاتی مسلمانوں کی عورتیں ہندوؤں کیطرح چوراہہ اور سیتلا پوجتی ہیں پارسی سورج کو پوجتے اور آگ کو مانتے ہیں برہمو گو مورت نہیں پوجتے مگر اُنکو کسی کے ساتھ کھانا کھانے میں پرہیز نہیں رادھا سوامی والے گرو صاحب کی تصویر کے آگے ماتھا ٹیکتے ہیں اور سُنا ہے کہ گرو کے اوگال کا امرت پیا کرتے ہیں"

صاحب "جب تُم آریہ دھرم کو مانے ہوئے ہو تو وکالت کیوں کرتے ہو کیونکہ وکالت جھوٹ بغیر چلنی مشکل ہے"

شام لال "کیا خاک وکالت کرتا ہوں - چونکہ میں جھوٹا مقدمہ نہیں لیتا اسلئے آمدنی بہت کم ہوتی ہے بھائیصاحب دام اقبالہ سے روپے منگا منگا کر گزارہ کر رہا ہوں"

صاحب "پھر تمنے اتنی دولت کہاں سے پیدا کی"

شام لال "سب سوروثی روپے سے"

صاحب "اگر تُم اپنے ایمان پر ہو تو تمہارا پیدا کنندہ اچھی جزا دیئے بغیر نہیں رہیگا جو لوگ

بے ایمانی سے روپے جمع کر لیتے ہیں ایک تو مورد الزام ہو جاتے ہیں دوسرے پروردگار اُنسے ناراض رہتا ہے الغرض صاحب کو شام لال پر پورا اعتماد ہو گیا اور اُسکی ہر بات کو سچ سمجھنے لگے۔"

۵۲ اوّل دفعہ جب برادن آیا تو سب رؤسا و اہلکار اپنی اپنی ڈالیاں لیجا کر بنگلہ پر حاضر ہوئے شام لال نے منصوبہ کیا کہ ڈالی میں تو ایک جبہ خرچو نہیں اور سفت ڈالی والونمیں شریک ہو جاؤ چنانچہ سب ڈالیاں برآمدہ کے آگے رکھی ہوئی تھیں اور رئیس لوگ برآمدہ میں کھڑے تھے صاحب اندر سے نکلے شام لال بہت عمدہ تھال روبرو سرکا کے بولا کہ اپنی اپنی ڈالیاں پیش کیوں نہیں کرتے صاحب بولے یہ پہلا سال ہے ہم آپ صاحبونکو رنجیدہ کرنا نہیں مانگتے۔ ڈالیاں منظور۔ مگر پھر کبھی کسی موقع پر ڈالی پیش کروگے تو اینجانب کی ناراضگی کا باعث ہوگا پھر پہلے شام لال سے اور بعد اور رؤسے معمولی خوشنودی مزاج کا اظہار فرما کر چلے گئے اور جملہ اراکین شام لال کی چالاکی سے دل میں نہایت ناراض ہوئے۔"

۵۳ ایکدن شام لال بولا حضور کمیٹی میں ایک شخص حبیب اللہ بڑے لائق فائق ممبر ہیں مگر اُنسے رعیت کو تکلیف پہونچتی ہے کیونکہ وہ دوا کی دُکان رکھتے ہیں جب کمیٹی کے کام میں چلے جاتے ہیں تو دُکان بند رہتی ہے لوگونکو دوا نہیں ملسکتی۔ اگر حضور اُنکو کمیٹی سے علیحدہ فرمادیں تو بہت خوب ہو صاحب نے کہا اچھا۔ تھوڑے عرصہ کے بعد میعاد ممبری ختم ہونیکو تھی حبیب اللہ ممبری سے خارج کئے گئے شام لال شیخی کے مارے کہتے پھرے کہ اور خریدی ہوئی دوا اونپر لیں اور ممبری کا سکہ جمائیں اِس سے لوگونکو معلوم ہو گیا کہ حبیب اللہ شام لال کی کارروائی سے علیحدہ ہوئے ہیں جب قتل کا غُل مچا محلہ والوں نے حبیب اللہ سے کہا کہ اب بدلا لینے کا موقع ہے رپورٹ کراؤ کہ خیراتی لال نے نشہ میں شام لال کو دھکا دیدیا اور وہ زینہ سے گر کر مر گیا حبیب اللہ نے جواب دیا کہ اگر رپورٹ جھوٹی ثابت ہوئی تو میں اُلٹا ماخوذ ہو جاؤنگا۔ لوگوں نے باضابطہ رپورٹ نہیں کرتے تو یہ کرو کہ تم

سیدھے بھاگے چلے جاؤ اور کوتوالی کے دروازہ پر یہ آواز دو کہ سُنا ہے بڑے دروازہ منشی شام لال کو خیراتی لال نے شراب کے نشہ میں دھکا دیکر جان سے مار ڈالا حبیب اللہ نے اُسکی تعمیل کی بڑھیا یہ ساری داستان سُنکر کہنے لگی کہ شام لال جیسا بے ایمان تو دنیا بھر میں نہ ہوگا رتن چند نے یہ شعر پڑھا ؎

مفقود شد مروت و معدوم شد وفا	ایں ہر دو نام ماند چو عنقا و کیمیا

۵۴ بڑھیا "شام لال کسکی عدالت سے سزایاب ہوا ہے"

رتن چند "کپتان ٹیلر صاحب پہاڑ سے آگئے تھے شام لال نے بہت چاہا کہ کسیطرح ٹیلر صاحب کا سامنا نہو مگر اُسکی دعا کیوں قبول ہوتی ٹیلر صاحب نے عین مقدمہ والے دن چارج لے لیا اور جب سزا دے چکے تو یہ کہا کہ شام لال تم تو کہتے تھے میں آریہ مت رکھتا ہوں یہ آریہ مت تھا یا تلوار یہ تلوار جسطرح دشمن کو کاٹتی ہے اُسیطرح اپنے مالک کو بھی زخمی کر دیتی ہے اب تم رہائی کے بعد تلوار یہ مت لگانا اور خاطر جمع رکھنا دانستہ سہواً کسیطرح تمکو کوئی زہر دیکر نہیں ماریگا کیونکہ ہندوؤں میں بلی مارنے کا دوش اس سبب سے ہے کہ بلی بہت غریب اور کمزور جانور ہے کو مارتی ہے پھر اگر کسی نے بلی کو مار ڈالا تو بیچاری مظلوم ہوکر میری [illegible] لحاظ مظلومیت اُسکے سب گناہ دُھل گئے شام لال تم جیسا پاپی اور کون ہوگا کہ تمہارے بھائی نے تمکو پالا تعلیم دلوائی شادی کر دی اور تمنے اُسپر جھوٹی نالش دائر کی سچ ہے ؎

نیش عقرب نہ از پئے کین است	مقتضائے طبیعتش این است

شام لال رہائی کے بعد توبہ کرنا اور خیراتی لال کو ہرگز منہ نہ لگانا ورنہ دائم الحبس ہوگے یا پھانسی کا مزہ چکھوگے تمہارا واقعہ قابل تحریر ہے ضرور اخباروں میں شایع ہوگا"

۵۵ سُندری کہاری آئی بڑھیا نے کہا کہو سُندری کہیم کشل"

سُندری "بھلی ماجی آپکی دیا ہے"

۵۴ محبت بھائی کی اور موت بھائی عنقا یا انکا کیمیا کسیطرح دونوں کا نام

بڑھیا "کوئی خبر تو سنا"

سُندری "کئی روز ہوئے میں میر عاشق کے کوچہ انندی لال مہاجن کے ہاں گئی تھی سو اماجی انندی لال کو بالکل زرد پایا مینے سمجھا کہ شاید بواسیر ہوگئی ہے پوچھا اُسنے جواب دیا کہ نشستگاہ کا پلستر پُرانا ہوگیا تھا اُنہوں نے بیٹھک کے صحن میں چونہ بجھوایا کٹوایا اور چھنوایا اور آپ وہیں کُرسی پر بیٹھے رہے یہ خیال نہ کیا کہ چونہ کے ابخرے خون کو جلا دینگے آخر وہی ہوا اب علاج ہو رہا ہے"

بڑھیا "اُنہوں نے بڑی غلطی کی خیر تو آج ہی جاکر کہہ آ کہ ماء الجبن لے لیں مالک نے چاہا تو آرام ہو جائیگا ورنہ ٹوٹی کی بوٹی نہیں ؎

	ابلہی ہے بڑا مرض یارو		آنکھ کو دل کی یہ کرے اندھا

سُندری تو ابھی چلی جا اور اُلٹے پانو آکر جواب دے کہ انندی لال اب کیسا ہے چنانچہ سندری نے واپس آکر یہ جواب دیا کہ انندی لال چل بسے"

دھرما بائی "مفصلہ ذیل حالتوں میں کم عقلی اور بے علمی کے سبب قابل افسوس حادثے واقع ہو جاتے ہیں"

۱ انگیٹھی میں کوئلے دہکائے اور کوٹھری کے کواڑ بند کرلئے دھوئیں کے ابخرے دماغ کو جا چڑھے اور دم نکل گیا"

۲ پوٹاس کی گولی کلّے میں ڈالی جبڑہ پھٹ گیا چہرہ کی ہیت بدل گئی اور جان مشکل سے بچی"

۳ گرمی میں کہیں سے جلتے بھنتے آئے ابھی پسینا سوکھنے نہیں پایا کہ پانی پی لیا یا نہا ڈالے اس سے اکثر جانیں تلف ہوگئی ہیں چنانچہ سکندر جیسے بادشاہ نے دریا میں نہا کر جان دی تھی"

۴ حُقّہ کی چلم پھونکنے سے بدنگے پھیپھڑوں کو بسا اوقات جلتے دیکھا ہے اور چرٹ کی آنچ سے بارہا جسم کو داغ لگتے سُنا ہے"

۵ مٹی کا تیل مضر بصارت ہے اور علاوہ بریں ذرا سی بے احتیاطی میں اکثر باعث نقصان جان ثابت ہوا ہے"

۶ ۵ جوتی سروپ آیا اور کہا اماجی آداب"

بڑھیا "کہو بیٹا ہوشیارپور سے کب آئے۔ اب تو ماشاء اللہ اور بھی ہشیار ہوگئے ہوگے"

جوتی سروپ "ہاں اماجی ایک بات تو عجیب دیکھی میرے ایک دوست کا بیٹا ولایت گیا تھا چار برس کے بعد واپسی کیوقت اُسکے باپنے اسٹیشن جالندھر پر ٹنڈم بھیجی مگر حسن اتفاق سے ٹنڈم وقت پر نہ پہنچ سکی۔ لڑکا دو یکے کرایہ کرکے گھر پہونچا یہاں دیوانخانہ میں چند احباب جمع تھے لڑکا سلام بندگی بالائے طاق رکھکر باپ سے کہنے لگا واہ لالہ جی ہماری سواری کا انتظام خوب کیا ہم ناچار کرایہ کے یکہ میں بیٹھکر یہانتک آئے۔ دل کوئی جنٹلمین ایسا کرنا نہیں مانگتا"

باپ "ارے بھائی نیچے بھی اُتریگا یا یکہ میں ہی بیٹھا انگریزی بگھارتا رہیگا خیر لڑکا دیوانخانہ میں آیا لوگ تعظیم کیلئے کھڑے ہو گئے مگر اُسنے خلاف امید نہ کسی سے ہاتھ ملایا نہ مزاج پرسی کی۔ البتہ تھوڑی دیر سر جھکا کر باپکے پاس چلا گیا اور انگریزی میں یہ کہا ہندوستان میں بہت سخت گرمی پڑتی ہے مجھے خوف ہے کہ کہیں پھر ولایت جانے پر مجبور نہ ہو جاؤں پھر چرٹ منہ میں لیکر مجلسرائے میں گھس گیا۔ باپنے دیوانخانہ میں آکر حاضرین کو رخصت کیا اور اس واقعہ سے دلمیں بہت لیا گیا۔ اماجی اُسکو یہ چاہیئے تھا کہ یکے سے اُتر کر باپ کے قدموں میں گر پڑتا حاضرین سے ہاتھ ملاتا اور سب سے کہتا کہ آپ صاحبوں کو بہت تکلیف ہوئی۔ مجھکو بڑا احسانمند کیا۔ مینے اُسکے سر ہلانے پر اپنی ہنسی بڑی مشکل سے روکی۔ چند روز کے بعد ایکبار اُسکے گھر گیا اُسکے والد اپنے کمرہ میں بیٹھے تھے مجھکو بڑی خاطر سے بٹھایا اتنے میں صاحبزادہ آگیا اور ایک انگلی ماتھے پر رکھکر سر یعنی تعظیم جھکا بعدہٗ اخبار اُٹھا کر سیٹی بجاتا ہوا دوسرے کمرہ میں چلا گیا۔ جو نہ کی جگہ سلیپٹ دھوتی کی جگہ ڈھیلا پاجامہ چمڑہ کی پیٹی کسی ہوئی سر ننگا صاحب لوگوں کی طرح کسی کو مسٹر کسی کو مین اور کسی کو ول کہتے سُنا۔ غرض ان حرکات کے باعث لڑکا باپ کے دل سے اُتر گیا"

بڑھیا "اچھے ولایت گئے چاہیئے تو یہ تھا کہ عادات حسنہ وہانکی سیکھتے۔ صرف صاحب ہی بنگئے"

۵۷ جوتی سروپ "اماجی جب میں ہوشیارپور سے واپس آیا تو ایک کرانی انگریزی

پوشاک پہنے ریل کے دوسرے درجہ میں بیٹھا اخبار پڑھ رہا تھا جب میں اُس درجہ میں داخل ہوا تو اُس نے اخبار رکھکر انگریزی میں کہا "آج ابر ہے کچھ عجب نہیں کہ مینہہ برسے" میں نے گوڈمارننگ کرکے جواب دیا میں امید کرتا ہوں کہ ضرور برسے گا اور یہ کہکر اُسکے پاس جا بیٹھا اب انگریزی میں باتیں ہونے لگیں اُس نے نہایت اخلاق سے باتیں کیں لوگوں کا یہ خیال کہ انگریزی خوان بدتہذیب ہوتے ہیں سراسر غلط ہے"

۵۸ ایکدن رتن چند آئے بڑھیا نے کہا کہ میرا وقت نزدیک آگیا ہے بعد وفات میرا یہ طرف سے ایک خط کلکٹر کی خدمت میں پہنچا دینا جسکا مدعا یہ ہے"

اوّل "بچوں کو زیور پہنانے کی رسم قانوناً مسدود ہونی چاہیئے۔ کسی شوقین کو ایسی ہی ضرورت ہو تو بعد ادائے فیس لائسنس حاصل کرے اور اُس حالت میں بچہ کی جان کا ذمہ دار سمجھا جائے کیونکہ آرم ایکٹ کی علت غائی انسداد واردات ہے۔ مثنوی

ہمارے مُلک کے ایسے بشر ہیں	کہ فرزندوں کے دشمن بیشتر ہیں
طلائی نقرئی زیور پہنا کر	متاع زندگی کرتے ہیں ابتر
زیادہ تر ہے ہندوؤں کو رغبت	سمجھتے ہیں وہ اسکو اپنی عزت
نہیں ہے کوئی خالی ماہ و سال	کہ لیتا ہو نہ زیور جانِ اطفال
پھر ایسے تجربہ کو کرنا	قدم پھر جہل کے مُلک میں دھرنا
سراسر مال کا نقصان کرنا	پسر کو جان سے بے جان کرنا

دوم "بعض اوقات جسے جان عام لوگ شادی غمی میں مقدور سے زیادہ خرچ کر ڈالتے ہیں۔ جسکا انجام بربادی اور بے عزتی ہے ریجھاڑہ میں کرنیل والٹر صاحب نے توجہ فرما کر ایسے اخراجات کی حد مقرر کر دی ہے اسیطرح پنجاب میں گورنمنٹ نے باہم کچھ تعداد مقرر کر لی ہے عموماً ایسا کیوں نہیں ہوتا مصارف شادی و غمی کیلئے فیصدی آمدنی پر کوئی ایسی رقم مقرر ہو کہ اُس سے تجاوز

کرنا جرم سمجھا جائے۔ مثنوی

رہے ملحوظ تقریبوں میں تخفیف	نہیں اسراف میں اک ذرہ تعریف
عبث ہے محل زر کا لٹانا	پھر آخر قرض لے کر کے کھانا
اگر شادی کی ہے تقریب برپا	تو ہمنے بارہا دیکھا ہے ایسا
کہ رہتی ہے تلاش قرض خواہی	نہیں ملحوظ کچھ اپنی تباہی
کوئی کیسا ہی ہو یہاں مرد ہشیار	مگر ہے عورتوں کے فن سے ناچار
زنان ہند ہیں بے عقل یکسر	جہالت سے ہے انکا حال ابتر
جو کوئی خاص یہاں ذی عقل بھی ہو	تو سب مل کر کہیں دیوانی اسکو
ہر اک انساں کو ہو توفیق حاصل	رکھے تقریب میں تخفیف پر دل
وہ دستور العمل اور رونکا ہو جائے	نہ کوئی اپنی ناداری سے پچتائے

سوم "شادی میں مندرجۂ ذیل مراتب کا لحاظ رہے"

۱ پچاس برس کے بڈھے کی شادی قانوناً ممنوع ہونی چاہیئے"

۲ شادی کیوقت لڑکی کی عمر تیرہویں اور لڑکے کی اٹھارویں برس سے کم نہو"

۳ لڑکے کی شادی کیلئے ایک لائیسنس حاصل کرنا چاہیئے جو مفصلۂ ذیل شرایط پر مبنی ہو"

شرط اوّل "سترہ اٹھارہ برس کا ہو"

شرط دوم "علم و ہنر اتنا جانتا ہو کہ بلا امداد والدین زوجہ کی پرورش کر سکے"

شرط سوم "چال چلن نیک ہو"

شرط چہارم "کسی خفیہ بیماری میں مبتلا نہو"

شرط پنجم "لڑکے اور اسکے والدین کیطرف سے لڑکی کی تکلیف سے بچنے کیلئے ایک رجسٹری شدہ اقرارنامہ لکھوایا جائے

۴ لڑکی کی شادی سے پہلے مفصلۂ ذیل شرائط کا لائسنس ملنا چاہیئے"

شرط اول "لڑکی کی عمر تیرہ برس سے کم نہو"

شرط دوم "سینا پرونا کھانا پکانا جانتی ہو اور اگر ہندی وغیرہ پڑھی ہوئی ہو تو نہایت انسب ہے"

شرط سوم "کوئی خفیہ بیماری نہو"

۵ والدین پر قانوناً یہ بات لازم کر دیجائے کہ اپنی اولاد کو کوئی علم یا رواجی ہنر ضرور سکھائیں اس میں والدین یا اولاد پہلوتہی کریں تو سزایاب ہوں۔ اشعار

رہے دل شاد فرزندوں سے ہر دم	ہزاروں کو ہے اس دولت سے ماتم
جسے اللہ دے اولادِ لایق	کوئی نعمت نہیں ہے اس سے فایق
مگر ہووے جو بدکردار احمق	نہ دے گھر میں اُسے کچھ دخل مطلق

چہارم "گنگا جمنا وغیرہ دریاؤں کے کناروں پر جو شہروں کے نزدیک واقع ہیں سرکار اپنے صرف سے زنانہ گھاٹ بنوادے اور عورتوں کا بے پردہ نہانا قطعاً بند کر دیا جائے"

پنجم "اکثر عورتیں سر بازار گیتوں میں گالیاں بکا کرتی ہیں اسکا انسداد ہونا چاہیئے"

ششم "جن فرقوں میں بیوہ کی شادی نہیں ہوتی سرکار کے سامنے کوئی ایسی تجویز پیش کریں کہ یہ عقدہ مشکل حل ہو جائے"

اول تجویز "ایسی لڑکیوں کی شادی جو دولہا کی صورت دیکھنے سے پہلے رانڈ ہو گئی ہیں قانوناً لازم کر دیجائے"

دوم تجویز "نوجوان لڑکیاں جو چند روز خاوند کیساتھ رہکر بیوہ ہو گئی ہیں بشرطیکہ وہ اور انکے وارث رضامند ہوں شادی کیلئے مجبور کیجائیں"

نوٹ یہ کہا جا سکتا ہے کہ از روئے شاستر جبکہ ہم اپنی لڑکی دان کر چکے تو ہمکو اسپر کیا اختیار رہا اور وہی دان جو پہلے ایک کو دیچکے تھے مکرر دوسرے کو کیونکر دیسکتے ہیں اور اگر یہ کہو کہ دان لینے والا اب نہیں رہا تو کیا پن کیا ہوا مال ہم خود لے سکتے ہیں؟ اسکا جواب بہت صاف اور قرین قیاس ہے۔ ہمیشہ قوانین میں کسی نقص کے باعث ترمیم ہوا کرتی ہے۔ ستی جو از روئے رواج جائز تھی اب قانوناً متروک اور جرم میں داخل ہے اسیطرح بیوہ لڑکیوں کے کنیان دان وہ دیکتا ہے جو مرنے والے کا جایز وارث قرار دیا گیا ہو"

ہفتم "اہل ہنود میں ہیتی جورو پر دوسری شادی قانوناً مسدود ہو کیونکہ اس سے بہت سی حق تلفیاں اور دل آزاریاں واقع ہوتی ہیں۔ مثنوی

رہے ہر وقت جھگڑا گھر میں پیدا	نہو شان خوشی اک دم ہویدا
اگر اولاد ہو دو بی بیوں سے	تو مرنے پر بھی تیرے رہوئیں جھگڑے
زنِ دیگر اگر دریک مکان است	بہارت زود مغلوب خزان است

ہشتم "یوروپ کی دیگر ولایتوں کیطرح محکمہ جاسوسی قائم ہونا چاہیئے تاکہ خفیہ طور پر ہر شخص کا چال چلن دریافت ہوتا رہے کیونکہ اکثر سفید پوش بدمعاشی سے پیٹ بھرتے اور بہت کم پکڑے جاتے ہیں کسی نے جھوٹی گواہی کو ذریعہ معاش بنا رکھا ہے کوئی جعلی تمسک بنا کر جھوٹی نالشوں میں کامیاب ہوتا ہے کوئی جھوٹے سکہ ڈھالکر روپے روتا ہے ایسے مہاپرشوں کیلئے محکمہ جاسوسی کی سخت ضرورت ہے"

نہم "اکثر بڑے شہروں میں ناقص ترکاریوں اور دیگر خراب اشیا کی فروخت کا عام رواج پایا جاتا ہے اسلئے شہر میں ایک امتحانی بورڈ مقرر ہو ناقص اشیا یا مضر صحت ادویہ وغیرہ کو پھکوا دیا کرے اور ایسی اشیا کا بیچنے والا جرم ٹھیرایا جائے"

دہم "توہین مذہب کا انسداد نہایت ضروری بات ہے"

۵۹ پھر بڑھیا نے اپنے ہاتھ کا لکھا ہوا ایک خط رتن چند کو دیا جسکا خلاصہ درج ذیل ہے۔

میرے پیارے بیٹے تو عمر طبعی کو پہنچے اور تیری عزت ہمیشہ قایم رہے۔ تیرے والد بیٹھ باشی کا یہ ارادہ تھا کہ چار لاکھ روپے ضروری حاجتوں سے زیادہ ہوں تو نیک کاموں میں خرچ کروں مگر انکی زندگی میں اتنا روپیہ فراہم نہو سکا لیکن مرتے وقت مجھکو وصیت کر گئے تھے کہ تمہاری زندگی میں ایسا ممکن ہو تو میری وصیت پوری کر دینا اور رتن چند کو وصیت کر جانا انکے انتقال کو تیس برس ہوئے مینے مانا کہ کوٹھی کا حال بہت اچھا ہے پھر بھی مذید میں چار لاکھ روپے جمع نہیں ہوئے لہذا تم کو وصیت کرتی ہوں کہ تمہارے والد کا منشا حسب مراتب مندرجۂ ذیل تھا

۱ ایک لاکھ کا فنڈ قائم کرکے روسا کنیدست میں امدادی فہرست بھیجی جائے اس فنڈ کا روپیہ ایسی

جگہ جمع ہونا چاہیئے جہاں سے واجبی سود ملتا رہے اور اصل کا اندیشہ نہو اور سود کی آمدنی سے بلا قید مذہب و ملت اُن لڑکیونکی شادی ہوا کرے جنکے ماں باپ شادی کے اخراجات کا مقدور نہ رکھتے ہوں

۲ باقی تیں لاکھ کے فنڈ سے زمینیں خریدی جائیں اور اُسکی آمدنی سے ایک محتاج خانہ اور ایک یتیم خانہ قائم ہو مکان کیلیئے سرکار سے زمین لیجائے اور اُسکے متعلق یتیموں کی تعلیم کیلیئے ایک اسکول جاری ہو محتاج خانہ میں تین طرح کے محتاج داخل ہوسکیں۔

اوّل۔ جو بیماری کے سبب محتاج ہوں ایسے محتاجوں کو زیر علاج رکھا جائے اور اسکے لئے محتاج خانہ کے احاطہ میں ایک ہسپتال تیار ہو پھر جو لوگ تندرستی کے بعد محتاج خانہ میں رہنا چاہیں تو انسے کسی قسم کا کام لیا جائے خوراک اور پارچہ کی خبر گیری ہو لیکن ناجائز بھیک مانگنے کی اجازت نہ دیجائے

دوم۔ جو لوگ کسی خاص سبب سے دوامی طور پر کام کرنیکے لایق نہ رہے ہوں اُنکو خوراک پارچہ ملتا رہے اور رہنے کو مکان دیا جائے

سوم۔ جو مزدوری نہ ملنے کے باعث محتاج ہوگئے ہیں اُنکے لئے اس فنڈ سے کارخانہ قائم کئے جائیں

محتاجوں اور یتیموں کی شمار فنڈ کی برداشت کے مطابق رہے ان دونوں کاموں کے لئے جو شخص منیجر یا پریسیڈنٹ مقرر ہو اُسکو منافع کی مد سے ایکہزار روپیہ سینکڑہ حق محنت ملتا رہے ہر فنڈ کا باقاعدہ حساب ہر سال مکمل ہوکر کمیٹی میں پیش ہوا کرے حساب کے جانچنے کیلیئے ایک محاسب واجبی ہو جو مقرر ہو پھر فنڈ کی آمدنی میں جسقدر ترقی ہو اُسیقدر محتاجوں اور یتیموں کی تعداد زیادہ کردیجائے تا امکان شہر میں کوئی بھیک مانگنے والا نہ رہے جسطرح کینڈا میں کوئی بھکاری نظر نہیں آتا لو بیٹا اب دعائے خیر کے بعد اس خط کو بند کرتی ہوں اور مجھے توقع ہے کہ تو اپنی زندگی میں اس وصیت کو پورا کریگا۔ مثنوی

زندگانی کا بھروسا ہے عبث		عمر فانی کا بھروسا ہے عبث	
سایۂ دیوار ہم و اللہ ہیں		گہہ ادھر کے ہیں اُدھر کے گاہ ہیں	
یہ جو فیل و اسپ و مال و جاہ ہے		سب نمایاں آب میں جوں ماہ ہے	

دم جہاں نکلا یہ سب بہہ جائینگے	تو چلا جائیگا یہ رہ جائیں گے
نقشِ آب اس کارخانہ کو سمجھ	عارضی سارے زمانہ کو سمجھ
ساتھ دولت تیرے جانے کی نہیں	رسم یہ ہرگز زمانے کی نہیں
تو رکھے میرے کہے پر گر خیال	پھر تو تیرے ساتھ جائے تیرا مال
یعنے راہِ حق میں جو تو یاں لٹائے	جسقدر یاں دے وہاں وہ چند یا

رتن چند:۔ اماجی کاروبار اسیطرح چلتا رہا تو اس منشا کا پورا کر دینا کچھ مشکل نہیں سائی بات پروردگار کے ہاتھ ہے بقول شخصے ؎

ما در چہ خیالیم و فلک در چہ خیال	کارے کہ خدا کرد فلک را چہ مجال

۶۰ چند روز کے بعد ایکدن دہرمابائی حسب معمول صبح کو اٹھکر اپنی کوٹھری میں مالا جپ رہی تھی کہ اونگتے میں اُسے کہاروں کی سی آواز آئی اماجی ڈولی آگئی ہے سوار ہو جاؤ دیر نکرو۔ بڑھیا نے ہشیار ہو کر شروھا کو آواز دی اور یہ پوچھا کہ ڈولی کیوں آئی ہے حکیم کے ہاں کون جائیگا۔ شروھا نے دہلیز میں آکر دیکھا اور یہ کہا اماجی یہاں تو ڈولی نہیں آئی ہے۔

بڑھیا:۔ خیر میرے کان بجتے ہونگے پاس کی بات تو شکل سے سُنائی دیتی ہے دور کی کیا سُن سکونگی۔ چنانچہ بڑھیا نے دل میں سمجھ لیا کہ یہ پیغام اجل ہے۔

۶۱ اب بڑھیا سفر کی تیاری کرنے لگی ایکدن باسدیو نے کہا۔ اماجی کہاں کی تیاری ہے کہ ایک پوٹلی کھولتی ہو دوسری باندھتی ہو۔

بڑھیا:۔ بیٹا اب دور جانا ہے۔ پھر نظیر اکبر آبادی کے مسدس کا ایک بند پڑھا ؎

سر کانپا چاندی بال ہوئے منہ پھیلا پلکیں آن جھکیں	قد ہی ٹھہرا کان ہلے اور آنکھیں تیج نہیں سیدھی تکیں
سکھ نیند گئی اور بھوک گھٹی دل سست ہوا آواز نہیں	جو ہونی تھی سو ہو گزری اب چلنے میں کچھ دیر نہیں

تن سوکھا کبڑی بیٹھی ہوئی گھوڑے پر زین دھروبابا	اب سوت نقارہ باج چکا کچھ چلنے کی فکر کرو بابا

بیٹا باسدیو میاں نظیر کی روح مجھے خواب میں یہ بند سنا جایا کرتی ہے "

لڑکا " وہی میاں نظیر جو آگرہ میں آپکے والد کے مکان پر مکتب پڑھایا کرتے تھے "

بڑھیا " ہاں بیٹا وہی "

باسدیو " اماجی ایک بات کہتا ہوں برا نہ ماننا لڑکوں کے دلمیں یہ خیال ہوا کرتا ہے کہ شادی ہو تو لڈو کچوری کھائیں سسرال جائیں جوانوں کو یہ شوق ہوتا ہے کہ جلد نوکر ہو جائیں خوب پیسے کمائیں تم جیسے بڈھوں کو یہ آرزو ہوتی ہے کہ جلد مر جائیں اور بہشت کی ہوا کھائیں سچ تو یہ ہے کہ موت زندگی کسی کے ہاتھ نہیں۔ رباعی

تدبیر کی تقدیر جدا ہوتی ہے	تقدیر کی تدبیر جدا ہوتی ہے
اس خط کو فرشتے بھی نہیں پڑھ سکتے	مقسوم کی تحریر جدا ہوتی ہے

بڑھیا سنکر چپ ہو رہی مگر دل میں یہ کہا کہ لڑکا ذہین اور ہونہار ہے "

۶۲ جوتی سروپ نے آداب بجالاکر کارروائی جلسہ ہفتم اگروالان کی دو کتابیں بڑھیا کے سامنے پیش کیں اور یہ عرض کیا کہ دیگر حالات تو آپ فرصت میں مطالعہ فرمائینگی لیکن جو بات خاص طور پر گوش گزار کرنیکے لایق ہے سنائے دیتا ہوں۔ ایک کھتری صاحب نے جلسہ میں مندرجہ ذیل نظم پڑھی۔

عجب یہ رسم ہے ہم میں نرالی	کہ ملکر عورتیں گاتی ہیں گالی
غضب ہے یہ کہ گانے ناچنے کو	وہ اپنا فخر سمجھیں۔ قہر دیکھو
کبھی بڑھاپے کا ہوتا ہے جو چوتھا	نمونہ کفر کا ہوتا ہے برپا
نہیں چلتی ہے خاوندوں کی دھمکی	نہ بھائی کی نہ ماں باپوں کی جھڑکی
سمجھ لو راج ان کا آگیا ہے	وہ ہوتا ہے جو ان کو بھا گیا ہے
نہاتا انکا جمنا پر ہنسی ہے	بدن پر جھنجی دھوتی کسی ہے

دکھاتی ہیں بدن کو بے محابا — پرے پھینکا حیا مندی کا پردا
کھلے مُنہ پھرتی ہیں آزاد ہو کر — رہیں گی ایک دن برباد ہو کر
ملا رستہ میں کوئی گر یگانا — دکھاوے کو ہے اُس سے مُنہ چھپانا
اِسی سے حال کھلجاتا ہے سب پر — اِن سے اِنکار شتہ ہے مقرر
بھلا تہذیب تو دیکھو یہاں کی — کہ پردہ اپنوں سے غیروں کو جھانکی
یہ بے شرمی تو دیکھو کیا بلا ہے — کہ گاتی جائیں ٹھٹھہ کہو گیا ہے
سمجھہ لو فحش ہے اک جُرمِ سنگیں — اگرچہ ہزل ہو یا شعر رنگیں
تو پھر عورات کیوں اِس سے بری ہیں — کہ گانا گالیوں کا گا رہی ہیں
جو آجائے تو آئے - بھائی بیٹا — نہیں خاوند تک کا کچھہ پریکھا
حیا کیسی ہے یارو شرم کیا ہے — کوئی کہدے کہ اِسمیں دھرم کیا ہے
بتو تُم مرد اگر رکھتے ہو عزت — نہیں کچھہ کام کی مردوں کی صورت
سیاست کرکے تُم دھمکاؤ اُنکو — نصیحت کچھہ کرو سمجھاؤ اُنکو
حماقت ہے یہ بکنا گالیوں کا — تھرکنا کام کسبی زادیوں کا
جو ہو اشراف لو اشراف کے کام — نہیں اشراف تو اجلاف ہے نام
کہو کیوں ذات کو بٹّا لگایا — عبث کیوں اپنی عزت کو گنوایا

آجی مستورات کا فحش بکنا اور بلا سبب گھر سے باہر نکلنا اور بیہودے رنگوں کا واقعہ جسمیں یہ سب گورے ماخوذ ہوئے تھے ہر دم پیش نظر رکھنا مناسب ہے اپنی حفاظت اپنے ہاتھ ہے اہل اسلام میں برقع کا طریقہ اور جو ہر یونہی چادر کی پوشش بہت بہتر ہے سب ہندو بھی اسے اختیار کرلیں تو بیحد پردہ پوشی ہوگی ایک ہندو جج صاحب ملتان سے دہلی میں آئے تھے انکی زنانہ برقع پہنکر سواری میں بیٹھا کرتی تھیں آجی کل

میں لاہور جاؤنگا چھ مہینے میں تعلیم ختم ہو جائیگی اُس زمانہ تک اگر سین بھی ولایت سے ڈاکٹری پڑھکر واپس آجائیگا"

۶۳ ایکدن بھاگرام رسوئیہ زخمی ہو کر رات کے آٹھ بجے گھر میں آیا بڑھیا بولی بھاگرام یہ کیا"

بھاگرام "آماجی تیہار چوتھ کا پرشاد مل گیا ذرا باہر نکلا تھا کہ تیہار لگا"

بڑھیا "افسوس اس خراب رسم کو لوگ دھرم سمجھتے ہیں صد حیف ہندوؤں میں جو رسم دیکھی خراب دیکھی ہولی میں غیر محلّے والے جوتوں سے پیٹے جاتے ہیں۔ ملتان میں نرسنگھ چودش کو میلا دپوری مندر میں میلہ والے لوگوں پر کہیرے مارتے ہیں اور پتھر اچوتھ تو عالمگیر مرض ہے چین کے لوگ سورج یا چاند گرہن کیوقت پتھر پھینکتے اور غل مچاتے ہیں عیسائیوں میں شادی کے بعد دولہا پر جوتیاں برستی ہیں مسلمان لوگ سید حسن کے میلہ میں رانکو آتشبازی کی قلموں سے اڑتے ہیں غرض بہت کم قوم پتھر اچوتھ اور رسم قبیح سے مبرا ہے"

۶۴ چھ ماہ گزر گئے جوتی سروپ لاہور سے آئے نانی کو سلام کیا"

بڑھیا "بیٹا جوتی لاہور سے آگئے لیکن اگر سین ابھی ولایت سے نہیں آیا"

جوتی سروپ "ہاں آماجی دو چار روز میں آنے والے ہیں"

چند روز کے بعد اگر سین انگریزی پوشاک پہنے مع جوتی سروپ آموجود ہوا اور بڑھیا کے قدموں پر گر کے کہنے لگا دادی آپکی دعا سے میں ولایت سے ڈاکٹری پڑھ آیا اب والد صاحب فرماتے ہیں کہ پٹیالہ سے استعفا دیدے اور شہر میں دکان کھول لے آپ سے صلاح کرنے آیا ہوں"

بڑھیا "بیٹا اگر تم کو نام نمود اور حکومت کرنی ہے تو نوکری نہ چھوڑو۔ مگر چونکہ تمہارے والد اپنی آسودگی کے باعث تمہاری آمدنی کی پروا نہیں رکھتے اسلئے اگر دکان کھولو تو فیس میں تخفیف اور دوا کی قیمت میں کمی کا خیال مدنظر رکھنا اس رفاہ عام کے لحاظ سے مخلوق بکثرت تمہارا طرف رجوع کریگی اور دوا بہت بکیگی پھر تم اپنی فیس صرف ایک روپیہ مقرر کرنا رات دن کا حساب برابر رہے البتہ رانکو بلانے والا سواری دے یا کرایہ دے اسکے بعد عموماً علاج کے متعلق مراتب ذیل کو زیر نظر رکھنا"

اول "بیمار کی دلجوئی جو مریض کے حق میں یا قوتی کا حکم رکھتی ہے"

دوم "سوچ سمجھکر دوا تجویز کرنا اور ہر دوا کے وزن کا خیال رکھنا"

سوم "کوئی نسخہ دو دفعہ پڑھے بغیر کمپونڈر کے حوالے نہ کرنا"

چہارم "مرض کے درجہ پر مریض کی حالت اور اُسکے مزاج پر مرض کی ڈگری اور موسم کو خیال رکھکر دوا تجویز کرنا"

پنجم "استعمال دوا کے بعد نوٹ کر لینا کہ دوا نے کس قسم کا اثر کیا"

ششم "مریض کیلئے معدہ کی طاقت کا امتحان لیکر قابل ہضم غذا تجویز کرنا"

ہفتم "حسب اقتضائے موسم مریض کیلئے مکان اور خوراک و پوشاک کا لحاظ رکھنا"

ہشتم "مریض کیلئے اُبھا ہوا یا مقطّر پانی تجویز کرنا"

نہم "مناسب ہوا کا انتظام کرنا اور مضر ہوا سے بچانا"

دہم "حتی الامکان مریض کے پاس ایک آدمی ہر دم موجود رکھنا"

میں نے کیا بتاؤں میں نے ڈاکٹری نہیں پڑھی۔ ہاں تیمارداروں کو ہدایت ہے کہ [illegible] دوا ایک جگہ رکھیں اور استعمال کی تمیز رکھیں

اگر سین "مجھکو شکریہ ادا کرنا چاہیئے آپنے اکثر باتیں ایسی بتائی ہیں جنکا لحاظ ضروری ہے

ہے لو اب میں رخصت ہوتا ہوں اور جوتی سروپ کو بھی رخصت دو"

بڑھیا "اچھا خدا حافظ۔ چنانچہ دونوں سلام کر کے رخصت ہو گئے"

۶/۵ ایکدن رتن چند سلام کرنے آئے۔ دھرمانی نے کہا بیٹا میری عمر پچاسی برس کی ہو گئی ہے زندگی کا اعتبار نہیں وصیت نامہ تحریر کرنا چاہتی ہوں تمہاری کیا صلاح ہے"

رتن چند "اماجی وصیت نامہ لکھنے میں کچھ قباحت نہیں مالدار آدمی کو لازم ہے کہ اپنی زندگی میں وصیت نامہ لکھکر حقدار کو اُسکا حق دیجاوے بعد میں بہت سی بے انصافیاں ہو جاتی ہیں اماجی بڈھا ہو یا جوان موت کا خیال ہر کسی کو چاہیئے۔ قطعہ

ہمنے دیکھا ہے یہ قدرت کا تماشہ بارہا
بڈھے بچ رہتے ہیں مرجاتے ہیں اکثر نوجوان

ہے بعید از فہم انسانی یہ راز کردگار
جان دے اچھا اور اچھا ہو مریض ناتوان

آماجی بڈھا بیٹھا رہے اور جوان مرجائے یہ بچ رہے تندرست چل بسے تاہم بھی ظاہری حالت پر بھروسا ہوا کرتا ہے گو آپ اب پانچ اوپر نوے برس کی ہیں مگر شکر ہے کہ ہاضمہ بینائی ہوش حواس سب درست ہیں کیسقدر سماعت میں فرق ہے سو اس سے کچھ ہرج نہیں کیا عجب ہے کہ آپ ایک سو بیس برس کی ہو کر بیکنٹھ سدھاریں"

بڑھیا" میں نے ایک خط تمہارے نام اور ایاب صاحب ضلع کے نام لکھوایا تھا وہ دونوں لے آؤ تاکہ میں آج وصیت نامہ بھی لکھکر تمہارے حوالہ کردوں۔ دوسرے روز رتن چند دونوں خط لے آیا۔ بڑھیا نے صاحب ضلع والے خط پر اپنے دستخط کردیئے اور وصیت نامہ رتن چند کو علیحدہ لیجا کر سنایا۔ پھر یہ کہا کہ اب تم صاحب ضلع کو دے آؤ وہ میرے انتقال کے بعد اٹھاونی والے دن برادری کے روبرو اسکی مہر توڑ کر سبکو سنا دینگے"

۶۶ چار مہینے تک دہرما بائی بدستور زندہ اور تندرست رہی شیوراتری سے آٹھ روز پہلے رات کیوقت سردی سے بخار چڑھا۔ صبح کیوقت جب رتن چند سلام کرنے آئے تو بڑھیا نے کہا جب سے تیرے لالہ جی مرے ہیں میں ایک دن کے سوا کبھی بیمار نہیں ہوئی مگر بیٹیا اسکو کیا سخت سردی چڑھکر بخار ہو آیا ہے رتن چند" جس بید یا حکیم کی بابت حکم ہو ابھی بلا لاؤں گھبرائیے نہیں" ایک نسخہ میں آرام ہو جائیگا بڑھیا" اسمیں شک نہیں آدمی بیمار پڑکر علاج سے غافل نہ رہے کیونکہ جبتک سانس تب تک آس بید جی کو بلا لاؤ۔ مگر میری صلاح مانو تو گنگا جل میں سونف۔ الائچی خورد منقے پیسکے شربت بنفشہ ملا کر پلا دو۔ اچھا ہونا ہوگا ہو جاؤنگی۔ ورنہ میرا خیال تو یہ ہے کہ اس ہفتہ میں بچ نہیں سکتی تھوڑی دیر کے بعد بید جی آئے اور نبض دیکھکر کہا کہ ماجی نے سردی کھائی اسلئے بخار ہو گیا۔

خیر کسیطرح کا اندیشہ نہیں اماجی نے اپنے لئے جو نسخہ تجویز کیا ہے وہ نہایت درست ہے میں جا رگولیاں بھیجتا ہوں ایک صبح ایک شام اسی دوا کے ساتھ کھلا دینا آرام ہو جائیگا۔ اب روز بروز بڑھیا کی طاقت سلب ہونے لگی۔ بیدجی نے فرمایا افسوس کوئی دوا اثر نہیں کرتی مرض بڑھتا جاتا ہے اس عرصہ میں جوتی سروپ اور اسکا باپ بابو من پھول برکما بائی اور بہت سے دوریا میں کے رشتہ دار بڑھیا کی چارپائی کے ارد گرد جمع ہو گئے

۶۷ ایکدن بڑھیا رتن چند کیطرف مخاطب ہو کر کہنے لگی بیٹا یہ خیال بالکل غلط ہے کہ اگر راہ حسینی نہ کیجائے تو مرنیکے بعد مردہ بھوکا رہتا ہے انسان اسیوقت تک بھوک پیاس کا پابند ہے جبتک بدن اور روح کا باہم تعلق ہے روح نکلنے کے بعد تمام خواہشیں رخصت ہو جاتی ہیں۔ مگر چونکہ لوگا چار بھی بھگتنا پڑتا ہے۔ اسلیے جو کچھ تمنے اپنے باپ کیلئے کیا تھا میرے لئے بھی ضرور کر دینا مرنیکے دن بکھیر کا کچھ ایسا انتظام ہو کہ تمام بھکاریوں کو حصہ ملجائے اور کوئی کچل کر نہ مرے میرے مرنیکے بعد رلانیکے لئے بھاٹن یا نائین طلب نہو جس کسی کو رنج ہو خود بیٹھکر روے لنگھن ایک روز کا بھی نہ ہونا چاہیئے۔ سانپہ صرف تیرہ دن کا ہو جسمیں کسیطرح کا فحش گیت نہ گایا جائے سمدھنوں کو فہمایش ہو کہ حسب دستور زمانہ فحش گوئی سے معاف رکھیں اس سے میری روح کو آرام پہونچیگا۔ ستر ہویں کو کل برادری کی ضیافت ہو نوکرونکو وہی چیزیں کھلائی جاویں۔ جو اہل برادری کو دیجائیں۔ آجکل کے رواج کے مطابق ایسا نہو کہ برادری والے خستہ کچوریاں کھائیں اور نوکرونکو سادی کچوریاں یا ٹھرے ہوئے لڈو ملجائیں بیٹا آئندہ شادی غمی کے مصارف متوسط درجہ کے رکھنا۔ مینے جو کچھ وصیت نامہ میں لکھا ہے اسپر کاربند ہونا تمہارا فرض ہے فنڈ کی بابت عنایت ایزدی کے منتظر رہنا اسکے بعد اسی شب کو بارہ پر تین بجے بولتے بولتے سب چھوٹے بڑونکو دعا دیتے دیتے یا مالک یا مالک کہتے کہتے ایک ہچکی آنیکے بعد دہر ہا بائی کا خاتمہ ہو گیا

نوٹ راہ حسینی اس کھانیکی خیرات کو کہتے ہیں جو مردہ کے کام آئے خواہ مرنیکے بعد وارث تقسیم کریں یا زندگی میں وہ آپ دے مسلمان لوگ اسی کو توشہ کہتے ہیں

۶۸ صبح کو شہر میں غل ہو گیا کہ رتن چند کی والدہ انتقال کر گئیں یقین ہے بڑا بوان بنے گا روپے پیسوں کی بہیر ہو گی بیشمار کنگلے مکان کے گرد جمع ہو گئے رتن چند نے کوتوال صاحب کو لکھکر پولس کے چند سپاہی بلوائے۔ اور بھکاریوں کو ایک رستہ سے آدھ آنہ فی کس دیکر دوسرے رستہ سے رخصت کر دیا بوان بہت قیمتی نہ تھا معمولی طور کی ارتھی پر روا جبی قیمت کی زری ڈالکر جمنا کنارے صندل کی لکڑیوں میں پھونک دیا اور ہڈیاں حسب معمول اٹھوا کر برہمن کے ہاتھ گنگا روانہ کر دیں اور ہمراہ ارتھی صرف بھجن گانے والے بلائے اور انگریزی باجہ اسلئے نہ بلایا کہ باجے کی آواز سے بھجن اچھی طرح نہیں سنائی پڑتے۔

۶۹ نانکی کو بڑھیا کے مرنے کا سخت افسوس ہوا حالانکہ یہ بات خلاف توقع تھی چونکہ انسان اپنے عیب سے واقف نہیں ہوا کرتا ہے اسلئے نانکی نہایت ترش رو اور بیوقوف ہو کر اپنے آپ کو خوش اخلاق اور عقلمند سمجھتی تھی مگر اُسے یہ خوب معلوم تھا کہ مجھسے کوئی رضامند نہیں اور بڑھیا سے سب خوش ہیں اور یہ بھی جانے ہوئے تھی کہ یہ سب بڑھیا کی شیریں کلامی کا اثر تھا اسلئے اُسنے خیال کیا کہ برادری کی کُل عورتیں مجھسے ناراض ہیں اور سارا پیرہ روز کا ہے مجمع زیادہ نہوا تو میری ناک کٹ جائیگی لہذا خوش اخلاقی سے کام لینا چاہیئے نوکر دنکو بڑھیا کے مرنیکا رنج اسلئے ہوا کہ نانکی کا مزاج اوّل ہی سے خراب تھا جوتی سروپ راجدیو اور باسدیو اس سے غمگین تھے کہ بڑھیا کی نہایت بیش قیمت نصیحتیں اب کون سنائیگا برادری کی عورتیں اسلئے المناک تھیں کہ انکے معاملات خانہ داری میں بڑھیا کی نیک صلاح سے گھرونکے جھگڑے دفع ہو جاتے تھے رتن چند رتن کنور اور رکمابائی کو اس وجہ سے غم تھا کہ اماجی چند سال اور جیتی رہتیں۔ تو جوتی سروپ۔ راجدیو۔ باسدیو کی شادیاں اپنے ہاتھوں کر جاتیں غرض دنیا میں ہر شخص اپنے دکھ کو روتا ہے فی الواقع کوئی کسی کا رونے والا نظر نہیں آتا۔

۷ نانکی نے اپنا مزاج یکلخت بدل ڈالا مردنی کی تیاری کیوقت تمام نوکرونکو پرے کمرہ میں بلاکر یہ کہا کہ تم میرا پچھلا قصور معاف کردو میں سانس کے بھروسے پر اسلئے کودا کرتی تھی کہ وہ میری ساری باتیں سہ لیتی تھیں اب کون سہے گا ہے ہے بڑھیا کیا مری گویا نانکی مرگئی کیونکہ آج وہ نانکی نہیں ہے جو کل تھی میرا پہلا سبھاؤ بڑھیا کے ساتھ گیا تم لوگ کسی طرح کا خیال نہ کرنا اور حسب دستور اپنا اپنا کام کرتے رہو"

۷ اوّل روز مُردنی میں جسقدر عورتیں آئی تھیں نانکی سب کے ساتھ خاطرداری سے پیش آئی اُنکے بچّوں کو کچوریاں اور دال سیو منگا دئے اِس سے برادری کی عورتیں جنہوں نے صرف نانکی کا نام اور اُسکی بدمزاجی سُنی تھی نہایت متعجب ہوئیں۔ یہ خدا کی قدرت ہے کہ ایسی بُری عادت اور اتنی جلدی دُرست ہو جائے"

۷ دوسرے روز اُٹھاونی کی ٹھیری مگر عام کھتریوں اور مہاجنونکے دستور کے خلاف مکون پر دریاں بچھانے کو ناموزوں سمجھکر دہرم سالہ میں اُٹھاونی قرار دیگئی برادری کے لوگ اور کُل شہر کے تمام روسا جمع ہوئے اور صاحب ضلع تشریف لاکر الگ کمرہ میں بیٹھ گئے جب تمام آنے والے آچکے تو صاحب بہادر نے مجمع میں آکر فرمایا صاحبو یہ لفافہ جو آپ دیکھ رہے ہیں بی بی دھرماباٹی بیکنٹھ باسی والدہ لالہ رتن چندجی ساہوکار شہر دہلی کا وصیت نامہ ہے میں آپ صاحبونسے اسکے کھولنے کی اجازت مانگتا ہوں چنانچہ اجازت کے بعد لفافہ کھولا گیا تو اُسمیں مندرجۂ ذیل کاغذات تھے"

۱ استدعائے اجرائے قانون وغیرہ کا کاغذ پڑھکر صاحب نے حاضرین سے کہا کہ یہ گورنمنٹ کے پاس ارسال ہوگا

۲ کاغذات متعلقۂ فنڈ پڑھکر صاحب نے رتن چند کیجانب مخاطب ہوکر یہ کہا کہ میں گورنمنٹ کی خدمت میں بہت خوشی سے دربابت فنڈ و تقرر محتاج خانہ جب تم قابل افتتاح ہوگے رپورٹ ارسال کرونگا"

۳ وصیت نامہ حسب مضمون ذیل تھا"

چونکہ انسان کو زندگی کا بھروسا نہیں ہوتا اسلئے بحالت ہوش حواس وصیت کرتی ہوں کہ بھاگ رام
سیا رام۔ دیا رام اور شیرو رام کو ایک ایک ہزار روپے ملیں اور بسنتا۔ جھجنو۔ گیانی۔ سندری اور پرجو کو دو
دو سو روپے نقد اور ایک سال کی موافق خوراک ناج عطا ہو۔ اگر نانکی نوکروں کو نہ رکھے تو وہ جو تنخواہ
اب پاتے ہیں بے کمی و بیشی وہی تنخواہ گھر بیٹھے ملتی رہے اور اگر رکھنا چاہے تو ایک ایک روپیہ ماہوار اضافہ
کرکے دونوں ہزاریوں عشرت اور برکت کو سو سو روپے دیئے جائیں اور اُنکی ماں کو دو سو روپے
عنایت ہوں۔ دھوبی کو پانسو۔ حجام کو چار سو اور بھاٹ کو سو دیئے جائیں۔ پروہت کو اٹھادنی والے
دن ایک ہزار ملیں۔ اسکے علاوہ چالیس عورتیں وہ جو میرے رشتہ دار ہیں اور تین سو روپے ماہوار پاتی
ہیں انکا وظیفہ جاری رہے ہر ماہ میں جو تہائی آمدنی صرف ہو اور تین حصہ ہمیشہ جمع رہے زائد روپے
سودی بیوپار میں لگیں مردوں میں سب سے بڑی عمر والا کوٹھی وغیرہ کا منتظم ہو اور زنانہ میں بڑی عمر کی
عورت کا حکم مانا جائے کوٹھی سے ہر مرد کو بیس اور عورت کو دس روپے ماہوار ملا کریں۔ یہ کپڑے بنانے
اور دان پن کرنیکا خرچ بھجا جائے سواری اور کھانے کے مصارف کوٹھی کے ذمہ ہیں کنبہ میں جب
شادی ہو تو پانچ ہزار روپے کوٹھی سے دیئے جائیں اور چھوٹے ٹیلے میں ایکہزار روپے ملیں اس سے
زیادہ خرچ نہو سب سے بڑے مرد کو پچاس سب سے بڑی عورت کو تیس روپے ماہوار ملتے رہیں اگر کوئی حصہ دار
بد چلنی یا اپنی جورو کے بہکانے سے جدا ہونا چاہے تو اُسکو صرف پندرہ ہزار نقد مع ایک مکان قیمتی
پانچہزار روپے اور ایک سال کے خرچ کے موافق آٹا دال چانول لکڑیاں اور ضروری برتن کوٹھی سے
ملیں اور اُسکو علیحدہ کردیا جائے اس خاندان کی جایداد کو کوئی شخص رہن یا بیع نہ کرسکے اور یہ وصیت نامہ
میری وفات کے بعد رجسٹری کرادیا جائے رتن چند نے چاہا تھا کہ سب وصیت کا روپیہ اٹھاونی
کے روز تقسیم ہو جائے نوکروں نے قبول نہ کیا اور یہ کہا کہ ہمارا روپیہ کوٹھی میں سودی طور پر
جمع رہے۔ لیکن اور ذکار روپیہ برادری کے روبرو دیدیا گیا۔ بعد چندے رتن چند کو

لالچ دامنگیر ہوا اور خیال میں آیا کہ یہاں سے کاروبار اُٹھا کر بمبئی چلیں تو بہت منافع ہو۔ سو وہاں گئے اور اوّل بہت خوب فائدہ ہوا لیکن بعد روئی میں ایسا نقصان ہوا کہ غریب ہو کر مفقود الخبر ہو گئے۔"

ضمیمۂ اوّل نیک نیتی

سنو ایک کہٹ بنے کی تم حکایت — کہ ظاہر حسن نیت کی ہو حالت
کہیں وہ چارپائی بُن رہا تھا — شریفوں کی صدائیں سُن رہا تھا
کوئی کہتا تھا ہم ہیں نیک نیت — ہماری کرتے ہیں حکّام عزّت
کوئی کہتا تھا ہم ہیں نیک بیشک — برہم کہتا ہے ہم کو ساستر تک
کسی کا قول تھا ہیں چھتری نیک — کہ رکھی مُلک کی اور قوم کی ٹیک
کوئی کہتا تھا ہیں نیک اپنے اطوار — کہ اپنی قوم میں ایک ایک زردار
کوئی بولا کہ ہیں نیک اہل اسلام — کہ ہیں اُنکے لئے قرآں میں احکام
نصارے نیک ہیں کہتا تھا کوئی — کہ جاں عیسےٰ نے اُنکے بدلے کھوئی
کوئی بولا کہ جینی نیک ہیں سب — جیو رکھشا ہے سب کا نیک مطلب
کوئی تھا آریہ اور کوئی برہمو — بیاں کرتے تھے سب اوصاف نیکو
یہ سب کے راگ دل سے سُن رہا تھا — بظاہر چارپائی بُن رہا تھا
ہوا جب غیرتِ قومی سے ناچار — تو رکھ کر چارپائی اور اوزار
سرِ محفل ادب سے سر جھکایا — زبانِ عجز سے یہ کہہ سُنایا
اماں گر جانِ عاجز کی میں پاؤں — تو جو کچھ دل میں ہے وہ کہہ سُناؤں

اُنہوں نے اِک زباں ہو کر کہا کہہ ضروری بات سے خاموش رہ
مخاطب کر کے سب کو وہ یہ بولا دہن کے قفلِ سربستہ کو کھولا
سنو میری ذرا انصاف سے سب نہیں سمجھے ہو تم نیکی کا مطلب
ہر اِک نے مذہبی دے دیکے لکچر بتایا اپنے ہی فرقہ کو بڑھ کر
یہ مانا آپ ہیں ہر فن میں کامل خیالِ حُسنِ نیت سب ہے باطل
ثمر اِس شاخ کا ہم نے لیا ہے اگر دعوے کریں ہم تو بجا ہے
یہ سُنتے ہی ہر ایک کو آگیا جوش لگے کہنے ارے خاموش خاموش
پڑیگا گر زباں اب کے ہلائی یہ کیسی دُھن ہے بُن تو چارپائی
بسولا لیکے جلدی سے سدھارو بُنالو چارپائی جا پکا رو
یہاں مجمع ہے اکثر فاضلوں کا نہ تجھسے غافلوں کا جاہلوں کا
پڑی جب ہر طرف سے اُسپہ پھٹکار تو پھر کرنے لگا وہ صاف اظہار
کہ پہلے ہی معافی مل چکی ہے میں جو چاہوں کہوں آزادگی ہے
میں اپنے دعوے کو ثابت کرونگا تمہارے مُنہ سے اپنی داد لونگا
نرے پڑھنے سے کب ہے کوئی فاضل ہے فاضل وہ جو نیکی پر ہو عامل
بزرگوں کی بڑی ہوتی ہے عزّت بڑائی سے نہیں ملتی یہ دولت
بجا ہے آپکے ہادی بڑے تھے وہ خواہش روکنے میں کڑے تھے
مگر افسوس ہے ایسوں کی اولاد کمائی اُنکی کردے صاف برباد
کجا نیّت زباں کے بھی ہو کھوٹے اُڑاتے ہو فقط باتوں کے طوطے
جو نیّت نیک ہوتی تم سبھوں کی تو کاہیکو سُناتے مجھکو کھوٹی

سُناؤں حُسن نیّت کا میں احوال — سنو لالا نہو غُصہ میں تم لال
یہی اک دین و دنیا کا ثمر ہے — یہی ہر اک بشر کی راہ بر ہے
اگر ہے نیک طینت تو ہے انساں — وگرنہ شکل انساں میں ہے حیواں
کرے گر اچھی نیت سے کوئی کام — کفایت سے ہو وہ کیونکر نہ انجام
ارادہ نیک نیت نیک ہو گر — تو پھر چوری کو جائے چور کیونکر
اگر نیت سے دیں تجّار سودا — تو نکلے کس طرح اُن کا دوالا
جو لیکر قرض سیدھے ہاتھ دیدے — تو اُس پر کیوں عدالت میں ہو دعوے
پڑوسی کی زمیں کو جو نہ چھینے — پھر ہی میں وہ کب خرچے خزینے
نہ ہو باہم اگر کچھ فوجداری — پولس کے ہاتھ سے پھر کیوں ہو خواری
اگر جھگڑے یہیں ہو جائیں فیصل — وکیلوں کیلئے ہم کیوں ہوں بیکل
اگر ہوں نیک سب ہندو مسلماں — نفاق و بغض کا اُٹھے نہ طوفاں
رعایا نیک سلطاں نیک نیت — سپہ رکھنے کی پھر ہے کیا ضرورت
کرو اب غور دلمیں تم خدارا — خردمندوں کو ہے کافی اشارا
بتا دو کونسا فرقہ ہے ایسا — سراسر نیک ہو جو اس طرح کا
جو سچ پوچھو تو یہ کہنا بجا ہے — کہ ایسے جینے سے مرنا بھلا ہے
سُنو اب اپنے فرقوں کی بُرائی — کہ کیا کیا کرتے ہیں اچھی کمائی
کسی کی آرہی چوری پہ اوقات — کوئی ڈاکو بنا کرتا ہے دنرات
جُواری بن کے ہو کوئی تو نگر — گیا تھانہ میں کوئی پھوڑ کر سر
لڑاتا ہے کوئی جھوٹے مقدمے — کسی کو کوئی پھنچاتا ہے صدمے

شکایت بھائی کی کرتا ہے بھائی — کسی نے غیر کی عورت بھگائی
دُکاں دار و نمیں اب رہتی ہے چسمک — ہے زردار و نمیں جھک جھک اور بک بک
جو ہیں ادنیٰ وہ ہیں اعلےٰ کے دشمن — ہر اک ادنیٰ سے ہے اعلےٰ بھی بدظن
کوئی گر تم میں افسر ہو کے آئے — تو وہ اپنے ہی فرقہ کو ستائے
جہاں میں جسقدر ہیں عیب کے کام — دئے ہیں آپکے فرقوں نے انجام
غرض ہے جس جگہ کوئی عدالت — کھُلی ہے اِن شریفوں کی بدولت
یہ اپنا حُسنِ نیت دیکھ لیجے — مرے سچ جھوٹ کا انصاف کیجے
سنو اب کہٹ بنوں کی تم حقیقت — کہ ہیں ہم جس طرح کے نیک نیت
نہیں زانی نہیں ہم میں جواری — نہ بھائی سے لڑیں لینے کو خواری
نہ نالش کر کے ہم جائیں عدالت — نہیں دہرتے کسی پر جھوٹی تہمت
جو ہو جائے کوئی نالش بھی ہم پر — تو اُسکا فیصلہ کرتے ہیں مِلکر
بجز بیگار کے تھانے نہ جائیں — نہ وانے مانگ کر عزت گنوائیں
اِسی باعث سے ہم ہیں نیک انجام — نہیں ہے کہٹ بنوں پر کوئی اِلزام
غرض اچھا بُرا جو کچھ پڑے کام — ہمارے پنچ دیدیتے ہیں انجام
بیاں کب تک کروں سب کچھ عیاں ہے — ہماری قوم سے واقف جہاں ہے
اب اپنے دلمیں تم سوچو ذرا تو — کہ ہم ہیں نیک نیت یا کہ تم ہو
یہ سُنکر اہل جلسہ ہو گئے دنگ — خجالت سے اُڑا چہرہ کا سب رنگ
لگے کہنے تو سچّا ہے برادر — نہیں ہم میں کوئی تیرے برابر
ادا کرنے لگے سب شکر اُس کا — کہ تو سچّا ہے تیرا پیر سچّا

یا مالک

تیسرا حصہ

ساتواں چمن منعم خان کی ولایتی

نظم

کہہ وہی بات جو ہو فائدہ مند	گو نہ آئے کسی بشر کو پسند
آپ اٹھائیگا وہ پشیمانی	بات جس نے بھلی نہیں مانی

کہتے ہیں خاندان تیموریہ میں پہلے یہ طالمانہ دستور تھا کہ حتی الامکان رشتہ داران شاہی کو تخت نشین کسی نہ کسی بہانہ سے مروا ڈالتے تھے۔ اکبر جو بدنصیب خوبی قسمت سے بچگیا تا زیست جلاوطن یا مقید رہا ہا اکثر شاہزادے بطن لال قلعہ کے اندر پیدا ہوئے اور مرتے دم تک بیرون قلعہ نہ آسکے۔ پھولی پھولی ماتا پختیاں کھائیں مگر گیہوں کا درشت دیکھنا نصیب نہوا وہ تو خدا بھلا کرے لارڈ لیک کا جنہوں نے مرہٹونکو شکست دی اور شاہ عالم کو اُنکے قبضہ سے نکالکر ایک لاکھ روپے ماہوار پنشن مقرر کی اور چنچانہ

+ نوٹ غلام قادر نواب غلام خاں روہیلہ کے ہاتھ سے بہت سی بے عزتیاں برداشت کرنے اور آنکھوں سے اندھا ہوجانیکے بعد شاہ عالم مرہٹوں کے ہاتھ میں آیا مرہٹوں نے اسکو بہت دلاسا دیا۔ اور غلام قادر کو گرفتار کرنے کے بعد ناک چھید کر کوڑی ڈالی اور دکان دکان شہر میں بھیک منگوائی ہر دکان پر نچوایا اور جوتیوں سے پٹوایا آخر اسکے ہاتھ پانو کاٹ کر آنکھیں نکال لیں شاہ عالم کی خدمت میں ارسال کیں تاکہ بادشاہ اپنے پیروں میں کچل ڈالیں یہ واقعہ ۱۷۸۸ء میں ہوا اُس سال سے شاہ عالم برائے نام بادشاہ دہلی مگر درحقیقت قلعہ کے اندر مقید رہے جب لارڈ لیک نے ۱۸۰۳ء میں آکر ہ

کیلئے پرگنہ کوٹ قاسم اور باغیت کے متصل چند مواضع پیشکش کئے گئے شاہی عمارات اور سلطانی باغات واگزاشت ہوئے اب بادشاہ کی حالت میں زمین و آسمان کا فرق ہو گیا مقید سلاطین رہائی کے بعد حسب تقرب سلطانی وظیفہ یاب بنائے گئے۔

اُندنونکی بہار شہر کی چہل پہل اور سلاطین و بیگمات کی جوق جوق سواریونکے آگے عید کا میلہ رام لیلا کا اژدحام اور محرم کا ہجوم سب گرد ہے اِدہر اہل قلعہ شہر اور بیرون شہر کی سیر کو نکلے اُدہر شہر والے قلعہ والونکی پیاری پیاری اور بھولی بھولی صورتونکے شاہدہ کو اپنے اپنے گھرونسے چل کھڑے ہوئے اسکے علاوہ کمپنی کی فوج کے پوربیونکا خوشی میں کبیر گانا۔ زرق برق گورونکا سیٹی بجانا۔ صاحبان عالیشان کا سرخ وردیاں پہنکر ہاتھیون پر سوار ہونا۔ ترک سوارونکا اردلی میں خرماں خراماں شہر میں گشت کرنا ایسا نظارہ تھا کہ اسکے مقابلہ میں پھول والونکی سیر پھیکی نظر آتی تھی۔

جو لوگ ستمبر ۱۸۰۳ء میں ستمبر ونکی شکلیں دیکھ دیکھ کر خوش ہو رہے تھے اُنہیں یہ معلوم نہ تھا کہ اسی ستمبر ۱۸۵۷ء میں چونسٹھ برس کے بعد قلعہ اُجڑ جائیگا بادشاہ مقبرہ ہمایون میں جا چھپیگا اور شہر کے لوگ

نوٹ بقیہ صفحہ ۱۔ فتح کر کے مرہٹوں کو بمقام پیٹر گنج جو دہلی سے چھ میل کے فاصلہ پر واقع ہے شکست فاش دی مرہٹے دہلی اور قلعہ کو فوراً خالی کر کے دکھن کی طرف بھاگ گئے اسوقت شاہ عالم نے لارڈ لیک کو پیغام بھیجا کہ ایسا جناب کو پناہ انگریزی ملے لہذا لارڈ لیک ۱۴ ستمبر ۱۸۰۳ء کو داخل شہر دہلی ہوئے اور شاہ عالم کو پنشن خوار سرکار انگلشیہ مقرر فرمایا۔

نوٹ یہ مقبرہ جس میں ہمایون بادشاہ والد اکبر دفن ہیں عربسرائے کے قریب شہر دہلی کے جنوب میں واقع ہے ۹۷۳ھ میں بننا شروع ہوا۔ اور نو سو برس میں بنا۔ ۱۵ لاکھ کے صرف سے تیار ہوا گو باغ متعلقہ عمارت ویران ہے مگر اس عمارت کے دیکھنے والے حیران رہتے ہیں کہ ایسے کاریگر ہندوستان میں بھی کسی وقت موجود تھے کسی شاعر نے اس عمارت کی تعریف میں یہ شعر کہا تھا ؎

گر کہ میخواہد کہ بیند شکل فردوس برین	گو بیا ایں قصر و ایں باغ ہمایوں را ببیں

جان بچانے کیلئے ویرانونمیں ٹھکانا ڈھونڈھتے پھرینگے اُسوقت بہت تھوڑے باشندہ جو چھپے ہوئے شہر میں رہگئے تھے اُنکی آواز تک نہیں سُنائی پڑتی تھی محلونمیں جہاں تہاں مُردونکی لاشیں سڑ رہی تھیں اور محلّوں کے ہر ایک دروازہ پر گورونکے پہرے تھے بازارونمیں سوا اِنکے کوئی متنفس دکھائی نہیں دیتا تھا اس خوفناک حالت کے بیان کرنے سے زبان قاصر ہے سچ تو یہ ہے کہ نہ شاہ عالم کے چاہنے سے انگریز آئے نہ بہادر شاہ کی خواہش سے کالوں نے خون بہائے جہان میں جو کچھ ہوتا ہے اُسی خلّاق عالم کے اشارہ سے ہوتا ہے بقول نظیر ؎

یہ کون جانے کہ کل کیا اور آج ما کو کیا کریگا	کسے بگاڑے کسے سنوارے کسے لنڈھاوے کسے بھریگا
کسیکے گھر کون ہوگا پیدا کس کے گھر کو نسا مریگا	کسی کو ہرگز خبر نہیں ہے کہ کیا کیا اور کیا کریگا

پڑے بھٹکتے ہیں لاکھوں دانا کروڑوں پنڈت ہزاروں سیانے
جو خوب دیکھا تو ہارے آخر خدا کی باتیں خدا ہی جانے

جب غلام قادر نے شاہ عالم کی آنکھیں نکال لیں بظاہر اُسیوقت چراغ خاندانِ تیموریہ گُل ہو چلا تھا مگر یہ چراغ پندرہ برس تک مرہٹونکے ہاتھونمیں ٹمٹماتا رہا آخر جسطرح مرتے وقت آدمی سنبھالا لیتا ہے لارڈ لیک نے اُسکی بتی اُکسائی جس سے شاہ عالم نے اخیر عمر اچھی طرح کٹی پھر مرضی الٰہی سے غدر کی کالی گھٹا اُٹھی کالے آئے بہادر شاہ سے قلعہ چھُٹا جلاوطن ہوئے اور اُنکی وفات سے یہ چراغ ہمیشہ کیلئے ۱۱ر نومبر ۱۸۶۲ء کو بمقام رنگون بجھ گیا۔

تاریخ وفات بہادر شاہ

بہ اج الدین بوظفر سافروہ سوئے جنت ہوا روانہ	کہ جسکے باعث سے خوشی سے جھلک رہا تھا ایاغ دہلی
چراغ دہلی جلوس کا سال ہے سواب بھی مطابق اِسکے	سروشِ غیبی نے سال رحلت کہا بجھا ہے چراغ دہلی ۱۲۷۹ھ

القصہ نیک سلاطین ایام قید میں اپنا وقت تحصیل علوم و فنون اور یاد الٰہی میں گزار کر فاضل

اور کامل بے بدل بنے اور بد طینت و بد صحبت لہو و لعب میں مشغول ہو کر ننگ خاندان ہوئے کوئی طبلہ بجانے میں فائق اور کوئی گانے بجانے کا شائق۔

مرہٹے شاہ عالم کو صرف بارہ ہزار روپیہ ماہوار دیا کرتے تھے جسکو غلام قادر کی تعدی کے نسبت غنیمت سمجھا گیا تھا مگر حالت یہ تھی کہ طویلہ میں صرف ایک ہاتھی اور چند گھوڑے اور سو ڈیڑھ سو سوار اور پیادے تو پخانہ اور دیگر سامان گودام میں بند پڑا تھا عید بقر عید کی جلوس میں سیٹھ ساہوکار وں کے گھوڑے طلب ہو کر سواری نکلا کرتی تھی شاہ جی (ایک فقیر صاحب مرہٹوں کی طرف سے دلی کے صوبہ دار تھے سلاطین کو مطبخ سے فی کس چار روٹیاں اور قدرے چنے کی دال ملا کرتی تھی اور آٹھویں روز چنے کی دال کا قلیہ تقسیم ہوتا تھا۔ بادشاہ قلعہ کے تسبیح خانہ میں بیٹھے رہا کرتے تھے۔ دیوان خاص و عام میں چمگادڑوں اور بابیلوں کی حکومت تھی اب بادشاہ سلامت کو انگریزی خزانہ سے ایک لاکھ ہوا ملنے لگا رفتہ رفتہ حیثیت رونق پذیر ہو گئی۔ غدر میں اس احسان کا بدلا جو کچھ دیا گیا ہے اس کتاب سے تعلق نہیں رکھتا سارا جہان واقف ہے۔

علی ہذا القیاس فسان دربار شاہی بد عملی کے باعث نہایت تنگ تھے مرزا رفیع السودا ملک الشعرا ہند نے اسوقت کی حالت کو اپنے ایک مخمس میں اچھی طرح ادا کیا ہے ؎

کہا میں آج یہ سودا سے کیوں تو ڈانواں ڈول	پھرے ہے جا کہیں نوکر ہو لیکے گھوڑا مول
لگا وہ کہنے یہ اسکے جواب میں دو بول	جو میں کہونگا تو سمجھیگا تو کہ ہے یہ ٹھٹول
بتا کہ نوکری ملتی ہے دیر یوں یا توں	
سپاہی رکھتے تھے نوکر امیر دولتمند	سو آمد انکی تو جاگیر سے ہوئی ہے بند
کیا ہے ملک کو مدت سے سرکشوں نے پسند	جو ایک شخص ہے بائیس صوبہ کا خاوند
رہی نہ اسکے تصرف میں فوجداری کول	

قوی ہیں ملک میں مفسد امیر ہیں سو ضعیف
کہے کہاں جو ہمیں دیکھے ہوں انہوں سے حریف[۵۱]
نہ کچھ ربیع میں حاصل نہ در بیان خریف
جو عامل اب ہیں محالات پر تو ایسے نحیف[۵۲]
کہ جسطرح کسی حاکم کے گھر کنوار ہو اول

بس انکے ملک کا نظم و نسق[۵۳] جو یوں ہو تباہ
کہ کوہ زر ہو رعیت میں تو ندیں پر کاہ
جگہ جگہ کو نسی نوکر رکھیں یہ جسپہ سپاہ
کہاں سے آویں سپاہی کریں جو پیش نگاہ
کدھر سوار جو پیچھے چلیں[۵۴] باندھکے غول

رہی فقط عربی باجے پر انہوں کی شان
جو چاہیں اسکو نہ بجوا ویں یہ تو کیا امکان
پر انکا فکر ہے تخفیف خرچ پر ہر آن
رہیگا حال اگر ملک کا یہی تو ندان[۵۵]
گلے میں طاشہ کہار ونکے پالکی میں ڈھول

امیر سب جو ہیں دانا انہونکی ہے یہ چال
ہوئے ہیں خانہ نشیں دیکھکر زمانہ کا حال
بجھی ہے سوزتی تو جا[۵۶] کھڑا جلے ہے رومال
حضور بیٹھے ہیں اک دو ندیم[۵۷] اہل کمال
دھرا ہے سامنے اک پیکدان اک تنبول

پچارکھی ہے سلاطینوں نے یہ توبہ دھاڑ
کوئی تو گھر سے نکل آئے ہے گریباں پھاڑ
کوئی دراپنے پہ آدیدے مارتا ہے کواڑ
کوئی کہے جو ہم ایسے ہی چھاتی پر ہیں پہاڑ
تو چاہیئے کہ ہمیں سب کو زہر دیجیئے گھول

غرض مآل[۵۸] ہے اس گفتگو سے یہ میرا
کہ بے زری نے جب ایسا گھر آن کر گھیرا
تو کوئی قصد[۵۹] کرے نوکری کا بہتیرا
نہیں یہ فائدہ کچھ تا وہ چھوڑ کر ڈیرا
کرے نہ عزم[۶۰] سوئے اصفہان و استنبول

سخن جو شہر کی ویرانی سے کروں آغاز
تو اسکو سنکے کریں ہوش چند کے پرواز

۵۱ مقابل ۱۲
۵۲ کمزور ۱۲
۵۳ بندوبست ۱۲
۵۴ آخر کار ۱۲
۵۵ ملازم مخلص ۱۲
۵۶ دوست ۱۲
۵۷ ۱۲
۵۸ ۱۲
۵۹ ارادہ ۱۲
۶۰ کرے ارادہ ۱۲

نہیں وہ گھر نہو جس میں شغال کی آواز | کوئی جو شام کو مسجد میں جائے بہر نماز
تو وہاں چراغ نہیں ہے بجز چراغ غول

غرض میں کیا کہوں یارو کہ دیکھکر یہ قہر | کروڑ مرتبہ خاطر میں گزرے ہے یہ لہر
جو ٹک بھی اس دل اپنے کو دیوے گردش دہر | تو بیٹھ کر کہیں یہ روئیے کہ مردم شہر
گھر و نسے پانی کو باہر کریں جھکول جھکول

بس اب خموش ہو سودا کہ آگے تاب نہیں | وہ دل نہیں کہ اب اس غم سے جو کباب نہیں
کسی کی چشم نہو گی کہ وہ پر آب نہیں | سوائے اسکے تری بات کا جواب نہیں
کہ یہ زمانہ ہے اک طرح کا زیادہ نہ بول

اس زمانہ میں محمد قایم خاں ایک شاہی منصب دار تھے جنکو محدود آمدنی کے باعث اتنا مقدور نہ تھا کہ گھوڑا رکھہ سکیں مجبوراً دربار شاہی میں آٹھویں دن کرایہ کے گھوڑے پر سوار ہو کر جایا کرتے تھے قایم خاں کا بیٹا اعظم خاں دس بارہ برس کی عمر میں نہایت ذہین اور کھیل کود سے متنفر تھا قایم خاں نے اعظم خاں کو بہت اچھی تعلیم دی اکثر فاضل اور عالم سلاطین کی صحبتوں میں بار یاب کرایا لڑکے نے چند روز میں فارسی عربی اور منطق و ریاضی میں اچھی مہارت پیدا کرلی جب یہ سن بلوغ کو پہونچا قایم خاں نے رحلت کی اعظم خاں وارث قرار پایا اسے دربار شاہی سے باپ کی جانشینی کا خلعت عطا ہوا

اعظم خاں کے ہاں چالیس برس کی عمر میں منعم خاں پیدا ہوا اعظم خاں کا خیال تھا کہ جسقدر علم میں نے حاصل کئے ہیں سب منعم کو سکھاؤں اور اسکے علاوہ پادری صاحب سے انگریزی بھی پڑھوائوں چنانچہ پہلے قران شریف حفظ کرایا بعدہٗ فارسی عربی پڑھا کر فن خیاطی کی تعلیم کیلئے منعم کو شیخ رحیم اللہ خیاط کی شاگردی میں بٹھا دیا ایکدن منعم نے اپنے باپ سے کہا ابا جان کیا خیاطی سکھانے سے آپکا یہ مطلب ہے کہ میں محلہ در محلہ "کام درزی کا" کہتا پھروں"

اعظم خاں "نہیں بیٹا یہ مطلب نہیں بلکہ میرا منشا تو یہ ہے کہ تجھکو بزمرۂ سپاہیان جو ہمارے آبا و اجداد کا پیشہ ہے نوکر کراؤں یہ فن بطور داشتہ آید بکار سکھائے دیتا ہوں یوروپ میں اکثر اہل علم پیشہ ور ہیں صاحب علم ہونیسے پیشہ کو بہت کچھ مدد ملتی ہے یہ علم ہی کا طفیل[۱] ہے کہ اہل یوروپ تجارتی اشیا کی اشاعت کیلئے کیسے کیسے دل لبھانے والے اشتہارات شایع کرتے ہیں کہ پڑھنے والیکا جی للچا جاتا ہے اور بلا ضرورت خریدنے پر آمادہ[۲] ہو جاتا ہے یہ بات تمہارے ملک میں کہاں ہندوستان میں تیلی تنبولی ایر فقیر سب اس غرض سے پڑھتے ہیں کہ سرکاری نوکر ہو کر کرسی نشین ہو جائینگے بیوقوف یہ نہیں سمجھتے کہ بیس پچیس ہزار بلکہ اس سے بھی کچھ زیادہ طالبعلم ہر سال کامیاب ہو کر بتلاش روزگار مارے مارے پھرا کرتے ہیں۔ بھلا اتنوں کیلئے سرکاری دفتر و نمیں کیونکر جگہ نکل سکتی ہے اسلئے لازم ہے کہ تحصیل علم صرف روشن ضمیری اور روشنی خیالات کے لحاظ سے ہو اسکے ساتھ ہی کوئی دستکاری[۳] بھی آجائے تو اسکو علم سے رونق اور مدد ملیگی اور اگر کسی دفتر میں نوکری ہاتھ آگئی تو فبہا[۴]۔ مگر اسے کون سمجھتا ہے۔ بزاز کا لڑکا جب انگریزی پڑھگیا تو اسکو دکان پر بطریق سیر جانے سے بھی شرم آتی ہے چہ جائیکہ خود گز سنبھالے تمکو خیاطی سکھانا اسلئے ضرور ہے کہ قطع و برید جانے بغیر خیاطوں کی چالاکی سے واقف ہونا دشوار ہے

منعم خاں۔ خطا معاف۔ ابا جان میں پہلے آپکا منشا نہیں سمجھا تھا اب سمجھگیا۔ تہ دل سے شکریہ ادا کرتا ہوں اسپر اعظم خاں نے بیٹے کو چھاتی سے لگالیا"

اب پادری ٹامسین صاحب ایک گھنٹہ کیلئے اعظم خاں کے گھر آنے لگے اور منعم نے

---

[۱] **نوٹ** جرمنی میں دستور ہے کہ ہر شخص کے لئے کوئی نہ کوئی فن سیکھنا ضروری امر ہے چنانچہ والد قیصر حال داماد ملکہ معظمہ مرحومہ مرحوم کو فن جلد سازی میں کمال حاصل تھا ہندوستان کے لڑکے ذرا کسی کھاتے پیتے کے فرزند ہوں اپنے ہاتھ سے کام کرنا گوارا نہیں کرتے پھر ہندوستان کی بہبودی کس طرح ہو۔

انگریزی شروع کردی چند مدت میں اتنی لیاقت حاصل کرلی کہ پادری صاحب سے انگریزی بولنے اور اُردو سے انگریزی میں اور انگریزی سے اُردو میں ترجمہ کرنے لگا۔"

۱۲ پھر یہ ٹھیری کہ رات کو اعظم خاں چند نصیحت آمیز مسائل گھر والونکو سُنا کریں یہاں منعم کتب سے نوٹ لینے کے بعد جمعہ کے دن مجمع میں دہرایا کریں اُس نوٹ بک کی نقل بطور ضمیمہ ہدیۂ ناظرین ہے۔" (دیکھو ضمیمہ)

۱۳ اعظم خاں کے گھر اُلکا ایک دوست ایسے وقت آیا کہ اعظم خاں گھر میں نہ تھے منعم نہاں نے اُنکو اِس سے پہلے کبھی نہ دیکھا تھا مگر آنے والے کی حد سے بڑھکر تواضع کی اور بہت ادب سے عرض کرنے لگا کہ ابّا جان مسجد گھٹی محلہ میں ایک کتاب کی جلد بند ہوانے گئے ہیں آدھ گھنٹہ میں واپس تشریف لائینگے آپ کچھ حکم کریں میں تعمیل ارشاد کیلئے حاضر ہوں اُسنے کہا میں پیاسا ہوں پانی منگالو۔ لڑکے نے کہا بہت اچھا لایا۔ زنانہ میں جاکر بہت دوا دولوں کا شربت کرلایا اور ہاتھ پونچھنے کیلئے ایک رومال پیش کیا۔"

مہمان "بیٹا تم بے پوچھے شربت لے آئے۔"

لڑکا "خطا ہوئی پانی اجازت سے لے آؤنگا غرض منعم نہاں کی طرز گفتگو ادب اور ملاقات سے وہ شخص بہت خوش ہوا پوچھا کہ تم کس شغل میں رہتے ہو۔"

لڑکا "حضرت مجھکو قرآن شریف حفظ ہے فارسی میں مع نثر ظہوری اور عربی میں شرح ملا پڑھتا ہوں سلائی کا کام سیکھتا ہوں اور پادریصاحب سے مُنہ سے نکلا تھا کہ اعظم خاں آگیا لڑکا کہتے کہتے چپکا ہوگیا۔

اعظم خاں "تم جو کہتے کہتے چپکے ہورہے یہ داخل ادب ہے مگر میں تمکو اجازت دیتا ہوں کہ بات پوری کرلو۔ تا عدہ کی رو سے اگر میں اجنبی ہوتا اور دو شخصونکو بات کرتے دیکھتا تو کنارہ کش ہوجاتا اور اگر ضرورت ہوتی تو اُنکی اجازت لینی پڑتی مگر میں تمہارا باپ ہوں اسلئے

بے تامل چلا آیا۔ اسکے بعد مہمان کیطرف مخاطب ہو کر کہا علی نقی صاحب تسلیم۔ آپ لڑکے سے گفتگو کریں میں کپڑے اُتار کر حاضر ہوتا ہوں چنانچہ اعظم خاں گھر میں چلا گیا۔ منعم نے کہا پادری صاحب گھنٹہ بھر انگریزی پڑھاتے ہیں میں انگریزی بول لیتا ہوں کچھ ترجمہ کر لیتا ہوں اور علی الصباح گھوڑے پر سوار ہو کر ہوا کھانے جایا کرتا ہوں پھر بطور ورزش جوڑی ہلاتا ہوں"

علی نقی "صاحبزادے تھوڑی دور پیدل بھی چلا کرو"

منعم "جناب میں یہاں سے تو سوار ہو کر جاتا ہوں لیکن گھوڑا جب دو تین میل پر سرپٹ نکلا جاتا ہے تو اُسے چرنے کیلئے چھوڑ دیتا ہوں اور خود ٹہلتا رہتا ہوں اتنے میں سائیس آجاتا ہے آگے آگے میں اور پیچھے پیچھے گھوڑا پا پیادہ گھر چلا آتا ہوں"

علی نقی "شاباش ایسا ہی کیا کرو"

۱۴ اتنے میں اعظم خاں گھر سے نکلکر علی نقی کے پاس آبیٹھے اور یہ سمجھا کہ منعم نے علی نقی کو کبھی نہیں دیکھا شاید اُس سے خاطر داری میں کچھ قصور ہو گیا ہو پوچھا میر صاحب تمکو کچھ تکلیف تو نہیں ہوئی"

علی نقی "بھائی جان تمہارا لڑکا تو بڑا سعادتمند ہے میں اُسکی مدارات سے نہایت خوش ہوا ایک یہ ہے چشم بد دور اور ایک ہمارا لڑکا ہے محض ناخلف"

اعظم خاں "ہیں تمہارا لڑکا اور ناخلف۔ اسکا سبب"

علی نقی "ماں کا لاڈ۔ اوّل ہی سے بات بات پر بہٹ۔ گیارہ برس کی عمر ہے لیکن مجھ تک کو بالائے طاق رکھتا ہے میں کچھ بولتا ہوں تو اُسکی ماں ایک کی سو سُناتی ہے چار روز ہوئے میر مشتاق علی وکیل میرے غریب خانہ پر آئے دیوانخانہ میں میرا لڑکا اور لڑکوں کیساتھ بھاگ دوڑ کر رہا تھا ایک طرف امرود کا خرشی حقہ معہ چلم ٹوٹا پڑا تھا اور ایک طرف مٹی کا بدنما لٹو کا ہوا تھا میر صاحب نے کہا میاں لڑکے تمہارے باپ کہاں ہیں لڑکے نے اوّل تو

جواب ہی نہیں دیا مگر جب مکرر پوچھا تو بڑی بے ادبی سے بولا جانے میری بلا کہاں ہیں میں کیا اُنکے پیچھے پیچھے لگام لئے پھرتا ہوں یہ کہکر اندر بھاگ گیا اور لڑکو نے کہہ گیا کہ ہن دُبال کو ٹلجانے ہو تھوری دیر کے بعد آجانا ۔

۱۶ مُشتاق علی بڑے لئے گئے قریب تھا کہ واپس چلے جائیں مگر میں اُسوقت آگیا میر صاحب نے کہا کہ تم نے اپنے لڑکے کو تربیت تو خوب دی ہے نہ سلام نہ آداب اور جو کچھ پوچھا گیا تو اوندہا جواب ۔ میں نے عرض کیا کہ میاں میرا کچھ بس نہیں چلتا اُسکے ماں کے لاڈ نے خراب کر رکھا ہے ۔ خیر میر صاحب افسوس ظاہر کرنیکے بعد ضروری گفتگو کرکے رخصت ہوئے ۔

۱۷ میں گھر میں گیا اور لڑکے کی نالائقی اُسکی ماں سے بیان کی وہ نیکبخت کہنے کیا ہے کہ لوگ یونہیں عیب لگایا کرتے ہیں ابھی ہمارے لڑکے کی عمر ہی کیا ہے اپنی عمر پر سب کچھ سیکھ جائیگا تم لوگونکے کہنے سُننے کا کچھ خیال نہ کیا کرو ۔

۱۸ بھائی اعظم تمہاری بیوی لڑکے کی تربیت میں حارج کیوں نہیں ہوئیں ۔

اعظم ۔ میر صاحب میری بیوی گویا عطیۂ ایزدی ہے جب سے شادی ہوئی ہے کوئی دن ایسا نہیں کہ وہ مجھسے یا میں اُنسے ناخوش ہوا ہوں برادری اور رشتہ دار و ملنے ملین کی بابت کبھی سلاست روی نہیں چھوڑی اور جو کبھی کسی ہمسائی نے کہا کہ بی اسمیں تو تمہاری ناک کٹتی ہے تو جواب دیدیا کہ میاں مجھسے زیادہ عقل رکھتے ہیں کیا اُنکو اپنی ناک کا خیال نہوگا آدمی کو اپنی بساط کے موافق کام کرنا چاہیئے تم اس معاملہ میں دخل نہ دو میری گھر والی نہایت عقیل اور شیریں زبان ہے اس زمانہ کی عورتوں کیطرح اُنکے مُنہ سے مینے کبھی گالی یا کوسنا

+ نوٹ ملک جرمنی اور سوئٹزرلینڈ میں انسان دوست آدمیوں نے پنچایت قائم کرکے علاجی کارڈ کے اجرا کا انتظام کر رکھا ہے اکثر مرد عورت گشت کرتے پھرتے ہیں جہاں کسی کو گالی گلوچ قسم قسمی یا کوسا کاٹی کرتے سنا ۔ بقیہ صفحہ ۱۱

سُنا۔ نوکروں چاکروں سے حکمت عملی کیساتھ کام لیتی ہیں اور تیج تہوار کو سب سے پہلے فراغ دلی سے اُنہیں حصّہ دیدیتی ہیں ماتحتوں کا زیر کرنا مشکل ہی کیا ہے شیریں کلامی اور محنت کی داد اور وقت پر امداد۔ سو اُنکو اللہ نے پہلے ہی سکھا کر بھیجا ہے اسلئے میرے اُنکے درمیان کبھی شکر رنجی نہیں ہوئی

۱۹ منعم کوئی سوا برس کا ہوا ہوگا کہ پہلے سلام کرنا اور مزاج پوچھنا سکھایا۔ پاس پڑوس کے بچوں کی طرح اسے یہ تعلیم نہیں دیگئی کہ اُسکو مار آ اور اُسپر تھوک دے یہ بالکل اوندہی تعلیم ہے کہ جہاں بچہ کچھ کچھ سمجھنے لگا گھر والوں نے اُلٹا سبق پڑھانا شروع کردیا کہ گالیاں سکھائیں اور کسینے لقوہ مارے کیطرح ٹیڑھا مُنہ کرکے پوچھا کہ "تیری ماں کا مُنہ کیسا ہے" بچہ کی جانے بلا کہ ٹیڑھا سیدھا کیا ہوتا ہے جیسا دیکھا ویسا سیکھ گیا اور جھٹ اپنا مُنہ ٹیڑھا کرکے ماں کے چہرہ کی فرضی تصویر کھینچ دی۔ گو لڑکپن میں چھوٹے چھوٹے لڑکوں کی بُری باتیں اچھی معلوم ہوتی ہیں مگر جب بڑے ہوجاتے ہیں تو اُنسے چھٹ نہیں سکتیں اور بڑوں کو بجائے خوشی کے رنج اور شرمندگی حاصل ہوتی ہے غرض میری گھر والی نے ایسی باتیں نہیں سکھائیں۔ جب منعم کو ذرا ہوش آیا تو تعلیمی تماشہ منگوا دیا حرف شناسی اسی کھیل میں آگئی دوسری تعلیم یہ تھی کہ دوسرے کے گھر جائے تو رکھی ہوئی چیز ہرگز نہ مانگے کوئی کچھ دے تو بلا اجازت ہرگز نہ لے اور اپنے سے بڑوں کے سامنے بالا نشین ہو یعنے بڑے فرش پر بیٹھے ہوں تو تم کرسی مونڈہ یا چارپائی پر نہ بیٹھو یہ عوام الناس ہی کے لڑکے ہیں کہ جہاں کھانیکی چیز دیکھی مچل گئے خونچہ والا آیا ٹوٹ پڑے کھلونہ والیکو دیکھا سر پیٹنے لگے ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ جب لڑکا سات برس کا تھا میری چھوٹی سالی غازی آباد سے آئیں سب سے سلام اور لڑکے کو پیار کرکے پلنگ پر لیٹ گئیں اور منعم اور اسکی والدہ سند پر بیٹھی رہیں

فوٹ بقیہ صفحہ ۱۰۔ فوراً ایک کارڈ اسکے حوالہ کردیا۔ اسمیں یہ درج ہوتا ہے کہ تم بدزبانی کو خلاف حکم خدا کام میں لارہے ہو آئندہ کو مُنہ بند ہوکر اس عادت کو ترک اور حسب حیثیت کچھ بطور جرمانہ کے محتاج خانہ میں بھیجکر اس سوسائٹی کو ممنون کرو۔

لڑکے نے اپنی ماں سے کان میں کہا کہ خالہ تم سے بڑی ہیں یا کہ چھوٹی جو بدیا چھوٹی۔ سالی نے پوچھا کہ منعم کیا کہتا ہے بولی کہ تمہاری شکایت کرتا ہے کہ تم مجھ سے چھوٹی ہو کر پلنگ پر لیٹ گئیں بے ادبی میں داخل ہے اسپر منعم کی خالہ نے پلنگ سے اُتر کر منعم کو چھاتی سے لگا کر پیار کیا اور کہا کہ میں گاڑی کی سواری میں آئی تھک گئی تھی اپنے بٹوہ سے نکالکر ایکروپیہ یا اور مسند پر آکر لیٹ گئیں جب روپیہ دینے لگیں منعم نے اپنی ماں کیطرف دیکھا اُسنے کہا کہ روپیہ لیلو اور آداب بجالاؤ میر صاحب یہ ذرا اور بڑا ہو جائے تو محکمہ فوجداری میں بھرتی کرانے کا ارادہ ہے میر کرامت علی دہلوی کو توال انبالہ کہتے تھے کہ پہلے نجیبوں میں بھرتی ہو کر کچھ دن تھانہ میں قانون اور قواعد سیکھنی پڑیگی پھر حسب لیاقت ترقی ہو جائیگی"

علی نقی "تم بڑے خوش نصیب ہو کہ اللہ نے ایسی نیک بیوی اور پھر ایسا سعادتمند لڑکا عنایت کیا اللہ تعالےٰ اسے زندہ رکھے اور تم اسکی کمائی کھاؤ" منظم

نیک بیوی ہو جس کسی کے گھر	اُسپہ ہے لطفِ ایزدی کی نظر
رہے مستور جو زنِ خوشرو	وہ مدے اُسکے ہے بہشت میں شور
خوش بیاں اور پارسا ہے اگر	کرنہ تو حسنِ ظاہری پہ نظر
چھوڑ خوشروئے زشت طینت کو	ڈھونڈ بدروئے نیک سیرت کو
ہے زنِ نیک خواہ راحتِ جاں	زنِ بد سے پناہ دے یزداں
عید سے کم نہیں سفر اُس کو	جس کی گھر والی ہوتی ہے بدخو
درِ شادی کرا اُس سرائے کا بند	جس سے گھر والی کی صدا ہو بلند
وہ جو رکھتی ہے جہل و کذب و دغا	زن نہیں تیرے واسطے ہے بلا
نہ رہے زن اگر ٹھکانے پر	طعن لوگوں کے مرد پر اکثر
رہے بے کفش گر ہے جوتی تنگ	رہ سفر میں اگر ہے گھر میں جنگ

۲۰ علی نقی نے کہا بھائی جان میں تو جیتے جی دوزخ میں ہوں میری گھر والی نہایت بدمزاج ہے ہر وقت تیوری چڑھی ہوئی بات بات پر تکرار کہیں سے حصہ آئے تو فضل میں بند اور جیب کھانیکے لایق نرہے تو مہتر کے حوالے نوکر دنسے تُرشرو ہمسایو نسے بدخو۔ لڑکے کو ایسا لاڈ پر چڑھایا ہے کہ بیان نہیں کرسکتا مجھسے بھی گستاخیاں کرنے لگا۔ مگر منعم کیلئے محکمہ فوجداری کی تجویز اچھی نہیں معلوم ہوتی"

اعظم "کیوں بھائی اسمیں کیا قباحت ہے"

علی نقی "بھائی فوجداری کا محکمہ کھائے تو بدنام نہ کھائے تو بدنام بے جھوٹ فریب کام ہی نہیں چلتا اگر تمنے اپنے لڑکے کو رستباز بنایا ہے تو وہانسے نالایق ہوکر نکلیگا اسمیں ذرا بھی شک نہیں"

اعظم "نہیں بھائی مینے تو آزمایش کیلئے یہ محکمہ تجویز کیا ہے تاکہ یہ معلوم کرلوں کہ محکمہ فوجداری کو بدنام کرنا درست ہے یا نہیں"

۲۱ اعظم خاں قابل عطار کے کوچہ میں رہتے تھے یکایک اُنکی بیوی ہیضہ میں مرگئی دوسرے روز ماماے ہیضہ کیا۔ اعظم خاں مکان بدلکے ڈومونکی گلی میں آرہے اور اپنا مکان جو قابل عطار کے کوچہ میں تھا کرایہ کو دینا تجویز کیا چونکہ اسمیں ہیضہ سے متواتر دو موتیں ہوچکی تھیں کسی نے کرایہ پر لینا منظور نہ کیا آخر اسباب رکھنے کیلئے ایک آچار والے نے بہت ہی کم ماہوار پر لیا"

+ نوٹ مندرجۂ بالا واقعہ غدر کے تیس چالیس برس پہلے کا ہے مگر ۱۸۹۲ء میں ماہ رمضان نیچوں بند اور قابل عطار کے کوچہ رائے مان کی گلی اور ریوڑی کے کٹرہ میں ایسا ہیضہ پھیلا کہ سینکڑوں اہل اسلام مرگئے اور بعضے گھروں کو قفل لگ گئے قدرت ایزدی سے شہر دہلی میں انہیں خاص محلوں کے سوا اور جگہ بیماری نہ تھی۔ ڈاکٹر اور حکیموں نے خاص سبب دریافت کرنے کی کوشش کی مگر کچھ پتا نہ لگا ۵

تُم سے نہ سوچا جائیگا ہرگز خدا کا بھید	مالک کا بھید خالق ہر دوسرا کا بھید
بھید و نکو اسکے پائے کہاں آدمی کی عقل	کیا جانے اُسکے راز نہاں آدمی کی عقل
یہ خاصہ ہے صرف خدا ہی کی ذات کا	جو اصل بھید سمجھے ہے ایک ایک بات کا

۲۲ چند ماہ بعد منعم اور اسکی بہن فاطمہ کی شادی ٹھیری ایک ہی خاندان میں بات چیت ہوئی یعنے فاطمہ کی نند منعم سے اور منعم کا سالا فاطمہ سے منسوب ہوا اب کسی بڑے مکان کی تلاش ہوئی قریب میں ایک جاگیر دار رہتے تھے تجویز ہوئی انکا دیوانخانہ جو بہت عالیشان تھا مانگ لیا جائے اعظم خاں کی انسے ملاقات نہ تھی اسلئے اپنے پڑوسی جنگ باز خاں منشی خوار رسالہ دار رسالہ سکندر صاحب سے ذکر کیا۔ انہوں نے جواب دیا کہ راجہ جیسنگھہ رائے سے میری ملاقات ہے چلو میں لئے چلتا ہوں مکان کا بندوبست ہو جائیگا۔ وہ بڑے خلیق اور قابل ملاقات رئیس ہیں خاصکر مسلمانوں سے تو بہت ہی محبت سے ملتے ہیں سنا ہے کہ خفیہ طور پر مذہب اسلام قبول کر لیا ہے۔ چنانچہ وہ دونوں راجہ صاحب کے پاس آئے۔ راجہ صاحب بہت خلق سے ملے اور اپنی بارہ دری دینی منظور کرکے یہ کہا میں اپنے ہی فراشوں سے فرش فانوس وغیرہ درست کرا دونگا آپ موم کی بتیاں بھیجدیجیگا اور بعد اعظم خاں سے کہا کہ یہ شادی نہایت مبارک ہے کہ جسکے سبب آپ کی خدمت میں نیاز حاصل ہوا پھر جنگ باز خاں کی طرف رخ کرکے بولے کہ آپ خانصاحب کو کبھی گیارہویں یا بیسویں کی نیاز میں نہیں لائے یہ شکایت آپ پر ہے مگر اب نہ بھولنا اور اعظم خاں کیطرف متوجہ ہوکر کہا کہ خانصاحب میرے غریب خانہ پر گیارہویں بیسویں کو میران پیر دستگیر حضرت علی کی نیاز ہوتی ہے سب احباب تشریف لاکر رہون منت فرماتے ہیں چونکہ آپ پڑوس میں تشریف رکھتے ہیں اور ہمسائے ماں جائے کے برابر ہیں اسلئے توقع ہے کہ آپ سرور رسالہ دار جی کے ہمراہ گیارہویں اور بیسویں کو تشریف لایا کرینگے اعظم خاں نے عرض کیا کہ بندہ بسر و چشم حاضر ہوگا۔

۲۳ معین تاریخ پر شادیاں ہوگئیں اور باہم کسیطرح کی رنجش نہونے پائی کیونکہ دونو طرف والے بڑے لائق تھے دونوں جگہ بڑی دھوم سے محفلیں ہوئیں شہر کے سب رؤسا شریک محفل ہوئے اعظم خاں کی محفل راجہ جیسنگھہ رائے کی اور طرف ثانی کی محفل عالیہ بیگم کی بارہ دری واقع سورجدروازہ میں منعقد ہوئی

۲۴ بعد فراغت اعظم خان نے میر کرامت علی کو تو ان انبالہ کو لکھا کہ اب لڑکے کی ناخن بندی خوجداری میں ہو جانی چاہیئے۔ جواب آیا کہ بڑے دن کی چھٹیوں میں بندہ دہلی آئیگا تب جیسا ہوگا عرض کرونگا وہ خط منعم کو دکھلایا گیا اُسنے عرض کیا کہ میں ہر طرح حاضر ہوں لا

۲۵ کرامت علی حسب وعدہ تعطیل میں آئے اور ایک دوست کے ہاں فروکش ہوئے اعظم خان سے ملاقات کی اور منعم کو دیکھکر نہایت خوش ہوئے ماشاء اللہ خوبصورت اٹھارہ انیس برس کا سن سبزہ آغاز سلیقہ شعار خوش پوشاک خوش وضع اسکے علاوہ اعظم خان سے معلوم ہوا کہ فارسی عربی میں منتہی اور انگریزی میں اچھی طرح کام کرنیکے لائق۔ میر صاحب کے دل میں منعم کی جگہ ہو گئی اعظم خان سے کہا کہ آپکا لڑکا جاتے ہی بھرتی ہو جائیگا چندے آپسے جدائی تو ہوگی مگر بعد میں ہمیں تبدیلی کرا دیجائیگی لڑکا صاحب علم ہے بعد ترقی پاکر تھانہ دار ہو جائیگا منعم یہ سنکر بہت خوش ہوا اور یہ کہا کہ ابا جان اگر دلی میں تھانہ دار ہو گیا تو میری بڑی حکومت ہو جائیگی سارا شہر سلام کریگا اور سب کام مجھسے نکلیگا

۲۶ اعظم۔ بیٹا بو حکومت پاکر تین باتیں بہت کرتا ہے (۱) رحم (۲) انصاف (۳) راستی

منعم۔ ابا کے لڑکے نے جو کچھ آپسے سُنا اور پڑھا ہے وہ سب یاد ہے اگر اللہ تعالیٰ مددگار رہا تو میرے سبب آنکو بدنامی یا ندامت نہو گی خاطر جمع رکھیں لا

اعظم خان۔ بیٹا سفر کا ضروری اسباب علیحدہ کرکے ایک فہرست تیار کرلو اور سب پر نشانیاں ڈلوالو۔ چونکہ میں تمکو سپاہی بنانا چاہتا ہوں اسلئے سفر میں تمہارے ساتھ کوئی ملازم نہیں جائیگا تم کو اپنا کام خود کرنا پڑیگا لا

منعم خان۔ مجھکو نوکر کی ضرورت کیا ہے اللہ تعالیٰ نے نوکر ضعیف آدمیوں یا معصوم بچوں کیلئے تجویز کئے ہوں تو کئے ہوں مرد بچہ اپنا کام آپ نکرے تو بڑے شرم کی بات ہے امیروں کے لڑکے نوکروں ہی کی بدولت کاہل اور مجہول مطلق بنجاتے ہیں کہ اپنے غسل کیلئے کوئیں سے پانی نہ کھینچ

سکیں اور کھینچیں تو ہانپ جاویں کتابوں کا بستہ مدرسہ تک نہ لیجا سکیں نوکر اور سواری بلا ضرورت ہو تو میرے خیال میں فضول ہے ان دونوں چیزوں سے انسان کاہل وجود ہو جاتا ہے"

۲۷ منعم بعد تعطیل میر کرامت علی کیساتھ انبالہ روانہ ہوا۔ عورتوں نے پہلے ہی آبدیدہ ہو کر امام ضامن کا روپیہ بازو پر باندھ کر رخصت کر دیا۔ فاطمہ بولی بھائی منعم آپ مجھسے بڑے ہیں میری مجال نہیں کہ آپکے سامنے نصیحتانہ کلمات زبان سے نکالوں مگر بطور یادداشت کچھ عرض کرتی ہوں"

اوّل۔ تم جوانی کی دولت کو ساتھ لئے جاتے ہو ایسا نہو کہ اسکو قزاق لوٹ لیں اور تم لٹے پٹے آنکھو۔ باغ لٹ گیا تو نفع نہ اٹھاؤ گے۔ اشعار

نوجوانی کا نشہ چڑھتا ہے جب		سب اکارت جا نو تعلیم و ادب	
ہاں مگر جو ہوتے ہیں دانش فشاں		ٹھیک رہتے ہیں وہی ہو کر جواں	

دوسرے۔ اللہ تعالیٰ کو حاضر ناظر سمجھکر کام کرنا ورنہ خطا پاؤ گے۔ اشعار

دیکھتا ہے وہ ظاہر و باطن		اُس سے پوشیدگی ہے ناممکن	
بند رکھنے سے در کے فائدہ کیا		جاننے والا غیب کا ہے خدا	

تیسرے۔ حق کو چھوڑ کر ناحق نہ کرنا ورنہ مورد عتاب ربانی ہو گے نظم

مت اور کا تو حق جھپٹ مسکین کو تو مت دپٹ		دل میں رکھ تو کچھ کپٹ اس سے خدا بیزار ہے	
انصاف کو تو چھوڑ مت منہ راستی سے موڑ مت		اور دل کسی کا توڑ مت یہ ہی تو پوجا سار ہے	
صحبت بری سے بھاگ تو غصہ میں مت ہو آگ تو		چغلی کی سُن مت بات تو شیطان کا یہ کار ہے	
ہر اک سے میٹھا بولیو بیہودہ لب مت کھولیو		تولے تو پورا تولیو۔ زیادہ کمی مردار ہے	
جو چاہے اپنی بہتری بد کام سے رہنا بری		گر حور ہو یا ہو پری اس کام پر دھتکار ہے	

اتنے میں گاڑی آئی اعظم خاں نے کہا بیٹا لو چلو ڈاک گھر تک پہونچا آؤں فاطمہ بولی بھائی جان

جسطرح تم بیٹھ دکھلاتے ہوئے جاتے ہو اللہ کرے اُسیطرح چہرہ دکھلا کر سرخرو ہو۔ لو تمہاری بہن آداب عرض کرتی ہے بھائی جان تمکو اللہ کے سپرد کیا پہونچتے ہی خیریت کا خط بھیجنا جبتک تمہارا خط نہیں آئیگا ہم سب بیچین رہینگے گاڑی میں بیٹھکر ڈاک گھر پہونچے اُس زمانہ میں صرف چوپیہ یا سیج گاڑی چلتی تھی نوکر نے منعم خاں کا اسباب سیج گاڑی میں رکھا اور جب چلنے کا وقت آیا منعم باپ کے پانو پر گر پڑا اور یہ عرض کیا کہ لیجئے ابّا جان اب میں رخصت ہوتا ہوں آپسے جُدا ہونیکا یہ پہلا موقع ہے دعائے خیر سے یاد فرمائیے گا انشاء اللہ اپنی خیریت سے مطلع کرتا رہونگا اُدھر منعم نے انبالہ کا رستہ لیا اِدھر اعظم خاں اور نوکر گھر چلے آئے "

۲۸ فاطمہ نے جو نہایت عقلمند تربیت یافتہ اور لکھی پڑھی تھی سُسرال پہونچتے ہی گھر کا ایسا بندوبست کیا کہ ساس سُسر دنگ رہ گئے نوکر رعیت میں آگئے اوّل اُسنے شیریں کلامی اختیار کی چھوٹوں کو دلاسا دیتی اور بڑوں کی تعظیم اور رضاجوئی کرتی اِس سے گھر کے لوگ مسخر ہو گئے پھر رفتہ رفتہ حسب لحاظ مراتب گھر کی ہر چیز ایسے قرینے سے رکھوائی کہ آراستگی کے خیال سے مکان کسی جنٹلمین سوداگر کی کوٹھی معلوم ہونے لگا حساب خانہ داری لکھنا شروع کیا۔ جو چیز ضروری دیکھی منگائی ورنہ کہدیا اِسکی ابھی ضرورت نہیں گھر والوں کو اِس سُگھڑ بہو کے دم سے بہشت کا مزہ آنے لگا۔ فاطمہ اور اُسکے میاں میں اعلےٰ درجہ کی محبت ہو گئی "

۲۹ منعم کی بیوی زیب النساء ماں باپ کی لاڈلی امیر کی بیٹی اور تو کیا سیکھتی اچھی طرح نماز پڑھنی بھی نہیں جانتی تھی سُسرال میں آکر خود مختار ہو گئی ساس تو تھی ہی نہیں سب کام نوکروں پر چھوڑ دیا جو پکے پر دودھ چڑھا ابل پڑا ہے تو کوئی خبر نہیں لیتا کھانیکی چیزیں چوہے یا کوّے لیئے جا رہے ہیں تو کوئی نہیں دیکھتا ماما سے بات بات میں جھک جھک آج روٹی کچی ہے آج نمک زیادہ ہے اُوپر کے کام کرنے والی چھوکری زیب النساء کے کام سے چھٹی ہی نہیں پاتی تھی اِسلئے نہ مکان میں جھاڑو نہ برتنوں

صفائی زیب النسا نے پلنگ سے اُترنا سیکھا ہی نتھا نہ کسی نوکر پر رعب ملازم پر دہشت بی صاحبہ مریضوں کی طرح ہر دم پلنگ پر سوار یا تھوڑی دیر کو سنگار دان کے آگے کرسی پر موجود شب برات کو فاطمہ اپنے سکے آئیں اور گھر کی حالت دیکھکر بھابی کی خوب خبر لی مگر ہوتا ہی کیا ہے فاطمہ کے چلے جانیکے بعد گھر کا پھر وہی نقشہ ہو گیا جو پہلے تھا اعظم خاں بیوی کے مرجانیسے زنانہ میں نہیں جاتے اسلئے خانہ داری کے جھگڑوں سے الگ ہو کر دیوانخانہ میں رہنے لگے گھر میں سے جس چیز کی مانگ آئی بازار سے منگوا دی کھانا جب آگیا مردانہ میں کھالیا آپکو کچھ بھی نہیں معلوم کہ گھر کا کیا حال ہے"

۳۰ انبالہ سے خط آیا کہ میں بھرتی ہو گیا ہوں چار ماہ قواعد سیکھو لگا پھر کوتوالی میں تین مہینے قانون سیکھنا پڑیگا بعد اسکے مجھکو انبالہ میں کام ملیگا چنانچہ سات مہینے کے بعد منعم انبالہ کی کوتوالی میں مقرر ہو کر محرری کا کام کرنے لگے قریب ایک سال انبالہ میں رہے فوجداری کی کارروائیاں دیکھکر یہ خیال ہو گیا کہ اس محکمہ سے علیحدہ ہو جاؤں تو عزت اور جان کی خیر ہو منعم نے کوتوالی کے برتاؤں کو اپنی طبیعت کے موافق نہ پایا انبالہ میں ایک جگہ چوری ہوئی برق اندازوں نے موقع پر پہونچکر چند اشخاص کو گرفتار کر لیا اور جسپر شبہ تھا اُسے خوب مارا آخر داروغہ جی نے کہا کہ جبتک اس حرامزادہ کو اچھی طرح نہ مارو گے اقرار نہ کریگا غرض خوب زدوکوب ہوئی مگر اُسنے اقرار نہ کیا اور جب بیہوش ہو گیا ہسپتال بھیجا گیا۔ اتفاقاً مال مسروقہ تلاشی میں ایک اور شخص کے پاس سے برآمد ہوا اور اُس بیچارے کو جو ہسپتال میں زیر علاج تھا حکم دیا گیا کہ بعد صحت ہونیکے منعم نے باپ کو لکھا کہ اگر حکم ہو تو استعفا دے آؤں یہاں تو روزمرہ ایسے ہی ناگفتہ واقعات پیش ہوا کرتے ہیں ایسا نہو کہیں پھنس جاؤں۔ باپ نے لکھا فوراً استعفا دیکر چلے آؤ چنانچہ منعم ایک برس اور نو ماہ بعد بخیریت تمام انبالہ سے دہلی آگئے"

۳۱ اس عرصہ میں اعظم خاں راجہ جیسنگھ رائے جی کے ہاں گیارہویں اور بیسویں میں برابر شامل

ہوتے رہے چونکہ اعظم خاں صاحب علم آدمی تھا رئیس سے رابطہ اتحاد بڑھگیا اتفاقاً گورنر بمبئی کا حکم رئیس کے نام آیا کہ آپ پانسو سوار نوکر رکھہ کر فوراً روانہ کردیں خود اسپہ سوار کو چالیس اور بارگیر کو پندرہ روپے ماہوار ملینگے اپنے چھوٹے بھائی کو رسالہ دار بنا کر بھیجدو انہیں پانسو روپے ماہوار دیئے جائینگے "

۳۲ رئیس نے بسر و چشم قبول کی برادر خود مسمی کشن چند تین سو سوار اور اسیقدر گھوڑے اور گھوڑیاں بہم پہونچائیں اسمیں اعظم خاں نے منعم کو بھرتی کرا کے دفعدار کا عہدہ دلوا دیا کوئی چھہ ماہ کے بعد خبر آئی کہ رسالہ بخیر عافیت پونا پہونچا اب وہاں سے گھوڑندی کی چھاؤنی جائیگا "

۳۳ ڈیڑھ برس کے بعد یہ تجویز ہوئی کہ رئیس کے بھائی کی بیوی کو چھاؤنی گھوڑندی بھیجدیا جاوے اعظم خاں نے اس موقع کو ہاتھ سے دینا مناسب نہ جانا قلعہ سے رخصت حاصل کی اور زیب النسا کو ساتھ لیکر دکھن چلدئے اور خیریت سے پہونچ گئے "

۳۴ پہلے ہی سال منعم خاں کے ہاں ایک لڑکی پیدا ہوئی کوئی دس دن کی ہونے پائی تھی کہ زیب النسا نے سوتے میں ایسی کروٹ لی کہ بچی دب کے مرگئی اور ماں سوتی رہی گو زیب النسا کاہل وجود اور بے عقل تھی مگر اسمیں جھوٹ بولنے کی عادت مطلق نہ تھی منعم خاں نے جب بچی کے مرجانے کا حال پوچھا تو افسوس کیساتھ صاف صاف کہدیا کہ میں کمبخت سوگئی تھی - کروٹ میں بچی دب کر مرگئی اسکا خون میری گردن پر ہے اس سچ کے سبب منعم خاں کو ذرا غصہ نہ آیا اور اسنے اس راز کو چھپالیا اور بولا کہ تمہارے سچ بولنے سے میں نہایت خوش ہوا اور اگر ان رباعیوں کی پابند رہیں تو اس غفلت سے جو عذاب ہوا امید ہے کہ اللہ تعالیٰ نجات دیدے رباعی

سچ بولنے کا جس کا طریقہ ہو مدام	ہوتا ہی نہیں اس سے بڑا کوئی کام
سب خلق نکو صدق کے خادم ہیں ضرور	جس میں یہ فضیلت وہ سعادت انجام

رباعی

کذّاب پہ لعنت ہے خدا کی ہر دم عزت کبھی اور جان کبھی کھوئے جھوٹ	تکلیف دہ خلق یہ ظالم پیہم اور قہر خدا یہ کہ ہو ایمان بھی کم

۳۵ کئی برس کے بعد ڈوٹ فُل صاحب جو نہایت شکی آدمی تھے پے ماسٹر ہو کر آئے اُنہوں نے تنخواہ خزانہ سے منگائی اور چپکے سے امتحاناً سو روپے زیادہ کر کے ایک سوار کے ہاتھ تھیلی منعم خاں کے پاس بھجوادی منعم خاں نے روپے گنے تو سو زیادہ نکلے سوار سے پوچھا کہ سو روپے زیادہ کیوں ہیں اُسنے کہا کہ میں نے تو خزانہ سے روپے لاکر تھیلی صاحب کی میز پر رکھدی تھی شاید یہ صاحب کا عطیہ ہو۔ یا خزانہ والوں نے بھول سے زیادہ دیدے ہوں۔ دفعدار صاحب یہ تو آپکا حق ہے خوب کھایئے اُڑایئے ہاں پچیس روپے بندہ کو عنایت ہوں منعم خاں نے کہا پاگل ہے میں تیرے کہنے سے اپنا ایمان ہرگز نہیں کھونیکا یہ روپے تو صاحب بہادر ہی کے پاس جائینگے۔ غرض منعم خاں نے خود جاکر صاحب سے رپورٹ کی کہ حضور میرے روپیوں میں سو روپے زائد ہیں اُنکے متعلق کیا حکم ہے اُسپر صاحب ہنس پڑے اور یہ کہا کہ روپے تمہاری دیانت کے امتحان کیلئے بلادیئے تھے میز پر رکھ جاؤ۔ نیم صاحب برابر کرسی پر بیٹھی تھیں بولیں نہیں نہیں یہ روپے تمہاری دیانت کا انعام ہے اسپر منعم خاں نے دونوں کو سلام کیا اور روپے لیکر رخصت ہو گئے ۵

کام میں عقل کو جو لاتے ہیں	کب کسی کا فریب کھاتے ہیں

۳۶ منعم خاں بارہ برس نوکری کر کے رسائی دار کے درجہ پر پہونچ گئے جابجا مہمات میں بہادری دکھلائی کہیں زخمی تک نہیں ہوئے خوب نام پیدا کیا۔

۳۷ اس عرصہ میں منعم خاں کے کئی بچے ہوئے مگر ایک بھی نہیں بچا سب کے سب گھر والی

کی بیوقوفی سے تلف ہوگئے اسکی تشریح حسب ذیل ہے۔

پہلا بچہ تو کروٹ میں دبکر مرہی چکا تھا۔

دوسرے کو سلانے کیلئے افیون دیا کرتی تھی بھولکر دوبارہ دیدی بچہ فوراً مرگیا"

تیسرے کو بخار آیا حکیم کا علاج نہ کیا صرف جھاڑ پھونکی پر رکھا منعم خاں نے کچھ کہا تو جھڑک دیا کہ سیتلا کے دن ہیں اسمیں دوا کون کیا کرتا ہے جھاڑ پھونکی ہی سے اچھا ہوجائیگا آخر بخار نے اتنا طول پکڑا کہ سرسام ہوکر بچہ تلف ہوگیا۔

چوتھا بچہ ڈیڑھ برس کا ہوگیا تھا کسی نے کہا کہ بچہ کو کھچڑی میں گھی کھلانیسے طاقت آتی ہے ماں نے اس کثرت سے گھی کھلانا شروع کیا کہ بچہ کو جگر کی بیماری ہوگئی اور آخر کار مرگیا"

پانچویں بچہ کو ذرا سی کھانسی تھی ایک فقیر نے کچھ دوا دی ماں نے بغیر پوچھے گچھے کھلادی بچہ پانی پیتا پیتا چل بسا"

چھٹا بچہ پانچ برس کا تھا باوجودیکہ منعم خاں کا حکم تھا کہ بچہ کو گہنا ہرگز نہ پہنایا جائے مگر دوکپ ماتی تھی ہر وقت گہنے میں لادے رکھتی تھی ایکدن کسی بدمعاش نے موقع پاکر بچہ کو کنوئیں میں ڈالدیا اور زیور کے کوڑے کئے کئی روز بعد کنوئیں سے لاش نکلی اس بچہ کے مرجانیسے اعظم خاں اور منعم خاں دونوں کو نہایت غم ہوا اور دل برداشتہ ہوکر یہ چاہنے لگے کہ کوئی صورت ایسی نکلے جس سے ہم گھورندی سے نکل جائیں اللہ تعالے نے ایک صورت پیدا کردی جو ذیل میں تحریر کی جاتی ہے"

۳۸ رابہ کولاپور سرکش ہوا سرکوبی کیلئے سرکاری فوج بھیجی گئی اس موقع پر پونا ہارس مالکم صاحب گورنر بمبئی کا بوڈی گارد تھا کشن چند رسالہ دار اور منعم خاں رسائی دار کو رسالہ کے ساتھ جانا پڑا۔ مالکم صاحب اس زمانہ میں جبکہ جسونت راؤ ہلکر سے صلح ہوئی تھی

اور بخشی بھوانی شنکر والد کشن چند کو سرکار نے اپنی پناہ میں لے لیا تھا لارڈ لیک صاحب کے سکریٹر تھے مالکم صاحب کو کشن چند کی بہادری پر بہت بڑا بھروسہ تھا اور یہ بھی جانتے تھے کہ بخشی بھوانی شنکر پانسو سوار لیکر بھرتپور میں سرکار کی جانب سے لڑے اور زخمی ہوئے تھے۔

۲۹ ایکدن اُس قلعہ پر کہ جسمیں سرکش راجہ پناہ گزیں تھا یورش کا حکم ہوا لارڈ مالکم صاحب مع کشن چند رسالہ دار و منعم خاں رسائی دار و دیگر صاحبین پیچھے کھڑے لڑائی کا مشاہدہ کر رہے تھے لاٹھ صاحب نے دوربین سے دیکھا کہ ایک جانب سے چار سوار بھالا سنبھالے ہوئے سرپٹ آرہے ہیں حکم ہوا کہ جب زد میں آجائیں گولی مار دینی چاہیئے خدا کی قدرت سینکڑوں گولیاں چلیں مگر شاید پر ایک بھی نہ لگی اور جب وہ بہت قریب آگئے تب کشن چند رسالہ دار نے صف سے آگے بڑھکر منچہ کا فیر کیا جس سے ایک سوار گرا پھر منعم خاں نے صف سے نکلکر ایک سوار کو بھالے سے ہلاک کیا تیسرے سوار کا گھوڑا ٹھوکر کھاکر گرا صوبہ دار رن مست خاں نے گھوڑے اور سوار دونوں کو دو سپاہیوں کی مدد سے زندہ گرفتار کر لیا چوتھا سوار ایک مصاحب کی تلوار سے ذبح ہوا۔

۳۰ اُسوقت لاٹھ صاحب نے رسالہ دار کشن چند رسائی دار منعم خاں صوبہ دار رن مست خاں اور رام نواس تواری اور راش بہاری پانڈے سپاہیوں کو بُلاکر سب کے ہاتھوں میں سونے کے کڑے ڈلوا دئے اور بہت تعریف کی کہ تم لوگ حقیقت میں بڑے بہادر ہو مانگو سرکار سے کیا مانگتے ہو کشن چند اور منعم خاں نے کہا کہ ہم اِسوقت جو کچھ تنخواہ پا رہے ہیں یہی بطور پنشن عنایت ہو اور گھر جانے کی اجازت ملجائے صوبہ دار رن مست خاں نے عرض کیا فدوی کو ایک گانو اودہ کی عملداری کے نزدیک دوامی طور پر بخشدیا جائے اور ان سپاہیوں کو علاوہ تمغہ بہادری کے ترقی دیجاوے لاٹھ صاحب نے اُن سب کے منشاء کے مطابق کر دیا اب کشن چند

اور منعم خاں خوشی خوشی روانہ دہلی ہوئے اور تین مہینے میں گھر پہونچے۔

۴۱ دہلی پہونچے تو بارہ وفات کا میلہ تھا اعظم خاں کو نئی کریم جانے اور راتوں کو جاگنے سے بخار آگیا نوے برس سے اُونچے تھے چار پانچ روز میں جاں بحق تسلیم ہوئے اعظم خاں مرے تو اپنی موت سے مگر مقتول ہوتے کا رنج بھی حد سے زیادہ تھا اُسکے مرنیکے بعد بڑے میاں کو کسینے ہنستے نہیں دیکھا گھنٹوں روتے اور رات کو سوتے سوتے اکثر بڑا اُٹھتے اور یہ کہا کرتے تھے ارے میرے لعل کو مار ڈالا ارے تجھکو رحم نہ آیا ارے خدا کو بھول گیا منعم خاں اکثر اپنے باپ کو سمجھایا کرتا تھا کہ ابا جان دنیا کا کارخانہ یہی ہے جو جیسا لکھوالایا ہے ویسا ہی پیش آتا ہے آپ ناحق اُسکے واسطے رنجیدہ رہتے ہیں مگر بڑے میاں کی دُھن کسیطرح کم نہوئی جب دیکھا آبدیدہ پایا آخر بارہ وفات کے موقع پر وفات پائی منعم کو از حد غم ہوا مگر صبر کیا اور چند روز کے بعد دلمیں کہا کہ اجمیر شریف ہو آؤں اور اگر بن پڑے تو کوئی ایسی عورت لے آؤں جو گھر کو سنبھالے اور بچہ ہو نیکے بعد اُسکی نگرانی رکھے۔ بہو کی بد انتظامی اور بد سلیقگی سے دلتنگ ہو کر یہ چاہتا تھا کہ اب بچہ پیدا ہو تو اُسکی سنبھال اچھی طرح ہو گھر والی پر نہ چھوڑا جائے چنانچہ منعم خاں خواجہ صاحب کے عرس کے موقع پر اجمیر چلدئے اور سلطان مرزا اپنے بہنوئی سے کہہ گئے کہ میری واپسی تک آپ غریب خانہ پر تشریف رکھیں۔

۴۲ اجمیر پہونچکر عجیب تماشا دیکھا کہ جس بھٹیاری کے ہاں اُترے اُس کی گود میں تین برس کا لڑکا اور اُسکی دیورانی کے ہاں پانچ برس کا لڑکا اور سات برس کی لڑکی ہے منعم خاں کو معلوم ہوا کہ یہ بھٹیاری آفت رسیدہ ہے کئی بچے مع خاوند بمبئی میں وبا کی نذر کئے بیٹھی ہے سوچا کہ اس سے دریافت کروں کہ وہ خبریں کہانتک درست ہیں۔

۴۳ اُس سرائے کا دستور تھا کہ مہترانی مسافروں سے پوچھا کرتی تھی کہ میاں کیا کھاؤ گے۔ چنانچہ حسب قاعدہ صبح کیوقت جب منعم خاں سے دریافت کرنے آئی تو اُسنے کہا میں تم سے کچھ

بمبئی کا حال دریافت کرنا چاہتا ہوں یہ سُنکر بھٹیاری رو پڑی اور پھر کہا اچھا میاں کل دوپہر کے وقت سنا جاؤنگی مگر سُنکر کیا کروگے تم کو بھی رنج ہوگا اب یہ میرا گودی کا سلامت رہے اور لکھے پڑھے تو غنیمت ہے۔

۴۴ دوسرے روز اُسنے اپنا تمام حال کہہ سُنایا۔ میاں میں اجمیر میں بہت خوشی کیساتھ رہتی تھی لالچ دامنگیر ہوا سُنا کہ بمبئی میں روزگار اچھا ہے خاوند سے یہاں کا دھندا چھڑوا کر دونوں لڑکوں سمیت بمبئی چلی گئی وہاں دو برس تک اچھی طرح رہی کھا پی کر چار پانسو روپے بچا لیے۔ اب بخار کی بیماری میں پہلے میرا بڑا لڑکا گیارہ برس کا مبتلا ہوا اسکا علاج جسنے جو کہا اُتارا اور جٹی بوٹی سے کرتی رہی آخر وہ مرگیا پھر دوسرا بیمار پڑا اُسوقت ہم سب کو ہسپتال جانا پڑا۔ وہاں جاکر میرا خاوند بھی بیمار ہوگیا اور دونوں ایک ہی روز مرگئے میں حاملہ تھی ہسپتال سے واپس آنے پر دیکھا چوروں نے گھر میں جھاڑو کی سینک نہ چھوڑی تب میںنے اپنے دیور کو خط بھیجا یہ غریب فوراً پہونچا اور مجھکو وہاں سے لے آیا یہ والدہ سے سوا میری خاطر داری کرتا ہے اُسکی جورو کی کیا تعریف کروں فرشتہ ہے میاں تُمنے بھی سُنا ہوگا کہ بھٹیاریاں بڑی لڑاکا ہوتی ہیں مگر مینے اُسکو کسی سے لڑتے نہیں دیکھا یہ دونوں فرشتہ خصلت ہیں پہلے مجھکو کھلا دیتے ہیں پھر آپ کھاتے ہیں میری صلاح بغیر کوئی کام نہیں ہوتا اگر ایسا دیور نہ ملتا تو میں رو رو کے مرجاتی مگر باوجود اتنے آرام کے مجھکو اپنی زندگی وبال معلوم ہوتی ہے خیال ہے تو فتو کا ہے (گود کے لڑکے کا نام) کہ یہ پرورش پاجائے اور لکھ پڑھ کے نوکری کرنے لگے۔ شہراتن (بھٹیاری کا نام) روتی جاتی تھی اور یہ اشعار پڑھتی جاتی تھی اس سے معلوم ہوا کہ شہراتن خواندہ تربیت یافتہ فرشتہ طینت اور نیک عورت ہے منعم نے دلمیں سوچا کہ اگر یہ عورت میری ملازمت اختیار کرے تو گھر بچا کر بچہ ہونے پر اُسکی پرورش اس سے کراؤں ۵

لے خاوند خداوندوں کے	مالک خاوندا ور بندوں کے
کیجو جو کچھ تیری خوشی ہو	رانڈ مگر کیجو نہ کسی کو
چاندی سونا نقدی غلّا	گہنا پاتا ٹوم اور چھلّا
سائیں بن جو چیز ہے گھر میں	خاک ہے سب عورت کی نظر میں

۱۲ منعم خاں کو رونا آگیا کہا کہ بی شہرآتن کل تم میری کہانی سُننا۔ ایک تجویز پیش کرونگا اگر تمنے منظور کی تو تمہارے لڑکے کی تعلیم اچھی طرح ہو جائیگی اُسنے ٹھنڈا سانس بھر کے کہا۔ اچھا میاں کل بندی حاضر ہوگی لیکن میں سمجھے لیتی ہوں یہ تو بندی کچھ منظور کرنیکی نہیں اب میں نہیں سمجھتی کہ تم اور کیا تجویز پیش کروگے۔ اُسپر منعم خاں نے کہا توبہ توبہ تم میری بہن کے برابر ہو خیر کل جب تم آؤگی سن لینا۔

۱۳ حسب وعدہ شہرآتن حاضر ہوئی اور منعم خاں کے سامنے زمین پر بیٹھ گئی منعم خاں بولے بی شہرآتن میں اپنی کہانی شروع کرتا ہوں اُسنے کہا بسم اللہ۔

۱۴ منعم خان نے بی شہرآتن میرے لئے بدنسبت موجود ہے قریب ایک سو روپے کے ہر مہینہ پنشن ملتی ہے اور کچھ بزرگوں کے سبب قلعہ اور جائداد سے ملجاتا ہے بہت مزے سے گزرتی ہے رنج اور تکلیف ہے تو یہ ہے کہ میری بیوی بدمزاج بیوقوف ضدّن اور نہ سمجھ اور لڑاکا ہے اگر وصف ہے تو یہ کہ بانجھ نہیں ہوئی جتنے بچّے پیدا ہوئے سب میرے گھر والی کی بیوقوفی سے مرے اب میں ایسا چاہتا ہوں کہ کسی نیک صحبت کے اثر سے میری گھر والی کی طبیعت راستی پر آجائے اور جو بچّہ پیدا ہو زندہ رہے اور روپیہ میں گھر کا انتظام درست ہو اس کام کیواسطے تمسے التجا کرتا ہوں کہ تم میری ملازمت اختیار کرو تمکو کھانے کپڑے کے علاوہ پانچ روپے ماہوار ملینگے میں نے اپنی گھر والی سے ذکر کیا تو وہ بھی چاہتی

ہے کہ ایسا ہو جائے تو خوب ہو اب تم اپنی دیورانی اور دیور سے صلاح کر لو اور میں مکرر استمزاج کر لوں۔ تمہارے شیر خوار بچہ کی پرورش اور تعلیم اچھی طرح ہو گی۔

۴۸ شبراتن نے دیور سے کہا اُسنے یہ جواب دیا کہ بھابی اب تو ہمیں چھوڑ کر کہاں جائیگی بمبئی سے بہت تھیلی بھر لائی ہو گی جواب دہلی سے بھر لائیگی ہم کیا تھوڑے کماؤ ہیں پھر تجھے نوکری کی کیا ضرورت ہے اس سے شبراتن کا ارادہ پست ہو گیا اوّل اوّل اُسکا دیور کسی طور راضی نہوا آخر بہت قیل و قال کے بعد یہ ٹھیری کہ شبراتن نوکر ہو کر دہلی چلی جائے مگر عرس پر ضرور آکر بال بچوں سے ملجایا کرے اور اپنے بیٹے فتو کو دکھا جایا کرے جب منعم خاں کو معلوم ہو گیا کہ شبراتن چل سکتی ہے تو گھر والی کو لکھا اُسنے جواب دیا کہ اُسکو ضرور ہمراہ لے آؤ غرض سیلہ کے بعد فتو اور شبراتن روانہ ہونے لگے منعم خاں دو دو روپے بچوں کو پانچ روپے اور لٹھہ کا ایک تھان دیورانی کو دس روپے ایک مندیل اور ایک کلا توتی سیلہ اُسکے دیور کو دیکر رخصت ہوئے دیورانی نے دو تین سیر مٹھائی کچھہ سالن اور پراٹھے ایک قفلی میں رکھکر باندھ دیئے اور چلتی دفعہ تمام گھر والے اسطرح بلک بلک کر روئے کہ دیکھنے والوں کو رونا آگیا۔ لوگ کہنے لگے کہ شبراتن نے پتھر کا کلیجہ کر لیا ہے کہ ان بچوں کو اس حال میں چھوڑے جاتی ہے مگر وہ منعم سے قول ہار چکی تھی اسلئے ایفاء کو فرضِ عین خیال کر کے منعم خاں کے ساتھ اجمیر سے دہلی آگئی۔

۴۹ زیب النسا نے شبراتن کی بہت خاطر کی اور جب یہ سنا کہ شبراتن فارسی پڑھی ہوئی ہے تو دلمیں لی گئی کیونکہ زیب النسا خود ناخواندہ تھی آخر شبراتن کے رعب میں آکر گھر کی کنجیاں اُسکے آگے ڈالدیں اور یہ کہا لو بوا گھر جانے اور تم جانو شکر ہے آج سے اِس بکھیڑے سے بچی مجھے ایسا خیال ہے کہ گھر کی بہت سی چیزیں بگڑ گئی ہونگی تم میاں کے سامنے موجود ات لیلو تاکہ آئندہ کسیطرح کا الزام عائد نہ

۱۴ دربانہ

۵۰ دوسرے روز شبراتن نے موجودات لی تو سارے گھر کو نہایت ابتر پایا۔ اناج وغیرہ کے برتن کھلے ہوئے ملے کسی مٹکے میں چیونٹے دیکھے اور کسی میں چوہوں کی مینگنیاں کپڑوں کے صندوق بے ترتیب پائے کسی کو کیڑا کھا گیا اور بہت سے چوہوں نے کتر ڈالے شبراتن نے زیب النسا سے پوچھا بیٹی اس گھر کا کوئی سرد ہر ابھی تھا کہ بینکڑوں روپے کا نقصان ہوتا رہا اور کسینے خبر نہ لی یا تم کہیں پردیس چلی گئی تھیں آخر نقصان تو تمہارا ہی تھا نوکروں کا کیا آج آئے کل چلے گئے۔ زیب النسا نے کہا بوا میرا ہی قصور ہے پہلے والدین نے لاڈ میں رکھا پھر یہاں آکر سر پر ساس ملی خود مختاری میں سب باتیں خراب ہو گئیں اب تم آئی ہو سب کام تمہاری بدولت درست ہو جائینگے میاں کی قسمت اچھی تھی جو تم مل گئیں وہ بھی تمہاری بہت تعریف کرتے اور یہ کہتے تھے کہ صرف ایفائے وعدہ کے خیال سے بچوں کو روتا چھوڑ کر دہلی چلی آئی ہیں ورنہ انکو نوکری کی کچھ ضرورت نہیں۔ سنو بی تم اس گھر کو اپنا گھر سمجھکر رہنا اور جس بات کی تکلیف ہو بلا تکلف مجھسے کہدینا موجودہ ملازمان کو شاید تمہارا آنا شاق گزرے کچھ بے ادبی سے پیش آئیں مگر کچھ خیال نکرنا شبراتن بولی نہیں بیٹی مجھسے کوئی ناراض نہوگا میں تو اس مثل کے مطابق چلتی ہوں زبان شیریں ملک گیری زبان میٹھی ملک بانکا

۵۱ شبراتن نے گھر کے تمام برتنوں پر نام کندہ کرا دیئے اور گودام میں رکھنے کے لائق چیزوں کو قفل میں بند کر کے جدا جدا پیٹیوں میں رکھوا دیا۔ کپڑوں کو علیحدہ علیحدہ الماریوں میں رکھکر درزوں پر نام چسپاں کئے اور یہ قاعدہ رکھا کہ مہینے میں ایک بار کپڑوں کی الٹ پلٹ ہوا کرے اور دیگر اسباب جو روزمرہ کے استعمال کے تھے اُن سب کی موجودات ماہواری لیجائے کہ کونسی چیز غائب ہے زیور کی فہرست تیار کر کے ایک نقل میاں کے پاس بھیجدی اور خانہ داری کے خرچ میں بہت کفایت سے کام لیا۔

۵۲ اسمیں ایک سال اور کئی مہینے ہنسی خوشی سے گزر گئے اب بچہ ہونیکا وقت آیا شبراتن نے زچہ خانہ کے سامان کی ایک فہرست منعم خاں کو دی کہ فوراً منگا دیجائیں تاکہ میں وقت پر تابی نہ رہجاؤں زچہ خانہ کی کوٹھری میں ایک مہینے پہلے سفیدی کرادی اور اب جھاڑ و دے دلاکر زچہ خانہ کی تمام ضروری چیزیں اس کوٹھری میں لاکر کہیں دو روز بعد درد زہ شروع ہوا اور ٹھیک نویں صبح کے بچہ پیدا ہو گیا شبراتن نے پہلے ہی دو دائیاں بلا رکھی تھیں ایک نے کہا بقدر ڈیڑھ انگشت چھوڑ کر بچہ کی ناں کاٹ جب ناں کٹ چکی تو لڑکے کو نہلا یا گئی پلوائی تھوڑی دیر کے بعد شہد چٹوایا دوسری کو حکم دیا کہ پیٹی باندھکر زچہ کو لٹا دے پھر اچھوانی پلوائی بعدہٗ سنورہ کھلوایا۔ مجد کے ملا کو بلوا کر بچے کے کان میں اذان دلوائی اور ساتویں دن بچے کا نام محمد اصغر خاں رکھا۔

۵۳ شبراتن نے سوچا کہ اگر فتو نے امیر کے لڑکے کیساتھ پرورش پائی تو نامور ہو جائیگا اس سے بہتر یہ ہے کہ اسے کسی اور شہر کے سکول میں تعلیم دیجائے منعم خاں سے کہا کہ میرے بچہ کو کسی اور شہر کے اسکول میں بھیجدو اگر یہاں رہا تو مجھکو نوزاد کی خدمت نہیں کرنے دیگا منعم خاں نے اسکو ایک قریب رشتہ دار کے پاس آگرہ روانہ کر دیا اسوقت فتو قریب پانچ سال کے تھا فتو کو منعم خاں کی گھر والی بہت پیار سے رکھتی تھی اور فتو اسے اپنی ماں سمجھتا تھا شبراتن کو اور سبھی طرح بڑی بی کہتا تھا جب آگرہ چلنے لگا تو بیچارا اتنا کو رونا آگیا اور یہ کہنے لگی کہ آگرہ کیوں بھیجتے ہو کیا یہاں اسکی تربیت میں کچھ نقص آئیگا مگر اسکی ایک نہ چلی چنانچہ زچہ خانہ میں فتو کو بیچارا نساسے ملا کر رخصت کر دیا اصغر گھر میں پلتا رہا اور فتو آگرہ میں پڑھتا رہا منعم خاں نے کہا کہ فتو اب محمد فتح خاں کے نام سے پکارا جائے کیونکہ مدرسہ

پنوٹ کہی کاٹنا ۔ دا کہانے گوند زیرہ سونف سونٹھ اجوائن بادام آبجوش عناب مغز اسپند کروڑہ ۔

میں اُسکا نام یہی لکھوایا گیا ہے۔ اصغر خاں قدرتی غبی نکلا اور فتح خاں ذاتی ذہین۔
۵۴ تعطیلوں میں فتح خاں آگرہ سے دہلی ہو جایا کرتا تھا چونکہ ذہین لڑکا تھا اٹھارہ برس کی عمر میں اسقدر علم حاصل کر لیا کہ جواب ایم اے کی ڈگری والے کو آتا ہے اب منعم خاں کا یہ ارادہ ہوا کہ فتح خاں کو صاحب لوگوں سے ملا کر عدالت میں نوکر کرا دوں۔
۵۵ ماہ رمضان شروع ہونے سے دو چار دن پہلے یکایک شبراتن نے جسکی عمر ساٹھ سے کچھ اوپر تھی مگر قوی اور آنکھ سب درست تھے البتہ ذرا سماعت میں فرق آگیا تھا ایک خواب دیکھا کہ ایک سفید ریش سفید پوش بزرگ عصا لئے آرہے ہیں اور یہ کہتے ہیں کہ اس رمضان میں تمہارا کوچ ہوگا۔ صبح کو منعم خاں سے کہا کہ میں نے یہ خواب دیکھا ہے تم فتو کو بلا دو منعم خاں نے جواب دیا کہ اسکی تعلیم اول کلاس کی ختم ہونے میں صرف پانچ ماہ کی کسر ہے شبراتن نے کہا نہیں تم رمضان بھر کی چھٹی دلوا کر بلا لو اگر میں جیتی رہی تو بعد عید چلا جائیگا منعم خاں نے خط بھیجا کہ تمہاری والدہ بیمار ہیں ایک مہینہ کی رخصت لیکر گھر چلے آؤ۔ فتح خاں نے خط دکھا کر رخصت لے لی اور دہلی آموجود ہوئے لیکن گھر میں کسی کو بیمار نہ پایا منعم خاں سے پوچھا کہ ابا جان والدہ صاحبہ تو بیمار نہیں اور خدا نہ کرے کہ بیمار ہوں آپنے مجھکو کیوں طلب فرمایا میری تعلیم میں بڑا ہرج ہوگا منعم خاں نے جواب دیا کہ گو تو میرا نہیں بلکہ بڑی بی کا بیٹا ہے لیکن مجھکو بیٹوں سے زیادہ عزیز ہے بڑی بی نے ایک خواب دیکھا ہے جس سے وہ خیال کر رہی ہے کہ میں رمضان میں مرجاؤنگی رمضان میں تمکو اسکی مرضی کے موافق طلب کیا ہے منعم نے ایک مکان کا قبالہ جس سے ساٹھ روپے ماہوار کی دکانیں ملحق تھیں حیب سے نکالکر فتح خاں کو دیا اور کہا کہ تمہاری شادی کا خرچ میرے ذمہ ہے جب نکاح ہو جائیگا تم اپنی گھر والی کو لیکر وہاں جا رہنا۔ باقی جائیداد محمد منعم خاں کی ہے اور ابھی تو میں زندہ ہوں آج سے اس مکان کا کرایہ علیحدہ جمع ہوا کریگا اور شادی کے بعد اسکی ایک معقول رقم

طبیعتی فتح خاں کچھہ مدغم ہوگیا تھا اسلئے یہ معلوم کرکے کہ میں بھٹیاری زادہ ہوں اپنے جی میں لیا گیا مگر کچھہ بول نہ سکا اتنا کہا کہ بڑی بی کے دماغ میں خلش ہے خواب کا مسئلہ ابتک حل نہیں ہوا کبھی جو کچھہ دیکھا جاتا ہے وہی ہوجاتا ہے کبھی اسکے برعکس اور کبھی کچھہ بھی نہیں۔ خیر اب مجھے رمضان بھر تو ٹھیرنا ہی پڑیگا۔

۵۶ الوداع کے دن بعد نماز عصر شبراتن بیٹھے بیٹھے دیوار کا سہارا لیکر آنکھوں کے رستہ جان دیدی ؎

لائی حیات آئی قضا لے چلی چلے	اپنی خوشی نہ آئے نہ اپنی خوشی چلے

مرنے کے بعد شبراتن کی صورت پر ایسی رونق آگئی گویا کوئی خندہ رو نوجوان عورت عالم خواب میں ہے۔ فتح خاں اصغر خاں اور اسکی ماں سب کے سب رونے لگے اور حسب دستور تجہیز و تکفین کے بعد بنی کریم میں قبر بنوادی گئی۔

۵۷ منعم خاں کی گھر والی کو نہایت رنج ہوا کیونکہ اسکو شبراتن سے اور شبراتن کو اس سے دلی محبت تھی اور یہ بھی خیال تھا کہ انتظام خانہ داری کیلئے ایسا دوسرا شریک ملنا مشکل ہے منعم خاں نے فتو کو کلکٹر صاحب سے ملاکر نوکری کا بندوبست کرادیا۔ اب یہ ٹھیری کہ بعد ختم تعلیم کسی علاقہ پر مامور کیا جاوے۔ بعد ملاقات فتح خاں آگرہ چلا گیا اور اصغر خاں دہلی کالج میں پڑھتا رہا اصغر خاں محنتی ضرور تھا مگر ذہن رسا نہیں رکھتا تھا اسلئے علم میں اچھی طرح ترقی نہ کرسکا۔

۵۸ تعلیم ختم ہونیکے بعد فتح خاں مدرسہ سے واپس آئے اور ضلع میں بیس روپے ماہوار کے اہلمد مقرر ہوئے اور جلد ترقیاں پاکر بیکانیر میں پولیٹیکل ایجنٹ کے سررشتہ دار اور بعد میں تحصیلدار ہوکر ہردوار میں تعینات ہوئے اور پھر دہلی بدل آئے۔

۵۹ اب اصغر خاں اور فتح خاں کی شادی میرٹھ والوں کے ہاں ہوگئی منعم نے فتح خاں کو حکم دیا کہ اپنے مکان میں جارہے کرایہ کے روپے جو پہلے سے جمع تھے اسکے پرامسری نوٹ لیکر فتح خاں کے حوالے کردیئے۔

۶۰ منعم خاں تا ایام غدر نہایت خوش رہا جسروز غدر ہوا پوربیے شہر میں گھس آئے نالائقوں نے انکا ساتھ دیا۔ انگریز جہاں ملے مار گئے اندنوں گرمی کے سبب مدرسہ صبح کا تھا زیب النسا نے منعم خاں سے کہا کہ میاں لڑکے کو بلا لاؤ۔ منعم خاں آدھے رستہ پہونچکر دیکھتا کیا ہے کہ اصغر سر پر ایک گٹھڑی رکھے لدا چلا آرہا ہے منعم خاں نے پوچھا کہ بیٹا یہ کیا جواب دیا کہ لوگ سرکاری کتب خانہ لوٹے لئے جارہے ہیں میں بھی ایک گٹھڑی باندھ لایا۔ منعم بولا ارے کمبخت کل کو سرکار تحقیقات کریگی تو جسکے پاس لوٹ کا مال نکلیگا پہلے اسے پھانسی دیجائیگی غرض اُن کتابوں کو نہر میں گروا دیا اب دونوں گھر پہونچے اور کھانا کھا کر سو رہے جب اُٹھے تو سُنا کہ شہر میں غُل مچ رہا ہے منعم نے کہا کہ چلو دیکھیں تو سہی چنانچہ اصغر اور رمضانی نوکر دونوں ساتھ ہو لئے۔

۶۱ بازار میں آکر دیکھا کہ پوربیے شہر میں آرہے ہیں اور شہر کے بدمعاش ساتھ ہیں بازار بند ہے دریبہ کے پاس پہونچا کہ بنک لُٹ رہا ہے صاحب لوگونکو جلا دیا گیا ہے ایک شخص روپیونکی تھیلی لُوٹ لایا دوسرے نے دھول مار کر چھین لی اسیوقت ایک پوربیے نے کہا کہ ہم جانتے ہیں تم مال لُوٹتے ہو یہ کہکر تھیلی میں سنگین گھُسیڑ دی سب روپے نکل پڑے اب خلقت لوٹ رہی ہے اور آپسمیں کٹ مر رہی ہے۔ پھر منعم نے سُنا کہ میگزین لوٹا جارہا ہے کوڑیا پُل کا رستہ لیا رمضانی نے جو ہنوز لڑکا تھا کہا کہ میاں مجھکو پاخانہ کی حاجت ہے حکم ہو تو گھر چلا جاؤں منعم نے کہا اچھا ہم بھی گھنٹہ بھر میں میگزین کی سیر دیکھکر واپس آتے ہیں رمضانی پاخانہ سے فارغ ہوکر زیب النسا کو شہر کا حال سنانے لگا۔ ابھی بات پوری نہونے پائی تھی کہ ایک بہت بڑی آواز ہوئی چھت پر جاکر دیکھا تو آسمان میں دھُوں کا بادل چڑھا ہوا ہے عورتوں نے رمضانی سے کہا کہ باہر جاکر پوچھ یہ کیسی آواز تھی اُس نے تھوڑی دیر میں واپس آکر جوابدیا کہ میگزین اُڑ گیا۔ نہیں معلوم باغیوں نے اُڑایا ہے یا انگریزوں نے اتنے میں شام ہوگئی منعم اور اصغر دونوں ندارد سلطان مرزا کو خبر دیگئی۔ انہوں نے تلاش کے بعد

کہا کہ کوڑیا پل سے لیکر میگزین کے دروازہ تک برابر لاشیں پڑی ہوئی ہیں صبح کو شناخت ہوگی منعم بھتیجا اور اصغر میاں ضرور شہید ہوئے اور بھائی فتح خاں ایک جگہ روپوش ہیں یہ سُنکر فاطمہ اور زیب النسارات بھر روتی رہیں صبح کو سُلطان مرزا چند نوکر ہمراہ لیکر گئے میگزین کے آگے جا بجا لاشونکے ڈھیر پڑے ہوئے تھے صاحبہ محل کی ڈیوڑھی کے آگے سے منعم اور اصغر خاں کی لاشیں اُٹھوا کر گھر لائے لاشونکو دیکھکر زیب النسا اور فاطمہ پر سکتہ کا عالم طاری ہوگیا اور ابھی ان دونوں کو غسل ہی دے رہے تھے کہ اُن دونوں عورتوں نے چیخ ماری اور دونوں کا دم نکلگیا اُسوقت فتح خاں اور اُسکی بیوی سُلطان مرزا اور اُسکے بچوں کی بیتابی۔ الٰہی توبہ سُننے والونکا کلیجہ پھٹا جاتا تھا ؎

سرِ کنشم نالہ اگر تا بہ شنیدن داری | دل نایم بتو گر طاقتِ دیدن داری

حسبِ وصیت جسے منعم خاں پہلے سے لکھہ گئے تھے اور نظام الدین اولیا کی درگاہ میں امیر خسرو کے مزار کے اوپر کو قبر کے لئے زمین بھی لے رکھی تھی چاروں لاشیں ایک ساتھ دفن کی گئیں اور فتح خاں میرٹھ جا حاضر ہوا۔

۶۲ فتح خاں چونکہ نہایت ذہین اور صاحب علم تھے مدرسہ کی تعلیم پر قناعت نہ کرسکے منعم خاں سے عربی اور فارسی حاصل کی اس پر انکی انگریزی پر زور ہوگئی۔ کارگذاری اور سادہ دلی کے باعث حکام انسے خوش رہے اور ترقی پر ترقی ہوتی گئی یہانتک کہ جب نیا بندوبست ہوا ڈسٹرکٹ ججی کے عہدہ پر پہونچگئے مگر اس عہدہ نے فتح خاں کا دماغ بہت اونچا کردیا۔

+نوٹ حضرت نظام الدین اولیا بڑے ولی اللہ تھے اُنکی کمالات و معجزات ظاہری و باطنی سے ہزاروں کتابیں بھری ہوئی ہیں ۱۸ ربیع الثانی ۷۲۵ھ کو ۹۱ برس کی عمر میں انتقال کیا دہلی سے چار کوس کے فاصلہ پر آپکی درگاہ ہے امیر خسرو آپکے مریدوں میں سے تھے اُنکے کمالات ظاہری اور باطنی نہایت مشہور ہیں نظام الدین اولیا سے آپکو از حد عقیدت تھی جسکہ حضرت نظام الدین نے انتقال فرمایا آپکو نہایت غم ہوا اور سب مال اسباب بنکر پیر کی قبر پر بیٹھے چھ مہینے کے بعد ۹ ذیقعدہ ۷۲۵ھ میں رحلت کی آپکی قبر درگاہ کے صحن میں ہے

۶۳ آپنے ڈسٹرکٹ کے دفتر میں اوّل ہی روز ایک برہمن چپراسی سے کہا کہ شسر ذرا میری جوتی اپنے رومال سے جھاڑ دے۔ اُسنے کہا ہوش کی لو ہم سرکاری کام کے نوکر ہیں تمہارے نج کے کام کیلئے نہیں اور پھر کام بھی ایسا ذلیل۔ ہم باج پئی کان کبج برہمن ہیں ہمارے بزرگ بھی کسی وقت چکلہ دار تھے گو ہم نے لاڈ میں رہکر تعلیم نہیں پائی بلکہ ستار بجایا کسی کا کہنا نہیں مانا اور جو کسی نے بہت دق کیا تو یہ شعر پڑکر پیچھا چھٹا لیا ؎

ناصحا مت کر نصیحت جی مرا گھبرائے ہے	میں اُسے سمجھوں ہوں دشمن جو مجھے سمجھائے ہے

مگر افسوس دیگر ناصحانہ اشعار کو میں نے دل سے بھلا دیا ؎

پند ناصح جو سخت ہے کیا ڈر	صبر ہے تلخ لیک شیریں بر
جو نصیحت نہ لائے خاطر میں	وہ ندامت اُٹھائے آخر میں

بعدہٗ والدین کی جایداد مُفت کھو بیٹھے اب چپراس پہنی ہے مگر ذات نہیں بچی۔ تم حاکم ہوکر ہمسے ایسے کام کو کہتے ہو۔ کیا کنجڑوں بھٹیاروں کی صحبت میں بیٹھے ہو شل ہے چور کی ڈاڑھی میں تنکا۔ جج صاحب آگ ہوکر پکار اُٹھے ارے کوئی ہے اور یہ کہکر چپراسی کے ایک بید مار بیٹھے چپراسی نے جج صاحب کے ہاتھ سے بید چھین کر دو تین ہلکی ہلکی لگائیں اسپر جج صاحب چھری اُٹھا کر چپراسی کو مارنا چاہتے تھے کہ اُسنے ہاتھ پکڑ کر اُنکو گرا لیا پھر چھاتی پر چڑھ بیٹھا اور یہ کہا کہ بلا کسکو بُلاتا ہے کہے تو جان سے مار ڈالوں اِسوقت غل مچا اور صاحب پولس نے مع چند کانسٹبل موقع پر آکر چپراسی سے کہا کہ تم جج صاحب کو چھوڑ دو چپراسی نے جواب دیا حضور میں کیا ایسا بیوقوف ہوں کہ انکو مار ڈالونگا اتنا کہہ کر الگ ہوگیا اور چھری صاحب کے ہاتھ میں دیدی پولس نے چپراسی کا اظہار لیا اُسنے وہی سچی بات بیان کردی پھر جب صاحب ضلع کے اجلاس میں مقدمہ پیش ہوا تو صاحب سمجھ گئے کہ چپراسی کا کچھ قصور نہیں۔ جج صاحب کی خاطر سے

۴۴ نصیحت ریخ والا

ایکدن کی قید محض تجویز کی چونکہ چپراسی اور جج صاحب میں اتفاق نہ تھا۔ لہذا رہائی کے بعد انکے اجلاس سے بدلا گیا۔"

۶۴ بایں ہمہ فتح خاں نے لن ترانی نچھوڑی جب کسینے افسوس سے بیان کیا کہ صاحب ضلع نے چپراسی کو بہت خفیف سزا دی تو آپنے یہ فرمایا۔ خدا جانے اُس روز صاحب ضلع کی عقل کہاں گئی تھی ورنہ یہ گستاخی اور ایسی خفیف سزا۔ اگر ایکے کمشنر صاحب سے ملاقات ہوئی یا کوئی کونسلی آگیا تو ایسا قانون جاری کراؤنگا جسمیں سب کھڑے رہے یعنے کمین لوگ حاکموں کا ایسا ادب کیا کریں جیسا ہندو مورتوں کا کرتے ہیں (یہ تکبر خدا خیر کرے) اور خوشامدیوں کے سامنے ہمیشہ یہ کہا کہ ایکے لاٹھ صاحب سے ضرور کچھ عرض کرونگا تب لوگوں کو معلوم ہوگا کہ فتح خاں کی کیسی چلتی ہے۔"

خوشامدی "جی حضرت آپ لکھتے ہی نہیں ایک چٹھی میں ایسا اثر ہو کہ کمشنر اور صاحب ضلع ناچتے پھریں۔"

جج صاحب "یار وہ میری طبیعت میں شر نہیں ورنہ آج کلکٹر صاحب کی بدلی کرادوں۔ میں کسی کا بُرا نہیں چاہتا عیب تو مجھ میں یہی ہے۔ شاید صاحب ضلع کو یہ معلوم نہیں کہ فتح خاں منعم خاں پنشن خوار ملٹری کے بیٹے پوتروں کے شاہی امیر اور میرٹھ والوں کے رشتہ دار ہیں نیز کبھی موقع ملیگا تو گوش گزار کردونگا تب آنکھیں کھلینگی۔"

۶۵ اب بڑے دن کی چھٹی آئی جج صاحب کا ارادہ ہوا کہ کہیں سیر کو چلیں اور کفایت شعاری اختیار کریں۔ غوض کیا تو معلوم ہوا کہ ڈاکٹر بصری لال پنشن خوار آجکل امرتسر میں ہیں۔ چونکہ ڈاکٹر صاحب بیکانیر میں مُفت دوادار و کردیا کرتے تھے اِس سبب سے آپسمیں دوستی تھی فتح خاں نے تجویز کی کہ امرتسر کی سیر کرو اور ڈاکٹر صاحب کے ہاں خواہ مخواہ مہمان بنو۔"

۶۶ جج صاحب آٹھ سو روپے ماہوار پاتے تھے مگر کفایت شعاری کے باعث سیکنڈ کلاس کی جگہہ درمیانی درجہ کا ٹکٹ لیکر امرتسر روانہ ہوئے رستہ میں بمقام انبالہ لارڈ ہارس ڈپٹی صاحب

ریل میں سوار ہوئے اور اپنے ایک قدیم ملازم (بیرا) کو جسکو وہ بہت خیر خواہ اور ایماندار سمجھتے تھے درمیانی درجہ کا ٹکٹ دلا دیا۔ بیرا اُسی گاڑی میں جہاں جج صاحب بنچ پر سو رہے تھے سامنے کے بنچ پر جا بیٹھا اور ناریل گڑگڑانے لگا۔ اتنے میں ریل چل پڑی۔ تھوڑی دیر کے بعد جج صاحب کی جو آنکھ کھلی تو دیکھتے کیا ہیں کہ ایک کالا سا بڑی بڑی مونچھوں والا آدمی حقہ پی رہا ہے اُسوقت بیرا نے ازروئے تواضع جج صاحب سے کہا مسافر صاحب حقہ کا شوق ہو تو چلم دوں"

۶۷ جج صاحب یہ سُنکر انگارہ ہو گئے اور اُسکا بنچ پر بیٹھکر حقہ کی مدارات کرنا بہت بُرا معلوم ہوا ولیں کہنے لگے کہ یہ بڑا گستاخ ہے کہاں ہم جیسے دربار گورنری کے کُرسی نشین آٹھ سو روپے ماہوار کے ملازم ڈسٹرکٹ جج اور میرٹھ والوں کے رشتہ دار اور کہاں یہ چار روپے کا پاجی۔ کالا آدمی۔ آخر اُس سے کہا کہ ناریل الگ رکھدے۔ ریل میں حقہ پینے کا حکم نہیں اور اگر ہے بھی تو حاکموں اور بزرگوں کے سامنے حقہ پینا گستاخی ہے تو یہ نہیں جانتا کہ ہم حاکم ہیں آٹھ سو روپے ماہوار پاتے ہیں تو اور ہمارے سامنے بنچ پر بیٹھکر حقہ اُڑائے۔ ارے کمبخت (بہت چلاکے) تو کون ہے اُسنے کہا میں لارڈ ہارس ڈپ صاحب کا بیرا ہوں (بیرا نے خیال کیا کہ یہ جج ہوتا تو صاحب لوگونکے پاس بیٹھتا ضرور کسی صاحب کا خانساماں ہے) تم خانساماں معلوم ہوتے ہو ہم تم دونوں بندبھائی ہیں پھر اتنا اینٹھتے کیوں ہو"

۶۸ جج صاحب۔ کھڑے ہوکر "چپ گستاخ ہمکو خانساماں بناتا ہے بنچ سے نیچے اتر۔ اگر مسافری تو ہوا کر۔ دربار میں سب جاتے ہیں لیکن کُرسی اُسی کو ملتی ہے جو کُرسی نشین ہو"

بیرا "بس چُپ رہو جی کیا ہمنے محصول نہیں دیا۔ ریل میں چاہے کمین ہوں چاہے شریف ہوں سب برابر ہیں اسکی وہ مثل ہے۔ ذات پات نپوچھے کو۔ ہر کو بھجے سو ہر کا ہو"

۶۹ جج صاحب مارے غصہ کے لال ہو گئے۔ بیرا ذرا کمزور تھا آپنے اُس غریب کی مونچھیں

پکڑ کے پاخانہ میں دھکا دیدیا اور دروازہ بند کر کے کہنے لگے کہ لے اِس ٹھاکر دوارہ میں اپنے ہر کو بھج۔ ہیرہ نے بہت غُل مچایا مگر چلتی ریل میں کون سُنتا تھا۔ اِتنے میں اسٹیشن آیا گاڑی ٹھیری معلوم ہوا کہ ایک مسافر کو ایک مسافر نے پاخانہ میں قید کر رکھا ہے چنانچہ ہیرا کو فوراً پاخانہ سے نکالا۔ اُسنے اُترتے ہی لارڈ ہارس ڈپ صاحب سے رپورٹ کی لارڈ صاحب چابک ہاتھ میں لئے گاڑی کے پاس آکھڑے ہوئے۔

۷۰ جج صاحب مُنہ میں چُرٹ دبائے ہاتھ میں انگریزی اخبار لئے مزے سے پانو پھیلائے بیٹھے تھے ہیرا نے کہا حضور دُہائی ہے اِس مسافر نے ٹٹی میں بند یوان بنا کر آدہ گھنٹہ تک ہمکو حقہ کا رکھا نہ پانی کا ۷۱ لارڈ صاحب نے انگریزی میں کہا باہر نکلو تمنے ہمارے نوکر کی بیعزتی کی ہے یہ سُنکر جج صاحب بہت گھبرائے اور معاف کیجئے معاف کیجئے انگریزی میں کہتے ہوئے گاڑی سے باہر نکلے لارڈ صاحب نے جج صاحب کو زمین سے اُدھر اُٹھالیا۔ آپ انگریزی میں برابر چلاتے رہے کہ میں جج ہوں مگر ایک نہ سُنی گئی۔ لارڈ صاحب نے ہیرا سے کہا کہ تُم زور زور سے چابک مارو لیکن ہیرا نے اپنی عقلمندی کے باعث یہ سمجھکر کہ کہیں مقدمہ میں نہ پھنس جاؤں عرض کیا کہ آقا کے ہوتے نوکر پیش دستی نہیں کر سکتا سزا دہی حاکموں کا کام ہے اِسکے علاوہ غلام مدعی ہے مدعی کو اپنے ہاتھ سے سزا دینا قانوناً جائز نہیں اُسوقت لارڈ صاحب نے خوب چابک مارے اور دھکا دیکر یہ کہا کہ پھر کبھی تکبّر نہ کرنا علم پڑھا اور احمق رہا ۵

کانٹا کسی کے مت لگا گو مثلِ گل پھولا ہے تو	حق میں ترے وہ تیر ہے کس بات پر پھولا ہے تو

۷۲ چونکہ بڑے آدمیوں کی اچھی بُری بات بہت جلد مشہور ہو جاتی ہے اِسلئے لڑکوں نے گیت بنا لیا اور گلی گلی گاتے پھرے۔

ماں بھٹیاری پوت فتحخاں بیٹا موچیہ کہار	لارڈ ڈپ کے کوڑے کھائے بیٹھا کرے پکار

۷۳ جج صاحب نے بہت فریاد کی۔ اخباروں میں چھپوایا مگر کچھ نہ ہوا مجبوراً نوکری سے استعفا دیکر گھر بیٹھے اور دلالی اختیار کرلی۔

۷۴ اِن دنوں نئے نئے پُتلی گھر بکثرت بن رہے تھے فتح خاں صاحب نے اکثر پُتلی گھروں کے حصے بکوانے شروع کئے۔

۷۵ جہاں جاتے پُتلی گھروں کی تعریف کے پُل باندھ دیتے لیاقت بیانیہ عمدہ تھی اکثر امیروں سے رسائی پیدا کرلی اُنکو حصہ دار بنا کر روپے ضایع کرائے اور دلالی اپنی پاکٹ میں ڈال لی۔

۷۶ رفتہ رفتہ فتح خاں کا حوصلہ بڑھ گیا دہلی کے باہر کا بھی دورہ کرنے لگے۔ جے پور الور وغیرہ جاکر مہنتوں کو پھنسا دیا۔

۷۷ پر جب پے در پے پُتلی گھروں کی قلعی کھلنے لگی (کہ اہلکار اپنے حق میں بڑے زبردست کن سیشن قائم کرکے پُتلی گھروں کا ست نکال لیتے ہیں اور آرٹیکل اوف ایسوسی ایشن یعنے اپنی کمپنی کے قانون کی آڑ میں پناہ گزین ہوکر خوب شکار کھیلتے ہیں) تو بہت کم حصے بکنے لگے اور خانصاحب کی ساکھ جاتی رہی۔

۷۸ ایک روز آپ اوجین والے رئیس کے ہاں جا دھمکے اور معمولی گفتگو کے بعد پُتلی گھر کا مسئلہ پیش کیا اِس موقع پر ایک بابو صاحب بھی رائیصاحب کے پاس موجود تھے جو پُتلی گھروں کے حالات سے خوب واقف تھے فتح خاں نے پُتلی گھروں کی تعریف کے دفتر کھولدئے اور یہ کہا حضور یہ پُتلی گھر میں ایک یا دو آڈیٹر حساب کی جانچ پرتال کیلئے مقرر ہیں کسی کی گڑبڑ چل نہیں سکتی۔ غرض پُتلی گھروں کے حصّوں میں کسی بات کا خوف نہیں بابو صاحب نے کہا خانصاحب آپ تو بھاٹوں کی طرح پُتلی گھروں کے ثناخواں ہیں آڈیٹر بیچارے کس گنتی میں ہیں کیونکہ جو آڈیٹر پسند خاطر ڈائرکٹران نہیں ہوتے بعد انقضائے میعاد ہرگز دوبارہ مقرر نہیں کئے جاتے۔ ہاں اچھے پُتلی گھروں میں آڈیٹروں کی قدر ہوتی ہے

نوٹ بعد قانون شرط قائم کردیتے ہیں کہ مثلاً ہم لوگ دو روپے فیصدی خریدار بنیں گے مجاز ہونگے کو انگریزی میں کن سیشن کہتے ہیں

کیونکہ وہاں سب کام ایمانداری سے ہوتا ہے۔

۷۹ خانصاحب یہ تو فرماویں کہ جمنا ملز میں جو بیچاری گھٹنیوں بھی نہ چل سکی اور ولسن ملز میں جو پیرونمیں چل کر گر پڑی اور جسمیں تقریباً تیں لاکھ کا نقصان نمایاں ہے کیا آڈیٹر نہ تھے آپ مہربانی فرماکر پتلی گھرونکے حصے بیچنے کا خیال چھوڑ دیں اپنے جزوی فائدہ کیلئے دوسرونکے روپے نہ لٹوائیں تھوڑی دیر کے بعد خانصاحب اپنا سامنہ لیکر چلدیئے۔

۸۰ اُسوقت بابو صاحب نے رئیصاحب سے کہا کہ جناب پتلی گھروں یا خانصاحب پر کچھہ منحصر نہیں اب تو عموماً لوگوں کا کچھہ عجیب حال ہے اس مضمون کا ایک مسدس کسی اخبار میں شایع ہوا تھا آپنے ملاحظہ فرمایا ہوگا۔ رئیصاحب بولے کہ یاد تو پڑتا ہے کہ سب پیٹیہ ورونکی قلعی کھولی گئی ہے مگر تم سُناؤ تو پھر تازہ لطف حاصل ہو۔ بابو صاحب نے فرمایا سُنئے۔ مسدس

اگر کوئی تھوڑی انگلش جان جائے چُرٹ کا دھواں رات دن وہ اُڑائے		اُسے کوٹ پتلون سے چین آئے کمربند کی جا بٹن ہی لگائے
وہ انگریزوں کی شکل بالکل بنائے اور اِس تازہ فیشن میں جاں تک گنوائے		
حکیم اپنی حکمت میں پورے کہائیں کسی سے اگر نذر اپنی نہ پائیں		مریضوں کو بے فیس آنکھیں دکھائیں تو پھر رفتہ رفتہ مرض کو بڑہائیں
جو مفلس ہیں ہوں کس طرح کامیاب کہاں ہے اُنہیں فیس دینے کی تاب		
اگر فیس بھی دیجئے بالیقیں دوا اُن کی ہے خود مرض آفریں		تو تشخیص کا کچھہ سلیقہ نہیں تو بیمار کیونکر ہو صحت قریں

اُنہیں فیس سے کام کیوں جی لگائیں
جو کل مرتے ہوں آج کیوں مر نہ جائیں

یہ عطاروں کی ہو گئی ہے ادا
کہ آنوں کو دیں کوڑیوں کی دوا
دواؤں کا اُن کی نہیں کچھ پتا
پُرانی نئی سب کی سب ایک جا

اُسی ایک بوتل میں شربت ہیں سب
غضب ہے غضب ہے غضب ہے غضب

امیر اپنی دولت کے اندھے کہائیں
جو محتاج ہیں اُن سے نفرت جتائیں
غریبوں کی اِمداد سے جی چُرائیں
مگر لغو کاموں میں گھر تک لُٹائیں

کمینوں رذیلوں سے صحبت اُنہیں
شریفوں عقیلوں سے نفرت[۱] اُنہیں

سُنو واعظوں کی نصیحت کا حال
کہ خود را فضیحت ہے اُن کا مقال
خدا جانے ہے اُن کا کیسا خیال
نصیحت کے دھوکہ میں لیتے ہیں مال

اُنہیں خوف ہرگز خدا کا نہیں
ذرا پاس[۲] دھرم و دیا کا نہیں

نجومی و رمّال سارے ہیں مکّار
لگائے کریں ہیں شگن کا بچار
دو معنی سخن کہتے ہیں بد شعار
بڑے چلتے پُرزے بڑے ہوشیار

نہو اُنکا کہنا نہ ہرگز ہوا ہے
کہ جنکے دلوں میں سراسر دغا ہے

وکیلوں کے عملے کا یہ حال دیکھا
فریقین[۳] کو یہ بتاتے ہیں سچّا

[۱] دشمنی [۲] لحاظ [۳] دونوں فریق

کریں گرم مٹھی تو سچا ہے جھوٹا
جو ہارے کوئی صاف کہدیں کہ جیتا

اپیل اس کا کر۔ اسمیں وسعت بہت ہے
ابھی لڑنے بھڑنے کو جرأت بہت ہے

کیا گر بنج تونے کوٹھی سجا کر
تو دیتے نہیں دام سودا منگا کر
جو دینا تجھے ہے گا دم میں بکا کر
جو لینا کسی سے تو منّت کیا کر

جو نالش کروگے تو بھاگیں یہاں سے
نہیں پاس کھانے کو دینگے کہاں سے

گر اپنے مکاں میں کسی کو بسایا
تو اک اک مہینہ کو برسوں پھرایا
تقاضے کیئے جب تو حیلہ بنایا
یہ بن جائیگا تب میں دو لگا کر ایہ

جو آخر کو باقی رہا اُس کو روئے
خدا نا دہندوں کو دنیا سے کھوئے

جو لڑکی کی شادی ہوئی ایک کے گھر
تو حلوائیوں نے کیا ظلم اُس پر
کیا ایک ملازم بھی اُن پر مقرر
نہ لیجائے تا جنس کوئی اُٹھا کر

بھرا گھی کو لوٹوں میں حلوائیوں نے
جو پکڑا تو پیٹا اُنہیں بھائیوں نے

شریفوں کی اولاد پھرتی ہے واہی
مقدر نے دکھلائی ایسی تباہی
گرائی کو بیچے ہیں یہ بادشاہی
یہ مایوسی اولاد سے ہے الٰہی

نہ کہنے کے لایق نہ سُننے کے قابل
فقط ہے تو بس سر کے دُھننے کے قابل

مُعلّم اگر تربیت کو بٹھائیں ذرا سا سبق چار دن میں سُنائیں	تو بیچارے کو اُنگلیوں پر نچائیں کبھی پڑھنے آئیں کبھی بھاگ جائیں
طبیعت نہیں اُنکی پڑھنے پہ مائل یہی آخر کو رہجاتے ہیں کورے جاہل	

۸۱ غرض کوئی حصہ خانصاحب کی معرفت فروخت نہ ہوا جہاں گئے مایوس آئے ناچار دلّالی سے دست بردار ہونا پڑا۔ اِس عرصہ میں ایک فقیر صاحب کے فیض صحبت سے خانصاحب کی آنکھیں کھُلیں اور دل کو یقین ہوگیا کہ اُنہوں نے بہت سا روپیہ گُناہ کی بدولت پیدا کیا ہے اور اُسکے ساتھ ہی یہ خیال بھی ہوگیا کہ دیکھئے اِن گناہوں کا انجام کیا ہو۔ کیونکہ ایک دن تمام نیک و بد خدا کے سامنے کھڑے ہونگے۔ نیکوں سے سوال کیا جائیگا کہ تُمنے کیا کیا عرض کرینگے۔ ہزاروں کی جانیں بچائیں مسکینوں کو کھانے کھلائے۔ فقیروں کو کپڑے دیئے کسیکی حق تلفی نہیں کی جھُوٹ نہیں بولا کسی کو دھوکا نہیں دیا حکم ہوگا کہ تُم جنتی ہو۔ پھر بدوں سے پوچھا جائیگا کہ تمنے اپنی عمر کہاں کھوئی جو ابد ینگے کہ ہمنے صرف دکھانیکو نماز پڑھی۔ تسبیح ہاتھ میں رکھی ہمیشہ جھُوٹ بولتے رہے جعلسازیاں کیں چغلیاں کھائیں۔ ارشاد ہوگا کہ تمہارا ٹھکانا دوزخ ہے غرض اُس فقیر کے خانصاحب مرید ہوکر اُسکے ساتھ چلدیئے پھر پتہ نہ لگا کہ کہ اُنکا انجام کیا ہوا اور سلطان مرزا بعد وفات منعم خاں وغیرہ کے دل برداشتہ ہوکر مکّہ شریف چلدیئے وہاں بہتری عمر میں انتقال کیا

۸۲ اب زمانہ ایسا آگیا ہے کہ لوگ ایک اینٹ کیلئے مسجد کو ڈھا دیتے ہیں تاریخ سے معلوم ہوتا ہے کہ شاہ جی نے جو مرہٹوں کی طرف سے دہلی کے صوبہ تھے مقبروں کی جالیاں اور اچھے اچھے پتھر اپنے باغ میں لگوائے تھے جرنیل لونی اختر+

نوٹ ۱۸۰۴ء میں ہلکر نے انگریزوں سے تیس ضرب توپ اور قریب تیس ہزار افواج کے دہلی کا محاصرہ کیا کرنیل اوکٹرلونی جسکو لونی اختر صاحب کہتے تھے بادشاہ کے دربار میں رزیڈنٹ تھے اُسوقت تعداد فوج میں آٹھ سو جوان اور گیارہ توپیں تھیں نو روز محاصرہ ہلکر دہلی نہ لے سکا ناچار محاصرہ سے دست بردار ہوکر بمقام پانی پت پہنچا اور دریائے جمنا عبور کرکے بطرف شمال چلا گیا بعد اِس واقعہ کے یہ امر فیصل ہوا کہ شاہ جی کے باغ سے پتھر کو لگا دیا اسکا

کے زمانہ میں انگریزوں نے اِس خیال سے کہ اِس باغ کی آڑ میں غنیم شہر پر حملہ آور ہو سکتا ہے باغ کی عمارت کو مسمار کرادیا اب اُس باغ کی یادگار صرف ایک تالاب باقی ہے ۵

دنیا عجب بازار ہے کچھ جنس یہاں کی ساتھ لے	نیکی کا بدلا نیک ہے بد سے بدی کی بات لے
میوہ کھلا میوہ ملے پھل پھول دے پھل پات لے	آرام دے آرام لے دُکھ درد دے آفات لے
کلجگ نہیں کرجگ ہے یہ یہاں دِن کو دے اور رات لے	
کیا خوب سودا نقد ہے اِس ہاتھ دے اُس ہات لے	

رباعی

جو کوئی کسی کو یاں کلپاوے گا	یہ یاد رہے کہ وہ نہ کل پاویگا
اِس دہر مکافات میں سُن اے ظالم	جو کوئی کریگا آج کل پاوے گا

ضمیمہ اوّل نصیحت انگیز مسائل - دیکھو فقرہ ۱۲

انسان کے مفصلہ ذیل فرائض ہیں جو انکا پابند ہے خرسند ہے

عبادت - ریاضت - تعزیت - رفاقت - دیانت - امانت - شجاعت - سخاوت - اطاعت عدالت - عفت - حکمت - توکل - آداب والدین اور حتی الوسع اُن کی خدمت و امداد پناہ گزیں کی واجبی حمایت - عیادت - میانہ روی - مدارات - فروتنی - راست گوئی

۲ - در باب بے ثباتی دنیا

کیسے کیسے آگے دنیادار تھے	کام میں دنیا کے سب ہشیار تھے

یاد کرکے اُن کو کر خوفِ خدا
بیوفا دنیا سے جھٹ پٹ ہو جُدا

دیکھ کتنوں نے طلب اُسکو کیا
آخرش سب دیدیا کیا لے لیا

ہات خالی جیب خالی جب چلے
قبر میں جاکر کفِ حسرت ملے

صورتیں وہ کیا ہوئیں سچ سچ بتا
حال یارونکا نہیں تجھ پر کھُلا

اِک تکبّر سے یہ کرتا تھا کلام
اے مرے فرزند اے میرے غلام

ہے یہ میرا مُلک میرا تخت و تاج
یہ خزانے ہیں مرے میرا ہے راج

میرا ہمسر کوئی ہو سکتا ہے کب
میں ہوں شاہنشاہ اور ادنے ہیں سب

کوئی کہتا تھا کہ اب مجھ سا امیر
کون ہے میرے سوا سب ہیں فقیر

کوئی کہتا تھا مرے فرزند ہیں
یہ مرے لختِ جگر دلبند ہیں

کتنوں نے دعوے خدائی کا کیا
نام اپنی کبریائی کا کیا

ہم ہیں مالک ہم ہیں وارث ہم ہیں شاہ
دیتے ہیں ہم سارے عالم کو پناہ

تھا بھروسہ اپنے زر کا زور کا
کچھ خیال اُن کو نہ آیا گور کا

دل نہ رکھ دنیا پہ اے فرخندہ کام
سوچنے کا فکر کا ہے یہ مقام

آج ہے کل چھوڑ کر جب جائیگی
پھر نہ ہرگز پاس تیرے آئیگی

باطن اپنا صاف کر یہ حق سے کہہ
اے خدا اے ذوالکرم خوش مجھسے رہ

ایسے کر اعمال جو ہوں حق پسند
اور بدی سے کر زباں تو اپنی بند

قیصر و فغفور و خاقاں کیا ہوئے
خسرو و جم اور سلیماں کیا ہوئے

کیا ہوئے شاہانِ دارائے زمن
کیا ہوئے وہ قصر اور وہ انجمن

کیا ہوئے اُنکے وزیر اور سب امیر
کیا ہوئے سب دوست اور اُنکے مشیر

کیا ہوئے اُنکے خزائن اور فوج | کیا ہوئے وہ مُلک اور وہ اوج سوج
اب نظر آتا نہیں کوئی یہاں | کیا ہوئے وہ دوست دشمن ہیں کہاں
ایسے ہی تجھکو گرینگے یاد سب | جیسے اُنکو یاد کر لیتے ہیں اب

۳- درباب عدم قیام رنج والم خوشی واقبال

ع چناں نہ ماند چنیں نیز ہم نخواہد ماند۔ غم نہیں رہا تو خوشی بھی نہ رہیگی اور خوشی نہیں رہی تو غم بھی جاتا رہیگا خوشی میں پھول جانا رنج میں چھوئی موئی کے درخت کیطرح پژمردہ ہونا خلافِ عقل ہے

رباعی

ادبار میں لازم ہے تفکر نہ کرے | اقبال میں لازم ہے تکبّر نہ کرے
یکساں نہیں رہتا ہے زمانہ سب کا | انسان کو لازم ہے تکبّر نہ کرے

۴- نظم درباب فکر

اگر دنیا کی ہو کچھہ فکر دل پر | کبھی دل کو کرے اُس سے نہ مضطر
جو ممکن ہو کرے تدبیر اُس کی | رکھے پھر فضل پر اللہ کے جی
مصیبت میں کبھی ہونا نہ بیدل | کہ کچھہ ہوتا نہیں ہے اِس سے حاصل
نظر رکھو خدا پر اپنی ہر دم | کسی کا قول ہے مشہورِ عالم
دریں دنیا کسے بے غم نباشد | اگر باشد بنی آدم نباشد
جو گھبرا کر کسی نے دل اُٹھایا | ندامت کے سوا کچھہ پھل نہ پایا

۴۵ در باب مذہب پوجا پاٹ و روزہ و نماز

آج کل دیکھا تو دکھلاوے کی پوجا پاٹ اور عبادت رہگئی ہے۔ صدق دل سے تو سو میں ایک بھی مشکل کرتا ہے۔ ہندو ہوئے تو ہاتھ میں جپ ٹھیلی لیکر ایسی جگہ ہلا جپنے یا گھنٹہ بجانے یا بھجن گانے لگے کہ لوگ دیکھکر انکو نیک سمجھیں لیکن باطن میں جھوٹ اور فریب سے کام لیا اور تلسی داس جی کے قولوں کو فراموش کیا دوہرے

رام رام سب رٹت ہیں ٹھگ ٹھاکر اور چور	بنا پریم ریجھیں نہیں تلسی نند کشور
مالا گل میں ڈالکر مت نا بولو جھوٹ	مالا سے چرخہ بھلا جو نت اٹھ کاتے سوت
ست بچن آدھینتیا پر تر یا بات سمان	تا پر بھی ہر نا ملیں تو تلسی داس ضمان
کام کروڈہ لوبھ موہ اہنکار	تلسی پانچوں چھانڈ کے کر ایشور کا دھیان

ایسا ہی اہل اسلام کو دیکھا سینکڑوں میں مشکل سے ایک کو صدق دل سے عبادت کرتے پایا رگڑ رگڑ پیشانی پر گٹہ ڈال لیا اور ہر وقت تسبیح ہاتھ میں رکھی اللہ اللہ اور توبہ توبہ کا تکیہ کلام بنا لیا مگر فریب کی چھری دل کے میان میں چھپائے رکھی جب موقع ملا لوگوں کے حقوق کے گلے بلا درد و سواس کاٹ ڈالے اشعار

تسبیح بکف پھرنے سے کیا کام چلے	سنکے کی طرح دل نہ پھرے جبتک میر
صاف نیت سے بندگی ہے نکو	ورنہ بے مغز پوست سے کیا ہو
ظاہر و باطن ترا اگر نیک ہو	پاوے بیشک جب توحق کی راہ کو

اس زمانہ میں بہت سے فرقے اور پنتھ ہندو اور مسلمانوں میں پھیلے ہیں کہ جنکی شمار نہیں اور طرفہ یہ کہ ایک دوسرے کو برا کہتا ہے اور یہاں تک جوش تعصب نے اندھا کر رکھا ہے کہ ایک دوسرے سے لڑتا اور عدالت چڑھکر آفت میں پڑتا ہے مسدس

جو بشر پابند مذہب ہے وہی دیندار ہے
جسکو ہے حق کی تمنا اُسکا بیڑا پار ہے

جسکو پابندیِ مذہب سے نہیں کچھہ عار ہے
طے بآسانی اُسی کی منزلِ دشوار ہے

اپنے مذہب کا جو اہلِ آبرو پابند ہے
اُس سے بڑھکر کون پھر دنیا میں دانشمند ہے

اپنے مذہب کا ہمیشہ پاس کرنا چاہیئے
ایزدِ خلّاق سے ہر وقت ڈرنا چاہیئے

حدِّ مذہب سے نہ انساں کو گزرنا چاہیئے
دم ہمیشہ دل سے سچائی کا بھرنا چاہیئے

پاس مذہب جسکو ہو ہے نامُ اسکا حق شناس
رنج و غم آتے نہیں زنہار اہلِ دیں کے پاس

اپنے مذہب کو ہمیشہ سب سے بہتر جانیئے
جو ہدایت ہو اُسی کو اپنا رہبر جانیئے

حکمِ مُرشد کو مثالِ حکمِ داور جانیئے
اپنے مذہب کی کتابوں کو مقرّر جانیئے

جس بشر کو کچھہ نہیں ہے اعتبارِ دینِ خاص
وہ نہیں زنہار ہوتا پاسدارِ دینِ خاص

غیر کے مذہب کی بھی توقیر واجب ہے ضرور
کیونکہ ہے توہینِ مذہب داخلِ جُرم و قصور

جو تعصب پر فدا ہو ہے وہ بیشک بے شعور
سنگدل ہے غیر کے شیشے کو جو کرتا ہے چور

ہے تعصب سے نہیں بڑھکر زمانے میں گناہ
اِسکا چسکا ہے جسے ہے وہ بہا نہیں روسیاہ

کونسا ایسا ہے مذہب ظلم جس میں ہے روا
کونسا ایسا مرض ہے وہ نہیں جس کی دوا

ہو نہ مشکل جس کی آساں کون ہے وہ بینوا
عظمتِ دیں جلوہ گر ہے ہر جگہہ مثلِ ہوا

الغرض ہے جسکا جو مذہب خدا اُسمیں ہی ہے

تم وفا جس سے کرو میشک وفا اسمیں ہی ہے

جسنے ایماں اپنا کھویا اُس نے کھوئی آبرو
دوست جو اُسکے تھے اِس حالتمیں ہوتے ہیں عدو
گل وہ مثلِ خار ہے جس میں نہیں ہے رنگ و بو
دل وہ ہے گل سے بہتر جس میں نہ حق کی آرزو

اپنے ایماں پر جو قائم ہو وہ ہے مقبولِ خلق
جو پھرا اپنی روش سے وہ ہے نامعقولِ خلق

جو ہو مذہب باپداں کا اُسکی پابندی کرو
دم ہمیشہ راستبازی کا بصدقِ دل بھرو
اپنے اپنے کام سے بس کام رکھو رہبرو
تم نہ بھٹکاؤ کسی کو قہرِ خالق سے ڈرو

جھوٹی باتوں سے نہ لوایماں کسی کا واعظو
دو فقط لکچر خدا کی برتری کا واعظو

مثنوی

جو رکھیں اور مذہب سے خصومت
جہالت ہے جہالت ہے جہالت

رہے مذہب پہ اپنے خوب پابند
وہ اپنے دین و ملت سے ہو خرسند

خطا اُسکی ہے اُسکے حق میں مذموم
تمہارے نام پر کب ہو وہ مرقوم

جو رکھتے ہیں ہدایت کی لیاقت
جہاں تک ہو سکے کرو ہدایت

کہ جو شرعی عبادت ہے مقرر
ہر اک مذہب میں رائج ہے برابر

اگر تسلیم کی ہے اُسکو توفیق
ثواب اُسکا ملا تم کو بہ تحقیق

وگرنہ تم کو کب رتبہ ہے حاصل
کہ طے کرتے ہو جھگڑوں کے مراحل

تعصب سے ہمیشہ باز آؤ
دل اپنا اپنے مذہب پر لگاؤ

تعصب ہوا جسکے دل میں مکیں — گئے اُسکے ہاتھوں سے دنیا و دیں
تعصب ہو جسکو وہ انساں نہیں — تعصب کا بندہ مسلماں نہیں
نہیں اُنکے اطوار و افعال خوب — نہیں اُنکے عادات و اقوال خوب
نہ شائستگی ہے نہ تہذیب ہے — مراتب کی کب اُنمیں ترتیب ہے
عرض جو بُرائی ہے انسان میں — تعصب کا باعث ہے ہر آن میں
اگر کوئی عاقل ہو اور ہوشیار — تعصب کو دیوے نہ اپنے بار

۶- دنیا میں مبارک لوگ

مبارک ہیں وہ انساں جو خدا کی یاد کرتے ہیں — مبارک ہیں وہی جو اہل غم کو شاد کرتے ہیں
مبارک ہیں وہی جو خواہش انصاف رکھتے ہیں — مبارک ہیں وہی جو اپنے دلکو صاف رکھتے ہیں
مبارک وہ ہیں جو پابندیِ اوقات کرتے ہیں — مبارک وہ ہیں جو لوگونسے ہنسکر بات کرتے ہیں
مبارک ہیں وہی جو راستی پر دلسے قربان ہیں — مبارک ہیں وہی جو قدردانِ نکتہ سنجان ہیں
مبارک وہ ہیں جن میں عادتِ غیبت نہیں اصلا — مبارک وہ ہیں جن میں یہ بُری خصلت نہیں اصلا
مبارک ہیں وہی جو صاحب علم و فضیلت ہیں — مبارک ہیں وہی جو اہل ہوش و عقل و ہمت ہیں
مبارک ہیں وہی جو باادب ہیں اہل دنیا میں — مبارک ہیں وہی جو خوش لقب ہیں اہل دنیا میں
مبارک ہیں وہی جنکو پسند آئی وفاداری — مبارک ہیں وہی کرتے ہیں جو دشمن سے بھی یاری
مبارک ہیں وہی جو کام کرتے ہیں دیانت سے — مبارک ہیں وہی جو دور رہتے ہیں خیانت سے
مبارک ہیں وہی اشخاص جو ہیں علم کے طالب — مبارک ہیں وہی جو نفس سرکش پر ہوئے غالب
مبارک ہیں وہی جو چاہتے ہیں بہتری سب کی — مبارک ہیں وہی کرتے ہیں جو چارہ گری سب کی

مبارک ہیں وہی جن کو خیال حفظ ایماں ہے — مبارک ہیں وہی۔ دل راستی پر جن کا قرباں ہے
مبارک ہیں وہی جو میہماں کی قدر کرتے ہیں — مبارک ہیں وہی جو خالق عالم سے ڈرتے ہیں
مبارک ہیں وہی جن کو خیال خاکساری ہے — مبارک ہیں وہی جن میں کمال بردباری ہے
مبارک ہیں وہی خدمت بزرگوں کی جو کرتے ہیں — مبارک ہیں وہی عزت بزرگوں کی جو کرتے ہیں
مبارک ہیں وہی جو طاعت حکّام کرتے ہیں — مبارک ہیں وہی جو کام کو انجام کرتے ہیں
مبارک ہیں وہی خواہش ہے جنکو نیکنامی کی — مبارک ہیں وہی عادت ہے جنکو خوشکلامی کی
مبارک ہیں وہی مردان خوش انجام دنیا میں — رہے زندہ فنا کے بعد جنکا نام دنیا میں
مبارک ہیں وہی صبر و قناعت جنکا پیشہ ہے — مبارک وہ ہیں جنکو فکر ہمدردی ہمیشہ ہے
مبارک ہیں وہی اشخاص دولتمند و دریادل — زمانہ خلق پر جنکے سدا شیدا ہو اور مائل
مبارک ہیں وہی فانی سمجھتے ہیں جو ہستی کو — مبارک ہیں وہی جو جانتے ہیں حق پرستی کو
مبارک ہیں وہی جو فرق نیک و بد سمجھتے ہیں — مبارک ہیں وہی جو کید اہل کد سمجھتے ہیں
مبارک ہیں وہی جو ہیں فعل جنکے عیب سے خالی — مبارک ہیں وہی کرتے ہیں جو تدبیر خوشحالی
مبارک وہ ہیں جو راضی رضائے حق پہ رہتے ہیں — ہمیشہ شاکر اپنے قادر مطلق پہ رہتے ہیں
مبارک ہیں وہی جو قدر افزائے سخنور ہیں — مبارک ہیں وہی جو نکتہ فہم و نکتہ پرور ہیں
مبارک اے تمنا ہیں وہی اشخاص روشن دل — کہ جنکی ذات سے کچھ فائدہ اور ونکو ہو حاصل

۷۔ معیار العادات

جانچتی ہے محک کہ ہے طلا کیسا — کون ممسک ہے جانتا ہے گدا
رنج دل کو مٹائے صاحبدل — رافع حرص صحبت کامل

نیک حاکم ہے عدل کا بانی	اور شجاعت ہے عزم انسانی
زن کا زیور تو اُسکی عصمت ہے	ایسی زن ہو تو گھر میں زینت ہے
مفلسونکا نشان ہے خواری	اور اقارب کی شان غم خواری
قدر داماد حال دختر پر	زیب خانہ مکین و انشور
قرض لیکر جو دے وہ ہے انسان	پیر و پیر ہو تو چیلہ مان
ناسزا کا نشاں خطا کاری	ہے معالج کا فخر دفع بیماری
دوست دشمن کو دیکھ آفت میں	جانچ نوکر کی ہے دیانت میں
نیک و بد سے ہے خاندان ظاہر	شعر سے ہے زباندان ظاہر
تیرے لڑکے میں گر سعادت ہے	تجکو کس شے کی پھر ضرورت ہے
اپنی کھانسی کو روگ کا گھمان	نیند اور بھوک تندرستی جان
دل کی حالت جتائے شکل بشر	جیسی عادت ہو اُسکی دے یہ خبر

۸۔ کون کون حالات کون اسباب سے چھپ نہیں سکتے۔

بہادری ..... نفس پر غالب ہونیسے	نامردی ..... مصیبت میں گھبرانیسے
سخاوت ..... مال و جان عزت میں	بخیلی ..... اپنے آپکو اور حقداروں کو
دریغ نہ کرنیسے	تنگ رکھنے سے
پارسائی ..... خوفِ خدا سے	فسق ..... خدا کی نافرمانبرداری سے
عدل ..... بے تعصبی و علم سے	ظلم ..... بے محل غصہ و زعرور سے
حکمت ..... اپنے نفس کو پہچاننے سے	جہل ..... کاہلی اور بد عملی سے

طبابت[11] ..... تجربے اور علم سے
رشتہ[12] دار اور دوست ... ہمدردی سے
نشہ[13] ..... آنکھ سرخ ہونے
اور منہ میں بدبو سے
بیماری[14] ..... ضعف سے اور چہرہ
کی زردی سے
مفلسی[15] ..... پھٹے کپڑے ٹوٹی جوتی سے
پڑوسی[16] ..... برتاؤ سے

قحط[17] ..... اسماک باران موقوف سے
کتاب اخبار[18] ..... زیادہ بکری سے
عدل[19] ..... انصاف سے
اولاد رشید[20] ..... ادب اور نیک چلن سے
علمی استعداد[21] ..... تعلیم اور تصنیفات سے
بے ایمانی[22] ..... نادہندی سے
اقبال[23] ..... کامرانی سے
ادبار[24] ..... نامرادی سے

۹ تین شے کو تین شے بغیر قیام نہیں

تین شے کا قیام تین سے ہے — ورنہ ہوتی ہیں سب کی سب لاشے
بے تجارت نہیں فزونی مال — بے سیاست ہے سلطنت کو زوال
علم بے بحث پائدار نہیں — شبہہ کچھ اس میں زینہار نہیں

۱۰ چھ حالتوں کے چھ لوازمہ

مال اکثر نہیں ہے بے نخوت[25] — نہ اطاعت خدا کی بے محنت
بے ندامت نہیں بری صحبت — بے خطر شاہ کی نہیں خدمت
صحبت زن ملاذ[26] نکبت[27] ہے — حرص سے ہر طرح کی ذلت ہے
کون ہے مست نشۂ دولت — ہو نہ جس میں غرور کی علت

[11] طبابت ۱۲ رشتہ دار اور دوست ۱۳ نشہ ۱۴ بیماری ۱۵ مفلسی ۱۶ پڑوسی ۱۷ قحط ۱۸ کتاب اخبار ۱۹ عدل ۲۰ اولاد رشید ۲۱ علمی استعداد ۲۲ بے ایمانی ۲۳ اقبال ۲۴ ادبار ۲۵ صحبت

اپنے آپے میں بہت تھوڑے ہیں	کبر و نخوت جنہوں نے چھوڑے ہیں
عابدانِ بصبر و با ایماں ::	جن کو حاصل ہے یاری یزداں
عیش و عشرت سے جی چراتے ہیں	یاد خالق میں دل لگاتے ہیں
ہے یہاں کون زن سے ہمصحبت	جو نہیں ہے محن سے ہمصحبت
کونسا ہے طمع کا آزاری	عاقبت میں نہو جسے خواری
کون ہے جو شریک بد ہو کر	ہاتھ ملتا نہیں ہے رو رو کر
کون ہے۔ کر کے شاہ کی خدمت	جسکو آخر ہوئی نہو خفّت
لیک شہ جبکہ دادگر ہووے	کیوں کسی کو کسی سے ڈر ہووے

۱۱۔ گناہ کس فعل کا نام ہے۔ جس کام کو مذہب نے بُرا جتا دیا۔

۱۲۔ سوال کبیر جی	۱۳۔ جواب کبیر جی

دوہرہ سوال

سانچ بول نہ مایا ملے جھوٹے ملے نہ رام	اب کبیر کیسے کریں ہماری دونوں کام

دوہرہ جواب

مایا سوں اپرادھ ہے سانچی روزی کھا	رام نام کو جاپ کے دونوں کام بنا

۱۴۔ پاک وصاف

پاکوں کو غم حساب ہوتا ہی نہیں | اُجلے کپڑونکو کوئی دھوتا ہی نہیں

۱۵ - رباعیات در باب توبہ

توبہ تو ہے اِک بیج عبادت ہے ثمر | غفلت سے ہٹو باندھ لو توبہ پہ کمر
یہ بیج اگر دل کی زمیں میں جم جائے | حاصل تمہیں آخر کو ہو طوبیٰ کا شجر

رباعی

توبہ وہی مقبول کہ پھر ہو نہ گناہ | ہر کام میں تائب[۱] کی ہو مولیٰ پہ نگاہ
یہ توبہ ہے کیا۔ آج تو کی کل ٹوٹی | ہے نفس کا یہ مکر کرے دل کو سیاہ

[۱] توبہ آرزو ۱۲۱۱ھ
[۲] زوجہ ۱۲۱۲ھ

۱۶ - نظم در باب آداب و تعظیم

ادب ہے آدمیت کی نشانی | سراسر ہے خدا کی مہربانی
مفصل ہیں ادب کے یہ مراتب | سُنو دل سے انہیں تو ہے مناسب
رکھو غالب خدا کا خوف دل پر | نہ بھولو اپنے جسم آب و گل پر
رہو مصروفِ کارِ نیک دن رات | ولیکن ہو ادب کیساتھ ہر بات
کرو ماں باپ کی تعظیم ہر دم | اور اُنکے حکم کو تسلیم ہر دم
جو کوئی کام ہے تم پر مقرّر | تو اُسمیں محنت و ترتیب ہے بہتر
کوئی عالم ہو۔ یا ہو کوئی درویش | کرو تعظیم اُسکی بیش از بیش
عزیز و اقربا ازواج[۲] و فرزند | رہیں سب خُلق کی باتوں سے خرسند

رہے اپنی شریعت سے سروکار — خصومت ہو مذاہب سے نہ زنہار
طریقہ ہے شرافت کا صداقت — وسیلہ ہے شقاوت[1] کا حماقت
جو ہیں نا راستی کے پائے در گل — ہمیشہ ہے ندامت اُنکو حاصل
بڑا ہو آپ سے گر کوئی انساں — لحاظ اُسکی بزرگی کا ہو ہر آں
رفیق علم ہو ہر دم طبیعت — ہو نقش دل بزرگوں کی نصیحت
ادب جسکو نہیں دُنیا میں حاصل — نہیں ہے حق کی رحمت میں وہ شامل

۱۷۔ نظم در باب آداب محفل

قاعدے محفل کے شایق کیا لکھے — لکھنے والے ہیں بہت کچھ لکھ چکے
کچھ لکھی جاتی ہیں باتیں سود مند — تا نہ پائیں طول یہ اوراق چند
جائے گر محفل میں تو اے مہرباں — بیٹھ اپنے مرتبہ سے بے گماں
دیکھ مسند پر نہ بیٹھ اے تیرہ رائے — تا اُٹھا دینے کی ذلت تو نہ پائے
خندہ رن ہرگز نہو ہر بات پر — قدر کم ہوتی ہے خفت بیشتر
بزم میں اپنی ثنا خوانی نہ کر — دیدہ و دانستہ نادانی نہ کر
کر نہ تو تعریف محفل میں کبھی — اپنے مال و علم اور فرزند کی
کر حذر ہر وقت کذب و ہزل سے — اور نہ کہہ باتیں مخالف عقل سے
محفل غم میں نہ کر ذکر سرور — زہر میں شکر ملانا کیا ضرور
ہو کبھی گر محفل شادی کہیں — کر نہ ذکر غم سے لوگو تم کو حزیں[1]
نوش سے سب نیش کہتے ہیں جُدا — نیش ہو جب نوش میں ہے بے مزا

بات کرنے میں نہ کر قطع کلام — تھام شمشیرِ زباں کو اپنی تھام
جنبشِ ابرو و چشم و دست سے — گفتگو کرنے میں اِن سب سے بچے
ریش سے بازی نہ کر اے ارجمند — ابلہی پر تیری ہوگا ریش خند
اور نہ چٹخا اُنگلیوں کو بار بار — ہے زبوں یہ فعل سُن اے ہوشیار
کہدیئے ہیں قاعدے تجھسے یہ سب — بیٹھ محفل میں تو باشرطِ ادب
کر سمجھکر اہلِ محفل سے کلام — تاکہ ہو جائے پسندِ خاص و عام
پوچھا لقمان سے کسی نے سبب — کس سے سیکھا ہے تمنے علم و ادب
بولے ہر بے ادب سے سیکھا ہے — اُسکے ہر کام پر تبرّا ہے
چال سے اُسکی اجتناب کیا — ادب اِسطرح اکتساب کیا
بے ادب جو زباں پہ لاتے ہیں — ہوشمند اُس سے پند پاتے ہیں

اِسیطرح جب کوئی دوست تمہارے گھر آئے تم پر حسب مرتبہ اُس کی تعظیم میں شیریں کلامی سے پیش آنا واجب اور کسی بات میں جھگڑے کے متعلق گفتگو کرنا نامناسب ہے اور اگر طرفانی ایسی گفتگو چھیڑ دے تو مہذّب الفاظ میں جواب دینا چاہیئے اُس سے کسی کی غلبت سُنکر وہاں میں ہاں نہ ملاؤ اُسکے ساتھ معمولی تواضع سے پیش آؤ اور جس غرض کیلئے وہ آیا ہے حتی الامکان اُسکے پورا کرنیمیں کوشش کرو۔ تو ہمیں مذہب سے پرہیز کرتے رہو۔

اِتنے شخصوں سے بے تحفہ ملنا واجب نہیں

باپ سے گرو سے اُستاد سے حاکم سے داماد سے

اِیسوں کی صحبت سے حذر کرنا مناسب ہے

شرابی سے عیاش سے جواری سے بدکار سے خوشامدی سے

۸۔ در باب تہذیب اخلاق

ایک شاگرد نے اُستاد سے دریافت کیا کہ اُستاد جی دنیا میں مجھکو کیا کرنا چاہیئے۔ جواب دیا

(۱) جس کام کے لائق ہو اُس کام میں لپٹے رہو۔

(۲) اُس کام کی اصلیت شروع سے انتہا تک سمجھو۔

(۳) اُس کام میں روز افزوں ترقی کرو۔

(۴) ہر ایک سے زیادہ جاننے کی کوشش کرو۔ جو تم نہیں جانتے ہو دوسرے سے دریافت کرنے میں شرم مت رکھو

(۵) کفایت شعاری کے عادی بنو۔

(۶) دیانت داری سچائی اور نیک کام کرنے میں شہرت پیدا کرو۔

(۷) پہلے ایک کام کے لایق بنو۔ پھر اُس کام کو اختیار کرو۔ ورنہ پردہ فاش ہو جائیگا رسوا ہو گے۔

(۸) اپنی تندرستی قائم رکھنے میں کوشش کرو۔

(۹) ہر امر کی زیادتی سے حذر کرو۔

(۱۰) شب کو کافی نیند سویا کرو دن کے وقت سونا ممنوع سمجھو۔

(۱۱) پروردگار کو حاضر ناظر سمجھکر کام کیا کرو۔

(۱۲) کسی کا حق تلف کرنا عذاب سمجھو۔

(۱۳) تولنے یا ناپنے کی ضرورت پڑے تو پورا تولو پورا ناپو۔

(۱۴) صاحب اولاد ہو تو اُنکی تربیت میں مشغول رہو اور نیک عادات کا اُنکو عادی بناؤ

(۱۵) پڑوسی سے محبت اور دوست سے رفاقت رکھو۔ فقیر کی تواضع کرو۔ محتاج کو تسلی دو اشراف کی امداد کرو۔ ایذا رسانی سے پرہیز کرتے رہو۔

(۱۶) بڑے کا ادب چھوٹے پر شفقت۔ بھلے کا ساتھ دینے میں اپنی سعادت سمجھو۔

(۱۷) گناہ سے بچو۔ مال کے نقصان کو صدقۂ جان و مال و عزت سمجھو اور ایمان کی حفاظت کیلئے ان تینوں سے دست بردار ہو جاؤ۔"

(۱۸) معرکہ میں شجاعت معاملہ میں راستبازی گفتگو میں شیریں کلامی غصہ میں خموشی دشمنوں سے ہوشیاری اختیار کرو۔"

۱۹۔ در باب بزرگی

جو لوگ اپنے سے بڑے ہیں۔ دولتمند ہیں صاحب حکومت ہیں عالم ہیں خواہ اس سے پہلے کیسے ہی بُرے ہوں مگر اُنکی تعظیم واجب ہے کیونکہ جنکو پروردگار نے بزرگ بنایا ہے انسان کو اُنکی بزرگی ماننی ضرور ہے ؎

ناسزائے[۵۱] را چو بینی بختیار	عاقلاں تسلیم کردند اختیار
شرافت شریفوں کو دیتا خدا ہے	بُرا کہنا اچھوں کو صاحب بُرا ہے
ادب قاعدہ اُنکا واجب ہوا ہے	بُرا کہنے والے کو حاصل ہی کیا ہے

۲۰۔ در باب افزایش آبرو

پانچ چیزوں سے ہو زائد آبرو	اپنے گوش دل سے سن کہا اسکو تو
اہل زر ہو کر کرے بخشش اگر	اُسکی دنیا میں ہو عزت سر بسر
کام میں اپنے جو ہو مشغول تو	کیا عجب بڑھ جائے تیری آبرو
رہ ہمیشہ بُردبار و باوفا	تاکہ تیرے دل کو حاصل ہو صفا
دشمنوں سے راز اپنا کر نہاں	ہو ضرورت دوستوں پر کر عیاں
شرمساری کا اگر ہے تجھکو ڈر	صرف اموال امانت کو نہ کر

دوسروں کے عیب کو ظاہر نہ کر — تا نہاں ہو عیب تیرا سر بسر
رکھہ ہوائے دل سے تو ہرگز نہ کام — تا نہ حاصل ہو پشیمانی مدام
خود حفاظی سے رہے تو سرفراز — ہاتھ اپنا کر نہ ہر جانب دراز
قدر کر انسان کی اے حق شناس — تا ہو تیری قدر کا اوروں کو پاس
صبر کرنے کی نہو جس دل میں جا — سیم و زر سے وہ تونگر ہو چکا
ہو جو حاصل تجھکو دشمن پر ظفر — رحم کر اور جرم اسکا عفو کر
ڈر خدا سے تو سدا اے باوقار — رہ اُسی کے رحم کا امیدوار
ہو جہاں میں با تواضع با ادب — صحبت پرہیزگاراں کر طلب
خلق آزاری سے ہر دم دور ہو — خلق سے مل سب سے تا مشہور ہو
حرص و بغض و غصہ کو تو زہر جان — صبر و حلم کو تریاق جان
صورت تریاق ہے دانائے دہر — اور ہے نادان قاتل مثل زہر
تو اگر دانا بھی ہے اے با ہنر — آپکو ناداں سمجھہ لے سر بسر

۲۱- در باب کاہش آبرو

خصلتیں ہیں چار کہ اُنسے حذر — آبرو پر اپنی رکھہ ہر دم نظر
کہہ نہ تو ہرگز سخنہائے دروغ — جھوٹ سے حاصل نہیں ہوتا فروغ
اے پسر سردار سے تو کر نہ جنگ — آبرو جائیگی اور ہوگا بہ تنگ
جو نہیں کرتا ہے لوگونکا ادب — آبرو کھووے گرا پنی کیا عجب
ہاں سبکسارونمیں داخل ہو نہ تُو — کیونکہ مٹ جاتی ہے اسمیں آبرو

۲۲۔ در باب نیکبخت و کمبخت

پوچھا عاقل سے نیکبخت ہے کیا — اور کمبخت کونسا ہے بتا
کہا جو کھاتا ہے کھلاتا ہے — نیک بختوں میں سمجھا جاتا ہے
نہیں کھاتا نہیں کھلاتا جو — اُسکو بدبخت کہتے ہیں حق گو
عمر تحصیل مال میں کھوئی — نیکی حاصل کبھی نہ کی کوئی

چار چیزیں یہ جو ہیں اے مہربان — تو انہیں آثار بدبختی کے جان
جاہلی و کاہلی اے ہوشیار — بیکسی و ناکسی سب ہیں یہ چار
جسنے تائید ہوا و حرص کی — نفس پر قابو نہ پاویگا کبھی
مست خواب و خور جو یہاں ہے اے پسر — حشر میں ہے نار دوزخ اُسکا گھر

۲۳۔ نظم در باب خیرات

یہ نہ کہہ میں جو دیتا رہتا ہوں — نام رب دیکے رنج سہتا ہوں
تیری کیا چیز ہے کہ تو دے گا — ہے یہ نیت تو اُس سے کیا لیگا
جسکا محتاج ہے جہاں سارا — اُسکو کیا دے سکیگا تو پیسا
ہاں یہ سمجھے کہ واسطے حق کے — دے رہا ہوں دیا ہے حق نے مجھے
جو کہ اندازہ سے زیادہ ہے — حق غریبوں کا ہوگئی وہ شے
یہ بھی جائز نہیں زن و فرزند — ہوں سخاوت سے تیری حاجتمند
صرف خیرات ہے برائے گدا — خاصکر حق نہیں برہمن کا

اسمیں تیرت کی قید ہے بے سود — روز نحس و سعید و نا محمود
جس جگہ جب کبھی ملے محتاج — حسبِ مقدور دے جو چاہے مزاج
صدقہ کو دردِ سر بلا سمجھے — اچھی خیرات کو روا سمجھے
جسکے اعضائے تن سلامت ہیں — پھر وہ مانگیں سگِ ملامت ہیں
گیروا کپڑے اور تلک پہ نہ بھول — ہیں وہ مکار و سخت نامعقول
ہو جو محتاج پائے بندِ عیال — اور حیا سے نہ کر سکے وہ سوال
دے تو اُسکو جو کچھ ہے تیرے پاس — میٹ دے اُسکے دل کا رنج و ہراس
دیر مت کر تو نیک کاموں میں — تاکہ ملجائے نیک ناموں میں
پوچھ مت اسمیں ہے قصور صلاح — اور کاموں میں ہے ضرور صلاح

۲۴- در باب شرافت

اشراف پھر اشراف ہے اگرچہ مفلس ہو اور کمینہ پھر کمینہ ہے گو تونگر ہو جائے۔ لہذا اشراف کو لازم ہے کہ مفلسی میں بھی شرافت کو نہ چھوڑے ورنہ کمینوں میں داخل ہو جائیگا اور کمینہ کو چاہئے تونگر ہو کر کوئی ایسا کام کرے کہ اشرافوں میں گنا جائے۔ کبیر جی ذات کے جولاہے تھے مگر اچھے کاموں کے باعث اشرافوں میں بلکہ بزرگوں اور پیروں میں شامل ہو گئے۔ اور قارون موسیٰ علیہ السلام کا خالہ زاد بھائی اور بے مثل دولتمند تھا۔ مگر بخل کے سبب خزانہ کے ساتھ دفن ہو کر ابتک لعنت سے یاد کیا جاتا ہے۔

۲۴- در باب سیرت و صورت

انسان آئینہ میں اپنا مُنہ دیکھکر اپنے آپکو بدشکل پائے تو اپنی سیرت کو اچھا کر لیکی

کوشش کرے تاکہ اُسکا بدل ہو جاوے اور اگر اپنا چہرہ خوبصورت نظر آئے تو خراب سیرت کو چھوڑ کر صورت کی تقلید کرے۔

۲۶- در باب ازدیاد علم

اِک نے پوچھا جناب مرشد سے
علم کس طرح آپ نے سیکھا

بولے جو کچھ مجھے نہیں آیا
پوچھنے میں کبھی نہ شرمایا

عقل کا اِس طرح سے ہے ارشاد
کہ اگر تیرے جسم میں ہے فساد

عافیت کی امید ہو گی تب
نبض دکھلائیگا طبیب کو جب

جو نہیں جانتا وہ پوچھ مدام
ہے خرابی نہ پوچھنے کی تمام

۲۷- اوسر چوکنا

نیک موقع کو ہاتھ سے نہ دینا چاہیئے یعنے نیکی کرنے کا موقع ہو تو فعل نیک کئے بغیر نہ رہو کیونکہ ع اوسر چوکی ڈومنی گاوے تال بے تال۔

۲۸- نظم در بابِ عقل

اے عقل تیرا نام ہے مشہور خاص و عام
تیرے لطف خاص سے چلتا ہے سب کا کام

تیرا جہاں ہے دخل وہی ٹھیک کام ہے
تو جس جگہ نہیں وہ اندھیرا مقام ہے

تیری مدد زمانے کی زینت کا ہے سبب
افزائش حکومت و حشمت کا ہے سبب

جس آدمی میں عقل نہو وہ بشر نہیں
خالی جو برگ و بار سے ہو وہ شجر نہیں

سچ ہے نہ عقل ہو تو ہے بیکار زندگی
ہے جاہلوں کی جگ میں گرانبار زندگی

جاہل جو آدمی ہے عجب اُسکا حال ہے — نیکی کا اُسکو نعم نہ بدی کا خیال ہے
جب عقل زور باندھے تو پھر پوچھیے نہ حال — کر دے وہ کام جسکا سمجھنا بھی تھا محال
اللہ رے شانِ عقل عجب اِسکا کھیل ہے — بے تل نکالا تیل جو مٹی کا تیل ہے
دنیا میں تار برقی کی وہ ریل پیل ہے — دم میں خبر رسانی ہو کیا تال میل ہے
منزل دنوں کی گھنٹوں میں طے عقل ہی نے کی — پوشیدہ تھی جو پیش وہ شے عقل ہی نے کی
جام جہاں نما تھا اِسی عقل کا ظہور — سدِّ سکندری بھی اِسی عقل کا تھا نور
دورہ حکو ستونکا جہالت سے تھا جو دور — اُسوقت کے بھی لوگ ہیں مشہور باشعور
بازار عقل گرم جہاں ہو وہیں ہو لطف — جسجا ظہور امن و اماں ہو وہیں ہو لطف
ناقص ہے جسکی عقل دماغ اُسکا ہے خراب — شہر جس بشر کے دلمیں وہ ہے محو اضطراب
جاہل نہ سمجھے ڈھیر ہے ردی کا یا کتاب — کس فعل سے ثواب ہو کس فعل سے عذاب
ناخوش ہے اُس سے خلق خدا کا عتاب ہے — بے عقل آدمی کی بھی مٹی خراب ہے

۲۹۔ نظم در باب خوش نویسی

خوش نویسی کا شوق ہو جس کو — خط کتابت سے ذوق ہو جسکو
سات باتیں ہم نہوں جبتک — خوش نویسی محال ہے بیشک
یعنے لازم ہے پہلے کاغذ صاف — شکل رخسار مہوشاں شفاف
دوسرے چاہیئے مداد سیاہ — مثل زلف نگار غیرت ماہ
تیسرے چاقوئے خوش آب و تیز — نگہہ شوخ کی صفت خونریز
چوتھے ہو کلک واسطی مضبوط — نرمی و سختی میں ہم مربوط

پانچویں ہو شفیق تر اُستاد — مہرباں مادر و پدر سے زیاد
چھٹے از بس ہو مائل و راغب — مشق تحریر پر دلِ کاتب
ساتویں فضل ایزدِ متعال — رہے لیل و نہار شاملِ حال
جبکہ ساماں یہ سب مہیّا ہو — کیوں نہ پھر خوشنویس یکتا ہو

۳۰۔ نظم در باب وقت

خواب غفلت میں نہ اوقات کو کھو تو بیکار — چونک اُٹھ صبح ہوئی اب تو ہو غافل ہشیار
وقت کو ہاتھ سے بیکار عبث کھوتا ہے — نہیں معلوم کہ کس نیند میں تو سوتا ہے

ہے ایک ایک پل مثلِ آبِ رواں — کروں کس طرح اسکی قیمت بیاں
ہر اک لحظہ بہتر جواہر سے ہے — مقابل میں اسکے نہیں کوئی شے
بدولت اسی کی زمانہ کے کام — لیاقت عبادت ریاضت تمام
ٹھہرتا نہیں ہے یہ دم بھر کہیں — غرض روکنا اسکا ممکن نہیں
مگر چند قزاق ہیں راہ زن — عجب اُنکے دھوکے عجب اُنکے فن
میں کرتا ہوں نام اُنکے تجھ سے بیاں — رہیں اُنسے غافل نہ طفل و جواں
بہت خواب سستی جوانی کا جوش — بچے اُنسے وہ جسمیں ہے عقل و ہوش
سوا اُنکے پوشیدہ ہیں چور اور — کہ نادان کرتے نہیں جن پہ غور
ملال اور غصہ ہے اور بے زری — کہ اِن سب سے غفلت کو ہے یاوری
رہو اُنسے ہشیار ہر کام میں — نہ آئے خلل جس سے انجام میں
رکھو اپنے وقتوں کا ہر دم خیال — نہ لاؤ کبھی کوئی دل پر ملال

نہ سمجھو کبھی اسکو بے قدر تم
پلک مارنے میں یہ ہوتا ہے گم

بقولِ حسن کوئی پاتا نہیں
گیا وقت پھر ہاتھ آتا نہیں

جو کچھ ہو سکے اسمیں انسان سے
کرے خوب کوشش دل و جان سے

فقط کھانے پینے میں اوقات کو
نہ ضایع کرو ہرگز اے دوستو

رضائے الٰہی کے جو یاں رہو
کہ شرمندہ آنکھیں نہوں حشر کو

۳۱۔ نظم در باب ہمت

ہمت نہ اگر ہو تو ہے اقبالِ بشر کیا
دل بود اہے جسکا وہ بنے اہلِ ہنر کیا

ہمت ہی نہیں جسمیں وہ کیا کام کریگا
بینائی نہو جس میں وہ ہے اہلِ نظر کیا

ہمت ہے قوی جسکی وہ دشمن کو کرے زیر
دل شیر ہے جسکا اُسے شیر و نسے ہو ڈر کیا

ہمت ہی سے آتی ہے نظر صورتِ مطلب
آئینہ میں دیکھو تو ادھر کیا ہے اُدھر کیا

ہمت ہی سے سب کچھ ہے بہم سچ ہے تمنا
ہمت ہی نہو جسمیں وہ دل کیا ہے جگر کیا

۳۲۔ نظم در باب محنت

محنت کا نہ عادی جو بشر ہو وہ بشر کیا
جو ابر نہ برسے وہ کرے باغ کو تر کیا

جسکی میان سے باہر ہی نہ ہو تیغ عدو کش
دشمن کو بھلا اُسکی روانی کی خبر کیا

جو جسم کہ بستر پہ پڑا رہتا ہے ساکت
اس زندۂ بیدل پہ کرے کوئی نظر کیا

محنت ہے وہ دولت کہ اسی سے ہے ترقی
مفقود یہ ہو جائے تو پھر قدرِ بشر کیا

بے اسکے بھلا ہوتی زمانہ میں بسر کیا

محنت ہی سے لکڑی کی بڑھ جاتی ہے قیمت
نجار کے بن چھوئے کبھی جائے سنور کیا

قائم ہیں مکانات بھی محنت کے اثر سے
مزدور نہ ہوتے تو بناتا کوئی گھر کیا

گھر سے جو نکلتا نہ قدم اہلِ جہاں کا
گھر بیٹھے ہی ملے ہوتی بھلا راہِ سفر کیا

محنت سے تمنا جو چراتا نہ کبھی دل
افلاس و پریشانی کا ہوتا اُسے ڈر کیا

۳۳۔ آغاز میں تھوڑا انجام میں پورا

اگر تھوڑا تھوڑا کرو صبح و شام
بڑے سے بڑا کام ہو جھٹ تمام

اندک اندک سے ملکے ہو بسیار
دانہ دانہ سے مل کے ہو انبار

کوہ سے ہر روز اک پتھر اُکھاڑ
دیکھ اک مدت میں میداں ہو پہاڑ

۳۴۔ نظم در بابِ انتظام خانہ داری

امورِ خانہ داری میں مقرر
ضرور ہے کہ ہو اک شخص افسر

رہیں سب مشورہ سے اُسکے مسرور
تخالف کو طبیعت سے کریں دُور

بجز اُسکی اجازت کے کوئی کام
بڑا چھوٹا نہ ہونے پائے انجام

کوئی شادی غمی کچھ پیش آئے
سب اُسکی رائے سے انجام پائے

اُسی کی رائے سے ہو سبکو تسکیں
نہ ڈالے اُس سے ماتھے پر کوئی چیں

ہمیشہ مُلک و مِلک و تخت و افسر
دو عملی میں ہوا کرتے ہیں ابتر

نہیں موقوف کچھ چھوٹے بڑے پر
جو لایق ہو بنائیں اُس کو افسر

نہو جس گھر میں افسر ایک انساں
تو ہے کل انتظامِ خانہ ویراں

جہاں ہے انتظام خانہ اس طور — کہ جیسا ہمنے لکھا ہے بصد غور
تو وہ خانہ کبھی ابتر نہ دیکھا — کوئی روتا پکڑ کر سر نہ دیکھا
تعلق خانہ داری سے ہیں جتنے — بپا عورات سے ہوتے ہیں فتنے
زنانِ ہند ہیں جاہل سراسر — نہیں ہے شاذ کا اطلاق ان پر
جہالت سے ہے اُن کا قول ہر بار — کہ ہوں ہم اپنے گھر کے آپ مختار
سوا شوہر کے وہ بھی ہو کے مجبور — اطاعت دوسرے کی کب ہے منظور
وہ خلوت اور جلوت میں ہمیشہ — کیا کرتی ہیں شوہر سے یہ شکوہ
یہ دیورانی جٹھانی ہیں جو بدخو — بُرا کہتی ہیں ہم کو اور تم کو
ہے اُس غیبت کا ایسا طرز و ساماں — کہ ہو سُننے سے جسکے دیو انساں
ہوا اب فتنۂ خوابیدہ بیدار — بنی رنجش کی صحن دل میں دیوار
خدا نے دی ہے جنکو عقل کامل — وہ ان باتوں پہ کب ہوتے ہیں مائل
بڑا افسوس ہے اُن صاحبوں پر — کہ ہوں اپنوں سے یوں بیزار یکسر
عزیزو نمیں اگر ہے زندگانی — مصیبت میں ہے فرحت کی نشانی
مقیم خانہ ہے گر کوئی تنہا — تو ہے مرنے پہ فائق اُسکا جینا
قضا کے ہاتھ سے جبتک ہو مہلت — عزیزوں میں بسر کر تو بالفت

۳۵- در بابِ سُلوک

اُس گھر یا خاندان میں ہمیشہ نفاق رہیگا جہاں ایک دوسرے کی غلطی پر تحمل تقصیر پر عفو۔ نقصان پر برداشت اور غصہ پر ملائم جواب نہیں ہے

۳۶۔ درباب اثاثہ

اِنسان کو چاہیئے کہ اپنے اثاثہ کو ایک جگہ نہ رکھے بلکہ متفرق جگہ سپرد کردے کیونکہ اگر ایک جگہ کا تلف ہوگیا تو دوسری جگہ کا بچ رہیگا اکثر شاہانِ یوروپ اپنا اثاثہ مختلف مقامات میں رکھتے ہیں۔ چنانچہ لوئس نپولین شاہ فرانس نے اپنا اثاثہ انگلستان میں رکھا تھا جب معزول ہوا تو بقیۂ زندگی لندن میں بہت آرام سے گزاری۔

۳۷۔ نظم درباب باعث شکست اِنسان

چار چیزیں ہیں یہ اسباب شکست — اپنے گوشِ دل سے سُن اے حق پرست
دشمنِ بسیار و قرضِ بے کراں — کثرتِ اولاد و جُرمِ جانستاں

۳۸۔ نظم درباب زوجہ

رکھے بیوی کو حکمِ حق سے خرسند — امورِ خانہ میں ہو اُسکا پابند
تجھے وارث بنایا اُس کارب نے — خبر ہر حال میں رکھہ اُسکی دل سے
تمہارا گھر ہوا آباد اُس سے — ہوئی اولاد کی بنیاد اُس سے
پدر مادر کی اُلفت جی سے دہوئی — اطاعت میں تمہاری عمر کھوئی
غضب ہے تم کو ہو اُس سے نہ رغبت — اور اُسکے دل کو پہونچے رنج فرقت
عبث تم اُسکے ہو خواہانِ آزار — بُھولا کر دل سے اپنے عہد و اقرار
کلامِ حق گذارا تھا نظر سے — چلے تھے لیکے تم جب اُسکو گھر سے
پھر ایسے عہد کو دل سے اُٹھا کر — کرو تم اُنس غیروں سے سراسر

۳۹۔ نظم نیک عورتوں کی شناخت کے باب میں

سچ تو یہ ہے جو بیبیاں ہیں نیک — سچ تو یہ اُنمیں خوبیاں ہیں انیک
کام خوفِ خدا سے ہے اُن کو — ربط شرم و حیا سے ہے اُن کو
نہیں ہوتیں وہ بے لحاظ کبھی — شرم رکھتی ہیں باپ بھائی سے بھی
روکھی سوکھی ہمیشہ کھاتی ہیں — جو مصیبت پڑے اُٹھاتی ہیں
جس سے کپڑے گروہوں یا برتن — بھاڑ میں جائے وہ چھوراپن
ایسے تن پیٹ کے مزے پر خاک — جس سے کٹ جائے سات پشت کی ناک
نہ بڑے پائچے ہیں حد سے سوا — نہ وہ گلشن کی کُرتی اور انگیا
اُونچی کُرتی کو جانتی ہیں ننگ — پائجامہ نہیں ہے آڑا تنگ
نہیں باریک اُن کا پیراہن — اور کُھلتا نہیں کہیں سے بدن
ہیں وہی بیبیوں کے سر کی تاج — جن کو ڈر ہے خدا کا کل کی لاج
لاکھ بن ٹھن کے لوگ آئیں جائیں — نہ وہ دیکھیں کسی کو اور نہ دکھائیں
پردے میں گھر سے جاتی ہیں باہر — عمر پردے میں کھوتی ہیں یکسر
گھر میں مزدوری اپنی کر لینا — دال دلیے میں پیٹ بھر لینا
پاس سے گھر کے نکلے کوئی برات — جھانکیں نہیں وہ دن ہو کہ رات
ہوں محرم میں لاکھ وہ غمگیں — گھر سے باہر مگر نہ جائیں کہیں
نیچی رہتی ہے سب سے اُنکی نگاہ — کوٹھے پر چڑھنے سے نہیں اُگاہ
شرع کی حد سے کب وہ بڑھتی ہیں — مسئلوں کی کتابیں پڑھتی ہیں

نہیں قصہ کہانیوں سے کام — نوج پڑھ کر وہ اُنکو ہوں بدنام
خوب روزہ نماز سے ہشیار — گھر گھرستی سے رات دن سروکار
جھوٹ سے کچھ نہیں ہے کام اصلا — ذکر لب پر نہیں ہے قسموں کا
کوسنے کاٹنے سے کام نہیں — چغلیوں کا زباں پہ نام نہیں
دھیمی آواز سے وہ بولتی ہیں — کب وہ گالی میں منہ کو کھولتی ہیں
پیار بچّوں سے اپنوں سے ملّت — سارے عالم میں اُنکی ہے عزّت
کیا ہی اچھا ہے اُنکا چال چلن — ماں ہے قربان صدقہ بھائی بہن
ساس سُسرا ہے خوش میاں راضی — کنبہ کی نیک بیبیاں راضی
اُنسے جب نیک کام ہوتا ہے — پھر تو شوہر غلام ہوتا ہے
مرد جو کچھ کمائی کرتا ہے — لاکے بیوی کے آگے دھرتا ہے
کھانے کپڑے کی ہے وہی مختار — مرد اسمیں رکھے نہ کچھ سروکار
کوئی شوہر اگر نکمّا ہے — نیک بیوی پہ بار پڑتا ہے
وہ سلائی پہ کرتی ہے گزران — اور شوہر کی تابع فرمان
عیب اُسکے چھپاتی پھرتی ہے — بات اُسکی بناتی پھرتی ہے
ساس بھی اُسکی بات سہتی ہے — وہی مختار گھر کی رہتی ہے
خود میاں کو سنبھال لیتی ہے — سارے کنبہ کو پال لیتی ہے
خوب سینا پرونا آتا ہے — خوب کھانا پکانا آتا ہے
گھر گھرستی کو خوب جانتی ہے — حکم خاوند کا وہ مانتی ہے
راز کہتی نہیں کبھی گھر کا — باپ بھائی کا جیٹھ دیور کا

لکھنا پڑھنا بھی اُسکو آتا ہے | کام جو نیک ہو وہ بھاتا ہے
گو ہے اکثر بُروں کو علم بُرا | پر ہے اچھوں کو یہ بہت اچھا
فائدہ بے حساب کرتا ہے | تاروں کو آفتاب کرتا ہے
علم سے خود وہ فائدہ پائیں | بلکہ اوروں کو نفع پہنچائیں
نفع بد کو بھی علم سے ہے مگر | اُسکو ہے نفع اور سب کو ضرر
تھا کریلا تو پہلے ہی کڑوا | اور کڑوا ہوا جو نیم چڑھا
ہے یہ لازم کہ پڑھ کے اچھا ہو | نیک دل نیک خو ہو سچا ہو

۴۰۔ نظم در باب ساس بہو

یہ سُن گوشِ دل سے تو اے نوجواں | کہ ہوتا ہے خوش خُلق خوشبو رساں
اگر ہو گئے خار گل سے جُدا | گئے سو کہ کانٹے ہوا گل ہوا
وہ رہتا ہے مِل جُل کے سب سے یہاں | درختوں میں گلبن ہو جیسے عیاں
وہ گُل عمر کانٹوں میں گزران دے | نہ اُکتائے اُنسے نہ نفرت کرے
گُل و خار قدرت سے دونوں ملے | اِسی میل سے وہ کھلے یہ ہرے
بہو سے اگر ساس بیہم لڑے | بہو کو ہے لازم نہ اُس سے اڑے
سمجھ لے اُسے مادرِ مہربان | جُھکا لے سرا پنا نہ کھولے زباں
مگر ہاں یہ لازم بھی ہے ساس کو | جگہ دے نہ وہ دل میں وسواس کو
سمجھکر اُسے دُخترِ نوجواں | رہے صورتِ مادرِ مہرباں
سدا ناز برداری اُسکی کرے | کہ قدمو نپہ اُسکے بہو سر دھرے

لہ کلی بہوں ۱۲

اگر دونوں جانب سے تکرار ہے — تو دونوں سے مالک بھی بیزار ہے
بڑے جیسی خصلت کے عامل ہوئے — اُسی شے پہ چھوٹے بھی مائل ہوئے
مقدر میں جو کچھ کہ درپیش ہے — نہ کچھ اُس سے کم ہے نہ کچھ بیش ہے
اگر لوگ آپس میں غمخوار ہیں — تو اپنے پرائے مددگار ہیں
خطائیں ہوں چھوٹوں سے گر آشکار — بزرگ اُن سے بدلا نہ لیں زنہار
سلوک اور محبت جو دائم رہے — تو اعزاز گھر بھر کا قائم رہے
پس و پیش لازم ہے ہر کار میں — زمانہ کی ہے ناؤ منجدھار میں

۱۴۔ نظم در بابِ نصیحتِ مادر بہ دختر

ہاتھ اب کھیل سے اُٹھاؤ تم — پڑھنے لکھنے میں دل لگاؤ تم
ہاتھ کا بھی کوئی ہنر سیکھو — گو نہو احتیاج پر سیکھو
گھر گھرستی کے سارے ڈھب سیکھو — اب نہ سیکھو بتاؤ کب سیکھو
دستکاری بسا غنیمت ہے — اور ضرورت پڑے تو دولت ہے
آج بھولی ہو میری حالت پر — کل چلی جاؤ گی پرائے گھر
کوری رہجاؤ گی اگر بیٹی — رہے سسرال میں سدا ہیٹی
ساس نندوں سے جب پڑیگا کام — وہ کہینگی پھوہڑ تمہارا نام
سیکھو کھانا پکانے کا دستور — ہے بہو بیٹیوں کو یہ بھی ضرور
لکھنا پڑھنا بھی اسقدر ہے ضرور — لکھو گھر کا حساب بادستور

والدین اپنی لڑکیوں کو اچھے اچھے کپڑے اور بیش قیمت زیور پہنانے میں بڑی

غلطی کرتے ہیں کیونکہ جو شخص کسی چیز کا عادی ہو جاتا ہے اور عادت کے موافق وہ چیز نہیں ملتی تو رنج ہوتا ہے اگر لڑکی کے خاوند کی حیثیت زیور اور ریشمی کپڑوں کی نہوئی تو وہ اپنے خاوند سے ہرگز خوش نہ رہیگی علاوہ متذکرہ بالا مضمون نظم کے لڑکی کو گھر کی چیزوں کا انتظام بچوں کی پرورش میں واقفیت اور نیک و بد کی تمیز سکھانی ضرور ہے۔ البتہ صغر سنی میں لڑکی کی شادی کسی طرح درست نہیں۔

۴۲۔ نظم در باب اوصاف زیور

کسی دختر نے یہ مادر سے پوچھا — جہاں میں کونسا زیور ہے اچھا
ہر اک کی خوبیاں مجکو بتا دے — اور اُسمیں جو بُرائی ہو جتا دے
کہا ماں نے کہ اے بیٹی میں قرباں — کروں صدقہ میں تجھپر جان و دل ہاں
سوال اچھا کیا یہ فی الحقیقت — ہوا ثابت کہ تو ہے نیک نیت
سنو اب زیور ونکی مجھسے صورت — کہ ہے جن سے مہیا زیب و زینت
یہ دنیا اور عقبی کے ہیں رہبر — بنا دیتے ہیں بد سے نیک اختر
نہیں زیبا کہ ہو ماتھے پہ جھومر — جبیں پر نیک بختی کا ہو گوہر
کٹامت ناک نتھہ بہلکا پہن کر — گُل ایماں سے رکھہ اُس کو معطر
گلے میں ٹیپ مالا توڑا گجرا — گلوبند اور گہنا موتیوں کا
سمجھہ لے اِن سبھونکو طوق و زنجیر — کہ اُنکی گھات میں ہیں دزد جانگیر
نہیں نادِ علی کی کچھہ ضرورت — خدائے پاک سے کر دلمیں اُلفت
کمر میں تا گڑی ہرگز نہ ڈالو — کمر کس کے خدا کی یاد کر لو

نہ جوشن بازوؤں پر اپنے باندھو — سب اعضا گھر کے کاموں میں لگاؤ
پچھپلی نوگری یا چھن کڑے ہوں — سنہری یا روپہلی یا جڑے ہوں
انگوٹھی آرسی چھلو سے کیا کام — چھپا کر انگلیوں پر رام کا نام
کڑے اور بور جھانجن سے رہو دور — رکھو ایک ایک قدم محنت میں بھرپور
قدم بد راہ سے اپنا ہٹا لو — نہ تم پیرو نہیں یہ جنجال ڈالو
زر و سیم و گہر پھولوں کے زیور — بظاہر خوشنما ہیں پر ہیں بدتر
کبھی تم انکے پھندے میں نہو قید — یہ سب شیطان کے ہیں مکر و رشید
کہا سنکر یہ بیٹی نے کہ مادر — نصیحت کے پروئے خوب گوہر
حقیقت میں یہی زیور ہیں بہتر — میسر فخر ہو جن کو پہن کر
یہی کرتے ہیں دل مسرور سب کا — یہی گہنا ہے اماں میرے ڈھب کا

۳۴۔ نظم در باب حقوق والدین

خدا کے بعد پھر ماں باپ کا حق — بڑا حق ہے بڑا حق ہے بڑا حق
پسر ماں باپ کا بندہ نہیں ہے — مگر خدمت گزار کمتریں ہے
اگر بیٹے پہ کوئی صدمہ آئے — پدر مادر کے تن سے جان جائے
اگر دیکھیں کسی بچہ کو بیمار — بلا میں مبتلا غم میں گرفتار
کریں بیٹے پہ جاں ماں باپ قرباں — کہ بچ جائے کہیں فرزند کی جاں
جب ایسا حق ہے ماں اور باپ کا حق — کرو تم اے پسر انکا ادا حق
کرو ماں باپ کو ایسا رضامند — کہ وہ تجھ سے رہیں ہر وقت خورسند

کرو اُنکی خوشامد اور مدارات — نہ لاؤ لب پہ تم غیر از ادب بات
زباں پر لاؤ مت ایسی حکایت — کریں مادر پدر جس سے شکایت
نہ کرنا برخلاف اُنکے کوئی کام — بُرا ہوگا اگر نہ اس کا انجام
زباں سے جو کریں ماں باپ ارشاد — نہ بھولو اُسکو رکھو ہر گھڑی یاد
تمہیں دونوں نے ہے جسطور پالا — چھڑایا غم سے آفت سے نکالا
عوض میں اُسکے لازم ہے کہ تم بھی — کرو خدمت ادا مادر پدر کی

۴۴۔ نظم در بیان شادی در ایام پیری

ہمارے عہد میں از روئے اسناد — بقائے عمر انسانی ہے ہشتاد
ہے نصفی عمر کا اندازہ چالیس — شباب عمر سمجھو تیس پینتیس
اگر چالیس میں حاصل ہو تجربہ — تو پھر تو پیچ سے بہتر ہے تقریبہ
ہوا کرتے ہیں مردان معمر — ہمیشہ طالبان جفت اصغر
جہاں چالیس سے گذرا سن و سال — ہوئی بس ناتوانی جی کا جنجال
تلاش ریگ ماہی و سفنقور — ہوا حضرت کا اب معمول و دستور
کبھی گھبرا کے کھا لیتے ہیں کشتہ — اُنہیں ہم جلد پا لیتے ہیں کشتہ
کوئی ترغیب کیسی ہی دلائے — مگر انساں کبھی کشتہ نہ کھائے
کرے گر تم سے کوئی لاکھ تقریر — کہ سونے چاندی کا کشتہ ہے اکسیر
کسی صورت نہیں کرتا ہے نقصاں — اسے کچا بھی کھا لیتے ہیں انساں
مگر یہ آزمایش سے کھلا ہے — کہ اس کشتہ کا کھانا بھی بُرا ہے

بڑی ایک اور ہے اسمیں برائی — کہ گر کشتہ سے علت پیش آئی
نہیں پھر اُسکے دفعیہ کی تدبیر — مضرت بخش ہے کشتہ کی تاثیر
نہ کر پیری میں کشتہ کھاکے شادی — کہ حاصل ہوگی اس سے نامرادی

۴۵ نظم در بابِ اُلفت

شور و شر سے دو جہاں میں دونی ذلت ہوگئی — دل سے اُلفت دُور آنکھوں سے مروت ہوگئی
سونس و ہمدم ہمارے ہوگئے بغض و نفاق — ہمکو اُنسے اُنکو ہم سے مہر و اُلفت ہوگئی
غیر سے ترکِ محبت کا گلہ اب کیا کریں — بھائیوں سے ترک جب صاحب سلامت ہوگئی
صلح میں جو لطف ہے ہرگز لڑائی میں نہیں — دیکھئے لوگونکی کیا لڑ لڑکے حالت ہوگئی
کرکے آپسمیں عداوت یہ بتادو کون قوم — مستحق منصب و جاگیر و خلعت ہوگئی

بے علم و ہنر کوئی تونگر نہیں ہوتا — افلاس سے مجبور ہنروَر نہیں ہوتا
مانا کہ عروج آج یہ غیروں کیلئے ہے — کوشش جو کریں ہم بھی تو کیونکر نہیں ہوتا
کوشش نہ کریں اور کریں شکوۂ تقدیر — خوش اس سے کبھی خالقِ اکبر نہیں ہوتا
کجبازی سے گر اپنی نہ باز آئیگا انساں — سیدھا کبھی ایسے کا مقدر نہیں ہوتا
گر زنگِ نفاق آئنۂ دل سے رہے دُور — کیا پھر ہمیں اقبال میسّر نہیں ہوتا
ہمدردی و اُلفت ہوئی معدوم یہاں تک — غم خوار برادر کا برادر نہیں ہوتا

۴۶ نظم در بابِ شمول شادی و غمی

مرے کنبہ کا کوئی یا پڑوسی — شمولِ مردنی ہو جی سے بھائی

تم اول سب سے جاؤ آخر آؤ	یہ اُس کا آخری حق ہے نبھاؤ
اگر شادی میں ایسوں کی ہو شامل	مناسب کام پر بھاؤ عامل
یہ ہمدردی سے کیا تکیہ لگا کر	بڑائی اپنی ہو باتیں بنا کر

۷۴۔ در باب محافظت و تربیت اطفال

حفاظت جسم اطفال کیلئے چند مفید باتیں یاد رکھنے کے قابل ہیں

(۱) حادثہ سے۔ پتنگ بازی اور آتشبازی سے پرہیز کراؤ۔ ایسے کھیلوں میں بہت سے بچوں کی جانیں تلف ہوئی ہیں ندی نالوں میں نہانے سے احتراز ضرور ہے کیونکہ اس سے پہلے بہت سے لڑکے ڈوب کے مر چکے ہیں شرک یا بازاروں میں کھیلنے سے منع کرو کواڑ کی چول میں ہاتھ نہ ڈالنے دو۔ بیل کی اگاڑی اور گھوڑے کی پچھاڑی سے بچاؤ۔ اکثر معصوم بچے چراغ یا لمپ کو پکڑنے کیلئے دوڑتے ہیں انکو شمع کے پاس جانے دو غرضکہ بچوں کی حفاظت کیلئے اعلیٰ درجہ کی ہشیاری شرط ہے بچے دیا سلائی لیکر کھیلا کرتے ہیں اس خطرناک کھیل سے روکو نادان یا نشہ باز نوکر کی حفاظت میں بچہ کو نہ سونپو زیور کسی حالت میں پہنانا روا نہیں۔

(۲) تندرستی کی خبرگیری۔ خراب ہوا سے بچاؤ۔ آندھی میں درختوں کے نیچے نہ بٹھاؤ خراب اور گدلا پانی نہ پلاؤ۔ اوس میں نہ سلاؤ۔ کچے اور سڑے ہوئے پھل نہ کھلاؤ بھوک سے زیادہ پیٹ میں مت ٹھونسو۔ گیلے کچیلے کپڑے نہ پہناؤ۔ صبح کیوقت بند جگہ میں نہ رکھو۔ جاڑے میں گرم اور گرمی میں سرد پانی سے غسل دو۔ سلانے کیلئے کوئی دوا نہ دو اس سے اکثر بچوں کی جانیں تلف ہوئی ہیں۔ دھوپ میں لو اور سردی میں مینہ سے بچاؤ۔

صفائی سکھاو۔ لباس اکثر بچے ضد اور غصہ میں زمین پر لیٹ کر بگاڑتے ہیں اسمیں نقصان زر اور ضرر صحت ہے اوّل ہی سے اِن سے روک جتاؤ۔

(۳) ہوا خوری صبح و شام کی معتدل ہوا کھلاؤ۔

(۴) بڑے ہونے کے بعد لڑکے کو پڑھنے لکھنے کے علاوہ حسب ذیل تعلیم دینی چاہئے۔

(۱) تیراکی اتفاقیہ ضرورت کے لئے۔

(۲) گھوڑے کی سواری۔ بگھی کا ہانکنا۔

(۳) پٹے بازی اور بندوق لگانا۔

(۴) ایک قسم کی دست کاری جو لڑکے کی طبع کے موافق ہو۔

(۵) آداب محفل

(۶) نشہ سے پرہیز۔

(۷) جھوٹ بولنے سے اجتناب۔

(۸) کفایت شعاری کا استعمال۔

(۹) ہر ایک کے ساتھ نیکی کرنا خواہ دوسرا اُسکے ساتھ بدی کرے۔ بیت

ہر کسے[۱] در راہ تو خارے نہد تو گل نہی او سزائے خار یابد تو جزائے گل بری

(۱۰) صغر سنی میں شادی سے احتیاط۔

(۱۱) گالی دینے قسم کھانے یا آپس میں لڑنے سے روک ٹوک۔

(۱۲) مار پیٹ کی جگہ صرف دھمکی سے کام لینے کو سکھاؤ۔

۸۴ نظم در باب دوست

یاری جسے کہتے ہیں وہ عنقا ہے جہانمیں	دیکھا نہیں ہمنے تو کوئی یار کسی کا

[۱] جو کانٹے بوئے تو ببول پھول۔ بچے پھول

دشمن کو جو ڈھونڈا کبھی اپنوں ہی میں پایا
بس اب نہ گلہ کیجئے بے کار کسی کا

اس زمانہ میں جسے دوستی کہتے ہیں نثار
کیجئے دھاگے سے مثال اُسکی دیا کرتے ہیں

خدا ملے تو ملے آشنا نہیں ملتا
کسی کا کوئی نہیں دوست سب کہانی ہے

خوش کلامی ہے نشانِ دوستی
کجرخی سے یار کا ناراض جی

شادی و غم میں ہے جو یار ترا
فی الحقیقت ہے دوستدار ترا

خودغرض ہو جو یار یار نہیں
یار تیرا وہ زینہار نہیں

اپنے مطلب کی یار ہے دنیا
کاہیکو غمگسار ہے دنیا

جہانمیں ڈھونڈا جسے کہتے ہیں لوگ آشنا
نہ آسانی سے ملتا ہے نہ وہ مشکل سے ملتا ہے

دہر میں کیمیا جسکو کہتے ہیں نایاب ہیں
کیمیا درویش یعنی آشنا

ہاتھ آتا ہے مشکلوں سے یار
چھوڑ دے اسکو مفت میں نہ ہار

۹۴ نظم در باب ملاقات باہمی

نہیں زنہار یہ مقصد ہمارا
کہ ہو خیروں کی صحبت سے کنارا

غرض یہ ہے کہ ہر صحبت میں جائے
مگر اچھے نتائج چھانٹ لائے

بُرائی سے نہو انساں اگر آگاہ
بھلائی کی پکڑ سکتا ہے کب راہ

تو بس ہر شخص پر لازم ہے یہ بات
کرے ہر مذہب کے انساں سے ملاقات

کرے ہر علم کی دولت فراہم
تمیز حق و باطل تا ہو باہم

حقیقت کل مذاہب کی ہو معلوم
تو خوبی اپنے مذہب کی ہو مفہوم

اگر اُسکی بُرائی ہاتھ آئے
تو دل اپنا جہالت سے اُٹھائے

یہ اچھی عادتوں کی گفتگو ہے | مذاہب کی کب اس میں جستجو ہے

۵۰۔ نظم در باب شیریں کلامی

زباں میں ہو اگر شیریں کلامی | تو اک عالم کرے تیری غلامی
تکلم میں ہے گر طرز خشونت | زن و فرزند کر جاتے ہیں نفرت
جسے قدرت ہے کچھ اپنی زبان پر | وہی ہے صاحب عزت مقرر

۵۱۔ نظم در باب شکایت

خبر دی گر کسی نامہرباں نے | کہ کی ہے آپکی غیبت فلاں نے
اگر کچھ عقل پر قادر ہے انساں | ملالت سے نہو خاطر پریشاں
یہانتک اسکو خاطر سے نہ لائے | شکایت بھی کبھی لب تک نہ لائے

۵۲۔ نظم در باب مہمان نوازی

اپنی قسمت کے سوا کھاتا نہیں کوئی بشر | اپنے گھر میں بیٹھکر کچھ کھائے یا اورونکے گھر
اسکا تو مرہون احساں ہو جو کھائے تیرے گھر | یعنے کھاتا ہے وہ اپنا تیرے دستر خوان پر

۵۳۔ نظم در باب طعنۂ خلق

کون ہے جو رزباں سے جو بچا | حق پرست اسمیں ہو یا ہو خود نما
گرچہ ہوں تجھمیں کراماتیں ہزار | طعنۂ مخلوق کا ہوگا شکار

کر سکے کوشش سے دریا بند تو — بند کب ہو گی زبان عیب جو
تو خدا کی بندگی سے مُنہ نہ موڑ — کہنے دے جو کچھ کہے تو حق نہ چھوڑ
چاہیئے راضی ہو بندہ سے خدا — غیر کی راضی و ناراضی سے کیا
خلق کے تو کہنے سننے پر نہ جا — صبر سے کر کام اے مردِ خدا
کب کوئی یہاں جورِ مردم سے بچا — نیک ہو یا بد بُرا ہو یا بھلا

۵۴۔ نظم در باب بدگمانی

جز ہنر دیکھتا نہیں ہرگز عیب ہوتا ہے کیا نظر میں ترے

اہلِ کینہ جو پاس آتے ہیں — نیک کاموں کو بد بتاتے ہیں
چشمِ بدخواہ پھوٹ جو کہ ہنر — اُسکو آتا ہے شکلِ عیب نظر

۵۵۔ ظاہر میں دوست اصل میں دشمن

۱ مے فروش ..... شرابخواروں کے
۲ مرتہن ..... راہنوں کے
۳ اہلِ نشاط ..... کم فہم دولتمندوں کے
۴ زیور پہنانے والے ..... اپنے بچّوں کے
۵ خوشامدی ..... خوشامدپسندوں کے
۶ اہلکار ..... بدمزاج حاکم کے
۷ وکیل و مختار ..... ایک دوسرے کے
۸ دلّال ..... خریداروں کے

۹ لالچی ڈاکٹر اور حکیم ..... مریضوں کے
۱۰ بے ایمان افسر ..... ایماندار ماتحتوں کے
۱۱ بے دل چاکر ..... اپنے آقا کے
۱۲ بادشاہ ..... ایک دوسرے کے
۱۳ بدمعاش ہمسایے ..... اپنے پڑوسی کے

۵۶۔ نظم در باب خوشامد

پھول جاتا ہے مدح سے ناداں — باد سے جس طرح تن بے جاں
مدح گو کی کبھی نہ سُننا بات — نقد کی ہے طمع اُسے دنرات
مدح صادق کی قدردانی کر — یعنے سچّے پہ مہربانی کر
مدح کاذب کو تو خوشامد جان — نہ لگا دل کو جھوٹ پر نادان
وہ مراد اپنی پائیگا نہ جہاں — عیب دوسو گنے کریگا بیاں
تھا بزرگ ایک۔ ایک محفل میں — ذکر اُسکا تھا نیک محفل میں
اُسکے اخلاق نیک کے اوصاف — ملکے کہتے تھے ایک کے اوصاف
بولا میں جانتا ہوں جیسا ہوں — آپکو مانتا ہوں جیسا ہوں
تم جو خوبی مری سراہتے ہو — میری تکلیف مفت چاہتے ہو
تم فقط دیکھتے ہو ظاہر کو — اندرونی خبر ہے ماہر کو

۵۷۔ ناحق دشمن بنانا

نہو کوئی اگر دشمن کسی کا — تو موقع ہے یہ اچھی دل لگی کا
کرنے نوکر کو اپنے گھر سے موقوف — کسی کو قرض دے باطرز معروف
عدوئے جان ہے معزول نوکر — بڑا دشمن ہے مانگو جسکو دیکر
نہیں پھر اور دشمن کی ضرورت — یہی کافی ہیں دو اہل کدورت
وہ خدمتگار جس کے پاس جائے — ہزاروں عیب آقا کے بتائے
ملازم کو نہ ہرگز منہ لگانا — نرالے ڈھنگ کا ہے یہ زمانا
اسی صورت جسے تم قرض دوگے — خصومت اُس سے بیشک مول لوگے
مگر یہ کام وہ ہیں اے خوش انجام — نہیں چلتا بغیر انکے کوئی کام
بھلا کیونکر نہو موقوف نوکر — مروت میں نہ دو تم قرض کیونکر
بہت تدبیر کی لیکن نہ پائی — کہ ایسے دشمنوں سے ہو رہائی
مگر تکلیف اور نقصان پر صبر — بچا رہتا ہے ان دونوں سے تاجر

۵۸۔ نظم در باب خاموشی

میں نے ایک دوست سے یہ عرض کیا — یہ سبب ہے مرے نہ بولنے کا
بیشتر جو کلام کرتے ہیں — یا بد و نیک کام کرتے ہیں
دیدۂ دشمناں بدی کے سوا — نیکیوں پر کبھی نہیں پڑتا
وہ یہ بولا کہ اے برادر من — ہے وہی سب میں بہتر دشمن
ہو نہ جس کی نگاہ نیکی پر — عیب ہے چشم دشمنی میں سمر
جس کو زائد عادت گفتار ہے — اُسکے سینہ میں دل بیمار ہے

کذب و غیبت سے سدا خاموش رہ | بات گو اچھی بھی ہے لیکن نہ کہہ
کثرتِ گفتار سے مرتا ہے دل | گو سخن ہے تیرے گوہر ہو خجل
خامشی جس شخص کا یاں پیشہ ہو | ہو وہ ایمن کب اُسے اندیشہ ہو
جو کہ یاں رکھتا ہے خاموشی کا پاس | ایمنی کا اُسکو ملتا ہے لباس

۵۹۔ در باب گفتگو و خورد و نوش

تیر چلکر اور بات مُنہ سے نکلکر واپس نہیں آتی۔ بات کرنیمیں نہایت احتیاط درکار ہے مثنوی

بات جب تک کوئی نہیں کہتا | اُس کو ہے اختیار کہنے کا
منہ سے جسوقت کر دیا اظہار | پھر تدارک ہے بات کا دشوار
کیونکہ کہہ سکتے ہیں نہیں جو کہا | کب چھپا سکتے ہیں کہیں جو کہا
جب وہاں سے سخن نکلتا ہے | یا کماں سے خدنگ چلتا ہے
وہ نہیں اُلٹا ہاتھ میں آتا | یہ اُلٹنے کبھی نہیں پاتا
اے ظفر چاہیئے انساں کو کہے ایسی بات | کہ بُرا بھی نہ کہے کوئی گر اچھا نہ کہے

دوہرہ

بول توان مول ہے جو کوئی جانے سار | ایک تو گالا روئی کا دوجا آرکا پار

نظم

بات دو دشمنوں میں ایسی کر | کہ بھلائی ہو اُن کی یاری پر
جنگ ہے دشمنوں میں چنگاری | اور چغلی ہے مردم آزاری
وہ تو مِل جُل کے ہونگے پھر خوش دل | دُور رہ جائیگا تو ہو کے خجل

مقتضائے خرد نہیں یہ لاگ — آپ جلنا لگا کے دو میں آگ

پیشِ دیوار بات ہوش سے کر — پسِ دیوار ہو نہ گوش دگر
بات آہستہ دوستوں سے کر — تا نہ سن پائے دشمنِ پُرشر
بہر شکر و ثنا ملی ہے زباں — نہ کہ غیبت کرے کسی کی یہاں

غیر کو تو کبھی بُرا مت کہہ — یا بھلائی سے بول یا چپ رہ
بلبلِ[۱] لا مژدۂ بہار بیار — خبرِ بد بہ بوم شوم سپار

کہے دانا جبھی کلام کہیں — اور کھائے تبھی طعام کہیں
جب نہ کہنے میں دیکھتا ہو زیاں — یا نہ کھانے میں جانتا دیکھا ہاں
اسلئے اُسکا کہنا حکمت ہے — اور کھانا بدن کی صحت ہے
ذی شعور و نکا ہے یہی دستور — جبتلک بھوک سے نہوں مجبور
ہاتھ کھانے میں ڈالتے ہی نہیں — بلکہ اُس سمت اُنکا رخ بھی نہیں
کم غذا پیٹ کو وہ دیتے ہیں — ہاتھ کھانے سے کھینچ لیتے ہیں
ہو یہ دستورِ اکل و شرب جہاں — کیا ضرورت طبیب کی ہو وہاں

کام کرتے نہیں ہیں وہ عُقلا — جسمیں ہوتا ہے احتمال بلا
بلکہ جس کام میں ہو کچھ بھی خطر — چاہیئے عاقلو نکو اُس سے حذر
کسی دانا سے چاہیئے تفتیش — کہ مٹا دے وہ جان کی تشویش
جس میں ظاہر کرے وہ کچھ نقصاں — جان اُسکو خراب ہے ذیشاں

۶۰ نظم در بابِ تقسیم[۲] الحالی

[۱] افلاس و فاقہ کا باعث بر حال ہو جانا ۱۲

دکھاتی ہیں بدن کو بے محابا
پرے پھینکا حیا مندی کا پردا

کھلے مُنہ پھرتی ہیں آزاد ہو کر
رہیں گی ایک دن برباد ہو کر

ملا رستہ میں کوئی گر یگانا
دکھاوے کو ہے اُس سے مُنہ چھپانا

اِسی سے حال کھلجاتا ہے سب پر
اِن سے انکار شتہ ہے مقرر

بھلا تہذیب تو دیکھو یہاں کی
کہ پردہ اپنوں سے غیروں کو جھانکی

یہ بے شرمی تو دیکھو کیا بلا ہے
کہ گاتی جائیں ٹھٹھہ کہو گیا ہے

سمجھ لو فحش ہے اک جُرمِ سنگیں
اگرچہ ہزل ہو یا شعر رنگیں

تو پھر عورات کیوں اِس سے بری ہیں
کہ گانا گالیوں کا گا رہی ہیں

جو آجائے تو آئے ۔ بھائی بیٹا
نہیں خاوند تک کا کچھ پریکھا

حیا کیسی ہے یارو شرم کیا ہے
کوئی کہدے کہ اسمیں دھرم کیا ہے

بنو تم مرد اگر رکھتے ہو عزت
نہیں کچھ کام کی مردوں کی صورت

سیاست کرکے تم دھمکاؤ اُنکو
نصیحت کچھ کرو سمجھاؤ اُنکو

حماقت ہے یہ بکنا گالیوں کا
تھرکنا کام کسبی زادیوں کا

جو ہو اشراف لو اشراف کے کام
نہیں اشراف تو اجلاف ہے نام

کہو کیوں ذات کو بٹا لگایا
عبث کیوں اصل کو اپنی گنوایا

اماجی مستورات کا فحش بکنا اور بلا سبب گھر سے باہر نکلنا اور بیہودے رنگوں کا واقعہ جسمیں چند گورے ماخوذ ہوئے تھے ہر دم پیش نظر رکھنا سب سے اپنی ہونا غلت اپنے مذہب اہل اسلام میں برقع کا طریقہ اور جو ہر یو نمیں چادر کی پوشش بہت بہتر ہے سب ہندو بھی اسے اختیار کرلیں تو بیحد پردہ پوشی ہو گی ایک ہندو جج صاحب ملتان سے دہلی میں آئے تھے انکی عورتیں برقع پہنکر سواری میں بیٹھا کرتی تھیں اماجی کل

میں لاہو جاؤنگا چھ مہینے میں تعلیم ختم ہو جائیگی اُس زمانہ تک اگر سین بھی ولایت سے ڈاکٹری پڑھکر واپس آجائیگا"

۶۳ ایکدن بھاگرام رسوئیہ رحمی ہو کر رات کے آٹھ بجے گھر میں آیا بڑھیا بولی بھاگرام یہ کیا"

بھاگرام "آماجی تیسرا چوتھ کا پرشاد مل گیا ذرا باہر نکلا تھا گھر پہنچا"

بڑھیا "افسوس اس خراب رسم کو لوگ دھرم سمجھتے ہیں صد حیف ہندوؤں میں جو رسم دیکھی خراب دیکھی ہولی میں غیر محلّے والے جوتوں سے پیٹے جاتے ہیں۔ ملتان میں نرسنگھ چودش کو پیلا دیوری مندر میں میلہ والے لوگوں پر کھیرے مارتے ہیں اور پتھرا چوتھ تو عالمگیر مرض ہے چین کے لوگ سورج یا چاند گرہن کیوقت پتھر پھینکتے اور غل مچاتے ہیں عیسائیوں میں شادی کے بعد دولہا پر جوتیاں برستی ہیں مسلمان لوگ سید حسن کے میلہ میں اتکو آتشبازی کی قلموں سے اڑتے ہیں غرض بہت کم قوم پتھرا چوتھ اور رسم قبیح سے مبرا ہے"

۶۴ چھ ماہ گزر گئے جوتی سروپ لاہور سے آئے نانی کو سلام کیا"

بڑھیا "بیٹا جوتی لاہور سے آگئے لیکن اگر سین ابھی ولایت سے نہیں آیا"

جوتی سروپ "ہاں آماجی دو چار روز میں آنے والے ہیں"

چند روز کے بعد اگر سین انگریزی پوشاک پہنے مع جوتی سروپ آموجود ہوا اور بڑھیا کے قدموں پر گر کے کہنے لگا دادی اچھی ہو میں ولایت سے ڈاکٹری پڑھ آیا اب والد صاحب فرماتے ہیں کہ پلٹن سے استعفا دیدے اور شہر میں دکان کھول لے آپ سے صلاح کرنے آیا ہوں"

بڑھیا "بیٹا اگر تم کو نام نمود اور حکومت کرنی ہے تو نوکری نہ چھوڑو۔ مگر چونکہ تمہارے والد اپنی آسودگی کے باعث تمہاری آمدنی کی پروا نہیں رکھتے اسلئے اگر دکان کھولو تو فیس میں تخفیف اور دوا کی قیمت میں کمی کا خیال مدّنظر رکھنا اس رفاہ عام کے لحاظ سے مخلوق بکثرت تمہاری طرف رجوع کریگی اور دوا بہت بکیگی پھر تم اپنی فیس صرف ایک روپیہ مقرر کرنا رات دن کا حساب ابر رہے البتہ رات کو بلانے والا سواری دے دیا کرے اسکے بعد عموماً علاج کے متعلق مراتب ذیل کو زیر نظر رکھنا"

۶۵۔ نظم در باب کفایت شعاری

اگر چاہیئے عافیت سے گزارا — تو آمد سے ہو خرچ کمتر تمہارا
مگر یہ نہیں جو کمائیں اُٹھائیں — کمائی سے اپنی نہ ہرگز بچائیں
بچا کر کمائی سے لازم ہے دھرنا — ہمیں چاہیئے کچھ نہ کچھ جمع کرنا
مبادا نہ جب ہو سکے کام ہمسے — تو ناچار ہو سامنا رنج و غم سے
نہ پائیں جو ساماں کچھ اپنے آگے — تو پھر ہاتھ پھیلائیں غیروں کے آگے
کبھی قرض پر ہوگا اپنا گزارا — تکینگے کبھی دوسروں کا سہارا
بچاتے رہیں کچھ نہ کچھ اس نظر سے — کماتے رہیں جو اِدھر سے اُدھر سے
جو یوں جوڑنے کی ہو عادت تمہاری — اسی کو کہا ہے کفایت شعاری
اسی کو تو کہتے ہیں انجام بینی — یہی ہے حقیقت میں مند نشینی
مثل ہے کہ کم خرچ بالانشیں ہے — یہ سچ بات ہے جھوٹ مطلق نہیں ہے

۶۶۔ نظم در باب خریداری اشیا

جو شے تم لینی یا بنوانی چاہو — تو پہلے قیمتوں کا فیصلا ہو
نہیں ہوتا کچھ اس میں رنج باہم — نہیں اُٹھتا نزاع فاضح و کم
کہاں ہیں پیشہ ور اہل مروت — کہاں ہیں لینے والے پرفتوت
طبیبوں کی بہت صحبت اُٹھائی — کوئی ایسی غذا ہم نے نہ پائی
کہ کھانے سے تداخل ہو نہ پیدا — نہو تکثیر سے رنجش ہویدا

مگر جب فکر سے کچھ دل لگایا | قسم کھانے کا نسخہ ہاتھ آیا
سحر سے شام تک گر لاکھ کھائیں | نہ داخل سے کبھی رنجش نہ پائیں
جہانمیں ایسے انسان ہیں بکثرت | کہ ہے ایسی غذا سے انکو رغبت
یہانتک اُسکی عادت ڈال لی ہے | قسم خود زینت اُنکی بات کی ہے
مگر اک فائدہ اِسمیں نہاں ہے | کہ جسکے وصف میں قاصر زباں ہے
پرایا مال گر جائے شکم میں | قسم کھانے سے ہو ہضم الکریم میں
بتاؤ کونسا چورن ہے ایسا | کہ ہو ایسا اثر کھانے میں جس کا
مگر یہ مکر باطن میں زیاں ہے | بظاہر نفع اِسمیں گو عیاں ہے

۶۷ نظم در باب اپنا کام مہا کام

جو اپنے ہاتھ سے تم کام کر لو | اُسی کو دل میں پورا کام سمجھو
نظر کے روبرو ہو جس کا انجام | یقیناً جان لو۔ آدھا ہے وہ کام
جو غیبت میں سپرد دیگراں ہے | نہیں ہے کام ناکامی عیاں ہے
اب اِسپر معترض ہیں اہلِ تقریر | کہ ہیں عالم میں جو ارباب توقیر
ہم اُنکا حال گر دیکھیں سراسر | مدارِ کار ہے سب نوکروں پر
یہ اُنکا قول ہم بھی مانتے ہیں | مگر اتنا نہیں وہ جانتے ہیں
جنہیں اللہ نے دی ہے حکومت | تسلسل نوکروں کا اور فراغت
ہے ناظر ایک کے احوال کا ایک | کمر بستہ بہ اثباتِ بد و نیک
کہو پھر کس طرح بگڑے کوئی کام | نہ پائے کس طرح خوبی سے انجام

مگر ہے ہند میں۔ ہر افسر ہند — بدل مصروف کار قیصر ہند
سول اور فوج کے جتنے ہیں ارکان — مشاغل میں ہیں اپنے باوجاں
نہ کچھ آرام خاطر پر نظر ہے — نہ کچھ نقصان جسمی کا خطر ہے

۶۸۔ نظم در بابِ شرکت

نہ کر شرکت میں کوئی کام اے یار — کہ ہے اللہ بھی شرکت سے بیزار
جہاں دیکھا ہے کچھ شرکت کا ساماں — نتیجہ اسکا رنجش ہے نمایاں
نہیں یکساں کبھی دو دل کی رغبت — تمہیں اس سے اسے تم سے ہو نفرت
بموفق[۵] ہمتِ خود کار ہا کن — ز دستت دامن دیگر رہا کن

[۵] بموافق ہمت خود کام کر دیگری ہمت کار در میان نیار حم نہ رکھو

۶۹۔ نظم در بابِ زمینداری

جن کو حاصل ہے کچھ زمینداری — اُن کو لگتی ہے سخت بیماری
یعنے دشمن ہزار ہوتے ہیں — مفت جانِ عزیز کھوتے ہیں
پھر عدالت میں روز جاتے ہیں — عرضیاں دیکے زر لٹاتے ہیں
فکر ہے بندوبست کا اُن کو — دیکھئے بُرد یا بر آمد ہو
زر خرچنے سے کام ہوتا ہے — کام ورنہ تمام ہوتا ہے
بھول کر بھی نہ گانوں کو لیجے — مُفت میں جان اپنی کیوں دیجے
یا ہو طرزِ فریب سے واقف — اور صبر و شکیب سے واقف
ہو جو لازم فریب و مکر و شر — پھر تو لعنت ہے گانوں لینے پر

گانوں والا جو رات کو تنہا — گھر سے جائے تو ہے بڑا کھٹکا
دشمن اس طرح اُسکے پیچھے ہیں — جیسے بلّی کے ساتھ کتّے ہیں
اک زمیندار ایک گانوں کا تھا — روز جھگڑے فساد تھے برپا
ایک اسامی کو جب کیا بیدخل — کٹ گیا اُس کی زندگی کا نخل
دے دلاکر کچھہ اک سپاہی کو — لے لیا جُرم روسیاہی کو
زر کے لالچ سے اُسنے کام کیا — کام تلوار سے تمام کیا
حیف تھوڑی زمین کی خاطر — جان اور مال سب ہوا آخر
الغرض گانوں کی خریداری — موت یا موت کی ہے بیماری
پھل وہی گانوں سے اُٹھاتا ہے — اپنے ہاتھوں جو ہل چلاتا ہے

۷۰۔ نظم در بابِ حصولِ مال

ہاتھ لگتا ہے مال و دولت کب — ہر کسی کو بغیر کسب و طلب
بے تعب گر کسی کے ہاتھ آیا — عیش ہی میں لُٹا دیا سارا
مُفت پاتا ہے مفت کھوتا ہے — کھوکے پھر یاد کرکے روتا ہے
نیک ہوتا ہے مردِ نیک کا مال — دولتِ بد ہے جان و سر کا وبال
اِسلیے جس کو مال ہو حاصل — ہو وہ ان دونوں باتوں پر عامل
اوّل اس طرح پر نگہباں ہو — کہ نہو دخل اُسمیں نقصاں کو
رہزن و دزد کیسہ بُر کے ہاتھ — زور کچھہ کر سکیں نہ اُسکے ساتھ
کیونکہ ہوتے ہیں ہر کہیں بسیار — یار زر اور دشمنِ زردار

فائدہ جو ہو اُس سے کام چلائے
اور سرمایہ کو نہ کام میں لائے

کیونکہ سرمایہ کو اُٹھائیگا گر
اور قانع نہوگا فائدہ پر

ورطۂ احتیاج میں ہوگا
عاجز اپنے علاج میں ہوگا

گرچہ بخشش ہے ہر کہیں بہتر
زائد اندازہ سے نہیں بہتر

جسکے پلّے میں یاں نہیں ہے زر
ہے وہ۔ ہمرنگ طائر بے پر

مردِ مفلس جو کام کرتا ہے
نہیں ہرگز تمام کرتا ہے

۱۷۔ نظم در باب بے غرضی

رہ کے دریا میں مگر پانی سے کب ہو بیغرض
ہے جو دنیا میں اُسے ہرگز نہ سمجھو بیغرض

بیغرض کہنے کو بہتیرے جہانمیں ہونگے پر
بیغرض وہ ہے جسے یاد خدا ہو بیغرض

کچھہ غرض آب و خورش کی بھی اگر ہو درمیاں
دل کو تب تک تم نہ سمجھو اے عزیزو بیغرض

۱۸۔ غزل در باب خود غرضی

منظورِ خلایق ہے نہ مقبولِ خدا ہے
جس وصف میں ناخوش ہے انسان وہ کیا ہے

بدشکلی و بیماری و افلاس و حماقت
بیکاری و سستی نہیں۔ وہ دور بلا ہے

مطلب کے جو بندے ہیں اسی دھن میں ہیں ہر دم
مطلب ہی کی کہتے ہیں یہی فکر سدا ہے

جو ڈھونڈتے ہیں اپنی مسرت کو ہمیشہ
محروم مسرت سے ہیں کیا اُن کو ملا ہے

اوروں کے جو خوش کرنیکی کوشش نہیں کرتا
وہ آپ حقیقت میں خوش ہونہ ہوا ہے

ہر روز کے خوش رہنے کا اک نسخہ بتائیں
بر تو جو دوا اُسکی تو فوراً ہی شفا ہے

تم صبح کو اُٹھو تو کرو دل میں یہی قصد
ناخوش کو کروں خوش کہ وہ ہمجنس مرا ہے

تھوڑی جو ہو قدرت تو کرو اتنی ہی ہمت
سچ ہے کہ جو قوت سے چلا بڑھ کے گرا ہے

یہ کام ہے آسان جسے دیکھو کہ حاجت
جزوی سی ہے جزوی ہی میں ہو تو دوا ہے

دو اُسکو تو کچھ غمزدہ پر بھی دل و جاں سے
تم مہر کرو تم پہ بھی پھر مہر خدا ہے

یہ کام تو دیکھو تمہیں مشکل نہیں ایسا
یہ بات جو سمجھو تو بڑی عُقدہ کشا ہے

ہمسایہ کی تکلیف جو یوں دور ہو تم سے
ہو اُسکی بھلائی تو تمہارا بھی بھلا ہے

لو پہلے خبر اور کی پھر اپنی کرو فکر
اور اُس کے جو برعکس کرو گے تو بُرا ہے

۳۷۔ نظم در باب رشک

جو کام جسکے حق میں ہے بہتر بنا دیا
مجھکو فقیر تجھکو تونگر بنا دیا

خالق نے ایک ایک سے بہتر کیا ہے خلق
دارا کوئی کسی کو سکندر بنا دیا

غافل مقامِ رشک نہیں جائے شکر ہے
سو سے بُرا تو ایک سے بہتر بنا دیا

رباعی

کیا فائدہ فکر بیش و کم سے ہوگا
ہم کیا ہیں جو کوئی کام ہمسے ہوگا

جو کچھ کہ ہوا۔ ہوا کرم سے تیرے
جو کچھ ہوگا ترے کرم سے ہوگا

۳۸۔ نظم در باب تعجب انگیز واقعات

بتا دے گر ہے تو عاقل جو دم آنا ہی کیا شے ہے
پھر آخر ایک ہی دم میں نکل جانا ہی کیا شے ہے

نہایت غور سے دیکھا دمِ آدم سے اِس دم تک
حقیقت روح کی کوئی نہیں پاتا ہی کیا شے ہے

جو ہو پیسا محبت ہے نہو پیسا تو مطلب کیا
ذرا سا وہات کا ٹکڑا یہ پھسلاتا ہے کیا شے ہے

نہ دیکھی آجتک صورت خدا کی نے سنی آواز
اُسی کے گن مگر انسان جو گاتا ہے کیا شے ہے

تو نگر دل غریبوں کا پئے دولت دکھاتا ہے
ذرا سی بات پر جو قصرِ دل ڈھاتا ہے کیا شے ہے

کبھی زندہ۔ کبھی مردہ کبھی خنداں کبھی گریاں
یہ شاعر اندن خونِ جگر کھاتا ہے کیا شے ہے

بظاہر دیکھ لو صورت ہر اک انسان وحیواں کی
الگ ایک ایک کا نقشہ نظر آتا ہے کیا شے ہے

نظر آتی نہیں خوشبو دلے ہوتی ہے ہر گل میں
سمجھ میں ظاہر و باطن نہیں آتا ہے کیا شے ہے

بظاہر سرد ہو پر گرم ہے تاثیر کیوں یخ کی
تپش سے آگ کی کیوں ہات جلجاتا ہے کیا شے ہے

جہاں میں نیک مردونکی بسر ہوتی ہے دقت سے
بدونکو پھولتے پھلتے جو تو ماتا ہے کیا شے ہے

روایت ہے کہ ہر شے یاں کی پانی سے ہوئی پیدا
تو پتھر ڈوبتا ہے کاٹھ لہراتا ہے کیا شے ہے

مگر ماہی کی ہے بس زندگی دو رات پانی میں
دمِ حبس ایکدم آدم جو گھبراتا ہے کیا شے ہے

کوئی بڈھا کوئی لڑکا جوانی میں موا کوئی
مگر کوئی خبر دانکی نہیں لاتا ہے کیا شے ہے

فرشتوں کو بھی کیا طاقت جو قدرت حق کی پہچانے
وہ اک عاجز سمجھ میں ہی نہیں آتا ہے کیا شے ہے

۵۷۔ نظم در باب عجائب قدرت

سب چلے جاتے ہیں یارب یہ تماشا کیا ہے
نقشِ پا بھی نہیں ملتا یہ معما کیا ہے

پردہ خاک میں پنہاں ہوئے گلرو کیا کیا
حال تک کچھ نہیں کھلتا کہ یہ پردا کیا ہے

چار دن کیلئے یہ شور ہے کیوں کیوں ہے فساد
زیست کیا چیز ہے یہ دولت دنیا کیا ہے

ہم تو کیا چیز ہیں حیراں رہے اچھے اچھے
کچھ سمجھ میں نہیں آتا کہ یہ ہوتا کیا ہے

۷۶۔ نظم در باب دغابازی

بالفرض بسر ہو گئی آرام سے کچھ دن
انجام دغابازی کا اچھا نہیں ہوتا

گو لاکھ کرے جمع زر و مال پر آخر
تھیلی میں لگا جسم کا کپڑا نہیں ہوتا

دیں ایماں کو ہو نذر تو ہے ذوق کیا اسوقت میں
اب نہ کچھ دیں ہی رہا باقی نہ ایماں ہی رہا

۷۷۔ نظم در باب جنگ

تا بہ مقدور ارتکاب بلا
پیش دانا کبھی نہیں ہے روا

جنگ کی ابتدا نہ کر ہرگز
اسکا اچھا نہیں ثمر ہرگز

بلکہ دانا ملاطفت کے سبب
نہیں سہتے منافقت کے تعب

جنگ سے آپ کو بچاتے ہیں
کسی ڈھب سے اُسے گراتے ہیں

لطف سے جب مراد بر آئے
کس لئے دل کو قہر پر لائے

زندگی کس کی جاودانی ہے
مرگ انجام زندگانی ہے

نیکنامی سے مرنا ہے بہتر
نام دنیا میں کرنا ہے بہتر

۷۸۔ تم جس پر وار کرو اُس کے وار کا انتظار کرو

تیر پھینکا جو تو نے دشمن پر
تیغ آئیگی تیری گردن پر

جو ڈرے تجھ سے اُس سے تو بھی ڈر
جو ہو بے باک رکھ نہ اُس سے خطر

گر بہ ہو جاتی ہے جو عاجز و تنگ
نہیں خاطر میں لاتی شیر و پلنگ

پنجہ آنکھوں میں ڈال دیتی ہے
آنکھیں اُن کی نکال لیتی ہے

ہاتھ جو زندگی سے دھوتا ہے — کہتا ہے وہ جو دل میں ہوتا ہے
نہیں ملتی کہیں جو جائے گریز — کھینچ لیتا ہے مرد خنجر تیز
دھار کو ہاتھ سے پکڑتا ہے — موت کے مُنہ میں جا کے پڑتا ہے

اُٹھایا ہو کسی نے تجھ سے گر رنج — تو پہونچیگا تمہیں اُس سے سدا رنج
وہ موقع دشمنی کا پائے جس آن — تمہیں پہونچائیگا ہر طرح نقصان
کرو تم اُس سے احسان و مدارات — کہ ردِّ بغض ہے الطاف کی بات
یہی تیرِ خصومت کی سپر ہے — سپر جب ہے تو کیا پیکاں کا ڈر ہے
عبث تحقیرِ دشمن سے ہے تسکیں — پیادہ سے ہوا کرتا ہے فرزیں
کرو غفلت نہ تم زنہار زنہار — رہو ہر حال میں بیدار و ہشیار

۷۹۔ نظم در باب حفظ صحت

سمجھتا ہے گر تندرستی عزیز — تو سُن بات میری اگر ہے تمیز
نہ ہو اشتہا تو نہ کھا تُو کبھی — بھلا اسکو کہتے ہیں حاذق سبھی
بلا اشتہا تو اگر کھائے گا — پشیماں بہت ہوگا پچھتائے گا
تُو بے پیاس پانی نہ پی جان کر — مگر جب پیئے پی اُسے چھان کر
اگر ہو سکے جوش اُس آن دے — وگرنہ دوبارہ اُسے چھان لے
تو ورزش بدن کی بھی کچھ ہو ضرور — کہ سو کوس سُستی رہے تجھسے دُور
زیادہ نہ مائل ہو شہوت پہ یار — یہ کرتی ہے آخر میں انساں کو خوار
نشہ کا نہ کر بھول کر تو خیال — کہ طاقت کو ہوتا ہے اس سے زوال

اِدہر بلغم اور اُسطرف کو دَما — چرس یاروں کی جان پر ہے جما
ہے انسب کہ ہو یاد باری ضرور — کہ بیماریِ روح ہو تجھسے دُور
جلا چیز خوشبو کی گھر میں ضرور — کہ ہوتی ہے گندی ہوا اُس سے دُور
رہ اُونچے مکانونمیں برسات میں — ہو بچنا وبا سے ہو ہر بات میں
مکاں کے بنانے میں رکھہ یہ خیال — کہ آئے ہوا تازہ بے قیل و قال
وبائی مرض اُنمیں دہ چند ہیں — مکانات جس جانبے بند ہیں
ملو تیل کڑوا اگر جسم پر — تو کھجلی سے بیشک رہو بے خطر
ضرورت نہیں روز مالش کرو — مگر ایک ہفتہ میں دو بار ہو
جو ہو ہضم جلدی مقوی غذا — نہیں شیر سے بڑہ کے کوئی غذا
جو ممکن ہو کر ورد اِسکا ضرور — کہ دے جسم کو طاقت آنکھونکو نور
اگر چائے پینے کا ہے تجھکو شوق — تو تلسی کے پتوں کی پی تو بذوق
تو بارش میں بچ بھیگنے سے ضرور — زکام و ہوا سے رہے تا کہ دُور
کھٹائی مرچ لال اور تیل کم — رہے تجھکو پکوان سے میل کم
نہا سرد پانی سے اے نیک پے — کہ تا جسم تیرا نروگا رہے
اگر تو مرض میں رہے مبتلا — اطبّا سے لے رائے اور پھر نہا
جو پیدا ہو کسی کے گھر میں فرزند — عصائے عالم پیری جگر بند
مناسب ہے یہ اُسکے باپ ماں کو — مقدم سمجھیں اُسکے حفظ جاں کو
نمک ملکر بدن پر مثل غازہ — کرادیں غسل لیکر آب تازہ
جو ایسے وقت یہ تدبیر ہو گی — عیاں اکسیر کی تاثیر ہو گی

رہیگا امن میں چیچک سے لڑکا | نہوگا صدمۂ ہلاک کا دھڑکا
نہ ہوگی اُسکو ٹیکے کی ضرورت | بگاڑیگی نہ چیچک اُسکی صورت

ہندوستان میں یہ بہت بڑا خبط ہے کہ جو شخص کسی مرض کا کوئی مجرب نسخہ جانتا ہے تو کسی کو نہیں بتاتا بلکہ کفن میں اپنے ساتھ لیجاتا ہے اور مرنے والیکے ساتھ نسخہ بھی گم ہوجاتا ہے نظم

فاضلوں کو ہے فاضلوں سے عناد | پنڈتوں میں پڑے ہوئے ہیں فساد
ہے طبیبوں میں نوک جھوک سدا | ایک سے ایک کا ہے ٹھوک جدا
شاعروں میں بھی ہے یہی تکرار | خوش نویسوں کو ہے یہی آزار
لاکھ نیکوں کا کیوں نہو اک نیک | دیکھ سکتا نہیں ہے ایک کو ایک
اِس پہ طرّہ یہ ہے کہ اہلِ ہنر | دُور سمجھے ہوئے ہیں اپنا گھر
ملی اک گانٹھ جسکو ہلدی کی | اُسنے سمجھا کہ میں ہوں پنساری
نسخہ اک طب کا جسکو آتا ہے | سگے بھائی سے وہ چھپاتا ہے
الغرض جسکے پاس ہے کچھ چیز | جان سے بھی سوا ہے اُسکو عزیز
سب کمالات اور ہنر اُن کے | قبر میں اُنکے ساتھ جائیں گے
اہلِ انصاف شرم کی جا ہے | گر نہیں تجھ میں یہ تو پھر کیا ہے

اِسمیں ذرا شک نہیں کہ کسی وقت ہندوستان میں اکسیر جاننے والے موجود تھے

نوٹ سعادت یار خاں صاحب شاعر جنکا تخلص رنگین تھا ابتدائے عمر میں نہایت بیمار و دبلے بدنہ کے شاکی اور زندگی سے بیزار تھے اکسیر کی تلاش تھی اکثر فقیروں سے ملاقات کرتے تھے ایکدفعہ بارہ دفاتر کے سپاہ پلٹنوں کیساتھ ایک رسول شاہی فقیر دہلی آکر نبی کریم میں اترا تھا یہ فقیر خواندہ اور شاعر تھا میاں رنگین اُس سے ملے فقیر صاحب نے شراب کی فرمایش کی میاں رنگین ایک بوتل شراب اور بہت اچھا گوشت و کباب وغیرہ پکوا کر لیگئے فقیر صاحب کھاپی کر بہت خوش

مگر وہ اس ہنر کو اپنے ساتھ قبر میں لیگئے اسیطور اور بہت سے عجیب و غریب نسخے ہند سے معدوم ہو گئے۔

۸۰۔ نظم در باب ایمنی

عافیت چاہے اگر تو اے عزیز — یاد رکھہ اچھی طرح یہ چار چیز
ایمنی حاصل ہو نعمت ہو نصیب — تندرستی اور فراغت ہو نصیب

نوٹ بقیہ صفحہ ۹۷۔ ہوئے نشہ میں بولے مانگ کیا مانگتا ہے رنگیلے نے کہا تندرستی۔ فقیر بولا کل میں گھر چلو لگا اور تیرا علاج کرا ونگا حسب وعدہ فقیر صاحب رنگیلے کے ہمراہ گھر پہونچکر بولے کہ تھوڑا سا رانگ منگا صاحب رانگ آگیا تو اسکو ایک برتن میں پگلا کر تھوڑی سی دواؤالدی وہ بالکل چاندی ہوگئی اس چاندی کو جھنگ کی سی نگدی میں دبا کر جو ساتھ لائے تھے چلم میں رکھہ اور کوئلے کی آگ ڈالی آپ دم لگایا وہ جل اٹھی جب چلم ٹھنڈی ہوئی اس چاندی کی کیل ہوگئی اسمیں سے بمقدار ایک باجرے کے خانصاحب کو دیکر بولے کہ اسکو تو پان میں کھا جا تجھکو دو تین دفعہ دو ایک گھنٹہ میں کھل کھل کر اسہال ہونگے گھبرانا مت بعد فراغت تجھکو بھوک لگیگی ایکدن اور ایک رات پانی نہ پینا صرف دودھ گھی اور کھچڑی دودھ سیر بھر تو بصری ہاویر گھی بھی پاؤ بھر ابا کر جب پیاس لگے پینے رہنا جب تو بالکل تندرست ہو جائیگا اور کل شام کو اگر ممکن ہوا تو میں تجھکو دیکھہ جاؤنگا فقیر صاحب یہ کہکر چلدیئے اور جیسا کہہ گئے تھے ویسا ہی ہوا مگر فقیر صاحب کا پھر پتہ نہیں لگا خانصاحب کی بیوی بہت زیادہ ہائے نمبر بیت خوب ستا کھائیں کہ جیتے دیکھ جائیں مگر شتابا زل ہو بیوفی میں بیاہ کیا اولاد ہوئی

نظم

جو ہو مشہور کوئی کیمیا گر — بچو اس سے کہ جاہل ہے سراسر
ٹھگوں میں جہاں میں خوار و رسوا — اثر اسکا ہے اک عالم میں پیدا
مری یہ بات دل میں نقش کر لو — کم از عنقا نہ سمجھو کیمیا کو
ہوئی ثابت حقیقت کیمیا کی — کہ ہے بیشک کرامت اولیا کی
مگر کھانے کی ہاں بنتی ہے اکسیر — اُسی پر ختم وہ جسکی ہو تقدیر

نوٹ ختم ہوا

تاکہ حاصل ہو تجھے آرام جاں | جان یکساں بود و نابود جہاں
آفتوں میں یاد کر خالق کو بس | کون ہے حق کے سوا فریادرس

۸۱۔ نظم در باب شب گردی

عطا کی ہے خدا نے جسکو عزت | نہیں رکھتا وہ شب گردی کی عادت
مگر ہاں پیش اگر آئے ضرورت | تو ہو جاتی ہے ناچاری کی صورت
سبب سن لو کہ ہے یہ بات روشن | کہ گر سو دوست ہیں تو سو ہیں دشمن
مبادا کی ہو کچھ دشمن نے تدبیر | شب یلدا میں لوٹے نقد توقیر
کوئی حیوان موذی پیش آئے | تو جسم و جاں مضرت اس سے پائے
اندھیرے میں کہیں لگجائے ٹھوکر | کہیں گر جائے کیچڑ میں پھسل کر
بچا کوئی اگر ان آفتوں سے | تو اسکے بعد کھٹکا اور سمجھے
کوئی بھاگا کسی کو دیکھ کچھ رنج | اسی رہ پر ہو تم شاید قدم سنج
کوئی اسکے تعاقب میں دواں ہے | تو اسکا شبہ تم پر بیگماں ہے
بہت سوچا۔ کیا ہے بہت غور | نہیں بنتا ثبوت عذر کا طور
پڑی بیٹھے بٹھائے کیسی آفت | گیا ہاتھوں سے فوراً نقد عزت
قوی حاجت اگر درپیش آئے | تو لیکر روشنی بے خوف جائے

۸۲۔ نظم در باب سحر خیزی

سحر خیزی ہے انساں کی سعادت | رکھے دائم سحر خیزی کی عادت

سحر خیزی ہے از بس نکہت انگیز — بہت خوشحال رہتے ہیں سحر خیز
بحالِ طائراں کیجے ذرا غور — سحر یادِ خدا کرتے ہیں کس طور
کرے گر آدمی ہو کر نہ ایسا — تو کیا رتبہ ہے ایسے آدمی کا
بیاں اُس وقت کی خوبی ہو کیونکر — اجابت کے لئے ہے یہ مقرر
چہل قدمی کرے وقت سحر خوب — ہوا اُس وقت کی ہوتی ہے مرغوب
سکون خواب کی حالت [illegible] — ہوا اخلاط دی معدہ میں قایم
ہوا کھانے سے دو ہوتے ہیں تحلیل — سحر کے وقت ہو پھرنے میں تعجیل
پئے پھر بعد اٹھ کے پانی کا جام — کہ ہووے جذب اُس سے بلغم خام
امیر ہند میں سب اس سے قائل — ہمیشہ مائل آرام ہے دل

۸۳ نظم در باب ریاضت

بقائے تن بہ یہ سعی کرے مظہور — ریاضت سے کرو خاطر کو مسرور
کرو گھاگشت صحرا کی زیادہ — ہلو ڈولو پھرو تم پا پیادہ
سما[illegible] گر نہو طاقت تمہاری — تو پھر بہتر ہے گھوڑے کی سواری
کہ اخلاط دی معدہ سے ہوں دور — طبیعت تندرستی سے ہو مسرور
اگر اس کام کی فرصت نہ پاؤ — تو پھر ورزش سے اپنا جی لگاؤ
امیران جہاں مسند نشیں ہیں — فتور ہضم سے خاطر حزیں ہیں

۸۴ نظم در باب زائد لوازم

رکھو ہر وقت تم اس بات کا دھیان — کہ ہوتی ہے بُری تو فیر ساماں
اُسے کہتے ہیں ہم تو فیر ساماں — کہ ہو اپنی ضرورت سے فراواں[۵۱]
کیا کرتا ہے ساماں میں جو تو فیر — تو گھٹ جاتی ہے آخر اُسکی توقیر
جو دولت میں کوئی تجھ سے بڑا ہے — تمہیں کب ہمسری اُسکی روا ہے
ہر اک کو اپنی طاقت کے موافق — اُٹھانا بوجھ کا ہوتا ہے لایق

۸۵۔ نظم در باب پرہیز

جو کوئی بیمار ہو لے ذی شعور — چاہیئے پرہیز اُس کو بالضرور
جی چُرائے جو بشر پرہیز سے — جان سے جائیگا وہ یہ جان لے
اور بیماری سے جب صحت ہوئی — کچھ ضرورت پھر نہیں پرہیز کی
جسے عادت ہے تھوڑا کھانیکی — کبھی سختی نہیں ستانے کی

مرض کے دام میں جو ہو گرفتار — طبیبوں سے دوا کا ہو طلبگار
مرض اُنکی دوا سے گر نہ ہو کم — تدارک اُسکا ممکن ہے اُسی دم
دوا بدلے کرے کچھ اور تدبیر — روا رکھے نہ ہرگز اسمیں تاخیر
نہ سوچے کچھ شفا خانہ چلا جائے — دوائے زود اثر اکدم میں لات آئے
بتائے گر کوئی جاہل بہ اصرار — کرے اُسکی دوا ہرگز نہ بیمار
ہمہ[۵۲] دارو نہ ہر کس را مفید است — ضرر از گل شکر گوشم شنید است

۸۶ تہمت اور خطرہ کی جگہ سے اجتناب

۱ دُبلا کمزور اور بیمار آدمی بھیڑ میں یا دنگہ فساد کی جگہ ہرگز نہ جائے ورنہ کچلے جانیکا احتمال ہے

۵۱ زیادہ ۵۲ ہر ایک دوا سب کو موافق نہیں ہوتی

۲ اگر موٹا اور زور آور انسان ایسی جگہ جائیگا تو شبہ میں پکڑے جانیکا اندیشہ ہے اس طرح بہت سے بے قصور سزایاب ہو گئے ہیں۔

۳ بگھی یا گھوڑے پر سوار ہو کر ایسی بھیڑ میں جہاں باجا بجتا ہو ہرگز نہ جانا چاہیئے کیونکہ گھوڑے کا بدک جانا اور آفت کا آجانا آسان بات ہے۔

۴ انسان کو ایسی جگہ جانا جائز نہیں جہاں جانے سے تہمت لگے مثلاً شراب خانہ میں جاتا دیکھا جاویگا تو شرابی کہلایا جائیگا اور قمار خانہ میں نظر آئیگا تو جواری ٹھیرایا جائیگا ایسے بدنام کنندہ مقامات کو عاقل خود جان سکتا ہے ؎

جائے تہمت میں کبھی اصلا نہ جا		راہ حق میں مثل نابینا نہ جا	

۵ بچہ کو گود میں لیکر بھیڑ میں نہ جاؤ۔ ورنہ بچہ کو نقصان پہونچنا کچھ مشکل بات نہیں بچہ کو زیور پہنا کر مجمع میں لیجانا ممنوع ہونا چاہیئے۔

۶ علے ہذا القیاس چاند ماری دیکھنے جانا مناسب نہیں۔

۸۷۔ خط کا جواب

جس طرح یہ بہت بڑے ہتک کی بات ہے کہ ایک شخص تقریر کرتے وقت آپسے مخاطب ہو اور آپ کسی اور کام میں مشغول ہو جائیں اسی طرح تحریر کا حال ہے کہ ایک ضرورتمند آپکو خط لکھے اور آپ جواب کو بالائے طاق رکھدیں اسکے علاوہ جواب نہ دینے سے مندرجۂ ذیل خیالات پیدا ہو سکتے ہیں۔

اوّل۔ مکتوب الیہ قرضدار ہے تو نادہندی کا اظہار ہوتا ہے۔

دوم۔ دولتمند ہے تو تکبر کا ثبوت ملتا ہے۔

سوم۔ دوست ہے تو بے مروتی ظاہر ہوتی ہے۔

چہارم کسی بیماری میں مبتلا ہونے یا مر جانے کا گمان ہو جاتا ہے اس سے لازم ہے کہ خطوط کا جواب فوراً دیا جاوے غدر میں سنا گیا کہ کشنر صاحب دہلی کے نام میرٹھ سے تار آیا کہ یہاں فساد ہو گیا ہے آپ پاکٹ میں رکھکر بھول گئے اگلے دن باغیوں نے دہلی تک پہونچکر سلیم گڈھ کا بنگلہ جلا دیا اہل یورپ میں یہ بہت بڑا وصف ہے کہ جواب خط میں تاخیر نہیں کرتے مثنوی

اگر آپس میں ہو کچھ رسم تحریر	تو پاسخ میں نہو بے وجہ تاخیر ۹۲
کہ ہے تہذیب سے یہ بات باہر	رہے کاتب جواب خط میں مضطر ۹۳
اگر وہ تجھسے رتبہ میں ہے عالی	تو وقف کب تکبر سے ہے خالی
اور احیاناً اگر وہ تجھسے کم ہے	تو اک اعلے کا ادنی پر ستم ہے
کہو اس میں تمہارا خرچ کیا ہے	کہ اک پرچے سے خوشدل آشنا ہو
کوئی جب قرض سے ہوتا ہے روپوش	تو ہو رہتا ہے نوٹس لے کے خاموش
نکل آتی ہے جب نالش کی نوبت	تو کھل جاتی ہے ہاں ساری حقیقت
کہ بار صرف سے گردن میں خم ہے	ہجوم صد الم ہے رنج و غم ہے
سنا ہے ہمنے سیاحوں سے یہ قول	کہ ہے یورپ کی یہ تہذیب کا ڈول
نہیں جایز جواب خط میں تاخیر	نہیں ہو ہاں ہو کر دیتے ہیں تحریر

دوہرے

اُوتر دے نہ توری پاتی	چور جان تو وا کی جاتی
چور بول کہیں ہے بولا	بھاگا پڑ کہہ نا ہیں کھولا

۸۸ نظم درباب تیاری سفر

سفر میں مسافر کو لازم یہ ہے — کہ رکھ لے ضرورت کی ہر ایک شے
الگ اُنکی اک فرد تیار کر — سفر میں تجھے تا نہ پہونچے ضرر
اگر فی المثل[۱] گم کوئی چیز ہو — شناسی تجھے اُس کی تمیز ہو
اسی میں ہیں پنہاں فوائد بڑے — نہ دینا پڑے اور نہ لینا پڑے
جو ممکن ہو تو نام لکھدے ضرور — ظروف اور کپڑوں پہ اے ذی شعور
ہو صندوق یا بیگ یا اور شے — نشانی ہر اک پر ہو اے نیک پے
سفر ریل کا پیش آئے اگر — تو جا وقت سے دو گھڑی پیشتر
ٹکٹ کے لیے ہو اگر تو کھڑا — بچا زر کو جو جیب میں ہو پڑا
جہانتک ہو ممکن تو ایسا کرے — کہ انجن سے گاڑی ہو تیری پرے
نہ کیجو بھروسہ ذرا غیر کا — نہ کھانا تو ہرگز دیا غیر کا
کہ بہتوں نے لوٹا ہے دیکر نشا — [illegible] کسی کو پتا
جو پوچھے کہیں ہو کے تو اجنبی — اور اسمیں ہم شب تار ہو اے نجبی
مناسب ہے ٹھیرا رہے ریل پر — وگرنہ سرا ہے مسافر کا گھر
جو جانا پڑے تجھکو بے ریل راہ — اور ایسے سفر سے خدا کی پناہ
تو شب کو نہ چلیو اکیلا کہیں — مصیبت ہے اسمیں حفاظت نہیں

۸۹- در باب فرائض ملازمان

رئیسوں کے ملازموں کو مفصلہ ذیل نکات کا خیال رکھنا فرض ہے

۱ ہر کسی کے نوکر کا فرض ہے کہ راز کو اس طرح خفیہ رکھے جسطرح کنکر کوئین میں پڑا رہتا ہے

قید خانہ ہے راز کا ہر دل — بعد افشا ہے روکنا مشکل

مگر حسب منشا شعر ذیل دو شخص مستثنےٰ ہیں ۵

حالِ خود را از دو کس پنہاں مدار | از طبیب و قاصد با اعتبار

۲ عجز و خدمت گزاری کرتا رہے نظم

جسنے خدمت کی ہوا مخدوم وہ | جسنے سستی کی رہا محروم وہ
بن کئے خدمت نہ حاصل کوئی بات | خدمتی رہتا نہیں یاں خالی ہات

۳ ملازم کو مستقل مزاجی اختیار کرنی ضرور ہے نظم

تو نہ جبتک اُٹھائیگا کچھہ رنج | ہات آئیگا کس طرح پھر گنج
دم پہ جبتک نہ جیل لیگا خطر | کبھی دشمن پہ پائیگا نہ ظفر

۴ اپنے ہر قول میں دنیا و آخرت پر نظر کرکے اپنے آقا نامدار کی بھلائی کا خیال رکھے ۵

سوچ کر بات کہیئے سنجیدہ | چال چلیئے بہت پسندیدہ

۵ بادشاہ کو نرمی و مصلحت کیساتھ ظلم و تعدی سے باز رکھے اور عدل پر ہمیشہ مائل رکھے بشرطیکہ خواہ مخواہ دخل در معقولات نہو اگر رئیس خود غلطی پر ہو یا دھوکا کھا رہا ہو تو اپنے سے زیادہ دانشمند سے صلاح کرے پھر نہایت ادب کیساتھ نصیحت کرے ۵

کام سب ہوتے ہیں اتر بے صلاح و مشورت | جو ہو بہتر آپسے اُس سے مقرر لو صلاح

۶ جسپر اعتماد کلی نہو اپنے آقا سے اُسکی تعریف یا سفارش ہرگز نہ کرے کیونکہ اگر وہ خلاف خیال نکلا تو شرمندگی حاصل ہوگی ابیات

نہو جس پر بھروسا تجھکو کلی | کسی سے تو سفارش کر نہ اُسکی
کوئی سرزد اگر اُس سے خطا ہو | تو پھر شرمندگی بیفائدہ ہو

۷ حاکم کوئی بات فرمائے تو اُسے نہایت غور سے سنے اپنے خیال کو دوسرے طرف مائل نکرے

۸ محفل حکام میں کانا پھوسی کی عادت نہ ڈالے اس سے رئیس کو بدگمانی اور حاسدوں کو چغلی کا موقع ملسکتا ہے۔

۹ جبتک حاکم خود کچھ نہ بولے تم کسی بات کی ابتدا نہ کرو اور اگر کچھ پوچھے تو جواب دیکر خاموش ہوجاؤ۔

۱۰ جس چیز کو رئیس خود ظاہر نہ کرے اسکے معلوم کرنے کی کوشش نہ کرو۔

۱۱ رئیس جو کچھ دے اسکو بہ رغبت قبول کرلو مثال حاکم کا تیل پلّے میں جھیل۔

۱۲ دیانت وخیانت کا اصول سب ملازمین پر واجب ہے

اگر باڑ کھیتی کو کھانے لگے	تو آفت مزارع پہ آنے لگے

۱۳ حضور اور غیبت میں رئیس کی تعریف کرتا رہے اور اگر کسی سے کوئی بے ادبی کا کلمہ سنے تو اوّل نرمی سے نصیحت کردے نہ مانے تو زجر اروکے اسپر بھی باز نہ آئے تو اسکی صحبت ترک کردینی لازم ہے۔ نظم

مردِ راہِ خدا ہے کم آزار	دل دُکھاتا نہیں کبھی رنہار
ہوتی ہے دوستی اہلِ صفا	ایک حالت میں روبرو و قفا
نہ کہ ایسی کہ تیرے آگے مریں	اور بدگوئی پیٹھ پیچھے کریں

۱۴ موقع پاکر اپنا عرض مدعا کر۔

۱۵ اگر رئیس تجھے عزت دے تو اسکے دیگر مقربوں سے حسد نہ کر۔

۱۶ حاکم کی سختی سے نہ گھبرا بلکہ اسکو بسر وچشم منظور کر بقول شخصے

ع ستم کو ہم کرم سمجھے جفا کو ہم وفا سمجھے۔

۱۷ اگر رئیس کی طرف سے کسی امر میں زیادتی ہوئی تو کسی سے شکایت نہ کر۔

۱۸ جس شخص پر حاکم کا غصہ ہو اُس سے میل جول نہ رکھہ خدمت شاہاں نہایت نازک شے ہے اسلئے کلام اور وضع میں ہشیاری واجب ہے۔

۱۹ رئیس کی رضامندی دو چیزوں سے حاصل ہوتی ہے

(۱) جو فرمائے اُسکی بجاآوری میں کوشش کرے بشرطیکہ مذہب کے خلاف نہو۔

(۲) اُسکی اچھی بات ظاہر کرے اور بُرائی کو چھپاوے۔

۲۰ نالایقوں اور بدوں کی صحبت سے پرہیز کر کیونکہ وہ ہمیشہ تیری بدنامی میں اپنی خوشی سمجھتے اور تیرے احسان کو فراموش کر دیتے ہیں۔

۲۱ حاکم سے برابری اور ٹھٹھا نہ کر۔

۲۲ رئیس اگر کوئی رائے خلاف مصلحت کے سوچے تو اُسکو قبول نہ کر مگر مجمع میں اُسکی تعریف کرتا رہ البتہ خلوت میں مثالوں اور حکایتوں سے اس طرح سمجھا دے کہ رئیس کے مزاج سے وہ خیال دُور ہو جائے

۲۳ دربار شاہی میں دوست صادق پیدا کر کیونکہ خالص دوست زر خالص سے بہتر ہے نظم

چار چیزیں ہیں کرا انتہائے حق	جسمیں ہوویں مجتمع وہ پائے حق
ایک تو یہ ہے کہ ہو وہ راست گو	پھر سخی ہو اور تازہ رو بھی ہو
اور پھر رکھے امانت کا خیال	دُور ہو دل سے خیانت کا خیال
جمع ہوں جس شخص میں یہ چار شے	قابلیت دوستی کی اُس میں ہے

۲۴ رشوت کالعین دین حرام سمجھ نظم

سچ تو یہ ہے کہ جو کوئی خدمت	پادشہ کی کرے پئے عزت
اس کو یہ باتیں کرنی لازم ہیں	کہ ملازم کے یہ لوازم ہیں

پہلے یہ ہے کہ غصہ کو مارے — اِس سے دیکر نہ حلم کو ہارے
دوسرے یہ کہ دستِ دیوِ ہوا — غالب اپنے پر آنے دے نہ ذرا
تیسرے یہ کہ رکھے حرص کو دُور — ہو نہ اُسکے فریب سے مجبور
چوتھے یہ ہے کہ کام کی بنیاد — راست بازی پہ رکھے باول شاد
پانچویں یہ کہ حادثاتِ زماں — ناگہاں پیش آئیں اُسکو جہاں
اُن کو صبر و قرار سے روکے — اور نہ گھبرائے مضطرب ہوکے
ہے چھٹا یہ نشہ سے ہو پرہیز — نہو دلدادۂ شرابِ تیز
جو بشر ان سبھوں میں کامل ہو — مطلب اُسکا جہانمیں حاصل ہو

۹۰ نظم در باب ملاقات حکّام

اگر حکام سے ملنا ہو منظور — تو ہم بتا دیتے ہیں دستور
کہ پرچہ نام کا اوّل رواں ہو — طلب گر اُسکے پاسخ میں عیاں ہو
تو جائے شوق سے بیباک ہوکر — حماقت سے سراسر پاک ہوکر
کنارے فرش کے جُو نہ اُتارے — سلام باادب کرکے پیارے
کہے زاں بعد اپنی مختصر بات — کشادہ رُو رہے عند الملاقات
مگر جو کچھ کہے وہ سب ہو معقول — کہ تا ہو خاطرِ حاکم کو مقبول
نہ لے بیٹھے کوئی قصہ کہانی — کہ ہو اُنکی طبیعت پر گرانی
توقف بیٹھنے میں ہو بہت کم — نہیں جائز کہ جم جم کر بنے تھم
سلام رخصتی اُٹھے اذا ہو — تو ایسا بیٹھنا اچھا بھلا ہو

رہے ملحوظ یہ وقت ملاقات — نہو تہذیب سے خالی کوئی بات
صداقت بیشتر مدِ نظر ہو — رہِ ناراستی سے پُر حذر ہو

۹۱۔ نظم در باب وفاداری

سرِّ ایماں وفا میں ہے پنہاں — کہتے ہیں حسن عہد ہے ایماں
بلکہ غیرت بھی چاہتی ہے یہی — کہ نہو بے وفا کسی سے کبھی
دیکھ کتا وفا میں نامی ہے — بے وفا مرد سے گرامی ہے
توڑنا عہد کا روا ہے کہاں — اور قتل اُسکا جسکو دی ہو اماں
گر لگایا ہے تو نے کوئی شجر — کاٹنا اُسکا اختیار نہ کر

۹۲۔ در باب اعتبار

۱ آدمی کو اپنے یا دوسرے کے دل کا ذرا بھی اعتبار نہ کرنا چاہیئے کیونکہ دل آناً فاناً بدلتا رہتا ہے برسوں سنبھلا رہے اور تھوڑی سی بات میں بے قابو ہو جائے پس کیسا ہی کوئی معتبر ملازم یا دوست ہو یہ نہ سمجھے کہ اسکی حالت ہر وقت ایسی ہی رہیگی ان حالتوں میں دل کے بگڑنے کا قوی احتمال ہوتا ہے

(۱) لالچ (۲) غصہ (۳) نقصان مال (۴) ضرر جان (۵) توہین مذہب (۶) ہتک عزت وحقارت (۷) بہتان یعنے الزام کاذب (۸) حق تلفی۔

لالچ۔ اگر اقدام فعل سے پہلے انسان ان باتوں کو پیش نظر رکھے تو بہت بچاؤ ہو سکتا ہے بہادر شاہ لالچ سے تباہ ہوئے سمجھ لیا کہ میں شاہنشاہ بنا چاہتا ہوں ورنہ ایسی محسن سرکار

سے منحرف ہونا زیبا نہ تھا سرکاری خیر خواہی میں اپنی جان کیوں نہ دیدی عمر کا بھگتان تو کر ہی چکے تھے مگر شانِ ربانی سے آپکو خاتم خاندان تیموریہ بننا تھا کیوں نہ منحرف ہوتے۔ برخلاف اسکے سوائی رام سنگھہ جی والی جے پور ثابت قدم رہے گو پردیسی فوج نے کچھہ سر اٹھانا چاہا مگر ایک کی نہ سُنی اور سرکار کی مدد کر کے راج کو بچالیا انعام میں کوٹ قاسم کا پرگنہ پایا۔

غصہ نادرشاہ نے غصہ میں اپنے بڑے اور لایق بیٹے کی آنکھیں نکلوا ڈالیں اور عمر بھر پچھتاتے رہے رباعی

غصہ ہے بُری چیز خدا کی ہے پناہ	مغلوب غضب کا نہو دنیا میں نباہ
ہم تُم کو حذر چاہیئے اس کافر سے	سر کاٹ دے یہ بادشہوں کے واللہ

نقصان مال کی ہزاروں مثالیں ہیں جسکے باعث بیٹا باپ سے اور باپ بیٹے سے بگڑ جاتا ہے ضرر جان و توہین مذہب۔ بہرت پور جب سرکار سے لڑ رہا تھا کرنیل ڈون صاحب نے دو گورونکی پلٹنوں کو حکم دیا کہ یورش کریں اُنکی سمجھہ میں آیا کہ کامیابی دشوار ہے جان کا ضرر سمجھکر صاف عدول حکمی کی۔ لارڈ لیک صاحب نے پھر پوربیوں کی پلٹنوں کو حکم دیا اُنہوں نے تعمیل کی اور کٹ گئے۔ وہی پوربیے ذرا سے بے بنیاد وہم پر کہ کارتوس کو مُنہ سے کاٹنے میں توہین مذہب ہوتی ہے فوراً بغاوت کر بیٹھے۔

ہتک عزت۔ آصف خاں برادر نور جہاں نے مہابت خاں کی ہتک عزت چاہی اُسنے بگڑکر جہانگیر بادشاہ کو نظر بند کر لیا آخر خود بھی پریشان ہوا۔

بُہتان اور حق تلفی سے انسان کا دل قابو میں نہیں رہ سکتا اسکی مثال کی ضرورت نہیں

۲ عمر کا ذرا اعتبار نہیں بڈھا بیٹھا رہے اور جوان چلتا بنے بیمار اچھا ہو جائے تندرست لڑک جائے پھر اس بے بنیاد زندگی پر دوسروں کیساتھ برائی کرنی قابل افسوس ہے دیکھہ لو از روئے عمر بہادر شاہ کو مرنا تھا مگر طرفۃ العین میں مرزا فخرو

ولیعہد کو ہیضہ ہوا اور مر گئے۔

۳۔ دولت و ثروت پر اعتبار کرنا عقل سے بعید ہے دولت کی بربادی مفصلۂ ذیل حالتوں میں ہو سکتی ہے۔

(۱) بیوقوفی (۲) فضول خرچی (۳) تکبر (۴) نفس کی گردش۔

۴۔ عنایت بادشاہ پر اعتبار کرنا گویا محض نادانی ہے اکبر جیسا دانا بادشاہ اور بیرم خاں جیسا معتبر ملازم بگڑے تو ایسے بگڑے کہ تاریخ گواہ ہے بسمارک جیسا منتظم وزیر اور شاہ جرمنی ولیم دوم جیسا نوجوان ذہین بادشاہ مگر باہم اتفاق نہ رہ سکا دوہرہ

راجا جوگی اگن جل ان کی اُلٹی ریت ڈرتے رہیو پرسرام یہ کب پالیں پریت

خاتمہ

شکر اُس مالک الملک کا کہ موت اور زندگی کا فرشتہ اُس کا تابع اور ہر فرد بشر کی پیشانی پر اُسکا نوشتہ موجود ہے۔ کتاب فسانۂ ہفت چمن حسن اتفاق سے ایسے موقع پر اختتام کو پہونچی کہ شہنشاہ ٹوورڈ ہفتم کی تاجپوشی کا جشن لندن میں ہو رہا ہے اور دربار دہلی کے موقع پر عالی ہمت اہالیان برادری کھتریان مقیم پٹیالہ و لاہور کا ارادہ اجتماع کنفرنس برادری کے متعلق دہلی میں ہوا ہے تجویز یہ تھی کہ رائے رام کشن داس صاحب

نوٹ رائے رام کشن داس صاحب جا در رئیس دہلی و ممبر کلوتہ ہز سر کنبالہ چنامل صاحب خاندان لالہ متصدی مل و بالا مل صاحب تھے لالہ چھنامل جی مرحوم متش الہ راجیدر اس صاحب مرحوم ساہوکار والہ لالہ مہیش داس صاحب اور نیز اس نیازمند کے برادران کو ایام غدر میں صدہا خبر رسانی میں ازحد دقتی تھی اگر یہ تینوں صاحبان مدد و معاون نہوتے تو خبر رسانی میں بہت سی دقتیں واقع ہوتیں لالہ چھنامل جی علاوہ بریں دور اندیش انسان تھے آپنے کرنیل برن صاحب سے جو بعد قبضہ دہلی شہر کے ملیٹری گورنر مقرر ہوئے تھے تعداد تاوان کی بابت جو شہر سے وصول ہوا بڑی سہولیت کیساتھ فیصلہ کروایا اور لوگوں کو تکلیفوں سے بچایا بقیہ صفحہ ۱۱۲

بہادر رئیس اور نیشر کالوتہ ملز دہلی پریسیڈنٹ مقرر ہوں مگر افسوس صد افسوس فلک اس منصوبہ کو نہ دیکھ سکا اور رائیصاحب یکایک ۱۶ مارچ ۱۹۰۲ء روز یکشنبہ کو سرگ باشی ہو کر پس ماندگان کو اپنی جدائی سے داغ مفارقت کا رنج دیگئے

اظہار رنج و ملال وفات رائیصاحب بہادر

جانتا ہے جو آل اندیش ہے
ایک دن راہِ عدم درپیش ہے

کام رکھنا بندگی سے رام کی
تھی کشن کو جستجو اس کام کی

گر کسی کو نام کا وسواس ہے
شامل ان دونوں میں لفظِ داس ہے

اے فلک صد حیف کیا تو نے کیا
بیٹھے بٹھائے نیا صدمہ دیا

نیل کے کٹڑہ میں تھا کہرام عام
تھی صدا ہر لب پہ ہے ہے رام رام

ہر بشر بیٹھا تھا با صد انفراغ
صبح ہوتے بجھ گیا قومی چراغ

فیض کا اسباب سارا لٹ گیا
بے سہاروں کا سہارا چھٹ گیا

ملز کو زینت ملی جس سے تمام
انڈیا میں ہو گیا مشہور نام

یہ تسلی ہے کہ اُن کا جانشین
وارث اس ہو گا جہاں کا یقین

ہر دلِ ناشاد اُنسے شاد ہے
اسم والا جن کا شو پرشاد ہے

صبر کر مسکین خدا کا شکر کر
بشن کے بدلے ملا ہے شنبھو مگر

نوٹ بقیہ صفحہ ۱۱۱ - گورنر نے حکم دیا تھا کہ دو مساجد جو اندرون بازار کٹرہ نیل واقع ہیں نیلام ہو جاویں لوگ انہیں منہدم کر کے مکان بنالیں لالہ چھنامل نے اپنے خیاط کے حق میں بسفارش لالہ نہال چند صاحب ایک مسجد واگزاشت کرادی اور دوسری مسجد کی صرف دکانیں منہدم ہونے دیں اور مسجد واگزاشت کرادی پچھلے زمانہ کے لوگ کیسے عاقبت اندیش تھے اگر اُسوقت مسجدیں سمار ہو کر مکان بنتے تو ہمیشہ کو فساد کی بنیاد قایم ہو جاتی ایسی دور بینی ہمگوان سب کو بخشے اُن بزرگ انسان کے خاندان کے رائیصاحب جانشین تھے مگر افسوس عمر نے وفا نہیں کی۔

اسمیں شک نہیں کہ دربار کے موقع پر کنفرنس کھتریان کا انعقاد ہوگا اور اچھے نتائج پیدا ہونگے مگر اہل دہلی سے اُسکی پوری پوری مدد ملے یہ امر ہمت اور حب قومی کھتریان دہلوی پر منحصر ہے اگر پورا پورا ساتھ دیا تو پورا پورا نام حاصل ہوا ورنہ بدنامی کا داغ نہایت بدنما ہمیشہ کو لگ گیا کیا مزے کی بات ہے کہ بُرائی بھلائی سب ہم لوگوں کے ہاتھ ہے گو ہماری قوم میں اعلےٰ درجہ کے انسان پیدا ہو چکے ہیں مگر ہم کو صرف اسی بات پر نازاں نہونا چاہیئے بلکہ ہم لوگ اپنی خاص لیاقت پیدا کرکے پہلوں کیطرح نیکنام ہوں اور اس سے ثابت کریں کہ اُن بزرگوں کا خون ہماری نسو نمیں موجود ہے نظم

باپ دادا کی فضیلت پر ہے نازیا گھمنڈ	خاصکر جو تجکو حاصل ہو فضیلت ہے وہی
سب یگانے تھے نصیبے کے سکندر تجکو کیا	جو تری تقدیر میں لکھا ہے قسمت ہے وہی
شان پائی تھی عزیزوں نے طفیل علم و فضل	جیسا تو پیدا ہوا ابتک جہالت ہے وہی
ہمنے مانا نیک خو سارے اکابر[۱] تھے ترے	ہے جو بدخویوں کی عادت تیری خصلت ہے وہی
غیر سے مطلب نہیں جو تجکو ملجائے یہاں	ہے وہی منصب وہی شوکت حکومت ہے وہی
فخر کرنا باپ کی دولت پہ بیجا بات ہے	قوت بازو سے جو پیدا ہو دولت ہے وہی
تھے بہادر سینکڑوں پشتو نسے تیرے سب بزرگ	تجمہیں خود شیری دلیری ہو شجاعت ہے وہی
عزت آبا پہ کیسا فخر کیسا امتیاز	تو بنے ممتاز گر عالم میں عزت ہے وہی
اور لوگونکی ترقی پر ہے سکیں رشک فیض	دیکھکر اچھوں کو غیرت ہو تو غیرت ہے وہی

ہم کہتریوں کے کل خاندانوں میں سے خاندان مہاراج بردوان و مہاراج چندولال صاحب مرحوم حیدرآبادی کو درجہ بدرجہ سورج و چاند کہا جائے تو خوشامد نہیں بلکہ اظہار واجب الادا ہے کیونکہ ان دونوں خاندانوں کے رتبہ اور ثروت کے برابر دنیا کے کہتریوں میں اور کوئی نظیر نہیں پس فخر قوم کھتریان یہ دونوں خاندان ہیں حُسن اتفاق سے اسی سال میں ہماری کتاب ہفت چمن

چھپ رہی ہے اور رسم گدی نشینی مہاراج نوجوان بردوان ۲۶ ماہ نومبر سنہ ۱۹۰۲ء میں ہونے والی ہے اور اسی سال میں ۲۵ اگست سنہ ۱۹۰۱ء کو اوّل خلعت فاخرہ وزارت قایم مقامی کا مہاراجہ کشن پرشاد صاحب بہادر کو نظام حیدر آباد دکن دام اقبالہٗ نے مرحمت فرما کر ۱۸ نومبر سنہ ۱۹۰۲ء کو خلعت مستقلی دوبارہ عطا فرمایا۔ لہذا کتاب ہفت چمن نیک شگون سے ہماری دعا ہے کہ دونوں خاندان تا ابد قایم اور تابان رہیں۔

قطعہ تاریخ تاجپوشی مہاراج دھراج والی بردوان فیض رسان سمت تلج قوم کھتریان دام اقبالہٗ

بجے چند مہتاب تاروں میں ماہ	غنی تجھ سا کم یاں نظر آئے ہے
جہاں میں وہ جاری ترا فیض عام	کہ دنیا کے شاہوں کو شرمائے ہے
حسد سے ترے مرتبے کے فلک	جگر خون کر کر کے چکرائے ہے
تری ذات جامع کمالات سے	ہر اک کھتری آبرو پائے ہے
یہ مسند نشینی جہاں کی بہار	کھلا ہے وہ گل بھی جو کملائے ہے
جسے دیکھو عشرت سے سرمست ہے	چمن میں ہنسے ہے کوئی گائے ہے
کہی خوب تاریخ مسکیں نے واہ	خوشی تاجپوشی کی ہر جائے ہے
	۱۹۰۲ء

قطعہ تاریخ خلعت وزارت بہ راجہ راجان مہاراج کشن پرشاد صاحب بہادر شاد از عالیجناب نظام حیدر آباد دکن دام اقبالہ بتاریخ ۲۵ اگست سنہ ۱۹۰۱ء

زمانے میں نصیبے سے جسے حاصل ہو کچھ ثروت	صفات جود و بخشش سے اسے حاصل ہے زیبائی
ہوئے مشہور دو اہل کرم اگلے زمانے میں	کرن راجہ مہادانی نکو خوحاتم طائی

ہوئے ہیں راجہ چندو لال آخر کو سخی ایسے
کہ ہے کُل ہند میں اُنکے کرم پر ختم یکتائی

اُنہی کے ہیں چراغ خاندان راجہ کشن پرشاد
فلک نے رتبہ عالی کی ہے جنکے قسم کھائی

سیہ کاسہ فلک کے جور سے جو لوگ نالاں تھے
وہ اُنکی شانِ بخشش پر بنے ہیں دل سے شیدائی

لیاقت دیکھکر اُنکی متانت دیکھکر اُن کی
وزارت کو شہ جمجاہ نے بخشی توانائی

جب ایسا ہو وزیر اور شاہ ایسا عدل پرور ہو
نہو کیوں حیدر آباد دکن کی زینت افزائی

مہاراجہ ادھے راجہ کشن پرشاد نوشاہ ہے
ہوئی حاصل عروس منزلت کو زیب و رعنائی

یہ منصب اُنہیں لایق کہ ہر منصب سے ہے فایق
بجا ہے جو ہوا اُنکے لئے یہ عزّ والائی

مساعد ہے کشن پرشاد کو منصب وزارت واہ
سروش غیب سے مسکیں کو فوراً یہ ندا آئی

۱۹۰۱ء

قطعہ تاریخ ششم ستمبر تھنیت استقلال منصب وزارت و عطائی خلعت امارت بتاریخ ۱۸ نومبر ۱۹۰۲ء

مبارک ہو کشن پرشاد استقلالِ دستوری
یہ منصب اس امارت کا مبارک ہو مبارک ہو

کہی مسکین نے تاریخ فرطِ شادمانی سے
تمہیں طرّہ وزارت کا مبارک ہو مبارک ہو

۱۹۰۲ء

خدا کی قدرت کو کوئی نہیں جانتا۔ برسات کے موسم کیطرح کبھی دھوپ ہے کبھی گھٹا عالم اس خیال میں تھا کہ لندن میں تاجپوشی کا ایسا عجیب و غریب جلسہ ہونے والا ہے کہ نہ آنکھوں نے دیکھا نہ کانوں نے سُنا مگر ایک دخشتناک تار کی خبر سے کہ قیصر ہند کی طبیعت علیل اور تاجپوشی بمعرض التوا۔ لوگوں کی طبیعتیں چھوئی موئی کے درخت کیطرح فوراً مرجھا گئیں۔ قطعہ

عجب ہے دنیا میں دل لگی ہے گھڑی میں کچھ ہے گھڑی میں کچھ ہے
کبھی ہے شادی کبھی غمی ہے گھڑی میں کچھ ہے گھڑی میں کچھ ہے

وہ غم ہے بیشک خوشی کے قابل کہ بعد جسکے فرح ہو حاصل
جہاں کی حالت یہ دیکھ لی ہے گھڑی میں کچھ ہے گھڑی میں کچھ ہے

شکر ہے کہ رسم تاجپوشی بتاریخ ۹ اگست سنہ ۱۹۰۲ء کو بخیریت تمام ہوگئی۔

قطعہ تاریخ طبع بلیغ و فصیح شاعر شیریں مقال نازکخیال جناب منشی پیارے لال صاحب رونق دہلوی مصنف دیوان رونق سخن تلمیذ جناب استادی مولانا راسخ صاحب دہلوی مدظلہ

ہفت چمن جو چھپ گیا تازہ مشامِ جاں ہوا
بلبلِ دل چہک اُٹھا نغمۂ دلپذیر ہے

نوکِ قلم کی گردشیں رونقِ انجمن ہوئیں
حاسدوں کی نگاہ میں چُبھتا ہوا یہ تیر ہے

سال تمام کے لئے فکر جو دل نے کی ذرا
آئی یہ غیب سے ندا نسخۂ بے نظیر ہے

۱۹ ۲

قطعہ تاریخ نتائج افکار شاعر بیمثال جناب لالہ روشن لال حالب تلمیذ حضرت مرزا صاحب غالب مرحوم دہلوی

لالہ رحبت سنگھہ اہلِ ہنر
حق نے اُن کو دیا ہے علم و فن

مہر بہجت سے تم لکھو حالب
سچ تو یہ آپکا ہے خوب سخن

۲۰ ۱۳ ھ


قطعہ تاریخ از مصنف و مولف فسانہ ہفت چمن

چھپ گیا دستو مبارک ہو
لاکھ نسخوں میں مستند نسخہ

لکھی مسکیں نے عیسوی تاریخ
ہے ضعیفی میں نامزد نسخہ


۱۹۰۲ء

اعلان



واضح رہے کہ یہ کتاب حسب قانون رجسٹری شدہ ہے اور تمام
حقوق محفوظ ہین۔ لہذا اگوئی صاحب کتاب ہذا کے جزو یا کل کے طبع
کرنے یا ترجمہ دوسری زبان مین کرنے کا قصد نہ فرمائین ورنہ نقصان
اٹھائینگے۔ جس کتاب پر ہمارے دستی دستخط اور مہر نہو وہ مال
مسروقہ خیال کیا جائیگا۔ ایسی کتاب کوئی صاحب نہ خریدین بلکہ اطلاع
دیکر مستحق انعام ہوویں۔ فی اطلاع دس روپیہ انعام دیا جائیگا۔

المشتہر۔ رنجیت سنگھ۔ مصنف و مؤلف فسانۂ ہفت چمن۔ دھلی



صرف ٹائیٹل رنگین پریس دہلی میں چھپا